التما ٣٣٣٦٦٤

اللّٰہ نور السمٰوٰت والارض

بتائید دانای کلیات وجزئیات خالق اسباب وعلامات این نسخۂ اکسیر خاصیت
کیمیا منفعت مصنفۂ جناب مولوی محمد فضل اللہ صاحب لکھنوی مدظلہ العالی

# مخزن المفردات

۱۳۲۲ھ

معروف بہ

# جامع الادویہ

حسب فرمایش ذو المجد والمواہب محمد حافظ خان صاحب خلف حافظ محمد
عبد الستار خان صاحب تاجر کتب لکھنؤ باجازت جناب حافظ صاحب ممدوح

در مطبع جی نرائن لکھنو طبع شد

٣٢٣٦٦٤

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّا نَحْمَدُ لِلْحَلِیْمِ الَّذِیْ عِنْدَہٗ شِفَآءُ الْاَمْرَاضِ وَالْعِلَلِ وَنُصَلِّیْ عَلَی الطَّبِیْبِ الْمُعَالِجِ لِاَسْقَامِ الْاَدْیَانِ وَالْمِلَلِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحَابِہِ الَّذِیْنَ ھُمْ بَادَرُوْا فِی التَّدَابِیْرِ لِدَفْعِ اَلَامِ الضَّلَلِ وَالزَّلَلِ

بعد حمد وصلوٰۃ کے فقیر حقیر امید وار مغفرت ایزد بیمثال الداعی **محمد فضل اللہ بن مولانا الحاج مولوی محمد عبد اللہ صدیقی حنفی لکھنوی** یہ کہتا ہی کہ ان دنون حسب فرمایش بعض اخوان واحباب کے خاصکر حسب ارشاد برگزیدہٗ بارگاہ ستار وغفار جناب حافظ **محمد عبد الستار خان صاحب تاجر کتب** کے یہ نادر الترتیب عجیب وغریب مسمّٰی بہ **مخزن المفردات معروف بہ جامع الادویہ** فن مفردات طب مین متقدمین ومتاخرین اعلی اللہ درجتہم کی معتبر کتابون سے اعنی تحفۃ المومنین وتالیف شریفی مصنفہ حکیم علویخان ومخزن الادویہ ومفردات قسرائی وناصر المعالجین وغیرہ سے محض بغرض افادہ عوام وخواص کے انتخاب کی گئی اور عام فہم اردو زبان مین اس خوبی کے ساتھ تحریر کی گئی ہی کہ خدا چاہے تو کسی قسم کی خفا وپوشیدگی اب اسمین نرہی ہوگی ہان سوائے اسکے کہ آدمی خطا وبھول چوک سے بنا ہوا ہی پھر بھی اگر کوئی سقم وخطا باقی ہو تو اسکو ناظرین اور فائدہ حاصل کرنے والے محض براہ عفو وعطا اصلاح فرمائین اور فقیر کو دعاے مغفرت مین نہ بھول جائین وَاللّٰہُ وَلِیُّ التَّوْفِیْقِ وَھُوَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ - اور یہ کتاب شامل ہی ایک مقدمہ اور ۲۸ بابون اور ایک فہرست نام عربی دوا اور ایک خاتمہ کو مقدمہ **فصل** (تعریف علم طب مین) جاننا چاہیے کہ طب کے معنی لغت مین سحر یعنے جادو کے اور اصلاح یعنے نکوئی کرنیکے اور عادت کے اور حذق یعنے زیرکی ودانائی کے ہین اور طبیبون کی اصطلاح مین طب اُس علم کا نام ہی جسمین



انسانی صحت ومرض کے احوال بیان ہین اور قواعد کلیہ کے طور پر اسکا بیان ہی کہ صحت موجودہ کیونکر محفوظ اور حاصل رہ سکتی ہی اور مرض لاحقہ کس طور پر زائل اور معدوم ہوسکتا ہی کسواسطے کہ بیحد وبیشمار حالتون کا تفصیلی علم امکان بشری سے خارج ہی - اب طب کے لغوی واصطلاحی معنون کی مناسبت سمجھدار پر مخفی نہین ہی کہ نگہداشت کرنا صحت کا اور زائل کرنا مرض ایسے بدن کا کہ باہم متضاد اور مخالف عناصر سے ملکر بنا ہی گویا سحر سازی ہی اور طبیب اصلاح کرنے والا بدن کا تو ہوتا ہی ہی اور یہ بھی ظاہر ہی کہ طبیب کو طب کی ایسی مزاولت کرنا چاہیے کہ گویا اسکی عادت مین سے ہوجاوے اور یہ بھی ہر شخص جانتا ہی کہ طبیب زیرک اور دانا شخص ہوسکتا ہی - اب ضمناً یہ بات بھی معلوم ہوگئی کہ موضوع فن طب کا جسکے احوال سے اسمین بحث کیجاتی ہی انسان کا بدن ہی اور علت غائی اسکے حاصل کرنے سے نگہداشت صحت کی اور ازالہ مرض کا ہی **فصل** (بیچ شناخت طبیعت ومزاج دوا کے اور اُسکے درجون کے بیان مین) اصطلاح اطبا مین دوا کی کیفیت عنصری کو طبیعت ومزاج دوا کا کہتے ہین اور دوا کی کیفیت عنصری منحصر نو حالتون مین ہی اسواسطے کہ یا تو دوا معتدل فرضی اطبا کی ہوگی یا غیر معتدل ہوگی اور غیر معتدل یا تو گرم ہوگی یا سرد یا تر یا خشک یا مرکب ان چارون کیفیتون کے دو سے یعنے گرم تر یا گرم خشک یا سرد تر یا سرد خشک اور سوائے معتدل کے غیر معتدل کی آٹھ کیفیتون کے اطبانے بحسب استقرا یعنے جستجو کے چار درجے مقرر کیے ہین اس لحاظ سے کہ اگر دوا بدن انسان معتدل یا قریب بہ معتدل جوان ذکی الحس مین وارد ہوگی تو اُس شخص کی اصلی حرارت سے منفعل ہونے کے بعد کوئی اپنی زائد کیفیت اُسمین پیدا کریگی یا نہ پیدا کریگی اگر نہ پیدا کریگی اُسکو تو معتدل کہتے ہین اور وہ دوا معتدل ہی اور اگر کوئی زائد کیفیت پیدا کی اُن آٹھون کیفیتون مفرد ومرکب سے اور وہ کیفیت زائد محسوس نہین ہوتی ہی تو وہ درجۂ اول اُس کیفیت کا ہی جسمین کہ زائد ہی اعتدال سے - وہ دوا اُس کیفیت کے پہلے درجے مین ہوگی مثلاً گرم پہلے درجے مین اور جو اُس دوا کی کیفیت محسوس بھی ہوتی ہی الا مضرت نہین کی تو وہ دوا دوسرے درجے مین اُس کیفیت کے ہوگی مثلاً گرم دوسرے درجے مین اور اگر اُس دوا کی کیفیت محسوس بھی ہوئی اور وہ مضر بھی ہوئی لیکن ہلاک کرنیوالی نہین ہوئی تو وہ تیسرے درجے مین اس کیفیت کے ہوگی مثلاً گرم تیسرے درجے مین اور اگر اُس دوا کی کیفیت محسوس بھی ہوئی اور ضرر ہلاکت بھی پہونچایا تو وہ چوتھے درجے مین

اُس کیفیت کی ہوگی مثلاً گرم چوتھے درجے مین - اور اطبا نے اِن چارون درجون مذکورۂ بالا کے تین تین مرتبے مقرر کیے ہین - اوّلی - وسطی - اُخری - یعنے جو دوا مثلاً گرم پہلے درجے کے مرتبۂ اوّلی مین ہوگی اُسکی کیفیت زائد بالکل ہی محسوس نہوگی اور جو دوا مثلاً گرم پہلے درجے کے مرتبۂ وسطی مین ہوگی اُسکی کیفیت زائد کسی قدر محسوس ہوگی اور جو دوا مثلاً گرم پہلے درجے کے مرتبۂ اُخری مین ہوگی اُسکی کیفیت زائد مرتبۂ وسطی والی سے زیادہ محسوس ہوگی - ہان ہر چہار کیفیت کے چوتھے درجے کی دوا کو دواے سمی کہتے ہین خواہ وہ دوا اپنی خاصیت مین تریاق یا فادزہر کیون نہو - اور یہ بھی اطبا کے نزدیک ہی کہ جس دوا کی سمیت اس درجے کے پہلے مرتبے مین ہوگی اُسکا ازالہ ممکن ہی اور وہ ممکن العلاج ہی اور جس دوا کی سمیت اُس درجے کے مرتبۂ وسطی مین ہوگی اُسکا ازالہ و علاج دشوار ہی اور جس دوا کی سمیت اُس درجے کے مرتبۂ اُخری مین ہوگی اُسکا ازالہ و علاج ناممکن ہی فائدہ مخفی نہ رہے کہ جو دوا گرم تر ہوگی اُسکی گرمی پہلے درجے سے زائد نہوگی اسلیے کہ اگر گرمی اسکے پہلے درجے سے زائد ہوگی تو وہ تری کو فنا کرنے والی ہی پس وہ دوا گرم تر نہ رہیگی بلکہ گرم خشک ہوگی لہذا یہ قاعدہ مقرر ہوگیا ہی کہ جو دوا دوسرے درجے مین گرم ہوگی وہ خشک ہوگی خواہ پہلے درجے مین ہو خواہ دوسرے درجے مین اور جو دوا گرم تیسرے درجے مین یا چوتھے درجے مین ہوگی وہ خشک اُسی درجے مین ہوگی جس درجے کی وہ گرم ہی یعنے دواے گرم تیسرے درجے کی تیسرے درجے مین خشک ہوگی اور دواے گرم چوتھے درجے کی چوتھے درجے مین خشک ہوگی اسی طرح جو دوا سرد تر ہوگی اسکی سردی دوسرے درجے سے زائد نہوگی اسلیے کہ دوا سرد تیسرے و چوتھے درجے کی اپنی تری کو کثیف کر دیتی ہی بسبب شدت سردی کے اور کثافت کا اطلاق خشکی پر کیا جاتا ہی لہذا دوا سرد تیسرے و چوتھے درجے کی خشک ہوگی پس دوا سرد درجے پہلے کی پہلے یا دوسرے درجے مین تر ہوگی اور اسی طرح دوا سرد دوسرے درجے کی بھی پہلے یا دوسرے درجے مین تر ہوگی لہذا قیاسی جملہ درجے کیفیات اربعہ کے سولہ ہوتے ہین اب دو درجے یعنے تیسرے و چوتھے درجے کے ترسہا ہو کر چودہ درجے باقی ہے فائدہ ہمنے جدول مفردات مین بعلامت درجہ ہندسہ لکھدیا ہی یعنے پہلے درجے کی جگہ ۱ - اور دوسرے کی جگہ ۲ - اور تیسرے کی جگہ ۳ - اور چوتھے کی جگہ ۴ - اور بسبب تنگی خانہ طبیعت کے و نیز بوجہ اسکے کہ اکثر دواؤن کے مراتب بیان کرنے مین خود متقدمین حکما نے کمی کی ہی مراتب کے اشارے کا لحاظ نہین کیا گیا -



اس جدول مین چودھون درجون کی کچھ تھوڑی تھوڑی دوائیان بقید درجہ علیحدہ علیحدہ مذکور ہین

| نام کیفیت و قید درجہ | نام ادویہ |
| --- | --- |
| دوائین گرم پہلے درجے کی | لادن - جنا - راکھ - شہترہ - ایلوا - بابونہ - انجی - کوڑی - سنکھ - ونشادر وغیرہ - |
| دوائین گرم دوسرے درجے کی | کندر - اجود - مصطگی - تلسی - شہد - زعفران - سودا - نمک - گندھک - چرائتا - تخم اٹنگن - میتھی - بلسان - زراوند گرد - زراوند دراز - کریلے کا عصارہ کا ندر - وغیرہ - |
| دوائین گرم تیسرے درجے کی | دونا مروا - مولی - رندنی - سپند - پرانی شراب - اکاس بیل - بچ - اجوائن دیسی - پودینہ - تلی تری کی - میمنا - تگر - تخم رام تلسی - کرفس کوہی - نعناع - کپڑا پشمینہ کا جلا ہوا - بال جلے ہوے - وغیرہ - |
| دوائین گرم چوتھے درجے کی | تلی خشکی کی - لہسن - پیاز - سمندر پھین - گندنا - قسط - جلی ہوئی چیزین - اور کل دودہاری گھانسون کا دودھ - فربیون - کرم یعنے انگور کا جھاڑ - بیش یعنے سنکھیا - وغیرہ - |
| دوائین سرد پہلے درجے کی | کھجور تر - کیکر کا عصارہ - باجرا - خشخاس - برگ بنفشہ - کاکنج - نشاستہ - کاسنی - نیل - شنگرف کا تیل - امرود - تانبہ کا برادہ - بلوط - بانس کے پتے - مٹھی کا توڑ - نابینا - پھٹکری - ترش بہی - وغیرہ - |
| دوائین سرد دوسرے درجے کی | خربوزہ - بہغول - کچا زیتون - ہرا مازو - کدو - بادرنگ - ماش - کھیرا - ککڑی - چولائی کا ساگ - شفتالو - ترنج کے بیج - رانگا - ناگردن - سماق - نیل یعنے ترک - وغیرہ - |
| دوائین سرد تیسرے درجے کی | خرفہ کا ساگ - لونیہ کا ساگ - چوکہ - ترنج - سدابہار - خشخاش سیاہ - گلنار - لال ساگ - شاہ بیزک یعنی لفاح - سلاجیت - بھٹین چھتر - وغیرہ - |
| دوائین سرد چوتھے درجے کی | افیون - دھتورا - شوکران - مازریون - تنباکو اور اسکے بیج - اجوائن خراسانی - بن تو یعنے کاکنج - لکھمنا لکھمنی - شاہترہ کی جڑ - و دوائین مخدر یعنے اعضا کو سست کرنیوالی |

| نام کیفیت مع قید درجہ | نام ادویہ |
|---|---|
| دوائین خشک پہلے درجے کی | ملٹھی - میٹھا بادام - کھنکالی یعنے بسفائج - پرسیاوشان - خربوزہ کے بیج کے چھلکے - زعفران - خوبہ - کندر - امرود - گوکھرو - نیل کی جڑ - بابونہ - تخم اٹنگن - لوبان - سداجار - سونف - جو کا آٹا - اخروٹ کا گوند - سوسن - ساتر یعنے صعتر - کلغہ - حب النار - وغیرہ |
| دوائین خشک دوسرے درجے کی | موتی - اود بلاؤ کے خصیے - بن - باچھڑ - شاہترہ - مصطکی - شہد - جنگلی بیگن - چائے خطائی - نیلوفر کی جڑ - بلسان - زراوند - مزفت - چرائتا - ترنج کے چھلکے - جاؤشیر - مکڑی کا جالا - وغیرہ - |
| دوائین خشک تیسرے درجے کی | لہسن - اگر - رندنی - اکاس بیل - جھنگ - گلنار - چاچچ - سرکہ - دونامروا - جامن - جوزبوا - ہیاتر - بلوط - زوفائے خشک - کیکر کا عصارہ - ستاور - چوک - بکھار - ترنج - اجوائن - کلونجی - تلی - ترمس - کیکر اجلایا ہوا - بال جلے ہوئے - ترک - کانٹے پھل - عود صلیب - |
| دوائین خشک چوتھے درجے کی | رائی - تلی جنگلی - گندنا کے بیج - افیون - دھتورہ - انگور کا جھاڑ - فربیون - نطران یعنے لکھ - وغیرہ - |
| دوائین تر پہلے درجے کی | تودری - کاہو - گاؤزبان - بالنگ کے بیج - شفتالو - روغن گل - چرونجی - بنفشہ - سوسن کا عصارہ - کلہ یعنے انجبر آدم - خصیہ ثعلب - وغیرہ - |
| دوائین تر دوسرے درجے کی | چولائی کا ساگ - لونیہ کا ساگ - خربوزہ - تربوز - خوبانی - اسپغول - بلول - ترئی - کھیرا - اقبہ - نارنگی - شریفہ - آلو بخارا وغیرہ تر فواکہات - |

اس جدول مین دواؤن کی اُن تاثیری صفتون کے عربی نامون کا ذکر ہی جو اطبا کے مصطلح اور محاورۂ روزمرہ ہو رہے ہین -

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| اکال | عضو کو کھا جانیوالی | بوجہ تیزی قوت جلا و تحلیل کے اجزائے جوہر عضو کو فنا کر دیتی ہی | زنگار - انزروت یعنے لائی - نمک - اشنان یعنے جوک - سیندور - سینکھی جلی ہوئی - توتیا - تانبہ - چون - مردار سنگ |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| جاذب | کھینچنے والی | بوجہ گرمی و لطافت کے خلط یا رطوبت کو اپنے پاس یا ظاہر جلد کی طرف کھینچ لاتی ہی - | اود بلاؤ کے خصیے - ناخنیا - اور بعض شئ قوی جاذب ہی کہ کانسی کو اندر بدن سے نکالتی ہی جیسے کوڑی یا گھونگھے کا گوشت - |
| جالی | جلا کرنیوالی اور پاک کرنیوالی | جلد یا سطح ظاہر عضو سے لسدار رطوبت کو چھلکے پاک اور روشن کر دیتی ہی | لاہی - شہد - شورہ - نمک - پھٹکری - ہرتال - زرنبن - بلسان کے بیج - ادھیرا - بنفشہ کی جڑ یعنے ایرسا |
| جامد | جما دینے والی | پتلے خلطون کو گاڑھا و سخت و بستہ کر دیتی ہی - | موم - کہربا کتیرا - نشاستہ - گیرو - گل ملتانی - صمغ عربی - |
| حالق و حلاق | بال مونڈنیوالی | بالون کو سست کر کے اکھاڑتی یا گرانے پر آمادہ کر دیتی ہی بسبب تیزی کے | نورہ - ہرتال - چونہ - سفیدا ورکھ - وغیرہ - |
| حکاک و محکک | کھجلی پیدا کرنیوالی | بوجہ تیزی و گرمی کے گاڑھی خلطون کو مسام کی طرف کھینچتی اور چبھو کے کھجلی پیدا کرتی ہی - | اٹنگن - جل بیل یعنے کیکچ - بچھتیا گھانس - مینڈک دانہ کے پتے - خیری کے پتے - بھنڈی کے پتے وغیرہ - |
| خاتم | پورا کرنیوالی | زخم کو ختم کر کے بوجہ خشکی کے خشک کرتی اور کھرنڈ باندھ دیتی ہی | انزروت یعنے لائی - چونہ دھویا ہوا - توتیا - ایلوا - سیپی جلی ہوئی - چھڑیلہ - گھیکوار - وغیرہ - |
| دابق | چپکنے والی | بسبب لس کے ہاتھ مین چپکتی ہی | دبق یعنے موئز کی گٹھلی - سریش - لکھ - وغیرہ - |
| دافع خمار | نشہ کو دور کرنے والی | بوجہ منع کرنے تبخیر کے نشہ کو دفع کرتی ہی - | گلاب کا پھول سونگھنا - کھٹا انار - عرق لیمون - عرق گلاب - شربت قند کا - |
| رادع | لوٹا دینے والی مقابل جاذب کے ہی | بوجہ قوت قبض کے اور سردی کے سیال خلطون کو عضو ماؤف پر گرنے نہ دے اور عضو ماؤف کو محفوظ رکھے | تکمو - اسپغول - گلنار - چھالیہ - دھنیا - خطمی - السی - ملتانی مٹی - گیرو - الماس - وغیرہ - |
| عاصر | نچوڑنے والی | بوجہ شدت قبض و کسیلے پن کے عضو کو سمیٹتی اور پتلی رطوبت کو نچوڑتی ہی جو کہ عضو مین ہی - | املی کے چیین - ہڑ - آملہ - سینگھاڑی - ببول کی پھلیان - انار کے چھلکے - اور اسکی چھال - جامن کی گٹھلی وغیرہ - |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| غسّال | دھو دینے والی | بوجہ قوت جلا کے اخلاط کو سطح عضو سے دھو دیتی ہی اسکا سیال ہونا لازم ہی | نیم گرم پانی - آش جو - ماء العسل یعنی شہد گھلا ہوا پانی وغیرہ - |
| قاتل | مار ڈالنے والی | اپنی مخالفت وضدیت کیوجہ سے قوی وروح حیوانی نفسانی وطبعی کو فنا کرتی اور ہلاک کرتی ہی - | افیون - فربیون - بیش - سنکھیا - سنگیا زہر - ہیرا - پارہ - شیر کی مونچھ کے بال - وغیرہ - |
| قاتلات دود | پیٹ کے کیڑے مارنے والی | یہ دوا پیٹ کے کیڑے مارتی ہی | بابرنگ کابلی - کمیلہ - کلونجی - پودینہ - زوفای خشک - شفتالو کے پتے - مرزہ - جھاؤ یعنے ترس - عنبر بید یعنے جعدہ - ہالم - درمنہ یعنے شیح - |
| قابضات | روکنے اور بند کرنیوالی | بوجہ بوجھل ہونے یا خشک ہونے یا کسیلے پن کے طبیعت کو بند کر دیتی ہی - | ترنج - مرغ کا سنگدان - جفت بلوط - پستہ کا چھلکا - زرشک - حب الآس - اقاقیا - ترخس - بسلوچن - ہیرا دوکھی یعنے دم الاخوین - گلنار - سماق - بھکور - بارتنگ - جراکش یعنے اذخر - جامنون کی گٹھلی - انبہ کی گٹھلی - مصطگی - چنا - چاول - مائین - مازو وغیرہ |
| قاشر | چھلکا اُتارنے والی | بوجہ شدت جلا کے عضو کو صاف کرے اور چھلکا اُتارے | کٹ - زراوند - جو بریان - کالے تل - خشخاش وغیرہ - |
| کاوی | داغ دینے والی | بسبب تیزی اور سوزش اور خشکی کے عضو مین داغ کر دے اور جلا ہوا کر دے | سفیدا - قلقطار - اورک - لہسن - تیزاب وغیرہ |
| کاسر الریاح لاذع ومقطع | ریاح دفع کرنیوالی خراش کرنے والی | ریاح غلیظ کو پتلا اور توڑ کے بوجہ حرارت کے دفع کرے - بوجہ شدت گرمی وتیزی وقوت نفوذ کے عضو کو چھیلے اور کاٹے | تلی کے بیج - اورک - سونٹھ - نمک سیاہ - شونیز - پودینہ - اجوائن - کمون - زیرہ - چوکہ - ہڑ کا مربہ - وغیرہ - سرکہ - لیموں - نمک شورہ - رائی - جامنون کا تیزاب - سکنجبین - انگور تازہ - منقی - وغیرہ - |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| لزج | چپکنے والی | بوجہ خشکی ولس کے عضو سے جدا نہو وے - | خبازی - بعض قسم کی مچھلی - مسور - چاول موگرا وغیرہ - |
| مانعات احلام ردی | خواب پریشانکو منع کرتی ہی | | درونج - خرفہ - اگرکرہا - سوتا - بلور کا پتھر - زیتون کی لکڑی گلے مین لٹکانا - پھٹکری سرہانے رکھنا - |
| مانعات نزف الدم ونفث الدم وحابس الدم | خون بہنے اور خون تھوکنے آنے اور خونی دستونکو منع کرنیوالی | رگون مین سدہ پیدا کر کے اور اندرونی زخمون مین کھرنڈ لاکے خون کے جاری ہونے کو بند کرنے والی بوجہ اپنی خشکی کے - | ہیرا دوکھی - مصطگی - سوکھا دھنیا - زرشک - سوت - زیرہ - کافور - بودینہ - بیخ انجبار - گیرو - جفت بلوط - پیپرمہ - بارتنگ - کہربا - نشاستہ - اجوائن خراسانی - گلنار - کندر - مازو - ریشہ برگد - ریوند چینی - چھوٹی مائین - جنگلی تلسی - وغیرہ - |
| مبرد | سردی کرنیوالی | بوجہ اپنی سردی کے اعضا کو سردی بخشتی ہی - | کافور - کاہو - صندل - کرٹہل کا پھول - نیلوفر - خوشبودار مٹی وغیرہ - |
| مبہی | قوت باہ بخشنے والی | بوجہ معتدل گرمی و رفاضل رطوبت کے بتھون مین ریاح غلیظ اور مادہ رجولیت کا پیدا کرتی اور قوت باہ بخشتی ہی - | سونٹھ - کھجور چھوہارا - تیتر - بٹیر - مرغ - بیضہ نیمبرشت - گوریا کا مغز وانڈے - انگور - گاجر کے بیج - کالے تل - چاول تری - شلجم - گوشت بکری کا کتیرا - دارچینی - مغز بادام - اخروٹ کی گری - مغز چلغوزہ - باقلا - شیر مایہ شتر - ہیننگ - پستہ - جندبیدستر - خصیۃ الثعلب - کلیجن - بربری - حج - کٹ - چنا - بندق - لوبیا - سقنقور - ستاور - گوکھرو - بہمن سرخ وسفید - موصلی سیاہ وسفید - تودری زرد وسفید - کھوپرا - پیاز کے بیج - مولی کے بیج - موصلہ - سینبھل - خشخاش - مشک - موتی - عنبر - وغیرہ - |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| ۲۵ مجفف | خشکی کرنیوالی | بوجہ اپنے خشک ہونے کے اعضا کی رطوبت کو خشک و تحلیل کر دیتی ہی | سیپی جلی ہوئی - چھوہارے کی گٹھلی جلی ہوئی - لالئی - مردار سنگ - سنگ جراحت - ایلوا - چونہ دھویا ہوا - توتیا - چھڑیلہ - وغیرہ - |
| ۲۶ محرق | جلانیوالی | بوجہ قوت نفوذ و قوی گرمی کے عضو کی رطوبت کو فنا کرکے عضو کو جلا دیتی ہی | فرفیون - ہرتال - تیزاب چاندی کا - زنگار توتیا - چونہ - نورہ - آگ - مدار کا دودھ - وغیرہ - |
| ۲۷ محلمات رویہ | بدخواب کرنیوالی | بوجہ تبخیر کے خواب پریشان دکھلاتی ہی - | شراب کثیر پینا - کچی پیاز کھانا - آلو کی ترکاری بیگن - باقلا - گندنا - لوبیا - گوبھی - مسور وغیرہ |
| ۲۸ محلل | جزو جزو فنا کر دینے والی | بوجہ اپنی قوت حرارت کے لسدار خلطون کو جو عضوون چپکی ہین بذریعہ بخارات کے یعنے بخارات بنا کر ایک ایک جزو فنا کر دیتی ہی - | زراوند دراز و گرد - دونا مروا - اودبلاؤ کے خصیے ناخونہ - چنبیلی کی پتی - نرگس بستانی - بھٹونس یعنے ترمس - بابونہ - خطمی - عنبر جدید - پرسیاوشان - تگر - کندہ مار - بچ یعنے وج - پودینہ کوہی - کرنبہ - اشق یعنے کاندر - پیاز جنگلی - جاوشیر - ارنڈ - غافث - زفت - صمغ بطم - لادن - جاشا - جرجیر - باقلا - رائی - ہلدی - گل خیرو - دارچینی - کیکر - سویہ - مکوئے سبز وغیرہ - |
| ۲۹ محمر | سرخ کرنیوالی اور اکثر اس سے رخسار کے سرخ کرنیوالی مراد ہوتی ہی | بوجہ گرمی اور قوت جذب اپنی کے عضو کے ظاہر کو سرخ کر دیتی ہی - | رائی - پودینہ - انجیر - لالہ کا پھول - نارنگی کے چھلکے - چھڑیلہ - بالچھڑ - جراکش - دارچینی - وغیرہ |
| ۳۰ مخدر | بیحس کرنے والی | بوجہ بہت سردی و خشکی و قوت قبض کے مسامات و مجاری کو کثیف کرکے روح کے نافذ ہونے کو منع کرے یا خود روح کو کثیف کرے اور حس و حرکت سے باز رکھے - | افیون - اسپغول - کچلہ - شاہترہ کی جڑ - تمباکو کے پتے تمباکو کے بیج - کنگر - شوکران - یبروج - دھتورہ اجوائن خراسانی - پٹ کوا یعنے کا کنج - لکھنا لکھنی وغیرہ - |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| ۳۱ مخرجات جنین و مشیمہ | بچہ نکالنے و پیدا کرنیوالی | وہ دوا ہی کہ بچہ جلد و بہ آسانی پیدا کرتی ہی - | کنکول مرچ یعنے ابہل کا آنٹا - زراوند - السی - تج - کالی مرچ - بوزیدان - پرسیاوشان کنگھی - کالا زیرہ - یہ سب یا بعض لتہ مین لت کرکے مقام مخصوص مین رکھنا - ساذج - یا کلونجی پیس کے پینا مہندی سبز - و باکس کے پتے جوش کرکے پینا املتاس کے چھلکے جوش کرکے پینا وغیرہ - |
| ۳۲ مخشن | کھرکھرا کرنیوالی | بوجہ قوت قبض و خشکی کے عضو کے سطح ظاہری کو کھرکھرا یعنے نشیب و فراز کر دیتی ہی | رائی - اکلیل الملک یعنے ناخونہ - آنولہ - جامن کی گٹھلی - املی کے چنیں - بھلاواں - انبہ کی گٹھلی - وغیرہ - |
| ۳۳ مدرات | پیشاب یا حیض یا پانی یا دودھ یا پسینا جاری کرنیوالی | بوجہ خفیف گرمی اور سبکی و لطافت کے غذا کی مائیت یا فضلہ سیال کو دفع کرتی ہی ان راہون مذکورہ خانہ ترجمہ سے | کنکول مرچ - مرہٹی - ریونی - بابونہ - پرسیاوشان تلی - سونف - دارچینی - تج - کبابہ - اودبلاؤ کے خصیے - عود صلیب - اجمود - |
| ۳۴ مدرات باردہ بول | پیشاب لانیوالی سرد چیزین | سبکی اور سردی کی وجہ سے مائیت کو براہ پیشاب دفع کرتی ہی | گوکھرو - کھیرا و ککڑی کے بیج - گل خیرو - کاسنی کا رانگ - خرفہ کے بیج - چرچرہ کے بیج - لوکی کا پانی کھیرے کا پانی - تربوز کا پانی - کاسنی کے بیج - آش جو - نیمو کا عرق - شورہ - پٹ کوا یعنے بن چکلہ |
| ۳۵ مدرات حارہ بول | گرمی سے پیشاب لانیوالی چیزین | | گاجر کے بیج - پرسیاوشان - بالچھڑ - املتاس سونف - کبابچینی - کٹ میٹھا - زعفران - بیج - رندنی - زوفائے خشک - تلی - تگر - اگر - بلسان - کنکول مرچ - اجمودا - کرتھ - کلونجی پودینہ - اجوائن دیسی - خبازی - وغیرہ - |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| مدر حیض | حیض جاری کرنے والی | بوجہ لطافت و سبکی و گرمی کے خون بستہ و غیر معتدل کو معتدل و پگھلا کر براہ قبل نکالتی ہی اور گرانی کو دفع کرتی ہی | برنٹیا و شان - کباب چینی - تج - بابرنگ کابلی کلونجی - کنکول مرچ - کٹ میٹھا - اسپند - تلسی جنگلی - بکھان بیہ - اگر - جاوشیر - زعفران - بابونہ - پودنہ خشک - چنے کا زلال - سوگند بالا - تلی - املتاس کے چھلکے - ناگر موتھہ - تمام اجمود - چھریلہ - دونا مروا - اجوائن دیسی - بھٹوانس بن - عود صلیب - فراسیون وغیرہ - |
| ۳۷ مدرات منی | منی کو جاری کرنیوالی | منی کو پتلا کر کے اور منی کا راستہ کھول کے جاری کرتی ہی بسبب گرمی کے | اجمود - اکاس بیل - سونف - بھٹوانس درمنہ ترکی - وغیرہ - |
| ۳۸ مدرات لبن | دودھ جاری کرنیوالی | بوجہ رطوبت فضلی کے دودھ پیدا کرتی ہی اور بہاتی ہی | ستاور - موصلی سیاہ و سفید - سفید تل بہیتا - گوند ببول کا - |
| ۳۹ مندمل | زخم بھر لانیوالی | زخموں کی رطوبت کو خشک کر کے صحیح گوشت بھر لاتی ہی اور کثیف کرتی ہی | سنگجراحت - سرمہ - رنگ برت - گوند کتیرا - آلو - الیوا - گلنار - مواباد ل - لائی - سفید کتھ - موم سفید - زراوند - گائے کا گھی دھویا ہوا - سیاہ زیرہ - رال - ملتانی مٹی بارتنگ کا رانگ - |
| ۴۰ مرخی | عضو کو سست کرنیوالی | اپنی قوت حرارت و رطوبت کی وجہ سے اعضا اور انکے مسام کو نرم کرتی ہی - | سرد ا - السی - خطمی - کرم کلہ کے پتے - بہدانہ روغن گل - |
| ۴۱ مرطب | اعضا کو تر کرنیوالی | اپنی قوی رطوبت کی وجہ سے اعضا کو تری بخشتی ہی - | لوکی - خربزہ - تربوز - اسبغول - دودھ گائے کا موصلی - کتیرا - کھیرا - توری - بھنڈی - وغیرہ - |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| ۴۲ مرقق | خلطونکو پتلا کرنیوالی | بوجہ تیز و لطیف حرارت و رطوبت کے خلطونکو نرم اور پتلا کرتی ہی | شہد - سرکہ - شکر - پودینہ کا عرق - وغیرہ - |
| ۴۳ مزلق | پھسلن پیدا کرنیوالی | عضو باطنی کے سطح اندرونی کو نرم اور ملین کر کے مادہ خلطی کو دفع کرتی ہے | آلو بخارا - پرانی املی - تخم ریحان - ترنجبین وغیرہ |
| ۴۴ مسدد | سدہ پیدا کرنیوالی | بوجہ اپنی کثافت و خشکی کے مجاری و مسام کو بند کر دیتی ہی - | خشخاش سفید - جامن کی گری - اسبغول کوٹا ہوا - اجوائن - سورنجان تلخ - املی کے بیج - وغیرہ |
| ۴۵ مسکرات | جلد نشہ لانیوالی | | کڑوا بادام - زعفران - جاوتری - چھریلہ - بھنگ - بن بونکہ وغیرہ - |
| مسکن | دردوں کو تسکین دینے والی | دردوں کو تسکین دیتی ہی اور اخلاط و ارواح کو حرکت غیر طبیعی سے باز رکھتی ہی | افیون - بطخ کی چربی - لکھمنا لکھمنی کی جڑ - مرغی کے انڈے کی سفیدی - نشاستہ - کتیرا - گوند ببول وغیرہ - |
| ۴۷ مسبت | خوب نیند لانیوالی | اعضائے نفسانی کو بہیں کرتی اور نیند پیدا کرتی ہے | مرہمی - اصطرک - زعفران - سودا - کاہو - ستیب - تلسی - گل لالہ - پودینہ کوہی - وغیرہ - |
| ۴۸ مسمن | بدن کو فربہ کرنیوالی | | خوب کلان - چاول - آم - مکھن - دودھ - کیل کیلہ وغیرہ - |
| ۴۹ مسہر | غلبہ نیند کا دفع کرنیوالی | | چائے - سرکہ - رائی - کالی مرچ - مشک سونگھنا نمک - ایارج فیقرا - کافور سونگھنا - لونگ - پودینہ وغیرہ |
| مسہل صفرا | دست لانیوالی پتوں کی | فاسد خلطوں اور ردی فضلہ کو از راہ دست دفع کرتی ہی معدہ اور اندرون بدن و رگوں سے | آلو بخارا - املی پرانی - نرد ہڑ - گل بنفشہ - گل سرخ یعنی گلاب کے پھول - سنا کے پتے - ترنجبین - شیر خشت - اکاس بیل - املتاس کی پھلی - محمودہ - شاہترہ - ایلوا - عشق پیچان - غبرم - وغیرہ - |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| مسہلات بلغم | دست لانیوالی بلغم کی | | اندرائن کے پردے - غاریقون - نسوت سفید اسپند - نیل کے بیج - ماہی زہرہ - سونٹھ - ریندی کی گری - گوگل - ریندی کا تیل - املتاس کی پھلی - جمالگوٹہ - کریلا - گلونجی - سورنجان شیرین ریوند چینی - ماہودانہ - لوفاے خرد و بزرگ بسفائج - شکاعی - |
| مسہلات سودا | دست لانیوالی سوداکی | | اکاس بیل - دہارو - بالنگو - آنولہ - لاجورد - سنگ ارمنی کابلی ہڑ - کالی ہڑ - سنا مکی - بسفائج - کشوت - غاریقون نیل کے بیج - ریوند ختائی - ایارج فیقرا - |
| مسہلات ولادت | جلد وضع حمل کرا دینے والی | بوجہ شدید قبض کے یا دست آور ہونے کے بچہ کو جلد پیدا کرتی ہے | گوگل - تج - گلنار - اندرائن کا پردا - نیلوفر کی جڑ میتھی - بارتنگ کا عصارہ - کالی خشخاش کا لتہ ترکیا ہوا رکھنا - دارچینی کھلانا - مونگا دہنی ران مین باندھنا - چمک پتھر بائین ہاتھ مین دینا - |
| مشہی | بھوک پیدا کرنے والی | وہ دوا ہی جسکے استعمال سے بھوک لگتی ہی اور کھانے کی خواہش معلوم ہوتی ہی - | لیمو کا عرق - ترنج کا چھلکا - سکنجبین سفرجلی سرکہ زرشک - پوست لیمو - کالی مرچ - سانبھر نمک مصطگی - خولنجان یعنے کلیجن - سرد پانی - چھوٹی الائچی - اونٹنی کا دودھ - |
| مصدع | دردسر پیدا کرنے والی | بوجہ تبخیر کے دردسر پیدا کرتی ہے | اظفار الطیب یعنے نکھ کی دھونی لینا - اجوائن خراسانی - لوبان گندنا - سوا - لہسن - پیاز - مشور - میتھی - السی - خاکسی ترنج - توت - رندنی - پالک کا ساگ - جوالکس - کنجر - بیگن - چکور کا گوشت - بلوط - جوز بوا - گلنار - رام تلسی |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| مصلب | سختی کرنے والی | جو ہر عضو یا مواد کو بوجہ کثافت کے سخت کر دیتی ہے | |
| مصلح | اصلاح کرنے والی | کھانے اور پینے یا ضرر دوا کی اصلاح کرتی ہے - | زعفران - کتیرا - شہد - یہ دوائیان عموماً اکثر دوائیون کی اصلاح کرتی ہین - اور ہر ہر دوا و غذا کی مصلح جدول مفردات مین مذکور ہین - |
| مضرات باہ | باہ کو ضرر کرنے والی | | رام تلسی - کاسنی - کاہو - دہنیا - مکو - لہسن خام نیلوفر کی جڑ - عناب - بنفشہ کی جڑ - کٹ - کالی خشخاش چولائی کا ساگ - چوکہ - کافور - املی - آلو بخارا لیمو - موم - نمک - ٹھنڈا پانی - |
| مضرات بصر | بینائی کو ضرر کرنے والی | | مسور - خرفہ کا ساگ - چوکہ - کاہو - چرچرہ - گندنا جماع بہت کرنا - دھوپ کھانا - آگ کے قریب بیٹھنا چمکدار چیز کی طرف بہت نظر کرنا - |
| مضرات جگر | جگر یعنے کلیجے کو ضرر کرنیوالی | | کھجور - انجیر - نارنگی - خرکہ - شہد - ہڑ کالی - جاوتری - سرد پانی - بکائن - کاپھل - |
| مضرات اسنان ولثہ | دانتون کو اور مسوڑونکو ضرر کرنیوالی | | دودھ - خاصکر اونٹنی کا دودھ - مولی - برف کا پانی - کھٹی چیزین - چوکہ - گرم گرم چیزونکو کھاکے یا پیکر پانی سرد پینا یا کلی کرنا - |
| مضرات دماغ | دماغ کو ضرر کرنیوالی | | ہتا جوڑی - ہینگ - خشخاش - آلو بخارا - اونٹ کٹارا - کابلی ہڑ - تمباکو - سرشوں - |
| مضرات ریہ | پھیپھڑے کی ضرر کرنیوالی | | سوگند بالا - کلتھی کے بیج - شاہترہ - حاشا یعنے پودینہ کوہی باد آورد - بنفشہ کی جڑ - سنگ مقناطیس وغیرہ - |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
| --- | --- | --- | --- |
| 64 مضرات معدہ | معدہ کی ضرر کرنیوالی | | تل ۔ مسور ۔ آشجو ۔ بادام کے بیج ۔ آلو شیرین ۔ عناب ۔ املی ۔ کشمش ۔ ادرک ۔ کچنار ۔ انجیر ۔ تافیتا ۔ چھڑیلہ ۔ کچے انگور ۔ حماما ۔ پنیر ۔ گرم پانی ۔ گائے کا گھی ۔ شیرینی وغیرہ ۔ |
| 65 مطفی | تیزی وگرمی کی بجھانے والی ۔ | بوجہ سردی زائد اور رطوبت کی گرمی و سوزش کو دفع کرتی ہے ۔ | کافور ۔ کاہو ۔ مغز کدو ۔ نیلوفر ۔ کائی ۔ دریائی ناریل ۔ برف ۔ پالک کے بیج ۔ کھیرے کا پانی ۔ کدو کا پانی ۔ سرد پانی وغیرہ ۔ |
| 66 معدلات خون | خون کی معتدل اور صاف کرنے والی ۔ | بوجہ لطیف سردی وتری کے خون کو معتدل القوام کرتی ہے ۔ | تخم کاہو ۔ کاسنی کے بیج ۔ آلو بخارا ۔ برمنڈی ۔ آبنوس کی لکڑی ۔ نیم کے پتے ۔ شیشم کے پتے ولکڑی ۔ نیلوفر کے پھول ۔ بنفشہ کے پھول ۔ صندل کا شربت ۔ گاجر کا شربت ۔ سونف کا عرق ۔ گلاب کے پھول ۔ لیمو کا عرق ۔ سکنجبین ۔ عناب کا شربت وغیرہ ۔ |
| 67 معدلات صفرا | صفرا کو معتدل کرنیوالی | | کاسنی ۔ خرفہ کے بیج ۔ اسپغول ۔ تخم خیارین ۔ دھنیا ۔ صندل سفید ۔ تخم کاہو ۔ کافور ۔ بہدانہ وغیرہ ۔ |
| 68 معدلات بلغم | بلغم کو معتدل کرنیوالی | | سونف ۔ رومی سونف یعنے انیسون ۔ زیرہ ۔ دارچینی ۔ ملٹھی ۔ الائچی چھوٹی وبڑی ۔ منقی ۔ تلسی ۔ بابچھڑ ۔ خبازی ۔ خطمی ۔ وغیرہ ۔ |
| 69 معدلات سودا | سودا کو معتدل کرنے والی | | سپستان یعنے لسوڑہ ۔ گاوزبان ۔ خربوزے کے بیج ۔ ملٹھی ۔ اکاش بیل ۔ انجیر ۔ منقے ۔ تخم مرو ۔ وغیرہ ۔ |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
| --- | --- | --- | --- |
| 70 معرق | پسینا لانیوالی | بند رطوبت کو مسامات کی راہ سے جاری کرتی ہے | پانی پینا ۔ کل مدر چیزین ۔ بے حد گرمی ۔ دثار یعنے رضائی کپڑے اوڑھنا وغیرہ ۔ |
| 71 معطس | چھینک لانیوالی | دماغ کے مواد کو حرکت دیکے بذریعہ چھینک کے دفع کرتی ہے | تمباکو ۔ نکچھکنی ۔ شیرہ بادام کڑوا ۔ ریٹھا ۔ نوشادر ۔ دونا مروا ۔ بلاس ۔ سونٹھ وغیرہ ۔ |
| 72 معطش | پیاس لگانیوالی | بسبب گرمی و سوزش کے طبیعت کو مشتاق پانی پینے اور ہوا کھانے کی کرتی ہے | جیسے روٹی ۔ گرمی ۔ دھوپ کھانا ۔ گرم چیزین ۔ گوشت ۔ |
| 73 معفن | سڑا دینے والی | مزاج عضو اور روح کو فاسد کرتی ہے اور رطوبت کو سڑا دیتی ہے ۔ | ہرتال ۔ تافیتا ۔ گندھک کا تیل ۔ سنکھیا ۔ مور کا گوشت ۔ کچا لہسن ۔ گوشت کوا وچیل ۔ وغیرہ |
| 74 معری | چکنے والی آنتون مین | بوجہ لس کے رگون و آنتون کے منہ مین چیک کے سدہ پیدا کرتی ہے | گوند ۔ کتیرا ۔ دھویا ہوا چونا ۔ سنگجراحت وغیرہ ۔ |
| 75 مغشی | غشی پیدا کرنیوالی | بوجہ نفخ اور ریح کے غشی پیدا کرتی ہے ۔ | رومی سونف یعنے انیسون ۔ اکاش بیل ۔ جاوتری ۔ گاجر کے بیج ۔ سنبھالو ۔ جاوشیر ۔ حماما ۔ پیپلا مول ۔ زیرہ ۔ فرنج سیاہ ۔ سونٹھ ۔ نرکچور ۔ زراوند ۔ تتلی ۔ توبان ۔ اجمودا ۔ دیسی اجوائن ۔ ناگرموتھہ ۔ ساتر یعنے صعتر ۔ وغیرہ ۔ |
| 76 مغلظ | گاڑھا کرنے والی | خلطون یا قوی اور ارواح یا حواس یا منی یا دودھ کو گاڑھا کرتی ہے ۔ | کل ساگ پات ۔ کل گوشت نیم بریان ۔ کل بادی ترکاریان لسنی بھمن ۔ تودری ۔ موصلی سیاہ و سفید ۔ اسپغول کی بھوسی ۔ تال مکھانا ۔ سنبھل کا موسلا ۔ جامن کی گٹھلی ۔ املی کے چیین ۔ وغیرہ ۔ |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| مفتت | پھوڑنے والی ریزہ ریزہ کرنے والی | سنگ گردہ یا مثانہ پھوڑ کر ریزہ ریزہ کر کے بہاتی ہی | خوگند بالا تلسی - حجر الیہود - سنگ سرماہی - بچھو کی راکھ - گوند - آکو - خربوزہ کے بیج - کاسنی جھانپ یعنے پرسیاوشان - کندل - کڑوا بادام - گوکھرو - سونف - کالے چنے - کلتھی - ناگرموتھہ - وغیرہ - |
| مفتح | کھولنے والی | سُدّے آنتوں اور رگوں کے اور مسام داخلی وخارجی کے دفع کرتی وکھولتی ہی | جراکش - شاہترہ - غاریقون - بادیان رومی - ستاور - فرده - بنفشہ کی جڑ - کبابہ - اگر - اکاش بیل - باقلہ مصری یعنے ترمس وہندی بھٹوانس - سونف - ساتر - جاوتری - اجمود - جاوشیر - پکھان بید - سپند - زیرہ کرمانی - ویشی اجوائن - ہالون - خاکسی - دارچینی - زعفران - بلائی لوٹن - گاجر کے بیج - سونٹھہ - وغیرہ - |
| مفجج | کچا رکھنے والی | اصلی گرمی اور خارجی گرمی کو اپنے فعل کرنے سے باز رکھ کے خلط کو کچا اور ہضم کو ناقص رکھتی ہے | اسپغول - تخم ریحان - وغیرہ |
| مفجر اورام | ورم کو پھاڑ دینے والی | بوجہ تیزی اور گرمی کے جلد کو پھاڑ دیتی ہی | کاندر یعنے جنگلی پیاز - سفیدہ - ہیراکسیس - ہرتال - کبوتر کی بیٹ - ہالم - چونہ - دودہارے درختون کے دودھ - کٹ - صابون - رتن جوت - تلفطار - فرفیون - وغیرہ - |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| مفرح | فرحت دینے والی | طبیعت کو خوش کرتی اور دل کو قوت دیتی ہی بوجہ اپنی لطافت کے | زعفران - ابریشم - لونگ - کافور - صندل سفید - مشک - نکھ - ترنج - بالچھڑ - امرود - ترنج - انار - کھٹا ومیٹھا - آنولہ - لیموں کے پھول - لیموں کا چھلکا - مونگا - تونگے کی جڑ - پان - کھنکھالی یعنے بسفائج - زہر مہرہ خطائی - لاجورد - گلاب کے پھول - پودینہ - املی - بنسلوچن - اگر - موتی - نیلوفر کے پھول - یاقوت - یشب - عنبر - ورق چاندی اور سونے کا - مغز پستہ - بہمن - سیب - بہی - سیب - انجیر - زرنبی - بالنگو - دارچینی - الائچی - وغیرہ - |
| مقرح | زخم کر دینے والی | جمی ہوئی رطوبت کو تحلیل وفنا کر کے عضو مین زخم پیدا کرتی ہی بوجہ تیزی اور زائد گرمی کے | ہرتال - سفیدا - مقل - لہسن - پیاز - ہالم - کبوتر کی بیٹ - چونہ - کٹ - پودینہ - صابون - تیلی - فرفیون - راسن - دودہارے درختون کا دودھ - رتن جوت - وغیرہ |
| مقی | قی لانیوالی | تینون خلطون صفرا وسودا وبلغم کو یا انمین سے ایک کو معدہ اور اسکے اطراف سے ابھار کے قی کی راہ سے نکالتی ہے - | مولی کے بیج - مولی کے پتون کا رانگ - سوے کا رانگ - سووے کے بیج - میتھی - خربوزے کے بیج - شہد - سکنجبین - نمک - شکر سرخ - رائی - کنگی کدو یعنی لوکی کا پانی کڑوا - اونٹ کٹارا - منقے - پھٹکری - کھاری نمک - گاو گھی - گرم پانی - سرخ لوبیا - وغیرہ - |
| مقویات بصر | بینائی کی قوت دینے والی | [illegible] | سرمہ - آملہ - زعفران - مشک - ہرزرد - میٹھا بادام - منڈی - سونف سیپی جلی ہوئی - ابریشم جلایا ہوا - باز بکائی ہوئی - شہد - کالی مرچ - موتی - چاندی کی سلائی - عینک کا لگانا - مہتاب کی طرف نظر کرنا - وغیرہ |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| مقویات جگر | جگر کو قوت دینے والی | | کاسنی بستاور - جوزبوا - انار - چھڑیلہ - نکھ بودینہ کوہی - لبسان کے بیج - نرکچور - ناگرموتھہ ورونج عقربی - سوگند بالا - الائچی چھوٹی - دارچینی کشوث - پستہ - مصطگی - تج - غافث - ناردین یعنے سنبل رومی - لونگ - بلائی لوٹن - منقی زرشک - وغیرہ - |
| مقویات اسنان ولثہ | دانتون اور مسوڑونکو قوت دینے والی | | پھٹکڑی بریاں - ہڑ کا چھلکا - سپاری - عاقرقرحا وغیرہ - تیزک گلاب - گلنار - لوبان - ناگرموتھہ مازو - بارہسنگھا جلا ہوا - چھوٹی و بڑی ہائین - مصطگی دانہ الائچی - کالی مرچ - کتھ - بنسلوچن - زرد ہڑ کی گٹھلی جلائی ہوئی - بھلاوان جلا ہوا - لائچ چندن دس - سنگجراحت - مستور - املی کے بیج - مونگے کی جڑ - نرکل کی جڑ - کٹ - موتی - مولسری کی چھال - سرسہ کے بیج - تالیسر - کف دریا - تنباکو جلایا ہوا - کوڑی زرد - کبابہ - بول - |
| مقویات دماغ | دماغ کو قوت دینے والی | | موتی - گلاب - ناگرموتھہ - بابچھڑ - سونٹھ - آنولہ - بھلاوان - بالنگو - کندر - بندق - مشک - اگر عنبر - لونگ - سیب کے پھول - امرود کے پھول بہی کے پھول - جانورون کا بھیجا - زعفران - مرغی کا گوشت - تیتر کا گوشت - دونا مروا - چنبیلی - مغز کدو کاہو کے بیج - ہڑ کا مربے - لوے کا گوشت - شربت نارنج - جوزبوا - صندل سفید - میٹھا بادام رام تلسی - گلاب کا عرق - بھیڑی کا دودھ - |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| ۸۸ مقویات قلب | دل کو قوت دینے والی | | امرود - انار میٹھا - املی - آنولہ - سیب - ابریشم ترنج کا چھلکا - لیموں کے پھول - چھڑیلہ - صندل بنسلوچن - دونا مروا - بہمن سفید و زرد - ترنج کھنکالی - گل مختوم - ریباس - بسد - تلسی جنگلی - نکھ گاؤزبان - دھنیا خشک - گلاب کے پھول - برنسی دارچینی - مونگا - مونگے کی جڑ - نیلوفر - جو کے بیج یاقوت - نارنج - زردوہڑ - موتی - چنبیلی - بابچھڑ - ترنج ناگرموتھہ - اگر - عنبر - مشک - شقاقل - یاقوت رام تلسی - نرکچور - ورق چاندی و سونے کا - الائچی - لاجورد - نعناع - عودصلیب - وغیرہ |
| ۸۹ مقویات معدہ | معدہ کو قوت دینے والی | جتنی چیزین معدہ کی قوت دینے والی ہین وہی آنتون اور معدہ کی رگون کو بھی قوت دیتی ہین لہذا انکے مقویات علیحدہ مذکور نہین ہوئے - | گلاب کے پھول - آنولہ - انار دانہ - ہڑ - بہی - بنسلوچن تیزک - آلو - ہڑ کا مربے - جراکش - ترنج کا چھلکا بالنگو - جامن - سوگند بالا - جوزبوا - حماما - کالی مرچ اونٹنی کا دودھ - دارچینی - نرکچور - ناگرموتھہ - تج - چھڑیلہ - تیزپات - لونگ - الائچی - لوبان مصطگی - پودینہ - شاہزیرہ - مشکطرامشیع - نعناع دہی - اگر - مرغ کا سنگدان - سونٹھ - وغیرہ - |
| ۹۰ ملطف | لطافت بخشنے والی | گاڑھی گاڑھی خلطونکو تیلا اور نرم کرتی اور دفع کرتی ہے | افتیمون - دونا مروا - جراکش - مرہٹی - تخم انجن بنفشہ کی جڑ - انجیر - بابونہ - پودینہ - چوکہ - سرکہ - بلسان کے بیج - اودبلاؤ کے خصیے - شورہ - عنبر بید - اسپند - رائی - دارچینی - زوفائے خشک - تیلی لہسن پیاز - زراوند - ساتر - عاقرقرحا - کرتھ - دیسی اجوائن پہاڑی پودینہ - وج - مشکطرامشیع - کٹ - بلائی لوٹن ناگرموتھہ - فوتانا - کمازریوس - ہالم - کندل - |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| ۹۱ ملینات اورام | ورمون کو نرم کرنیوالی | بوجہ قوت محللہ کے مواد ورم کو نرم کرتی ہو اور تحلیل کرتی ہو۔ | بنفشہ کی جڑ۔ ناخونہ۔ بطم کا گوند۔ کرنجوا۔ اسلاریس عنبر۔ موم۔ تخم خطمی۔ بول یعنی مر۔ لادن۔ لسی مہندی۔ ناگرموتھہ۔ رینڈی کا تیل۔ مرغی کی چربی گوگل۔ بکری کی نلی کا گودہ۔ بنولہ کا تیل۔ اسپغول زفت۔ سکٹ یعنے آنولہ کا عصارہ۔ |
| ۹۱ ملینات بطن | پیٹ کی نرم کرنیوالی | معدہ اور آنتون کے سُدے اور بند مادے کو دستون کی راہ نرم کرکے نکال بہاتی ہو۔ | چرونجی۔ خرفہ کا ساگ۔ بوٹی۔ کرنب۔ بنولے کی گری۔ گنے کا رس۔ شہد بے کف اوتارا ہوا۔ شفتالو۔ خرکہ۔ پالک۔ سرکہ عنصلی۔ سونف۔ بکری و بھیڑی کا دودھ۔ ہڑ۔ سنا۔ املی گلاب۔ ترنجبین۔ آلوبخارا۔ سونف کی جڑ۔ گلقند۔ سونف کا عرق۔ |
| ۹۳ ممسک | روکنے والی اور بند کرنے والی | بوجہ خشکی اور لطیف گرمی کے قوت امساک بڑہاتی ہو۔ | افیون۔ جوزبوا۔ بیربہوٹی۔ گوگل۔ دھتورہ کے بیج۔ اجوائن خراسانی۔ لونگ۔ مرچ کالی۔ جاوتری زعفران۔ مصطگی۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ کافور۔ مشک عاقرقرحا۔ ببول کے پھول۔ دھتورہ کے پتے گونا کا پھل و بیج۔ گلو کا ست۔ |
| ۹۴ ملذذات | لذت دینے والی | مرد اور عورت یا دونون کے لیے ایک سان فائدہ دیتی ہین | لونگ۔ دارچینی۔ کبابہ۔ عاقرقرحا۔ منقے۔ سونٹھ نرم نرم کوٹ کے شہد ملا کر نگاہ رکھنا اور وقت حاجت لعاب دہن مین ترکرکے کام مین لانا آدمی کے سر کے بال چنبیلی کے تیل مین پیس کے وقت حاجت ضماد بیربہوٹی۔ پارہ۔ زعفران۔ کافور۔ کبوتر کی بیٹ۔ |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| ۹۵ مطولات قضیب | دراز کرنے والی | | زفت رومی۔ کیچوے۔ جونک۔ عاقرقرحا۔ کنیر کے چھلکے۔ بیربہوٹی۔ پہاڑی عشق پیچان۔ مفرد یا مرکب چنبیلی کے تیل مین متواتر لگانا۔ لونگ جوزبوا۔ دارچینی۔ زعفران چنبیلی کے تیل مین لگانا روغن زیت ہمیشہ لگانا۔ کرفس کے جوشاندے سے باربار ملکر دھونا۔ بھیڑ کی چربی برابر لگاتے رہنا۔ |
| ۹۶ مضیقات قبل | تنگ کرنیوالی | | بکائن کی چھال۔ انار کی چھال۔ مولسری کی چھال باریک پیس کے لتہ مین لت کرکے مقام مین رکھنا ماجوپھل۔ کافور۔ شہد مین ملاکے لیپ کرنا مواباول۔ کالے تل۔ گوکھرو۔ املی کے بیج باریک پیس کے مقام مین چھڑکنا۔ بیربہوٹی۔ گائے کے گھی مین پیس کے مقام پر ملنا۔ ببول کے کل اجزا کی پسی ہوئی چٹکی چھڑکنا۔ وغیرہ۔ |
| ۹۷ مجمد | جمادینے والی | بوجہ سردی اور قوت قبض کے خلطون اور رطوبتون کو بستہ کرتی اور جمادیتی ہو | اجوائن خراسانی۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ گوند۔ وغیرہ |
| ۹۸ منضجات صفرا | صفرا کو پکانے والی | منضج وہ دوا ہے کہ [illegible] | عناب۔ گلاب کے پھول۔ بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ شاہترہ۔ کاسنی کے بیج۔ کاسنی کی جڑ۔ مکوہ سوکھی سکنجبین۔ ترنجبین۔ سرخ شکر۔ آلو کا شربت گلقند آفتابی وغیرہ۔ |

| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
| --- | --- | --- | --- |
| ۹۹ منضجات بلغم | بلغم کو پکانے والی | | منقی - خطمی کے بیج - کاسنی کی جڑ - سونف - ملٹھی - بادیان رومی - پرسیاوشان - شکاعی - انجیر - گلاب کے پھول - گلقند - یا سکنجبین - وغیرہ |
| ۱۰۰ منضجات سودا | سودا کو پکانے والی | | لسوڑہ - عناب - گاؤزبان - بلائی لوٹن - پرسیاوشان ملٹھی - دونا مروا - افتیمون - شاہترہ - سونف - بادآورد - ترنجبین - گلقند وغیرہ - |
| ۱۰۱ منفخات | اپھار پیدا کرنے والی | اپنی رطوبت فضلیہ کے باعث اصلی حرارت کو تحلیل کرنے پر قدرت نہین دیتی ہی بلکہ ریاح بنکے پیٹ کو پھلاتی ہی | باقلا - لوبیا - گوبھی - جامن کی گری - کرم کلہ - چقندر - موٹھ - بنڈا آلو - جھینگا مچھلی - بگلہ کا گوشت - شکرقند - سمندر سوکھہ شلجم کے پتے - لونیا - وغیرہ - |
| ۱۰۲ منبت و ملحم | گوشت بھر لانیوالی | زخم پر کے خون کو صحیح گوشت بناکر زخم کو پر کردینے والی - | دم الاخوین - یعنے ہیرادوکھی - کتیرہ - وغیرہ - |
| ۱۰۳ منبت شعر | بال اگانے والی | سر اور ڈاڑھی وغیرہ کے بالون کو پیدا کرتی اور بڑہاتی اور لنبا کرتی ہی - | خطمی - بیری کے پتے - ماش کی دال کا لعاب - چیونٹی کے انڈے - ناریل کا تیل - وغیرہ - |
| ۱۰۴ منوم | نیند لانیوالی | بوجہ تری یا خشکی یا تخدیر کے نیند لاتی ہی | افیون - سویا - خشخاش - خشخاش کے پھول - زعفران - کشنیز - سیب - حماما - بنفشہ - ہرا دھنیا - آشجو - شیرہ بادام - روغن بادام - روغن نیلوفر گل روغن - بابونہ - قبر کی خاک سوتے پر چھڑکنا |
| ۱۰۵ موسخ قروح | زخمونکے مواد کو سیلان پیدا کرکے بہانیوالی | زخمون سے مواد بہاتی اور خشک نہین ہونے دیتی اور زخم کو پھٹنے سے منع کرتی ہی | موم روغن وغیرہ - |



| نام عربی | ترجمہ | بیان تفصیلی | نام ادویہ |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱۰۶ مولدات منی | منی پیدا کرنیوالی | | سورنجان میٹھا - کچی بیانہ - بہمن - بوزیدان - بادام - پستہ - چھڑیلہ - الشی - شلجم - چنا - اندرجو - بالون ناریل - تودری دونون - سونٹھ - مشک - زعفران گندنا کے بیج - شقاقل - دودھ و شکر - گوشت مرغ کا - |
| ۱۰۷ مہزل | دبلا کرنیوالی | بدن کو دبلا و لاغر کرتی ہی | لاکھ - وغیرہ - |
| ۱۰۸ مہیج | برافروختہ کرنیوالی | کسی خلط یا کسی قوت کو ہیجان دیتی ہی - | گنے کا رس صفرا کو - ترشیان بلغم کو - فواکہات خون کو - میوہ جات باہ کو - |
| ۱۰۹ ناشف | رطوبت جذب کرنے والی | بہتی ہوئی رطوبت کو کھینچ لیتی ہی | خشک چونہ - مو آبادل - کورمی ٹھیکری - زہر مہرہ - وغیرہ - |
| ۱۱۰ ہاضم | ہضم کرنے والی | غذا کو جزو بدن کر دیتی ہی اور بھوک لگاتی اور بڑہاتی ہے - | برام تلسی - دیسی اجوائن - نرکچور - پیپلا مول شہد - گڑ - سرکہ - اچار - جامن کا عرق کل مٹھائیان - |

اس جدول مین بعض نام مرکب و مستعمل دواؤن کے ہین جو مصطلح اطبا کے ہین جنکے نام پر نسخے کا نام رکھا جاتا ہی

| نام عربی | ترجمہ | تفصیل |
| --- | --- | --- |
| آبزن | پانی مین بیٹھنا | بڑے ظرف مین نیم گرم جوشاندہ ادویہ مین بٹھاتے ہین واسطے بیٹھون کے - |
| اکتحال | سرمہ لگانا | صرف سرمہ یا دوائین باریک پیس کے آنکھ مین لگاتے ہین - |
| انکباب | بھپارا لینا | چادر اوڑھ کے دواؤن کے گرم جوشاندہ کا بخار تمام بدن یا کسی عضو کو پہونچانا |

| نام عربی | ترجمہ | تفصیل |
| --- | --- | --- |
| بخور [4] | دھونی لینا | دوا آگ پر جلا کے دماغ یا ناک یا کسی عضو یا تمام بدن پر دُھوان و بو پہونچانا۔ |
| برود [5] | بوجھہ | سرد دوائیان پوٹلی مین باندھ کے اور بھگو کے آنکھ پر پھیرنا۔ |
| پاشویہ [6] | م | دواؤن کے نیمگرم جوشاندہ سے زانو تک پاؤن دھونا اور نیچے سوتنا۔ |
| تدہین [7] | تیل کی مالش | کسی عضو پر تیل لگا کر ملنا۔ |
| تعلیق [8] | کوئی چیز گردن مین لٹکانا | |
| تمریخ [9] | مالش | تیل یا کوئی اور تر چیز بدن پر یا کسی عضو پر ملنا۔ |
| حقنہ [10] | عمل لیسنا | پھکنے مین تر دوا یا پانی نیمگرم بھر کے آنتون یا مثانہ یا رحم مین پہونچانا۔ |
| حمول [11] | مقام مین لتہ رکھنا | دواؤن مین لتہ لت کر کے عورت کے مقام مین رکھنا۔ |
| ذرور [12] | جٹکی چھڑکنا دھورا لینا | خشک پسی ہوئی دوا زخم یا پلکون پر چھڑکنا یا کسی عضو پر دھورا ملنا۔ |
| سعوط [13] | ناک مین ٹپکانا | تر دوا ناک مین ڈالنا۔ |
| سکوب [14] | دھار ناٹھہر ٹھہر کے | نازک اعضا پر اُونچے سے ٹھہر ٹھہر کے دوا کا جوشاندہ نیمگرم تڑیڑنا۔ |
| سنون [15] | منجن | پسی ہوئی دوا دانتون پر ملنا۔ |
| شافہ [16] | سلائی سے آنکھ یا مقام عورت مین رکھنا | دواؤن کی سلائی سی بنا کے یا بتی دواؤن مین لت کر کے آنکھ یا مقام عورت مین رکھنا یا لگانا۔ |
| شد الاطراف [17] | ہاتھ پیر باندھنا | ہاتھ بغل سے پنجون تک اور پاؤن ران سے پیر تک کس کے باندھنا۔ |
| شموم [18] | سونگھنا | کوئی چیز تر یا خشک سونگھنا۔ جیسے عطر یا مشک وغیرہ۔ |
| ضماد [19] | لیپ | تر و گاڑھی پسی ہوئی دوا بدن یا کسی عضو پر لیپ کر دینا۔ |
| طلا [20] | ہلکا لیپ | تر اور پتلی دوا بدن یا کسی عضو پر لگانا۔ |
| عطوس [21] | ناس یا ہلاس لینا | چھینک کے لیے خشک دوا ناک مین سُڑکنا۔ |



| نام عربی | ترجمہ | تفصیل |
| --- | --- | --- |
| غرغرہ [22] | م | دوا کے جوشاندہ یا خیساندہ کی کلی حلق مین پھرانا واسطے تنقیۂ دماغ کے۔ |
| فتیلہ [23] | بتی | کپڑے کی بنی ہوئی بتی دوا مین لت کر کے سوراخ عضو یا سوراخ زخم مین رکھنا۔ |
| فرزجہ [24] | لتہ و کرسف | دوا مین لتہ لت کر کے عورت کے مقام مین رکھنا۔ |
| قطور [25] | ٹپکانا | کان یا ناک یا کسی عضو کے سوراخ مین تر دوا ٹپکانا۔ |
| کاجل [26] | انجن | بتی دوا مین تر کر کے اور اُس کا کاجل پار کے آنکھ مین لگانا۔ |
| کحل [27] | سرمہ | جو دوا سلائی سے آنکھ مین لگائی جاوے۔ |
| کماد [28] | سینک | دوا کی تر یا خشک پوٹلی سے یا اینٹ یا پتھر سے سینکنا کسی عضو کے ظاہر کو۔ |
| لخلخہ [29] | م | پتلی خوشبودار مرکب دوا شیشے مین رکھ کے سونگھنا۔ |
| لطوخ [30] | لیپ | ضماد سے پتلی اور طلا سے گاڑھی کوئی دوا تر لیپ کرنا۔ |
| مغلی [31] | جوشاندہ | دوا پانی مین بھگو کے اور جوش کر کے پینا۔ |
| مضمضہ [32] | کُلی | کسی تر دوا یا پانی کی کلی مُنھ مین پھرانا۔ |
| نشوق [33] | سُڑکنا | تر دوا ناک مین سُڑکنا۔ |
| نطول [34] | تریڑا | تر اور نیمگرم جوشاندہ دوا کا یا پانی اُونچے سے متواتر تریڑا کرنا۔ |
| نفوخ [35] | دوا پھونکدینا | خشک دوا پسی ہوئی بذریعہ نے کے ناک یا کسی عضو مین پھونکدینا۔ |
| نقوع [36] | خیساندہ | دوا پانی مین ایک رات دن بھگو کے بعدہ صاف کر کے پینا۔ |
| وجور [37] | دوا حلق مین ٹپکانا | تر دوا حلق مین ٹپکانا۔ |

ا ب - ابواب بست وہشت گانہ مفردات کے شروع کیے جاتے ہین **باب الالف** واللہ ولی التوفیق وہو خیر الرفیق - اس باب مین ۷ - دوائیان ہین -

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدرشربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | آبنوس وتیندو | آبنوس | آبنوس | سیاہ | پھیکا قدرے تلخ | ایک قسم کا درخت ہے بہت بلند - | حار ویابس درجہ ۲ مین | معدہ کو | صمغ عربی وشہد | کنارکی لکڑی | ۱۰ ماشہ | طاقت بڑھاتا ہے - اور جلا کرتا ہے اور پیشاب کو خوب جاری کرتا ہے اور گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے اور طحال کے سدہ کو کھولتا ہے اور خون کے جوش کو بجھاتا ہے اور اسکو صاف کرتا ہے اور جرب وخارش کو نافع ہے - اور اس کا برادہ خون کے سیلان اور منی کے سیلان کو روکتا ہے اور قروح کو مندمل کرتا ہے اور سونف مین اسکا سرمہ بنا ہوا رتوندھی اور جالہ کو بہت مفید ہے - (غیرسمی) |
| ۲ | آڑو | شفتالو | خوخ | سبز یا قدرے سرخی | شیرین وچاشنی دار | ایک درخت کا پھل ہے ہندمین | سرد تر ۲ - درجہ مین | بلغمی مزاج کو مضر ہے | شہد اور ادرک کا مربا | کشمش | ۱۰ دام | مادہ کو نرم کرتا ہے اور تشنگی وجوش خون اور گرم خشک بخارات کو ساکن کرتا ہے اور پت کو اور خالص صفراوی وخونی بخار کو مفید ہے اور بھوک وباہ زیادہ کرتا ہے اور اسکے پھول دو ماشہ اسقاط حمل کو کافی ہین اور اسکے تخم کا روغن کان کے درد اور بہرے پن کو مفید ہے اور اسکے پتون کے پینے اور لگانے سے معدہ کے کیڑے مرجاتے ہین - (غیرسمی) |
| ۳ | آگ ودار | خرگ | عشر | سبز مائل بسفیدی | تلخ | ایک قسم کا درخت ہے چھوٹا - | دودھ گرم خشک ۳ - اور پھول وغیرہ ۲ درجہ مین | جگر اور پھیپھڑے کو | روغن | شبرم | ۳ ماشہ | اسکا دودھ گوشت کھاجاتا ہے اور جلد مین زخم ڈالدیتا ہے اور پتے اسکے سردی کے ورمون کو تحلیل کرتے ہین - اور سردی کے درد کو تسکین دیتا ہے اور پیٹ کے کیڑون کو مارتا ہے اور پھول اسکا کھانیکو خوب ہضم کرتا ہے اور امراض معدہ کو فائدہ مند ہے - (دودھ قریب بہ سم) |
| ۴ | آکاہولی | ۰ | ۰ | سبز مائل بسرخی | تلخ | ایک قسم کی بوٹی ہے ہندمین | گرم خشک ۱ - درجہ مین | پٹھون اور جوڑونکو | شہد | خرفہ کا ساگ | ۲ تولہ | کیڑے پیٹ وغیرہ کے اس سے دفع ہوتے ہین اور فساد بلغم اور صفرا کو دور کرتی ہے اور پرمیو یعنے جریان منی کو فائدہ مند ہے - (غیرسمی) |
| ۵ | آل | بکم | بقم | سرخ | قدرے تلخ | ایک بلند درخت کی جڑ ہے | گرم ۳ درجہ خشک ۲ درجہ | کھانے سے کل اعضا کو بلکہ قاتل ہے | قی کرنا اور گھی پینا | مجیٹھ | تولہ | زخم مین اسکا فتیلہ رکھنا زخم کو بھرلاتا ہے اور خون کے بہنے کو روکتا ہے اور زخم کے مواد کو خشک کرتا ہے اور اسکے خیساندہ سے منھ دھونا زنگ رخسارہ کو صاف کرتا ہے اور اسکے جوشاندہ سے نہانا جوڑبند کو قوی کرتا ہے زہر قاتل |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدرشربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶ | آلو | آلو | ۰ | سرخ وبھورا | پھیکا | ایک پھل ہے گول کہ ہندمین درخت کی جڑمین ہوتا ہے | سرد وخشک ۱ - درجہ مین | دیر مین ہضم ہوتا ہے اور معدہ کو غلیظ کرتا ہے | گوشت دیگرم مصالحہ | اروی | ۲ تولہ | اجزائے منی کو زائد پیدا کرتا ہے اور منی کو غلظت بخشتا ہے اور چونکہ نفخ پیدا کرتا ہے لہذا باہ کو بھی حرکت مین لاتا ہے اور مثانہ کو قوی کرتا ہے اور اسکا سرمہ آنکھون کو قوت بخشتا ہے اور جالا کاٹتا ہے - (غیرسمی) |
| ۷ | آلوے بخارا | آلوے بخارا وآلوچہ | اجاص | سرخ | ترش وچاشنی دار | ایک پھل ہے مشہور | سرد ۱ - درجہ تر ۲ - درجہ | دماغ ومعدہ وپٹھونکو | عناب وبصطگی وگلقند | تمرہندی یعنی املی | ۱۵ دانہ حد ۳۰ دانہ | طبیعت کو نرم کرتا ہے اور انتڑیون مین پھسلن پیدا کرتا ہے اور صفراوی وخونی بخار کو ازحد نافع ہے اور جوش خون کو بجھاتا ہے اور پتون کو دور کرتا ہے اور متلی کو کھوتا ہے اور کھجلی کے مادہ کو پاک کرتا ہے اور کل مادہ مین نضج یعنی پختگی پیدا کرتا ہے اور تشنگی کو کھوتا ہے اور باوجود ترشی کے برخلاف تمرہندی کھانسی کو مضر نہین ہے - (غیرسمی مفرح) |
| ۸ | آلوبالو | ۰ | قراصیا | سرخ | ترش وچاشنی دار | ایک پھل چھوٹا اور گول ہے | پختہ گرم تر ۱ - درجہ خام سرد وخشک ۱ - درجہ مین | تخمہ لاتا ہے | سکنجبین | آلوے بخارا | ۹ عدد | معدے سے جگرمین جلد نافذ ہوتا ہے اور حلق کی خشکی اور پھیپھڑے کی خشکی وکھرکھرے پن کو نفع کرتا ہے اور دست آور ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور گرمی اور سوزش وجوش خون وصفرے کو تسکین دیتا ہے اور متلی اور پیاس کو بہت نافع ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے (غیرسمی) |
| ۹ | آنولہ | آملہ | آملج | بھورا زردی مائل اور خشک سیاہ | بکٹھا تلخ | ایک درخت کا پھل مشہور ہے | سرد ۲ - درجہ خشک ۳ - درجہ | طحال کو اور قولنج پیدا کرتا ہے | شہد وروغن بادام | کابلی ہڑ | ۱۰ ماشہ | قابض ہے معدہ اور آنتون مین مواد بالائی گرنے نہین دیتا ہے اور خلطونکو گندہ ہونے سے باز رکھتا ہے اور مادہ سوداوی کو نکال پھینکتا ہے اور دل کو فرحت بخشتا ہے اور قوت دیتا ہے اور آنکھون اور دماغ وپٹھونکو بھی قوت بخشتا ہے اور بالخاصہ باہ کو حرکت مین لاتا ہے اور اسکا مربی دل واعضای دماغی ومعدہ کو قوت بخشتا ہے اور اسکا استعمال تپ مین بعد مسہل کے بھی جائز ہے اور گاڑھا گاڑھا ضماد اسکا نکسیر کو بند کرتا ہے - (غیرسمی) |

| نمبر | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | آنبہ ہلدی | دارچوبہ | دارہلد | زرد سرخی مائل | تلخ و بدمزہ و قدرے تیز | ایک درخت کی جڑ ہی کہ زمین کے نیچے ہوتی ہے | گرم خشک ۲-درجہ مین | دل | نارنج | باپچی | ۳-۴ ماشہ | ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور آفت رسیدہ عضو کے اوپر مواد گرنے سے مانع ہوتی ہے اور جلد ہضم ہوتی اور کرتی ہے اور پتھری کو توڑ پھینکتی ہے - اور پیشاب کے بند ہو جانے اور جرب اور خارش اور چوٹ کو خواہ گر پڑنے کی ہو خواہ مار پیٹ کی پلانے اور لیپ کرنے سے فائدہ کامل دیتی ہے اور اسکا منجن ہمیشہ لگانا منھ کے مزہ کو درست رکھتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۱ | ابرک | ستارہ زمین | طلق | شفاف وچمکدار | پھیکا | کانی پتھر کی قسم سے ہی اور پرت پرت ہوتا ہے | سرد ۲-۳ درجہ خشک ۲ درجہ | طحال وگردہ | کتیرا و شہد و روغن | طین قیمولیا | ۱ ماشہ | مناسب دواؤن کے ہمراہ اسکا پینا خونی وجگری دستون کو اور منھ سے خون جاری ہونے کو فائدہ مند ہے اور گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے اور اسکا طلا زخم سینہ اور ورم پستان کو نافع ہے لیکن صرف اسکا پینا خطرے سے خالی نہین - (قریب سم) |
| ۱۲ | انجنگن کے بیج | تخم انجرہ | بزر القریص | نیلگون و سیاہی مائل | پھیکا وبدمزہ | ایک بیج ہمشکل بزر کتان کے | گرم وخشک ۲-درجہ مین | گردہ و آنتونکو | صمغ عربی وکتیرا | قردمانا وتخم گندنا | ۴ ماشہ | خشک کھانسی و تر کھانسی اور آلات تنفس کو اور استسقا کو مفید ہے اور ورم طحال کو تحلیل کرتا ہے اور امراض گردہ کو نافع ہے اور مقوی باہ ہے اور بلغم کو دست کی راہ سے نکالدیتا ہے اور سینہ اور پھیپھڑے کو مادہ ردی سے پاک کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۳ | انیس | . | . | بھوری | قدرے بکٹھی | ایک گھانس کی جڑ ہے مقدار او نگل کے | گرم ۲ خشک | قابض | . | . | آدھ ماشہ | باہ کو قوی کرتی ہے - اور کھانیکو ہضم کرتی ہے اور دستونکو بند کرتی ہے اور بلغم کو دفع کرتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بواسیر اور استسقاء زقی کو نافع ہے - (غیر سمی) |
| ۱۴ | اجمود کے بیج | تخم کرفس | بزر الکرفس | سیاہ | تیز و چرپرا | ایک بیج ہے مشابہ انیسون کے | گرم خشک ۲-درجہ | [illegible] | انیسون ومصطگی | اجوائن خراسانی | ۲ ماشہ تا ۴ ماشہ | وجع اور خشک کھانسی اور اندرونی اعضا کی سردی کو فائدہ مند ہے اور ریاح اور نفخ کو تحلیل کرتا ہے اور جگر وطحال کے سدہ کو توڑ دیتا ہے اور پیشاب خوب جاری کرتا ہے اور پتھری کو بھی توڑتا ہے اور بھوک وباہ کو بھی حرکت دیتا ہے اور اسکی جڑ کل بلغمی امراض کو نافع ہے اور یہ غذا بھی ہے - اور استسقا کو فائدہ مند ہے اور اپنے اثر مین بیج سے قوی تر ہے (غیر سمی تخم وجڑ دونون) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | اجوائن دیسی | نانخواہ | کمون ملوکی | بھورا سیاہی مائل شبیہ انیسون سے | تیز تلخی مائل و تیز بو | ایک قسم کا بیج ہے شبیہ انیسون سے | گرم وخشک ۳-درجہ مین | گرم مزاجونکو درد سر لانیوالا اور دودھ کم کرتا ہے | کشنیز عناب شکر | کلونجی وزیرہ سیاہ | ۲ ماشہ تا تولہ | کھانا ہضم کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے اور بلغم کے فساد اور ریاح اور اپھار کو اور استسقا کو دور کرتی ہے اور سدہ یعنی رگ کے بند کو کھولدیتی ہے اور جگر کی سختی کو نافع ہے اور پیشاب اور حیض کو جاری کرتی ہے اور بعض سمیات کے واسطے تریاق ہے اور بالخاصہ پتھری کو توڑنے والی ہے - (غیر سمی الاکثر سمی ہے) |
| ۱۶ | اجوائن خراسانی | تخم بنگ | بزر البنج | تین قسم کی سیاہ وسفید وسُرخ | تیز و تلخ | ایک قسم کا بیج ہے میتھی کے مشابہ | سفید سرد و خشک ۲-درجہ مین اور سیاہ سرد وخشک ۳-درجہ مین | سفید خناق پیدا کرتی ہے اور سیاہ قاتل ہے | افیون وخشخاش | . | ۳ ماشہ | سب نزلون کو مانع ہے اور سیلان رطوبت کو دفع کرتی ہے اور کان کے ہر طرح کے درد کو تسکین بخشتی ہے اور بلغمی کھانسی کو مفید ہے اور کھکھار مین خون آنے کو دفع کرتی ہے اور خشکی زیادہ کرتی ہے اور عضو مین سستی پیدا کرتی ہے اور نیند لاتی ہے اور بالخاصہ قابض وحابس حیض وغیرہ ہے - (سیاہ سم قاتل ہے اور سفید غیر سمی) |
| ۱۷ | اخروٹ | چارمغز وگردگان | جوز الہند | بھورا | پھیکا لذیذ و مرغن | ولایتی ایک میوہ ہے اسکا مغز مثل مغز بادام کے لذیذ ہے | گرم ۲-درجہ مین خشک ۱-درجہ مین | گرم مزاج والونکو | آب انار | چرونجی وچلغوزہ | تولہ تا ۲ تولہ | بہت ہی لطیف ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے مادۂ ردی کو تحلیل کرتا ہے اور باہ زیادہ لاتا ہے اور تخمہ کو مانع ہے اور اعضائے رئیسہ اور باطنی حواسون کو قوت بخشتا ہے اور اسکا مغز بھنا ہوا کھانسی کو فائدہ مند ہے جو سردی سے ہو - (غیر سمی معتدل) |
| ۱۸ | ادرک | زنگبیل تر وآلو جیہ سلطانی | زنجبیل الرطب | بھوری | تیز و تیز بو | ایک جڑ ہے کہ زمین کے نیچے ہوتی ہے | گرم ۲ خشک ۱ | گرم مزاج والونکو | روغن بادام | مرچ سیاہ | تولہ | ہاضم ہے - اور پیٹ کے نفخ اور ریاح کو دور کرتی ہے اور بھوک پیدا کرتی ہے اور بلغم اور رطوبت معدہ کو دفع کرتی ہے اور معدہ اور جگر اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتی ہے اور اس کا مربے بلغمی مزاجون کو اور سرد مزاج والون کو بہت مفید ہے - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹ | [illegible] | تخم مورد | حب الآس | سیاہ | قدرے تلخ و بکٹھا | ایک درخت کا ثمر ہی | مرکب القوی | [illegible] | گل بنفشہ | [illegible] | ۲ ماشہ تا ۹ ماشہ | گرمی کی کھانسی کو مفید ہی اور بکھٹے پن کی وجہ سے دستون کو بند کرتا ہی اور تلخی کے باعث پیشاب لاتا ہی اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہی اور بہیجش کو نافع ہی اور قلب کو قوت بخشتا ہی اور اس کا روغن تخمیری سہر و سبات کو اور دوار و سدر کو بہت فائدہ مند ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۰ | اودہبرہ کی بیرہ | مغز تخم مورد | اصل الآس | بھوری سیاہی مائل | تلخ و بکٹھی | م | مرکب القوی | [illegible] | [illegible] | [illegible] | ۹ ماشہ | بسبب عطریت کے مقوی اور موافق دل کے ہی اور روح کے اور معدہ کو بھی قوت بخشتی ہی اور استحاضہ کے خون اور دستون کو بند کرتی ہی اور پیشاب کو خوب جاری کرتی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی اور آشوب چشم اور کان کے درد کو فائدہ مند ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۱ | ارتگان | | | سرخ و زرد | پھیکا | ایک قسم کا پتھر ہی | سرد و خشک ۱ درجہ مین | . | . | . | . | زخمون مین گوشت بھر لاتا ہی اور اعضا کے خارجی ورم کو کھوتا ہی اور زخم مین جلا کرتا ہی اور مدرات کے ہمراہ اسکا استعمال کرنا گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریت کو کھوتا ہی۔ |
| ۲۲ | ارجن | . | . | بھورا | بکٹھا | ایک بہت بڑا درخت ہی ہند مین جسکی چھال مستعمل ہے | گرم و خشک ۲ درجہ مین | نفاخ اور گرم مزاج والونکو | . | . | . | فساد بلغم کو دفع کرتا ہی اور پھیپھڑے کو فائدہ کرتا ہی اور چوٹ کو اسکا پلانا اور لگانا فائدہ مند ہی اور اسکی چھال کا سفوف باہ لاتا ہی اور جریان کو نفع بخشتا ہی۔ (قریب بسم) |
| ۲۳ | ابریشم | ابریشم | قز | زرد و سفید | پھیکا بدمزہ | ایک قسم کا کیڑہ بعض درختون پر ہوتا ہی اور وہ اپنے لعاب سے اپنے اوپر گھر بناتا ہے | کچا گرم خشک اور بعضے اسکو معتدل کہتے ہین | . | | موتی جلا ہوا | ۳ ماشہ تا ۹ ماشہ | اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور باہ کو قوی کرتا ہی اور سدہ کو کھولتا ہی اور روح کو فرحت بخشتا ہی اور رنگ رخسارہ کو صاف کرتا ہی اور طبیعت مین لطافت زائد کرتا ہی اور جاذب رطوبت ہی اور آنکھونکے امراض اور خفقان اور صلابت یعنی سختی معدہ کو دفع کرتا ہی (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۴ | اُرد | ماش | ماش | سبز سیاہی مائل | پھیکا | ایک قسم کا غلہ ہے ہند مین پیدا ہوتا ہی | گرم ۱ تر ۲ اور فضلی رطوبت زائد ہی | نفاخ و دیر ہضم | مرچ وادرک و ہینگ | لوبیا | . | باہ اور ایستادگی بڑھاتا ہی اور دودھ و منی پیدا کرتا ہی اور کل اعضا کو قوت بخشتا ہی اور آنتون مین پھسلن پیدا کرتا ہی اور اگر تازہ تازہ چند روز بیس کے برص کے داغ پر لگائین بہت مفید ہو اور اگر اسکے آٹے کا خمیر کرکے سر پر رکھین نکسیر بند کردے اور اسکی دال پکی ہوئی بالون کی جگہ ملین تو بال عمدہ اور گنجان پیدا ہون۔ (غیر سمی بلکہ غذا ہی) |
| ۲۵ | ارنڈ | بیدانجیر | خروع | سبز بھورا و سیاہ | تلخ بدمزہ | ایک درخت ہی جسکا پھل خاردار ہوتا ہی مغز اُسکا سپید و غنی دار | گرم و خشک ۲ درجہ مین | معدہ کو سست کرتا ہی اور کرب اور متلی اور قے لاتا ہی | کتیرا و مصطگی | جمالگوٹہ | ۵ عدد | مواد ردی کو تحلیل کرنے والا اور پیٹ کو نرم کرتا ہی اور سرد خلط کا قوی دست آور ہے اور فالج و لقوہ اور رعشہ اور قولنج اور استسقا اور وجع مفاصل کو فائدہ مند ہی اور اس کا تیل ہر فعل مین قوی تر ہی اور محلل ہی اور قولنج مین قوی دست آور ہی اور اس کا راتنگ آگ کے جلے کو ازحد مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۶ | | ارغوان | ارجوان | پھول اسکا خوب سرخ | تلخ و قدرے بکٹھا | ایک درخت ہی | گرم خشک ۱ مائل باعتدال | اسکی جڑ قے لاتی ہی | برگ عناب | صندل و گل سرخ | . | لیسدار مادہ کو نکال پھینکتا ہی اور معدہ کی سردی کو کھوتا ہی اور گردہ کی بھی اور آلات تنفس کو پاک کرتا ہی اور جلا کے استعمال سے کا منھ سے خون آنیکو فائدہ مند ہی اور اسکا بیج آنکھون کی دوا مین قائم مقام چاکسو کے رمد حار کو دور کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۷ | اروی | . | قلقاش | بھوری | پھیکا اور اسکا لعاب حلق مین خراش کرتا ہی | ہند مین ایک قسم کی ترکاری ہی کہ زمین کے نیچے پیدا ہوتی ہی | گرم ۱ تر ۲ اور بعضے سرد کہتے ہین | دیر ہضم | دارچینی و لونگ و ترشی | بھنڈی | . | بدن کو فربہ کرتی ہی اور باہ کو حرکت دیتی ہی اور کھانسی اور سینہ کی خشکی اور خرخرہ کے گھر گھرانے کو اور دستون کو مفید ہی اور منی کو گاڑھا کرتی ہی بعضے اسکو اسیوجہ سے ثعلب ہندی کہتے ہین۔ (غیر سمی بلکہ غذا) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۸ | ارہر و تور | شاخل | شاخل | زرد و سرخ | پھیکی و سوندھی | ایک قسم کا غلہ ہے بیشتر ہند مین ہوتا ہے | گرم خشک ۲ و بعضے سرد خشک ۲ | دیر ہضم نفاخ بخارات پیدا کرتی ہے و بیخوابی | ترشیان و روغن گاؤ | مسور | ۰ | صفرا آدمی دستون اور فساد بلغم کو اور فساد خون کو اور زہر کو نافع ہے اور کم تحلیل الغذا ہے اسکے پتونکے جوشاندے سے کلی کرنا دانتون کے درد کو فائدہ مند ہے۔ (غیر سمی بلکہ غلہ ہے) |
| ۲۹ | اروسہ | ۰ | ۰ | پھول سفید پتے سبز | پھیکا قدرے شیرین | ایک درخت ہے قد آدم تک ہند مین | گرم و خشک ۱ اور پھول سرد ۱ | ۰ | ۰ | ۰ | ۷ ماشہ | اس کا پھول دق اور صفرے کو نافع ہے اور حدت خون اور پیشاب کی چنک کو تسکین دیتا ہے اور پیشاب کی سرخی کو دور کرتا ہے اور اسکی جڑ کھانسی و دمے اور دوہانس اور تپ بلغمی اور پرمیو یعنی جریان اور یرقان یعنے کانوسا اور تلی اور جذام اور سوزاک کو نافع ہے اور اسکے پتون کے جوشاندے سے کلی کرنا دانتون کے درد کو فائدہ مند ہے۔ (غیر سمی) |
| ۳۰ | اربا | ۰ | ۰ | سبز | تلخ | ایک بوٹی ہے کہ برسات مین ہوتی ہے سنابر چنا کے کم سا پھل | سرد و تر ۱ | حمی عفنی پیدا کرتا ہے | سرکہ | ۰ | ۰ | بلغم اور ریاح پیدا کرتا ہے اور بوجھل ہے لیکن ہندو اسکا اچار ڈالتے ہین۔ (غیر سمی) |
| ۳۱ | اسپند | اسپند | حرمل | سیاہ | قدرے تلخ کرخت بودار | ایک پھل کا بیج ہے | گرم ۳ خشک ۲ | دردسر لاتا ہے اور گرم مزاج والونکو مضر ہے | سکنجبین و امرود وغیرہ کے رب | تلی و اجوائن و مولی کے بیج | ۳ ماشہ | آنتون کی ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور جلندر اور کانور اور دمے اور قولنج اور مرگی اور تمام سردی کی بیماریون کو فائدہ مند ہے اور حیض کو جاری کرتا ہے اور خون کو صفا کرتا ہے اور باہ لاتا ہے اور گٹھیا کو نفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۳۲ | اسپغول | اسپغول | بزر قطونا | سرخ سپیدی مائل اور سیاہ بھی ہوتا ہے | پھیکا | ایک بیج ہے | سرد ۳ تر ۲ | پیٹ کو کمزور کرتا ہے اور بھوک کھو دیتا ہے | شہد | بہیدانہ اکثوجہ | ۶ ماشہ تا تولہ | گرمی کو اور پیاس کو اور گرمی کے بخار کو اور خون کے جوش کو تسکین دیتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور آنتون مین پھسلن پیدا کرتا ہے اور حلق اور سینہ اور زبان کی کھرکھراہٹ کو دور کرتا ہے اور آنتون کے زخم اور مروڑ اور آؤنکو فائدہ مند ہے اور بریان کیا ہوا قابض ہے اور اسکی کلی منہ کے جوش اور منہ کے دانونکو مفید ہے اور سرکہ مین پیس کے اسکا لیپ گرمی کے ورم کو اور دردسر کو مفید ہے (مسلم غیر سمی کوٹا ہوا سم ہے) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳ | اسطوخودوس ہندی دونا اور دہارو | ۰ | اسطوخودوس | سبز سیاہی مائل | قدرے تلخ و تیز بو | ایک گھانس ہے اسکا پتا صعتر کے پتے سے مشابہ ہے اور بیج ریزہ ریزہ ہوتا ہے | گرم ۱ خشک ۲ | پھیپھڑے کو مضر ہے اور گرم مزاجونکو | کتیرا | اکاس بیل | ۷ ماشہ | ردی مادہ کو تحلیل کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور تلطیف کرتا ہے اور سدہ یعنے سُدے کو کھولتا ہے اور بدن اور دل اور دماغ اور پیٹ کے اندرونی اعضا کو قوت بخشتا ہے اور روح کو صاف کرتا ہے اور فرحت دیتا ہے اور امراض سینہ و دماغ کو نافع ہے اور مادہ سوداوی و بلغمی کو دستونکی راہ سے نکالتا ہے اور گٹھیا کو دور کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۳۴ | اسگندہ | ۰ | ۰ | اندرونی سفیدی مائل بزردی | پھیکا و قدرے تلخ | ہندوستان مین ایک جڑی ہے | گرم و خشک ۲ بیخ کسیدار تری کے | گرم مزاج والونکو | کتیرا | قسط و سورنجان | ۵ ماشہ | کھانسی اور دمے اور اعضا کے ورم کو مفید ہے اور بدن اور باہ اور کمر اور رحم کو قوت بخشتا ہے اور بلغم کی خرابی کو دور کرتا ہے اور گٹھیا کے لیے قائم مقام سورنجان تلخ کے ہے۔ (غیر سمی) |
| ۳۵ | اشنان | غاسول | اشنان | سبز | تلخ | ایک قسم کی گھانس ہے | گرم ۳ درجہ خشک ۲ | مثانہ کو | شہد | صابون | ۱۰ ماشہ | جلا کرتا ہے اور مادہ کو پاک کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور غلیظ فضولات کو تحلیل کرتا ہے اور استسقا یعنے جلندر کو نافع ہے اور ۱۱ ماشہ بچہ کو ساقط کرتا ہے اور زخمون کے زائد گوشت کو کاٹتا ہے اور صاف کر دیتا ہے اور ۳۰ ماشہ بستہ حیض کے جاری کرنیکے لیے اثر قوی رکھتا ہے اور اسکا منجن دانتون کو جلا بخشتا ہے اور اہل عرب صابون کی جگہ اس سے کپڑے دھوتے ہین اور رنگین ریشمی کپڑے اس سے صاف ہو سکتے ہین۔ (غیر سمی الا کثیر قریب بسم) |
| ۳۶ | افیم | افیون | لبن الخشخاش | سیاہ تازہ سفید | تلخ | پوستہ مین سوئی چبھو کے دودھ نکالتے ہین ہند مین اور وہ جم جاتا ہے | سرد ۴ خشک ۴ | باطنی اور ظاہری قوی کو | زعفران و دار چینی | بزر البنج | ایک حبہ | بحس و حرکت کرنیوالی ہے اور قبض پیدا کرتی ہے اور سدہ لاتی ہے اور نیند پیدا کرتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور کل دردون کو تسکین بخشتی ہے اور سرعت انزال کو نفع کرتی ہے اور نوازل کو بلغمی کھانسی کو اور کان کے درد کو اور کل آنکھون کی بیماریون کو مفید ہے خواہ کھانے سے خواہ لگانے سے اور اسپغول کے لعاب مین افیون کو حل کرکے بالون کی جگہ لگاوین تو بال نہ نکلین۔ (سم قاتل) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٣٧ | افسنتین درونہ | • | خترق | سبز غبار آلود | تلخ و تیز بو | ایک قسم کی گھانس ہی کہ پھول اسکا بابونہ کے پھول کے مشابہ ہی | گرم و خشک ٢ مین | مضعف معدہ و دماغ و درد سر لاتا ہی | انیسون و مصطگی و نیلوفر | اسارون وجعدہ | ١ ماشہ | مسام کو کھولتی ہی اور جلد کو نرم کرتی ہی اور خون حیض کو جاری کرتی ہی اور مادہ سوداوی و صفراوی کو دست کے ذریعے سے نکالتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور امراض بلغمی کو نافع ہی اور اس کا جوشاندہ خلطی بخارون کو اور مرکب بخارون کو مفید ہی اور پیٹ کے کیڑے مارکر نکالدیتی ہی اور اسکے پتے معدے کے لیے مقوی ہین - (غیر سمی) |
| ٣٨ | اقاقیا ہندی ببکر کا دودھ | • | اقاقیا | سیاہ و سبز مائل بسرخی | تلخ و خوشبودار | ببکر کے درخت کو گود کے اسکا عصارہ نکالتے ہین | غیر مغسول سرد ٣ و خشک ٢ و مغسول سرد و خشک ٢ | سدہ پیدا کرتا ہی | روغن بادام | صندل و ربوث | ٣ ماشہ | خشکی لاتا ہی اور باہ کو عضو ماؤف سے باز رکھتا ہی اور قبض کرتا ہی اور منھ سے خون آنیکو روکدیتا ہی اور معدہ و جگر کو قوت بخشتا ہی اور استرخاے مقعد کو شربا و ضماداً مفید ہی اور آنکھو نکو قوت دیتا ہی اور آنکھون کے دُکھنے کو فائدہ دیتا ہی اور نزف الدم یعنی خون بہنے کو فائدہ مند ہی - (غیر سمی) |
| ٣٩ | اکاس بیل | درخت پیچان | فتیمون | زرد | تلخ و قدرے خوشبودار | ایک قسم کی بیل ہی بغیر پتے کے اکثر درختون پر پھیلتی ہی اور اسکو خشک کر دیتی ہی | گرم و خشک ٣ | گرمی مزاج کو اور غشی لاتی ہی اور پیاس پیدا کرتی ہی اور ... | کتیرا و زعفران و روغن بادام و مصطگی | لاجورد و تربد و شاہترہ | ٩ ماشہ تا تولہ | ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور بلغم کو کھولتی ہی اور مادہ سوداوی و بلغمی کو دستون کے ذریعے سے نکالتی ہی اور مالیخولیا اور بائینا اور کابوس و رالٹر دماغی امراض کو مفید ہی اور خون کو صاف کرتی ہی اور اکثر امراض جلد کو نافع ہی اور ورم طحال مین اسکا ضماد فائدہ مند ہی (غیر سمی) |
| ٤٠ | آکرکرا | • | عاقرقرحا | سیاہ | تیز و چرپرا و تیز بو | ایک جڑی ہی | گرم و خشک ٢ | پھیپھڑے کو | ہورنج اور کتیرا | سونٹھ دارفلفل و شہد | ٣ ماشہ | سدہ یعنی بلے کو کھولتا ہی اور دماغی فضلات کو کھوتا ہی اور ہر قسم کے بلغم کو چھانٹتا ہی اور لقوہ اور فالج اور استرخا اور رعشہ اور کزاز اور درد سینہ کو اور عرق النسا کو مفید ہی اور سکتے کے لیے بھی فائدہ مند ہی اور سرد مزاج والونکی باہ کو قوت بخشتا ہی اور حیض کو جاری کرتا ہی اور اگر بیس کے لڑکونکی زبان پر ملین تو لکنت اور گندگی زبان کو دور کرتا ہی اور اسکے جوشاندے سے کلی کرنا دانتونکو مضبوط کرتا ہی (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٤١ | اگر | • | عود غرقی | سیاہ و بھورا | تلخ و قدرے تیز و خوشبودار | ایک درخت کی لکڑی ہی کہ جلنے سے خوشبو دیتی ہی بہتر وہ ہی کہ پانی مین غرق ہو جاے | گرم ٢ خشک ٢ | گرم مزاج والونکو | کافور و گل سرخ | دارچینی و لونگ و زعفران | ٣ ماشہ | روح کو لطف بخشتی ہی اور سدہ کھولتی ہی اور دل کو فرحت دیتی ہی اور پٹھون کو قوت دیتی ہی اور حواس اور دماغی قوی اور جگر اور معدہ اور انتڑیون کو بھی قوت بخشتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور رحم کی سردی کو نافع ہی اور باہ لاتی ہی اور خفقان کو دور کرتی ہی - (غیر سمی) |
| ٤٢ | اگست | • | • | پھول اسکا گلابی سفید مائل ہوتا ہی | پھیکا | ایک درخت ہی ہند مین | سرد ٢ و خشک ١ | شکم مین ریاح بہت پیدا کرتی ہی | • | • | • | گرمی اور پتون کو دفع کرتا ہی اور اسکا پھول پتونکو دور کرتا ہی اور قوت شامہ یعنی سونگھنے کی قوت کو قوت بخشتا ہی اور رتوندی کو زائل کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ٤٣ | اگیا | • | • | سبز | تلخ و تیز | ایک بوٹی مشہور ہی اکثر کیمیاگر بہت متلاشی اسکے رہتے ہین | گرم ٣ خشک ١ | جلد کو گندہ کرتی ہی اور خارش لاتی ہی اگر لگاؤ | مردار سنگ و روغن | • | دو حبہ | اگر گندھک کو اسکے عرق مین چالیس شبانہ روز تر کرکے دھوپ مین رکھین بعدہ دو حبہ وہ گندھک پان مین کھاوین تو بھوک خوب کھلتی ہی اور باہ زیادہ لاتی ہی اور اگر قلعی کو اسی عرق مین کشتہ کرین تو کھانسی اور دمے کو بہت مفید ہی اور کسی طرح کا نقصان نہین ہی (غیر سمی) |
| ٤٤ | الایچی چھوٹی | ہیل بوا و خیر بوا | قاقلہ صغار | سفید دانہ سیاہ | خنک و خوشبودار ولطیف | پہاڑی ایک پھل مشہور ہی کہ وہین سے جوش دی ہوئی آتی ہی | گرم و خشک ٢ | صدر و پھیپھڑا و انتونکو | کتیرا و تبسلوچن | کبابہ و بڑی الایچی و لونگ | ٣ ماشہ ٤ ماشہ | روح کو فرحت بخشتی ہی اور لطیف کرتی ہی اور زخم کو جلا دیتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور سینہ و حلق و معدہ کے رطوبات کو جذب و خشک کرتی ہی اور معدہ و قلب کو قوت بخشتی ہی اور خفقان اور قی اور متلی و ابکائی کو نافع ہی اور منھ کی بو کو اور ہوا کو خوشبو دار کرتی اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو نکالتی ہی - (غیر سمی) |
| ٤٥ | الایچی بڑی | ہیل کلان | قاقلہ کبار | سیاہ و دانہ بھی سیاہ | بہت خنک و خوشبودار | یہ بھی ایک پہاڑی پھل مشہور ہی اور جوش دیا ہوا آتا ہی | گرم ١ خشک ١ | انتون اور پھیپھڑے کو | کتیرا و قند | کبابہ و چھوٹی الایچی | ٥ ماشہ | روح کو فرحت دیتی ہی اور معدہ کو قوی کرتی ہی اور ہاضم ہی اور بھوک کھولتی ہی اور دستون کو بند کرتی ہی اور متلی و ریاح معدہ کو دفع کرتی ہی اور اسکے دانے مسوڑھونکو قوی کرتے ہین اور جڑونکو کھولتے ہین اور اسکے چھلکونکا لیپ گرمی کے درد سر کو فائدہ مند ہی - (غیر سمی) |

آنانکه خاک را بنظر کیمیا کنند آیا بود که گوشهٔ چشمی بما کنند

دردم نهفته به ز طبیبان مدعی باشد که از خزانهٔ غیبم دوا کنند

روز جمعہ ۲۰ ربیع ۱۳۱۶



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶ | اسی | بزرگ | بزرکتان | سُرخ | پھیکا | ایک خوشہ کے بیج ہین اور شل غلہ کے اسکی پیداوار ہی | سرد و خشک ۲ اور بعضے گرم و خشک ۳ ہی کہتے ہین | بینائی اور ہضم اور انثیین کو | روغنیا وسکنجبین و شہد | میتھی | ۱۰ ماشہ | اخراج بلغم، کھانسی کو دور کرتاہی اور سینہ کو رطوبت سے پاک کرتاہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور سینہ کو جلا دیتی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی ہی اور گردہ و مثانہ کے قرحہ کو بھرتی ہی اور پیشاب خوب لاتی ہی اور باہ زیادہ کرتی ہی اور منی کو گاڑہا کرتی ہی اور مثانہ و گردہ کی پتھری کو توڑکر نکالتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۷ | امرلتہ کے بیج | تخم برغش | بزرالکشوث | سُرخی مائل | پھیکا | ایک بیج ہی مولی کے بیج سے چھوٹا | گرم و خشک ۲ | طحال اور پھیپھڑے کو | سکنجبین او شہد و تخم کاسنی | افسنتین و بادروج | ۷ ماشہ | مادہ سے پاک کرتاہی اور معدہ و انتڑیون کو کھولتاہی اور خلطی بخار کو نافع ہی اور پیشاب خوب لاتاہی اور پسینہ اور حیض خوب جاری کرتاہی اور دودھ زیادہ پیدا کرتاہی اور طبیعت کو نرم کرتاہی اور فضلات کا دافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۸ | امرود | امرود | کمثری | زرد سفیدی مائل | شیرین و ترش | ایک میوہ ہی کہ تازہ و تر اسی استعمال کرتے ہین | سرد و تر ۱ و شیرین مائل بحرارت | نفاخ اور سرد مزاج والونکو اور ضعیف المعدہ کو | سونٹھ کا ہے دسونف | بہی | . | فرحت کرتاہی اور قوت بخشتاہی اور باوجود قابض ہونے اور ملین ہونے کے جلا کرتاہی اور دل اور معدہ اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتاہی اور طبیعت کو نرم کرتاہی اور خفقان کو دور کرتاہی اور بھوک بڑہاتاہی اور دماغ کو تر رکھتاہی اور اسکی کلی مفرح ہی اور مقوی ہی اور نزف الدم کی قاطع ہی اور اسکے پتے دستون اور زخمون کے لیے بہت نافع ہین اور پھٹکری کے ہمراہ اسکا جوشاندہ دانتون کے درد کو مفید ہی اور اسکے پتے جلے ہوئے قائم مقام طوطیا کے ہین - (غیر سمی) |
| ۴۹ | امرہ | . | . | سبز | ترش قدرے تلخ | ایک پھل ہی مشابہ آم کے | سرد ۲ خشک ۱ | . | . | . | . | صفراوی بیماریون اور صفراوی دستون کو اور گرم مزاج والونکو نافع ہی اور اسکے درخت کی چھال پیس کے اگر تازہ بکری کے دودھ کے ہمراہ پیئین تو وہ ناک کے مرض کو مفید ہی اور اسکی گٹھلی کی گری حیض کے بند کرنے کو مفید ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | امل بید | . | . | زرد سُرخی مائل | . | ایک قسم کا لیموہی کہ اگر اُسمین سوئی چبھو دین تو گل جاتی ہی | سرد و تر | بلغم پیدا کرتاہی | لونگ و درچ سیاہ | . | یکدانہ | اکثر امراض قلب کو مفید ہی اور پتون کو کاٹ دیتاہی اور ہاضم ہی اور معدے کو نرم کرتاہی اور بھوک لاتاہی اور جوش خون کو سکون بخشتاہی اور باد گولے کے ریاح کو نافع اور پیٹ کے درد کو مفید ہی اور اگر اجوائن خراسانی نمک سنگ کے ساتھ سات بار اسکے عرق مین خوب ترکرکے سکھا لیجاوے تو اکثر بادی اور شکمی امراض کو فائدہ مند ہی اور چورن مین اسکی شرکت مفید تر ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۱ | املتاس | خیار شنبر | خیار شنبر | سیاہ | تلخ بودار | ایک درخت کی پھلی ہی اور اُسکا گودا استعمال کیا جاتاہے | گرم تر ۱ اور بعضے معتدل کہتے ہین | معدہ کو اور غثی لاتی ہی اور پیچش اور آنتونکی خراش لاتی ہی | مصطگی و روغن بادام و کدو و زلال املی | ترنجبین و سرخبید و مویز | ۲ تولہ ۵ تولہ ۸ تولہ | ملین سینہ ہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور جوش خون کو سکون دیتی ہی اور گرم ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور نہایت آسانی سے مادہ کو براہ دست نکالتی ہی حتی کہ حاملہ اور بچونکو دینا جائز ہی اور اسکا غرغرہ دھنیے کے ہمراہ خناق کو مفید ہی اور اسکے پتے گل کر ورمون کو تحلیل کرتے ہین اور جوش کرنے سے املتاس کا اثر باطل ہو جاتاہی - (غیر سمی) |
| ۵۲ | املی و امبلی | تمر ہندی | حیارا | سُرخ و کہنہ سیاہ | ترش | بقدر بالشت کے ایک پھلی ہوتی ہی اسکے درخت کی پتی بھی ترش ہی اور پھول بھی | سرد ۱ خشک ۲ اور معتدل بھی کہتے ہین | آواز کو اور کھانسی کو اور نزلہ کو اور سعال لاتی ہی | عناب و بنفشہ | آلو بخارا | ۴ تولہ ۵ تولہ ۸ تولہ | لطیف زیادہ آلو سے ہی دل اور معدے کو قوت دیتی ہی اور متلی کو تسکین کرتی ہی اور طبیعت کو نرم کرتی اور صفرا اور محترقہ اخلاط کو دستون کے ذریعے سے نکالتی ہی اور جوش خون کو نافع اور خفقان کو کھوتی ہی اور دوران سر کو مفید ہی اور ہوائے وبائی کی سمیت دور کرتی ہی اور اسکے پھول قابض اور مسکن ہین اور طبیعت کو نرم کرتے ہین اور اسکے بیج قابض اور ممسک منی ہین اور اسکے پتونکے جوشاندے کا غرغرہ خناق کو مفید ہی (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۳ | انار میٹھا | انار شیرین | رمان حلو | سرخ و سبز و دانہ سفید و سرخ | شیرین | ایک میوہ مشہور ہے | سرد اور خشک ۲ – اور معتدل بھی کہتے ہیں | [illegible] | [illegible] | انار ترش | . | خون پیدا کرتا ہے اور صالح الکیموس قلیل الغذا ہے اور نفاخ ہے اور جلا کرتا ہے اور پیٹ کو نرم کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور جگر کو قوت دیتا ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے اور باہ لاتا ہے اور تمام اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتا ہے اور اسکا عرق مع پوست کے دستونکو بند کرتا ہے اور تمام افعال مین ولایتی بہتر ہے ہندوستانی سے اور اسکا پوست جلا ہوا کھانسی کو مفید ہے (غیر سمی) |
| ۵۴ | انار کھٹا | انار ترش | رمان حامض | سرخ و اندر سے سرخ و سپید | ترش | مشہور | سرد و تر ۱ با قوت قابضہ | سرد مزاج والونکو اور قوت جاذبہ جگر و باہ کو | انار شیرین | انار شیرین | . | سینہ کی سوزش اور معدہ اور جگر کی گرمی کو تسکین دیتا ہے اور جوش خون اور ابخرہ کو دفع کرتا ہے اور پتون کی وجہ سے جو قے و دست آوین انکو مفید ہے اور یرقان اور سوکھی کھجلی کو نفع کرتا ہے اور خمار اور گرمی کے خفقان کو فائدہ مند ہے – (غیر سمی) |
| ۵۵ | | رمز | رمان میخوش | سرخ | چاشنی دار | مشہور | سرد و تر ۱ | سرد مزاج والونکو | سونٹھ مربے | انگور خام | . | اسکے کل خواص انار شیرین سے ہین بلکہ شیرین سے قوی الاثر ہے اور اگر اسکا عرق مع اسکے پوست کے نچوڑا جاوے اور اسمین شکر ملا کے پیین تو صفراوی قے و دست اور خارش کو اور یرقان کو نافع ہے اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور ہچکی کو کھوتا ہے – (غیر سمی) |
| ۵۶ | انار کا بیج | تخم انار | حب الرمان | سفید | پھیکا | مشہور | سرد و خشک ۱ | سرد مزاج والونکو | زیرہ | سماق | ۲ ماشہ تا ۹ ماشہ | قابض ہے اور ہاضم ہے اور بھوک لاتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور مواد صفراوی معدہ وغیرہ پر گرنے نہین دیتا ہے اور صفراوی قے و متلی اور دونون قسم کی کھجلی کو نافع ہے – (غیر سمی) |
| ۵۷ | انار کا چھلکا | پوست انار | قشر الرمان | زرد سرخی مائل | بکبکا | مشہور | شیرین کا سرد تر – اور ترش کا سرد خشک ۱ | . | . | . | ۲ تولہ | گرمی کے ورم کو نفع کرتا ہے اور مسوڑھون کو قوت دیتا ہے اور اسکے خیساندہ کا حقنہ چاول جو کے ہمراہ ہیضہ اور دستون کو بند کرتا ہے اور اسکے خیساندہ سے آبدست کرنا خون بواسیر کو بند کرتا ہے اور سوکھا پیس کے چھڑکنا خروج مقعد یعنی کانچ نکلنے کو مفید ہے – (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۸ | آم | انبہ | انبج | سبز سرخ زرد | شیرین و ترش و چاشنی دار | ایک ہندوستانی میوہ ہے تازہ کھانے کے قابل | کچا سرد ۱ و خشک ۱ – پختہ گرم خشک پھول مین اور گرم سرد خشک ۱ | نفاخ اور خالی پیٹ مین اور گرم مزاج والونکو | جامن اور سکنجبین ٹھنڈا پانی | | . | قوتی اور ارواح اور باہ اور گردہ اور مثانہ اور معدہ و آنتون کو قوت بخشتا ہے الاقسم قلمی ثقیل اور دیر ہضم ہے اور کچے آم یعنی کیری آگ مین بھلا کے افشردہ لو اور وبائی ہوا کو نافع ہے اور اسکے پھول یعنی بور کا سفوف پریمیو یعنی جریان اور فساد خون و بلغم کو مفید ہے اور امساک لاتا ہے اور اسکے تخم کی گری منی کو گاڑھا کرتی ہے اور دستون کو بند کرتی ہے اور آم کا چیپ دانہ پیدا کرتا ہے اور زخم کرتا ہے اور اسکی پتی ہمراہ ہلدی کے سستی باہ کھوتی ہے – (غیر سمی) |
| ۵۹ | | انگمان | انجدان ولایتی و رومی | سیاہ و سبز | تیز و بودار | ایک بوٹی ہے ولایتی جسکا گوند ہینگ ہے اور یہ دو قسم کا ہے | گرم و خشک ۲ | جگر و مثانہ اور آنتونکو اور گرم مزاجونکو | زرشک و کتیرا | سائی | ۲ ماشہ | ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور ردی مادہ کو پاک کرتا ہے اور پیشاب و حیض کو جاری کرتا ہے اور سدہ یعنی جلے کو کھولتا ہے اور معدہ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور باطنی دردون کو تسکین دیتا ہے اگر عورت بعد ختم حیض فوراً اسکو ۴ ماشہ کھاوے ایک ہفتہ تک حاملہ نہو – (غیر سمی) |
| ۶۰ | انجن | سرمہ | اثمد | سیاہ و سپید | بدمزہ | ایک پتھر ہے نرم اور قدرتی سوختہ | سرد ۱ خشک ۲ | اعضای سینہ | کتیرا و شکر | انار | نہین کھاتے | قابض ہے اور خشکی لاتا ہے اور صحت چشم کا حافظ ہے اور بینائی کو قوت بخشتا ہے اور آنکھون کی سردی و گرمی اور چیپڑ کو دفع کرتا ہے اور زخمون کو بھر لاتا ہے اور نکسیر اور جریان کو اور حیض کو بند کرتا ہے اور اس کا حمول یعنی کپڑا لت کیا ہوا رکھنا کانچ نکلنے کو مفید ہے اور رحم کی سختی کو نرم کرتا ہے – (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۱ | انجیر | انجیر | تین | سرخ وسیاہ | شیرین | ایک درخت کا میوہ ہی ولایتی وہندی | گرم ۱ وتر ۱ | جگر ومعدہ کو | بادام وصعتر | چلغوزہ ومویز | ۵ دانہ ۷ دانہ | تازہ لطافت کرتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی اور جلا کرتی ہی اور صرع یعنی مرگی اور فالج اور اکثر امراض بلغمی کو نفع کرتی ہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور آہستہ آہستہ دست لاتی ہی اور سدہ اور ورم طحال ورعسر بول ورلاغری گردہ کو دور کرتی ہی اور اسکا شربت کھانسی کو مفید ہے الا خشک کل افعال مین ضعیف ہی - (غیر سمی) |
| ۶۲ | انجبار | انگبار | انجبار | سرخی مائل | پھیکا | ایک درخت ہی ملک شام مین ہوتا ہی قد آدم اور اسکی جڑ مستعمل ہی | سرد وخشک ۳ | سرد مزاج والونکو | سونٹھ | زرشک وگل ارمنی | ۳ ماشہ تا ۷ ماشہ | کل اعضا سے خون بند کرتی ہی خصوصاً سینہ اور پھیپھڑے سے اور سوزش صفرا وخون کو سکون دیتی ہی اور خون بواسیر اور پیچش اور قے اور پرانے دستون کو بند کرتی ہی اور نزلون کو روکتی ہے - (غیر سمی) |
| ۶۳ | اندرجو | زبان گنجشک | لسان العصافیر | سرخی مائل | پھیکا مرتلخ وتیز | ایک بیج ہی کہ خوشہ مین بہت سے ہوتے ہین | گرم و خشک ۲ | دردسر لاتا ہی اور گرم مزاج کو | دھنیا | تودری جوزبوا بہمن سرخ | . | ریاح تند کو تسکین دیتا ہی اور پسلی اور کمر کے درد کو مفید ہی اور دردکمر اور رحم کو بھی اور پرانی کھانسی اور دمے اور خفقان اور مروڑ کو نفع کرتا ہی اور پتھری کو توڑتا ہی اور باہ کو ابھارتا ہی اور اعضائے تناسل کو قوت بخشتا ہی اور اسکا فرزجہ یعنی لتہ لت کیا ہوا ہمراہ شہد زعفران کے قیام حمل کا مددگار ہی اگر بعد طہر کے ہو (غیر سمی) |
| ۶۴ | اندراین کا پھل | خربزۂ تلخ | حنظل | سرخ وسفید | نہایت تلخ | ایک پھل ہی چھوٹا نارنج سے اسکے بیج وے مستعمل ہین | گرم ۴ خشک ۲ | کرب لاتا ہی | صمغ عربی وکتیرا ونشاستہ | حب النیل وسقمونیا | ایک ماشہ تا دو ماشہ | ورموں کو اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور غلیظ قسم کے بلغم اور سودا کو براہ دست خارج کرتا ہی اور اخلاط کو باطن بدن سے جذب کرتا ہی اور سردی کی بیماریون کو مثل مرگی اور رعشہ ولقوہ اور استسقا کے مفید ہے اور دماغ کو فضول سے پاک کرتا ہی اور پیٹ سے کیچوے اور کدو دانہ نکالتا ہی اور بلغمی وریحی قولنج کو اور امراض جگر ومعدہ وآنتون کو مفید ہی (قریب بسم یعنی کثیر قاتل) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۵ | انڈا مرغی کا | خایہ مرغ | بیض الدیک | سفید | پھیکا وخفیف شور | مشہور | زردی مرکب القوی مائل بگرمی سفیدی سرد وتر ۲ | معدہ اور پتھری پیدا کرتا ہی اور قولنج لاتا ہی | گرم مصالحہ ونمک | روبیان تازہ | ۵ عدد تا ۷ عدد | نیمبرشت صالح الکیموس وکثیر الغذا اور قلیل الفضول ہی اور دل اور دماغ اور بدن اور باہ کو قوت بخشتا ہی اور گرم نزلات کو سینہ سے منع کرتا ہی اور سینہ کی کھرکھراہٹ اور معدہ کے منھ سے خون آنے کو دور کرتا ہی اور نیمبرشت لڑکون کے لیے قائم مقام دودھ کے ہی اور اسکی زردی کا روغن باہ کو قوت دیتا ہی اور بال جلد نکالتا ہی اور اسکے چھلکے مدبر سوختہ اکثر امراض سینہ اور باہ کو مفید ہین - (غیر سمی) |
| ۶۶ | انکول | . | . | سبز وبھورا | شیرین | ایک درخت ہی اسکے پتے مشابہ ہین شفتالو کے اسکا پھل شیرین اور گرمی نہایت چرب | گرم وتر ۱ | بلغم زیادہ لاتا ہی | . | . | . | دل کو قوت بخشتا ہی اور فساد بلغم کو اور ریاح کو دفع کرتا ہی اور ورم کو دور کرتا ہی اور پیٹ کے درد کو کھوتا ہی اور پیٹ کے کیڑون کو مارتا ہی اور اسکے جڑ کی چھال کا سفوف ہمراہ سیاہ مرچ کے ایک ماشہ بواسیر کو بہت مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۶۷ | انگور ہندی داک | انگور سیاہ دوشابہ ورز | عنب وحصرم | زرد وسیاہ | شیرین وچاشنی دار | مشہور | پختہ گرم وتر ۱ وخام سرد وخشک ۲ | معدۂ مرطوب وطحال کو ومولد ریاح | سونف وگلقند | مویز منقی | . | جلد ہضم ہوتا ہی اور جلد قعر معدے مین نافذ ہوتا ہی اور کثیر الغذا ہی اور خون عمدہ پیدا کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہے اور مواد سوداوی واحتراقی کو دفع کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور مادہ کو پکاتا ہی اور اگر اسکو ہمراہ خطمی کے پکا کر ورم پر لگاوین تو جلد ورم کو تحلیل کرتا ہے اور مسام کو کھولتا ہے - (غیر سمی مفرح) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۸ | اناناس | اناناس | • | باہر سرخ اور باطن زرد | چاشنی دار | ایک پھل ہی اکثر ہند مین ہوتا ہی | سرد و تر ۲ و نزد بعضے گرم ۱ و تر در ۲ | حنجرہ و اعضای تنفس کو | شکر و سونٹھ کالمرچی | سیب | • | فرحت دیتا ہی اور دل و جگر و دماغ و معدہ کو قوت دیتا ہی اور خفقان کو دفع کرتا ہی اور گرمی صفرا کو تسکین دیتا ہی اور لاغر اور سرد مزاج کو قوت بخشتا ہی اور مربے اور شربت اسکا عمدہ اور لطیف ہوتا ہی اور یہ دونون اثر مین بھی قوی ہین اور اسکے میٹھے چاول بھی پکتے ہین - (غیر سمی) |
| ۶۹ | انچار | • | • | سیاہ | چاشنی دار | ایک کھٹی بہاڑی پھل ہی جسکی گری جرو بھی ہی | سرد و تر ۲ و نزد بعضے گرم و تر ۲ | پیاس لاتا ہی اور آنکھونکو مضر ہی | شکر و نمک | • | • | متلی اور ابکائی کو دفع کرتا ہی اور دست لاتا ہی اور مادہ صفراوی و سوداوی کو چھانٹتا ہے اور جگر کو قوت بخشتا ہی اور اس کا شربت فرحت لاتا ہی - (غیر سمی) |
| ۷۰ | اونٹ کٹارا | اشتر خار | شوکۃ ابجل | زرد و سفید خاردار | تلخ | ایک بوٹی ہی شبیہ باد آورد ست - | گرم و خشک ۲ - مین | دماغ و گردہ کو | سرکہ و شربت غورہ | انجدان | ۳ ماشہ | سدہ کو کھولتا ہی اور معدہ مین گرمی پیدا کرتا ہی اور بھوک لاتا ہی اور کھانا ہضم کرتا ہی اور پیشاب جاری کرتا ہی اور کانور کو دفع کرتا ہی اور گٹھیا کو کھوتا ہی اور سرد اثر والی زہر کا مارگ ہی اور اسکی جڑ باہ لاتی ہی اور اسکا عرق گردہ اور طحال کی بیماریون کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| ۷۱ | اوکھ و گنا و پونڈا | نیشکر | قصب السکر | سفید و سرخ | شیرین نہایت | مشہور | گرم در ۱ و تر در ۲ | نفاخ اور رطوبت پھیپھڑے کو مضر ہی | افیون | • | • | خون کو لطیف کرتا ہی اور بند کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور سینہ او پھیپھڑے اور کھانسی کے کھرکھرانے کو نافع ہی اور رطوبت کو جلا دیتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور ہاضم ہی اور پیشاب لاتا ہی اور مثانہ کو پاک کرتا ہی اور پیٹ کو نرم کرتا ہی اور باہ کو حرکت دیتا ہی اور معدہ کی سوزش کو دفع کرتا ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۲ | | ایل شیرین | اطراخشت و رب الارض | دو قسم سرخ و سفید | سرخ شیرین سفید تلخ | ایک بوٹی ہی زمین سے چسپان اکثر چنے کے کھیت مین ہوتی ہی | سرد و خشک ۳ - | پھیپھڑے کو مضر ہی | کتیرا و شکر | صمغ عربی و مازو و بہمن سفید و تخم سوسن | ۳ ماشہ | قابض ہی اور سوزش خون کو نافع ہی اور سیلان خون و پسینہ کو بند کرتا ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی اور جگر کو بھی قوت دیتا ہی اور گرم مواد کو آفت رسیدہ عضو پر گرنے نہین دیتا ہی - (غیر سمی) |
| ۷۳ | ایلوا و مصبر | صبر | صبر سقوطری | سیاہ | نہایت تلخ | گھیکوار کو نچوڑ کے رسوت کیطرح بناتے ہین ایک عصارہ ہی | مرکب القوی گرم و خشک ۲ | آنتونکو اور معدہ کو شست کرتا ہی | کتیرا و گل سرخ و مصطگی | تربد اسہال مین و رسوت ورم مین | ۴ ماشہ | سدہ کھولتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور قوی دست آور ہی ہر خلط کا اور معدہ کو اور اخلاط فاسدہ کو پاک کرتا ہی اور قوت بینائی کو قوت بخشتا ہی اور بہت پرانے زخمون کو بھر لاتا ہی اور آنکھون کے اکثر امراض کو فائدہ مند ہی اور اگر ہمراہ اشق و رسوت و افیون اور اقاقیا کے سرکے مین حل کرین تو ورم طحال کو مفید و مجرب ہی - (غیر سمی) |
| ۷۴ | ڈیلا | • | • | بھورا | شیرین و ترش | ایک درخت ہی جسکے پتے دار اور پھل ملی کے ایسے ہوتے ہین | شیرین گرم ترش سرد | گرم مزاج والونکو | • | • | ۳ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہی اور ریاح غلیظ اور فساد صفرا کو کھوتا ہی اور اکثر ہندوون کے استعمال مین زیادہ ہی - (غیر سمی) |
| ۷۵ | ایل پاک | • | • | سبز | بدمزہ و تیز | ایک بوٹی ہی | سرد | • | • | • | ۵ ماشہ | کھجلی اور جذام پھنسے کوڑھ کو دفع کرتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہی اور جالا پن کھوتی ہی اور فرج کو دفع کرتی ہی اور فساد بلغم و صفرا و خون و باہ کو مفید ہی اور پیشاب لاتی ہی - (غیر سمی) |
| ۷۶ | اینٹ | خشت | آجر | سرخ و سیاہ | پھیکی مزہ | مشہور | گرم و خشک ۳ | معدہ و گردہ کو | سرکہ و کتیرا | ٹھیکری و سیپی | ۲ ماشہ | بہت خشکی لاتی ہی اور خون استحاضہ کو بند کرتی ہی اگر شکر کے ساتھ استعمال کیجاوے اور اگر اسکو گرم کرین اور سرکہ ڈالکر بٹ اور بچھری کو سینکین تو اسکو بٹھا دیتی ہی اور کنوئین کی پرانی اینٹ ذیابیطس یعنے پانی پیتے ہی پیشاب آنے کو مجرب ہی اور رقت منی کو کھوتی ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشهور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقه | ماهیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۷ | اینگر | شنگرف | زنجفر | سرخ | بدمزه | ایک کھان کی چیز ہی مثل گندھک کے | گرم ۲ وخشک ۲ | خرابی لاتا ہی | روغن گاؤ و دودھ | مردار سنگ | نہین کھایا جاتا | قابض ہی اور خون پیدا کرتا ہی اور رطوبت کو جذب کرتا ہی اور آفت رسیدہ عضو پر مادہ نہین گرنے دیتا اور گرمی کے ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور سوکھی و تر کھجلی کو اور کوڑھ کو اور آگ کے جلے ہوے کو نافع ہی اور امراض جلدی یعنے کوڑھ و آتشک وغیرہ مین اسکا کھانا بھی جائز ہی اور اہل ہند کے یہان اسکا رس یعنی کشتہ کامل اکثر امراض بلغمی اور کھانسی و دمے وغیرہ مین دیتے ہین اور باہی امراض مین بھی دیتے ہین - (قریب بسم) |
| | | | | | | | | | | | | **باب الباء** اور اسمین اٹھتی دوائیان ہین |
| ۷۸ | بابونہ | بابونہ | بابونج | زرد و بھورا | پھیکا خوشبودار | ایک بوٹی ہی جسکے پھول اکثر مستعمل ہین | گرم ۳ - خشک ۲ | دردسر لاتا ہی اور سرو حلق بھاری کرتا ہی | گل نیلوفر و شربت انار | برنجاسف و ناخونہ | ۴ ماشہ | قوتی مین حرارت پیدا کرتا ہی اور ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور جگر کا سدہ اور رگون کے منھ کا بلا کھولتا ہی اور روح مین لطافت پیدا کرتا ہی اور پیشاب اور پسینا اور حیض اور دودھ کو جاری کرتا ہی اور پتھری کو توڑتا ہی اور قولنج اور درد مثانہ اور یرقان اور خشک کھانسی کو مفید ہی اور اسکا لیپ ورمون کو نرم کرتا ہی اور اسکا سرمہ نزول چشم اور قوت بصر کو مفید ہی اور اسکے پھول کا تیل پٹھون کو نرم کرتا ہی اور قوت دیتا ہی - (غیر سمی) |
| ۷۹ | ہندی برہمی | بابونہ گاؤ | اقحوان | بیچ سبز پھول زرد و سفید | پھیکا و تلخ خوشبودار | ایک بوٹی ہی بابونہ کی ایسی چنانچہ بابونہ مین اسکا میل کرتے ہین | گرم خشک ۲ | کرب لاتا ہی اور دردسر | نیلوفر بنفشہ و انیسون | شیح | ۵ ماشہ | کل خواص اسکے مثل بابونہ کے ہین اور محلل ریاح اور ملطف طبیعت اور سدہ کھولتا ہی اور پتھری توڑتا ہی اور مادہ سوداوی و بلغمی کو بذریعہ دست کے خارج کرتا ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشهور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقه | ماهیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۰ | باپچی بکچی و بابچی | . | . | . | . | ایک بیج ہی گول اور چپٹا | گرم و خشک ۳ | نفاخ اور زخم لاتی ہی | سونف و روغن | . | ۲ ماشہ | مادہ کو نرم کرتی ہی اور بھوک لاتی ہی اور سفید داغ اور سیاہ داغ اور کھجلی اور کوڑھ اور فساد خون کو کھانے اور لگانے سے مفید ہی اور بلغمی تپ کو نفع کرتی ہی اور کیڑے ونکو مارتی ہی اور پیشاب کے راستے کے زخم صاف کرتی ہی - (غیر سمی) |
| ۸۱ | باجرا | گاورس | جاورس | بھورا | پھیکا | ایک قسم کا غلہ ہی | گرم و خشک ۲ و نزد بعضے سرد و خشک ۱ | ثقیل ہی اور ریاح پیدا کرتا ہی اور پیاس لاتا ہی اور خون سوداوی پیدا کرتا ہی اور [illegible] | روغن زرد و دودھ و شکر | چاول و کلونجی | . | بدن اور گردہ و معدہ اور باہ کو قوت بخشتا ہی اور رطوبت فاضلہ کو خشک کرتا ہی اور قابض ہی اور خشکی لاتا ہی اور قلیل الغذا ہی اور اسکی روٹی صفراوی دستونکو بند کرتی ہی اور پیشاب لاتا ہی اور کچے حمل کو ساقط کرتا ہی اور اسکی پوٹلی کی سینک سردی کے دردسر کو مفید ہی اور معدہ کے نفخ اور درد کو تحلیل کرتی ہی اور سرکہ کے ہمراہ اسکا لیپ ورم سرد کو تحلیل کرتا ہی - (غیر سمی بلکہ غلہ ہی) |
| ۸۲ | بادام میٹھا | بادام شیرین | لوز حلو | باہر سرخ اندر سفید | قدرے شیرین و خوش مزہ | ولایتی ایک میوہ ہی مشہور | گرم تر ۱ و نزد بعضے معتدل | ازحد زیادہ ثقیل اور دیر ہضم ہے | شکر | چلغوزہ | تولہ تا ۲ تولہ | بلا کھولتا ہی اور قوت بدنی وجوہر دماغی کا نگہبان ہی اور جلا کرتا ہی اور بینائی کو قوت بخشتا ہی اور طبیعت اور حلق کو نرم کرتا ہی اور سینہ کے موافق ہی اور منی پیدا کرتا ہی اور خشک کھانسی و مثانہ اور سوزاک کو نافع ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور باہ لاتا ہی اور قولنج کو نفع کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ۸۳ | بادام کڑوا | بادام تلخ | لوز المر | باہر سرخ اندر سفید | تلخ | ولایتی ایک میوہ ہے مشہور | گرم ۲ و خشک ۱ | آنتونکو | شکر مصری و روغن بادام شیرین | محلب | ۳ ماشہ | ورم کو تحلیل کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور اخلاط غلیظ کے زائل کرنے اور پاک کرنے مین بے مثل ہے اور دردسر اور خشک کھانسی اور تر کھانسی اور سینہ کے و پھیپھڑے کے ورم کو مفید ہی اور امراض جگر و یرقان بینے کا نور کو نفع کرتا ہی اور پتھری کو توڑتا ہی اور ۴ ماشہ شہد کے ہمراہ گھس کے کھانا بولہے کتے کے کاٹے ہوئے کو مفید ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۴ | نزدبعضے جاماسا ہندی ہے | بادآورد | شوکۃ البیضہ | تخم سفید و درخت سبز | تلخ | ایک گھانس ہے خاردار شبیہ اونٹ کٹارے کے اور بیج اسکے شبیہ کوڑہ کے | گرم خشک ۱ | پھیپھڑے کو | [illegible] | شاہترہ | ۵ ماشہ | بلغم غلیظ اور سودا کو دستونکی راہ سے نکالتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور مواد ردی تحلیل کرتا ہے اور دانتون کے درد کو کھوتا ہے اور بلغمی وسوداوی پرانے بخار کو دفع کرتا ہے اور پیشاب بند ہو جانے کو مفید ہے اور جلندر اور نقرس یعنے پاؤن کی انگلی کے درد کو نافع ہے۔ (غیرسمی) |
| ۸۵ | ہندی زندنی | بادیان رومی | انیسون | سبز مائل بسفیدی | تلخ وتیز | ایک بیج ہے سونف سے چھوٹا | گرم ۲ خشک ۳ | آنتونکو اور درد سر لاتا ہے اور گرم مزاج والونکو | سونف وسکنجبین | تخم سویا و سونف | ۲ ماشہ تا ۳ ماشہ | لطافت کرتی ہے اور تحلیل کرتی ہے ریاح کو اور جلا کرتی ہے اور دردون کو تسکین دیتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور فالج کو نفع کرتی ہے اور لقوہ اور جلندر اور بلغمی بخار اور سیلان رحم کو اور تھیا اور کا نور کو کھوتی ہے اور پیشاب اور دودھ اور پسینا جاری کرتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور اسکے شیرے مین لتہ ترکیا ہوا بعد طہر کے رکھنا قیام حمل کو مددگار ہے۔ (غیرسمی) |
| ۸۶ | | بادیان خطائی | . | بھورا قدرے سفیدی مائل | شیرین وتیز | ایک پھل ہے چھوٹا اور خوشبودار | گرم وخشک ۲ | گرمی اور بھونکو | ریان کرینا | . | ۲ ماشہ | محلل ریاح ہے اور سدہ توڑتی ہے اور معدہ کو قوی کرتی ہے اور قوت ہاضمہ کو قوت بخشتی ہے اور کھانے کی گرانی اور ریاح کو دفع کرتی ہے اور دردانت یونکا دور کرتی ہے اور بلغم کو تحلیل کرتی ہے اور پیشاب جاری کرتی ہے اور نزلہ کو نافع ہے اور پیاس لاتی ہے اور دردسر پیدا کرتی ہے۔ (غیرسمی) |
| ۸۷ | بارتنگ ہری | بارتنگ سبز | لسان الحمل | سبز | تلخ | ایک گھانس ہے جسکے پتے بکری کی زبان سے مشابہ ہین | سرد و خشک ۲ | پھیپھڑے و دطحال کو | بنفشہ شہد ومصطگی | برگ حماض بستانی | ۵ تولہ | اسکا پانی خون کو روکتا ہے تمام باطنی عضا سے اور سرد عضا سے اور جلا کرتا ہے اور عضو آفت رسیدہ کو مواد گرنے سے بچاتا ہے اور قابض ہے اور جگر کو قوت دیتا ہے اور جگر کے سدہ کھولتا ہے اور اسکا عصارہ دق اور سل اور سوزاک کو مفید ہے اور اسکا عرق قوت ماسکہ کے قوی کرنیمین بیمثل ہے۔ (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۸ | بارتنگ کے بیج | تخم بارتنگ | بزر لسان الحمل | سبز سیاہی دار | تلخ | ایک گول بیج ہے چھوٹا | سرد وخشک ۲ | دماغ اور پھیپھڑے کو | بنفشہ وشہد ومصطگی | تخم حماض بستانی | ۹ ماشہ | پیاس کو تسکین دیتا ہے اور سوزاک کو نافع ہے اور خلطی بخار اور دقی بخار اور سل کو نفع کرتا ہے اور آنتون کو قوت دیتا ہے اور مروڑ کو دفع کرتا ہے اور رگون مین سدہ پیدا کرتا ہے۔ (غیرسمی) |
| ۸۹ | باکلا | باکلا | باقلا | سیاہ | پھیکا | ایک بیج ہے ایک انگشت کے برابر پھلی ہوتی ہے اس سے نکلتا ہے | سرد تر ۱ | تخیر لاتا ہے اور عقل کو فاسد کرتا ہے | چھلکے نکالنا اور نمک وگھی | لوبیا | . | ورم کو تحلیل کرتا ہے اور مادہ کو پختہ کرتا ہے اور قعر معدہ مین جلد اوتر جاتا ہے اور کھانسی کو تسکین دیتا ہے اور زخم آنتون کا بھر لاتا ہے اور ریت کے دستونکو بند کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور گنٹھ ملے کو تحلیل کرتا ہے اور سیاہ داغ کو کھوتا ہے اور جھائین کو دور کرتا ہے (غیرسمی) |
| ۹۰ | بالنگا | تخم بالنگو | . | سیاہ | پھیکا لسدار | ایک قسم کے بیج ہین | گرم وتر ۱ ونزد بعضے سرد وتر ۱ | معدہ کو | مصری وآب ریباس | ریحان ورشم | ۹ ماشہ | دل کو قوت دیتا ہے اور خفقان اور وحشت کے لیے اور خونی اور صفری دستون کے لیے گلاب کے ہمراہ نہایت مفید ہے اور ہچکی اور مروڑ کو کھوتا ہے اگر ہمراہ شکر کے ہو اور پیاس کو روکتا ہے۔ (غیرسمی) |
| ۹۱ | بالوط | . | بلوط | زردو سفید | ایک قسم شیرین ایک قسم تلخ | ایک پھل ہے جسکے درخت مین ایک سال یہ ہوتا ہے اور ایک سال مازو اور اسکی بوندی مستعمل ہے | سرد ۱ و خشک ۱ | سدہ لاتا ہے اور سودا پیدا کرتا ہے | سکنجبین وقند | گلنار و خرنوب | ۷ ماشہ | قابض ہے اور دستون اور خون پینے اور منھ سے خون آنے کو بند کرتا ہے اور آنتون کے زخم وخراش اور خفقان اور متلی کو نافع ہے اور پیشاب لاتا ہے اور بھنا ہوا بعض شربتون کے ہمراہ باہ لاتا ہے اور باہ کو حرکت دیتا ہے اور بدن کو قوت دیتا ہے اور بعض زہرون کا مارک ہے اور اسکو جلا کے چٹکی بچون کے منھ آنے کو مفید ہے۔ (غیرسمی) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۲ | بالچھڑ جٹاماسی | سنبل ہندی | سنبل الطیب | سیاہ زردی مائل | تیز و تیزبو | بے پھول اور پھلی کی ایک گھانس ہی پہاڑی | گرم وخشک ۲ | گردہ کو | کتیرا و طباشیر | جدوار و تیزپات | ۴ ماشہ | دماغ اور جگر اور معدہ اور قوت ماسکہ کو قوی کرتی ہی اور تفتیح کرتی ہی اور ادرار لاتی ہی اور پتھری توڑتی ہی اور خفقان دور کرتی ہی اور معدہ و سینہ کی رطوبتون کو خشک کرتی ہی اور کبھی استسقا اور یرقان کو نافع ہی اور اکثر باطنی ورمون کو مفید ہی اور منھہ کو خوشبودار کرتی ہی اور قوت بینائی کو قوی کرتی ہی اگر اسکا سرمہ لگایا جاوے - (غیرسمی) |
| ۹۳ | بانس | نی | قصب | سبز | پھیکا | مشہور الاکئی قسم کا ہوتا ہی | سرد و خشک ۱ | پھیپھڑا | کتیرا | . | . | اسکی جڑ جلا کرتی ہی اور اگر اسکو جلاکے اور پیس کے ہمراہ روغن چنبیلی کے گنج اور سر کے داد مین لگادین تو مفید ہی اور اسکے پتون کا عرق شہد کے ساتھ پینا کھانسی کو نافع ہی اور اسکے پتون کا جوشاندہ خون حیض و نفاس کو خوب چھانٹتا ہی اور اسکی جڑ کا اچار ہندو لوگ ڈالتے ہین خوش مزہ ہوتا ہی - (غیرسمی) |
| ۹۴ | باندا | . | زعفران و زرقطان | سبز و سرخ | پھیکا و بدمزہ | ایک قسم کی گھانس ہی اکثر پرانے درختون کی شاخون سے خود مختلف صورت مین نکلتی ہی | گرم وخشک ۱ - وبنزد بعضے سرد وخشک ۱ | | | . | . | فساد ریاح و بلغم و سودا اور پھوڑون و پھنسیون کو دفع کرتا ہی اور فساد زہر کو بھی دفع کرتا ہی اور اسکے جوشاندہ سے کلی کرنا مسوڑھے کے ورم اور دانتون کے درد کو کھوتا ہی لیکن جس درخت پر کا باندا ہو اسکے افعال و خواص ویسے ہی ہونگے - (غیرسمی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۵ | باہمنی | . | حرون | مختلف | . | ایک قسم کا جانور چھپکلی کے برابر اور ایک دم مین کئی رنگ بدلتا ہی | گرم وخشک ۳ | اسکا کھانا جذام لاتا ہی | . | . | نہین کھاتے ہین | اسکا دل گلے مین لٹکانا چوتھی بخار کو نافع ہی اور اسکے خون کا سرمہ بینائی بڑھاتا ہی اور اسکی بیٹ جالے اور آنکھ کی کھجلی کو نافع ہی اور جھائین کو مفید ہی - (غیرسمی) |
| ۹۶ | باوبڑنگ کابلی | برنگ کابلی | برنج کابلی | سیاہ | تلخ و تیز | ایک پھل ہی گول مثل سیاہ مرچ کے | گرم وخشک ۲ | انتڑیون کو | کتیرا و سرکہ | ترمس و کمیلہ | ۱۰ ماشہ | بلغم اور سودا اور ریاح اور اخلاط غلیظ لسدار کو دستون کی راہ نکالتی اور جوڑون سے بقوت تام اور رطوبت فضلیہ کو چھانٹتی ہی اور معدہ و آنتون کے کیڑے مع تھیلی نکال پھینکتی ہی - (غیرسمی) |
| ۹۷ | بال | موی | شعر | سیاہ و بھوری | . | بال اور موو شعر بولنے سے اکثر آدمی کے بال مراد ہوتے ہین | سرد وخشک | کھانا نہیسے قولانی اور گل اندرونی اعضا کو مضر ہی | . | . | نہین کھاتے ہین | جلے ہوے زخم مین لگانا زخم کو خشک کرتا ہی اور منھہ آنے کو مفید ہی اگر ہمراہ شہد کے ہو اور زفت رومی کے ہمراہ خاص کر سر کے زخمون کو مفید ہی اور مردار سنگ کے ہمراہ سوکھی اور تر کھجلی کو نافع ہی اور روغن زیتون کے ہمراہ آگ کے جلے کو نافع ہی اور انکو سرکہ یا پانی مین پیس کے لگانا پھوڑے اور پھنسی کو اور ورم طحال کو نافع ہی اور اسکی پسی ہوئی چٹکی کانچ نکلنے کو مفید ہی - (قریب بسم) |
| ۹۸ | بالو و ریت | ریگ | رمل | مٹیارہ | پھیکا | مشہور | سرد و خشک ۳ | پھیپھڑے کو | . | خاکستر | . | رطوبت کے جذب کرنے اور استسقا کے لیے باندھنے اور اسمین دفن کرنے سے مفید ہی اور اسکا حمول بنے کپڑے کی حالت کیا ہوا مانع حیض و حمل ہی اور اسکو بدمزہ یا بدبودار پانی کے گھڑے مین ڈالکر رکھین تو پانی کو اچھا اور خوش مزہ کرتی ہی - (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۹ | ببول کیکر | مغیلان | ام غیلان و سمرہ | پتی سبز پھول زرد و پھلی سبز | پھیکا و قدرے تلخ | ایک درخت ہی مشہور | سرد و خشک | دماغ و معدہ و مقعد کو | بنفشہ کتیرا و بہی | پلاس | ٠ | مرطوب فضلات حبس کرتی ہی اور مادہ کو عضو آفت رسیدہ پر گرنے نہین دیتی اور اسکا پینا گرم خفقان کو مفید ہی اور باطنی اعضا کو قوت دیتی ہی اور اسکے پتون کا جوشاندہ دستون کو بند کرتا ہی اور سدہ کو کھولتا ہی اور اسکی چھال اور اسکے پتون اور ببول کا سفوف اور اسکا گوند رقت منی و سرعت انزال و جریان کو کھوتا ہی اور بیس تولہ اسکے پتون کا جوشاندہ قوی دست آور اور قے لانیوالا ہے - (غیرسمی) |
| ۱۰۰ | ببول کا گوند | ٠ | صمغ عربی | زرد سرخی مائل | قدرے شیرین | مشہور ہی | سرد و خشک ۱ و نزد بعضے معتدل | معدہ و مقعد | کتیرا و بہیدانہ | صمغ پلاس | ۵ ماشہ | رگون کے منھ پر جپک کے سدہ کرتا ہی اور سینہ کو نرم کرتا ہی اور قابض و مقوی معدہ ہے اور آنتون کو بھی قوت دیتا ہی اور سینہ کے درد اور حلق کے کھرکھرانے اور سینہ کے اور پھیپھڑے کے اور قصبہ ریہ کو مفید ہی اور آواز کو صاف کرتا ہی اور خراش کو دور کرتا ہی - (غیرسمی) |
| ۱۰۱ | بلائی لوٹن بلی لوٹن | زرہ گربہ و بادرنجبویہ | بادرنجبویہ | سبز سیاہی مائل | قدرے تلخ | ایک گھانس ہی جسپر بلی عاشق ہی | گرم و خشک ۲ | پہلو | صمغ عربی | ابریشم | ۱۰ ماشہ | دل اور دماغ اور حواس اور ذکاوت کو اور معدہ کو قوت بخشتی ہی اور فرحت لاتی ہی اور دماغی سدہ یعنی بلبہ کھولتی ہی اور لطیف کرتی ہی اور اسکا بوس او باکثر امراض بلغمی و سوداوی کو مفید ہی اور خفقان اور وسواس کو نافع ہی اور اسکا ضماد مقوی قلب ہی - (غیرسمی) |
| ۱۰۲ | بن پوستہ | مامیثا سرخ | اوطاموفی | پھول سرخ و سبز و زرد | تلخ | ایک قسم کی گھانس ہی پوستہ کے مشابہ | گرم ۲ | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | محلل ہی اور آنکھ کے زخم کو پاک کرتی ہی اور منھ آنے کو اور دال بہنے کو مفید ہی - (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۳ | بندال و کڑوی تروئی | ٠ | ٠ | سبز | تلخ | ایک پھل ہی امرود کے برابر لیکن خشک مستعمل ہے | گرم و خشک ۲ | گرم مزاج والون کو | ٠ | ٠ | ٠ | اہل ہند کے تجربہ کے موافق یرقان یعنے کانور اور استسقا یعنی جلندر کو مفید ہی اسکا کھلانا اور جوڑی اور ہانس اور دمے کو بھی مفید ہی اور اگر اسکے بیج شکر کے ہمراہ کھاوین تو حیض جاری کرتا ہی - (غیرسمی) |
| ۱۰۴ | بنڈا آلو | ٠ | ٠ | پھوک اوپر سے قدرے سیاہ اور اندر سفید | پھیکا | ایک قسم کی جڑ ہی شکل شکرقند کے الا اس سے بڑی | گرم ۱ | دیر ہضم اور حلق کو کھرکھراتا ہی | نمک و مرچ سیاہ | آلو | ٠ | باہ لاتا ہی اور سرخ بادہ اور فساد صفرا اور قطرہ قطرہ پیشاب آنے کو اور حرارت اور پیاس کو کھوتا ہی اور مفرح قلب ہی - (غیرسمی) |
| ۱۰۵ | بن ہلکی و پنجھلکی | ٠ | ٠ | سبز | تلخ | ایک گھانس ہی جسکے پتے مہندی کی پتی سے مشابہ ہین | گرم و خشک | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | اسکے پھل اور پتے اگر پیس کے جلندر والے کے پیٹ پر یا کسی ورم پر لگاوین تو نافع ہی اور پیشاب لاتی ہی اور اسکا پلانا رطوبت جسم کے بہانے اور بچہ جلد پیدا ہونے کو مفید ہی - (غیرسمی) |
| ۱۰۶ | بنسلوچن | تباشیر | طباشیر | سفید و نیلگون | پھیکا | ایک شی ہی سخت کہ بانس مین سواتی کی بوند پڑنے سے پیدا ہوتی ہی | سرد ۲ و خشک ۳ | باہ کو اور پھیپھڑے کو | عناب مصطگی و زعفران | تخم خرفہ و کاسنی و صندل سفید | ۲ ماشہ | فرحت لاتا ہی اور دل و جگر و معدہ کو قوت دیتا ہی اور سوزش معدہ کو اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور صفراوی قے اور خونی دستون کو دفع کرتا ہی اور رطوبت کو خشک کرتا ہی اور خفقان اور گرمی کے بخار کو کھوتا ہی اور اسکی چنگی منھ کے دانون اور منھ کے آنے کو مفید ہی - (غیرسمی) |
| ۱۰۷ | بجورے کا چھلکا | پوست ترنج | قشر الاترج | زرد سرخی مائل | باتیزی و تلخی و خوشبو | مشہور ہی | گرم ۱ خشک ۳ | جگر و دماغ | شہد و بنفشہ | پوست لیمو | ۹ ماشہ | لطافت طبیعت بخشتا ہی اور قابض ہی اور خون کو صفرا سے صاف کرتا ہی اور قے صفراوی کو تسکین دیتا ہی اور دل و معدہ کو قوت بخشتا ہی اور انتڑیونکی حرارت کو تسکین دیتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور نفخ معدہ کو بھی تحلیل کرتا ہی - (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۸ | بچھناگ | زہر | بیش | باہر سیاہ و اندر زردی مائل | تلخ | ایک پہاڑی جڑ ہے مشابہ جدوار کے جسکی بعض قسم کو سنگیا کہتے ہیں | گرم و خشک ۴ | قاتل | جدوار و ادا مشک | ۰ | ۲ ماشہ | تدبیر اور اصلاح کیا ہوا کوڑھ اور سفید داغ اور دمے کو مفید ہے الا بہت احتیاط چاہیے – (قوی سم قاتل) |
| ۱۰۹ | بچھو | کژدم | عقرب | مختلف رنگ | ۰ | ایک جانور ہے مشہور کہ ڈنک مارتا ہے اور زہریلا ہے | سرد و خشک ۳ | اسکی راکھ پھیپھڑے کو | گل ارمنی | کیچھوہ | خاک ۲ ماشہ | اسکے روغن کا طلا یعنے مالش فالج اور لقوہ اور استرخا اور گٹھیا کو مفید ہے اور اسکی خاک گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے اور اسکا طلا لگانا مقوی باہ ہے – (سم رکھتا ہے) |
| ۱۱۰ | بچہ و گھوڑبچ | اگر ترکی | وج | سفید سرخی مائل | تیز | ایک گرہ دار جڑ ہے | گرم ۳ خشک ۲ | سر اور خون کو | سونف اور سکنجبین | زراوند ولونگ وریوند چینی | ۳ ماشہ | لطافت بخشتی ہے اور جلا کرتی ہے اور باہ لاتی ہے اور بلغم چھانٹتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور دماغ کو رطوبات بلغمی سے پاک کرتی ہے اور فالج اور بدحواسی اور استرخا اور لکنت زبان کو مفید ہے اور معدہ کی اور دماغ کی رطوبت کو خشک کرتی ہے اور پٹھون کو اور معدے کو قوت بخشتی ہے اور جگر کو بھی اور سرد مزاجون اور امراض چشم اور دانتون کے درد کو مفید ہے (غیر سمی) |
| ۱۱۱ | بجیار | ۰ | ۰ | سبز سیاہی مائل | تلخ | ایک درخت ہے بہت بڑا | گرم ۱ خشک ۲ | قاطع باہ ہے | عناب بہی | بوزیدان | ۳ ماشہ | ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور بلغم غلیظ کو براہ دست نکالتا ہے اور کوڑھ اور سفید داغ اور مقعد کے کیڑے اور جریان اور فساد خون و صفرا کو دفع کرتا ہے – (غیر سمی) |
| ۱۱۲ | بجورہم | بھوری | ۰ | ۰ | املی دار | ایک گھانس کی جڑ ہے | گرم و خشک ۳ | مقعد کو | کتیرا | الکندش | ۲ ماشہ | سدہ کھولتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور جاذب رطوبت ہے اور پیشاب اور حیض اور دودھ اور پسینا بہاتی ہے اور جگر کے سدہ کو توڑتی ہے اور یرقان یعنے کانور کو مفید ہے اور اسکی جڑ بچہ کو جلد نکالتی ہے اور اسکے بیج جلا کرتے ہین – (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۳ | برف | برف | ثلج | سفید براق | پھیکی | ایک آسمانی چیز ہے کہ سردی میں زمین پر گر کے جم جاتی ہے | سرد ۳ خشک ۲ و نزد بعضے گرم و خشک ۲ | سرد مزاج والونکی انتڑیون کو | لونگ و شہد | ۰ | ۰ | بدحواس کرتی ہے اور پیاس لاتی ہے اور دانتون کے درد کو تسکین دیتی ہے جو گرمی سے ہو اور قوت اعضاے معدہ کو قوت دیتی ہے اور گرمی کے بخار اور خشک دتر کھانسی کو دفع کرتی ہے اور اگر حلق کے اندر جونک لپٹ جاوے تو اسکو نکالدیتی ہے اور اگر پیشانی پر رکھی جاوے تو نکسیر کو بند کرتی ہے – (غیر سمی) |
| ۱۱۴ | برگد | ریشہ | ذات الذوائب | پتے سبز و شاخین بھوری و پھل سرخ | پھل شیرین و پھیکا | ایک بہت بڑا درخت ہے جسکی شاخون سے ریشہ نکلکر زمین میں مثل جڑ کے گھس جاتے ہین | گرم تر ۲ | گرم مزاجون کو اور باہ کو | کتیرا | دم الاخوین | ۶ ماشہ | دستون کو بند کرتا ہے اور فساد ریاح اور صفرا و پھوڑے پھنسی کو دفع کرتا ہے اور اسکا دودھ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور باہ لاتا ہے اور بواسیر اور رقت منی کو کھوتا ہے اور سرعت انزال اور جریان اور کثرت احتلام کو دفع کرتا ہے اور اعضاے رئیسہ کو قوت دیتا ہے اور ممسک ہے (غیر سمی) |
| ۱۱۵ | برہمڈنڈی | ۰ | ۰ | سبز سیاہی مائل | تلخ | ایک گھانس ہے کہ ہندوستان میں مشہور | سرد ۱ و نزد بعضے گرم ۱ | ۰ | ۰ | سنٹھی و نیلکنٹھی | ۲ ماشہ | مصفی خون ہے اور زخمون کو نافع ہے اور سیلان منی کو دور کرتی ہے اور عقل و حافظہ کو قوت دیتی ہے اور سفید داغ اور اکثر امراض جلدی کو کھوتی ہے اور رنگ رخسار کو صاف کرتی ہے – (غیر سمی) |
| ۱۱۶ | برہی | سرد ترکستان | زرنب | سبز زردی مائل | تلخ و خوشبودار | ایک گھانس ہے جسکے پتے مین ترنج ایسی خوشبو آتی ہے | گرم و خشک ۲ | گرم مزاج والون کو | دھنیا و صندل | دارچینی و اکبابہ | ۲ ماشہ | لطافت کرتی ہے اور مفرح ہے اور معدہ و جگر و اعضاے رئیسہ کو قوت دیتی ہے اور آواز کو صاف کرتی ہے اور کھانسی اور دمے اور بلغم کے زائل کرنے اور پھوڑے پھنسی کے امراض کو مفید ہے اور دیر میں پیشاب آنے کو نافع ہے اور باہ لاتی ہے – (غیر سمی) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۷ | بڑہل | - | . | پھل اوپر سے سبزی مائل اور گری سرخ و سفید | چاشنی دار | ایک پھل ہے جسکا درخت بہت بڑا ہوتا ہے اور پتے مثل بادام کے پتوں کے | کچا سرد تر ۱ پختہ گرم تر ۱ | نفاخ اور مضعف باہ | [illegible] | . | . | کچا ثقیل ہے اور بلغم پیدا کرتا ہے اور صفرا کو دفع کرتا ہے اور پختہ دل و معدہ کو قوت دیتا ہے اور اسکے بیج بچوں کی طبیعت کو نرم کرتے ہیں جبکہ ہمراہ دودھ دائی کے استعمال کرائے جاویں اور اسکے درخت کا دودھ بچوں کے لیے دست آور ہے اور بلغمی بخار لاتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۱۸ | برہارا | . | . | سبز سفیدی مائل زرد | تلخ و تیز | ایک گھانس ہے مشہور | گرم تر ۱ | . | . | . | . | پتے پیس کر پانی میں ملا کے پینا سوزاک اور جریان اور پتھری کو مفید ہے اور پتے کوٹ کے پانی نکالا ہوا سانپ کے کاٹے ہوئے کو نافع ہے اور زرد پتے ورموں کو تحلیل کرتے ہیں اور دردوں کو تسکین دیتے ہیں - (غیر سمی) |
| ۱۱۹ | بسکھپرہ | دوا سبت | جندقوقا | سبز | . | ایک گھانس ہے جسکے پتے چوڑے اور لانبے ہوتے ہیں اور زرد بخشا پھول | گرم و خشک ۲ | قابض ہے اور ریاح پیدا کرتا ہے | . | رطبہ | ۲ ماشہ تا ۷ ماشہ | مادہ کو نرم کرتا ہے اور فساد بلغم و صفرا اور پھوڑوں کو دفع کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور بعض اعضا کے ورموں کو دور کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۲۰ | بکاین | آزاد درخت | بان | پتے سبز پھول زرد | تلخ | ایک درخت ہے بہت بڑا جسکی لکڑی بہت نرم ہوتی ہے اور پھل کم ہوتا ہے | گرم و خشک ۳ | جگر و معدہ کو | سونف | سلیخہ و ثمر بکاین | تولہ | مفتح مسام ہے اور محلل ریاح اور پیشاب لاتا ہے اور کوڑھ اور سفید داغ اور کنٹھ مالا اور ورموں کو اور زخموں اور امراض جلدی کو نافع ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور اسکا ضماد پتے لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا منجن دانتوں کو قوت بخشتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۲۱ | بکاین کے پھل | بار درخت آزاد | حب البان ثمر البان | سیاہ | تلخ باد بینت | بکاین کا پھل ہے گول | گرم و خشک ۲ | جگر و معدہ | سونف | املباس و بھیلمھ | ۷ ماشہ | جگر کے سدہ کو کھولتا ہے اور بلغم و سودا کو براہ دست نکالتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور طحال کے درد کو نافع ہے اور بواسیر اور جگر کی سختی اور خشک و تر کھجلی کو دفع کرتا ہے اور اسکا روغن پٹھوں کے اینٹھنے کو مفید ہے - (غیر سمی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۲ | بکن | . | . | سبز | . | ایک گھانس ہے ہند میں | گرم و خشک | . | . | . | . | اسکے پتے پینے سے عفنی بخار اور بلغمی بخار اور سردی کی کھانسی دفع ہوتی ہے اور پیشاب بند ہو جانے اور سوزاک اور پتھری کو دور کرتا ہے اور اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور پھوڑے کو پکاتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۲۳ | بلائی کند دماری کند | . | . | سفید | شیرین و تیز و تلخ | ایک جڑ ہے پہاڑی گول اور بہت بڑی | گرم و خشک | صفرا جوش میں لاتا ہے | . | . | . | بھوک لاتا ہے اور اعضا کو قوت بخشتا ہے اور باہ لاتا ہے اور ریاح اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہے اور بیٹھے جریان اور پیٹ کے کیڑوں کو مفید ہے اور سبزی اسکی کھانا خوب کھلاتی ہے اور جذام یعنی کوڑھ کو دفع کرتی ہے اور اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۲۴ | بلور | بلور | البلور | سفید براق | بدمزہ | ایک قسم کا آئینہ ایسا پتھر ہے | سرد و خشک | . | . | . | . | اسکا سرمہ جرب و سیلان و بیاض چشم کو مفید ہے اور اسکا گلے میں لٹکانا لڑکوں کے رعشہ اور نیند سے چونکنے کو بالخاصہ مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۱۲۵ | بتھوا | مسلمہ | قطف | سبز | پھیکا بدمزہ | ایک ساگ ہے مشہور | سرد و تر ۲ | سرد مزاج والوں کو اور ریاح پیدا کرتا ہے | گرم مصالحہ | پالک | . | جلد ہضم ہوتا ہے اور خلط صالح پیدا کرتا ہے جگر گرم کے موافق ہے اور گرم مزاج والوں کو بھی موافق ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے اور اسکے بیجوں کا ساگ سدہ کھولتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے اور پتھری توڑتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۲۶ | بتھوے کے بیج | تخم مسلمہ | بزر القطف | سیاہ | پھیکے | مشہور ہے | گرم و خشک ۱ | گرم مزاج والوں کو | گلاب و قند | پالک کے بیج | ۵ ماشہ | سدہ کھولتے ہیں اور دست آور ہیں اور مادہ کو تحلیل کرتے ہیں اور پاک کرتے ہیں اور جگر اور کانور اور بہت دیر میں پیشاب ہونے اور قطرہ قطرہ پیشاب آنے کو اور ضعف گردہ و مثانہ کو مفید ہے اور باہ لاتا ہے اور بالخاصہ محرک باہ ہے - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۷ | بجورا | ترنج | اترج | زرد سرخی مائل | کھٹا | مشہور ہے | پوست گرم و خشک ۲ و تخم سرد و تر ۲ و تخم گرم و خشک | درد سر لاتا ہے اور گرم مزاج والونکو | بنفشہ و شربت انجیر | آب نارنج و لیمو | ۰ | لطافت بخشتا ہے اور دل کو قوت دیتا ہے اور قابض ہے اور قے صفراوی اور جوش صفرا کو تسکین دیتا ہے اور خفقان اور تشنگی اور صفراوی دستون کو کھوتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور روح کو صاف کرتا ہے اور صفراوی الجزون کو نہین چڑھنے دیتا اور اسکے بیج بچھو کے کاٹے کو مفید ہین اور مربے اسکا نہایت لذیذ ہوتا ہے اور تمام افعال مین قوی ہے اور رب بھی عمدہ ہوتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۲۸ | بنفشہ | بنفشہ | بنفسج و فرفیر | سبز و سیاہی مائل | پھیکا | ایک کوہی گھانس ہے جسکے پتے و پھول مستعمل ہین | سرد و تر ۱ و نزد بعضے گرم و خشک ۲ | ضعف قلب و کرب لاتا ہے | رب السوس و گل سرخ و بہی | نیلوفر و خبازی | ۲ ماشہ | باتحاشہ مادہ صفراوی کو براہ دست نکالتا ہے بآسانی اور پیاس اور خون کی حدت اور سینہ و حلق کے کھرکھرانے کو تسکین دیتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے اور سوزش مثانہ کو دور کرتا ہے اور کھانسی کو نافع ہے اور نیند لاتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۲۹ | بہمن | بہمن | الحبظر | سفید مائل بسرخی | پھیکا و قدرے تلخ | ایک درخت کا پھل ہے جسکو فارسی مین تیم کہتے ہین | گرم و خشک ۲ | درد سر لاتا ہے اور بیداری لاتا ہے | کتیرا بہی گل سرخ | بادام تلخ و بستہ | ۲ ماشہ تا ۹ ماشہ | آواز سینہ کو صاف کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور درد کو تسکین دیتا ہے اور حواس و جگر و طحال کو قوت دیتا ہے اور فرحت لاتا ہے اور باہ لاتا ہے اور حرکت دیتا ہے اور اخلاط کو صاف کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور مادہ کو تحلیل کرتا ہے اور نفخ کو اور فالج و لقوہ و استرخا و مالیخولیاے مراقی کو نافع ہے - (غیر سمی) |
| ۱۳۰ | بنولہ | پنبہ دانہ | حب القطن | باہر سفید اندر سیاہ | قدرے تلخ | روئی کے اندر جو بیج ہے مشہور | گرم و تر ۲ | گردہ | خمیرہ بنفشہ و قند سفید | تخم قرطم | گری ۲ ماشہ | باہ لاتا ہے اور امساک کرتا ہے اور مادہ کو تحلیل کرتا ہے اور پیٹ و سینہ کو نرم کرتا ہے اور گرمی کی کھانسی کو دفع کرتا ہے اور اختناق رحم کو مفید ہے اور منی کو گاڑھا کرتا ہے اور دودھ بھی پیدا کرتا ہے اور اسکی گری پینا باہ کو حرکت دیتا ہے اور اسکا روغن آلہ تناسل پر ملنا محرک باہ ہے اور اسکا روغن ملنا چھائین اور سیاہ داغ اور چھیپ لگنے اور زخمون کو دور کرتا ہے اور اسکے پتے دوغ مین جوش کرکے آنکھ کے اوپر باندھین تو آنکھ دکھنے کو مفید ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۱ | بنیالہ | ۰ | ۰ | بھورا و قدرے سرخ | چاشنی دار و ترش | ایک پھل ہے زیادہ تر بنگالہ مین ہوتا ہے برابر اور ہمشکل آلو کے | سرد و تر ۲ | بخار لاتا ہے اور بلغمی مزاجونکو مضر ہے | شہد و نمک | ۰ | ۰ | صفرا کو تسکین دیتا ہے اور صفراوی مزاج والونکو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۱۳۲ | بوٹی شیخ فرید | ۰ | ۰ | سبز | پھیکا | ایک گھانس ہے مشہور | سرد و نزد بعضے گرم | دیر ہضم | ۰ | ۰ | ۰ | بلغمی بخار اور پیٹ کے درد کو نافع ہے اور ٹوٹی ہڈی کو جوڑتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے - (غیر سمی) |
| ۱۳۳ | بودار چمڑا | چرم بوا | بلغار | سیاہ | کھایا نہین جاتا | ایک قسم کا چمڑا مشہور ہے | سرد و خشک ۱ | باہ | مصطگی | ریشم سوختہ | ۰ | جلایا ہوا زخمون کو بھر لاتا ہے اور اسکے برتن مین پانی پینا خفقان کو بالخاصہ مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۱۳۴ | بول | ۰ | رکی | سرخ | پھیکا و تلخ | ایک درخت کا گوند ہے جسکی لکڑی کے نیزے بناتے ہین | گرم ۳ خشک ۲ | گرم مزاج والونکو اور مثانہ کو | شہد | صبر قسط تلخ | ۱ تا ۲ ماشہ | جلا کرتا ہے اور مادہ کو خشک کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور سردی کے ورم کو بھی تحلیل کرتا ہے اور قابض ہے اور دماغ کو پاک کرتا ہے اگر اسکی ناس لیجاے اور پیشاب لاتا ہے اور دست بھی لاتا ہے اور آنتون مین پھسلن پیدا کرتا ہے اور پیٹ کے کیڑے نکالتا ہے اور درد گردہ اور درد مفاصل یعنی جوڑ بند کو اور دمہ اور کھانسی و رنجش ریحی و بلغمی کو نافع ہے اور دستون کو اور سرد زہر کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۱۳۵ | بونٹ | نخود سبز | حمص اخضر | سبز | پھیکا خوش مزہ | مشہور ہے یعنے کچے چنے ہرے | سرد و خشک ۱ | نفاخ | نمک | ۰ | ۰ | خون اور بلغم اور صفرا بڑھاتا ہے اور بدن و باہ کو قوت بخشتا ہے اور ممسک ہے اور بقول صاحب عجائب المخلوقات کے بونٹ کھانا بوے دہن کو نیک کرتا ہے یعنے گندہ دہنی کو کھوتا ہے اور بونٹ کا پلاؤ عمدہ پکتا ہے اور بونٹ شہد مین پکے ہوئے مقوی باہ و مقوی بدن ہین - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ١٣٦ | بھانگ | بنگ | قنب و ورق الخیال | سبز و کھرکھری | تلخ و تیز | ایک گھانس مشہور ہی اسکی شاخین ہی اسکے پتے مستعمل ہین | گرم و خشک ۲ | درد سر لاتا ہی | آلوکرا و ترش انار | . | ۱ ماشہ | امساک کرتا ہی اور بد حواسی لاتا ہی اور منی کو خشک کرتا ہی اور دماغی ارواح کو مکدر کرتا ہی اور نشہ لاتا ہی اور رطوبات معدہ کو جذب کرتا ہی اور ورم کو تحلیل کرتا ہی - ( نزد بعضے سم ہی ) |
| ١٣٧ | بھانگ کے بیج | تخم بنگ | بزر القنب | سیاہ | تلخ | مشہور | گرم و خشک ۲ | معدہ کو | . | . | ۳ ماشہ | پیشاب لاتا ہی اور امساک کرتا ہی اور منی کو خشک کرتا ہی اور باہ کو توڑتا ہی اور بینائی کم کرتا ہی اور پیٹ کو تنگ کرتا ہی اور نشہ لاتا ہی - ( غیر سمی ) |
| ١٣٨ | بھٹکٹیہ | بادنگان دشتی | بادنجان بری و حدق | پتے سبز خاردار و پھول ارغوانی و سپید و زرد و پھل | تلخ کل | ایک درخت ہی مشابہ بیگن کے درخت کے خاردار ایک گز تک اونچا - | گرم و خشک ۲ | کرب لاتا ہی | سکنجبین | اشترخار | ۳ ماشہ | اسکے پھل کا لیپ بلغمی ورمون کو خوب تحلیل کرتا ہی اور نافع ہی اور اسکے کھانے سے کھانسی و درد سینہ دور ہوتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور بد حواسی لاتا ہی اور ہاضم ہی اور اسکے پتے بواسیر کو نافع ہین اور اسکی جڑ کا سفوف ہمراہ شکر سرخ و دودھ گاے کے ممسک قوی ہی - ( غیر سمی ) |
| ١٣٩ | بہیدانہ و بہدانہ | بہیدانہ و بہدانہ | حب السفرجل | سیاہ و سرخ | پھیکا لسدار | بہی کے بیج مشہور ہین | سرد و تر - ۲ | معدہ ضعیف کو اور سترخی کرتے ہین | سونف و شکر | اسبغول | ۲ ماشہ | اسکا لعاب حلق کے کھرکھرانے اور گرمی کی کھانسی کو مفید ہی اور حرارت معدہ کو تسکین دیتا ہی اور جوڑی بخار اور سوزش و خشکی منہ و زبان کو دفع کرتا ہی اور سل کے زخم کو مفید ہی اور آنتون کی خراش اور اکثر امراض صفراوی کو نافع ہی - ( غیر سمی ) |
| ١٤٠ | بھلانوان | بلادر | حب القلم و حب القلب | تازہ بنفشی خشک سیاہ | نہایت تلخ | ایک پہاڑی درخت کا پھل ہی جسکی شکل قدرے گول اور لانبا اور اسکے بیچ کی گری شکل مغز بادام کے ہوتی ہی | گرم و خشک ۳ | جنون و برص پیدا کرتا ہی | ناریل تازہ و کنجد مقشر اور اشجو | روغن بلسان و فندق | ۱/۲ ماشہ | گرمی کرتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور لطافت کرتا ہی اور جلد مین زخم کرتا ہی اور سرد بیماریونکو مثل فالج و لقوہ و رعشہ و سلس البول کے نافع ہی اور باہ زیادہ کرتا ہی اور ریاح اور سدہ کو دفع کرتا ہی - ( قریب سم ) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ١٤١ | | بہمن سفید | . | سفید | پھیکی | ایک جڑ مشہور لعابدار | گرم و خشک ۲ | گرم مزاجوں کو | عناب و کتیرا | تودری و اندرجو | ۹ ماشہ | باہ لاتی ہی اور بدن کو فربہ کرتی ہی اور گرمی زیادہ پیدا کرتی ہی اور دل کو قوت دیتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور بلغم کو بھی اور خفقان و کانوں کو نافع ہی اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑ پھینکتی ہی اور زخم کو پاک کرتی ہی - ( غیر سمی ) |
| ١٤٢ | | بہمن سرخ | . | سرخ | پھیکی یا قدرے شیرین | مشہور ایک جڑ ہے | گرم خشک ۲ | اسفل کو | عناب و انیسون | اندرجو و موصلی | ۹ ماشہ | دل و دماغ کو قوت بخشتی ہی اور باہ لاتی ہی اور بدن کو فربہ کرتی ہی اور خون کو صاف کرتی ہی اور خفقان کو دور کرتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی - ( غیر سمی ) |
| ١٤٣ | بھنگرا | . | . | سبز | تلخ و تیز | ایک قسم کی گھانس ہے ہند میں | گرم و خشک ۲ | . | . | برگ بید انجیر | . | اسکے پتوں کا پانی بینائی اور باہ کو قوت دیتا ہی اور بلغمی رطوبات کو اور طحال کی سختی اور جذام اور قولنج کو مفید ہی اور اسکی کلی امراض دہن اور دانتوں کے درد کو دفع کرتی ہی - ( غیر سمی ) |
| ١٤٤ | بھنڈی | . | بامیاہ بامیہ | سبز بیج سیاہ | پھیکی لعابدار | ایک ترکاری ہی کہ شکل لانبی چار پہل ہی | سرد و تر - ۲ | بلغم پیدا کرتی ہی اور سرد مزاجونکو | گرم مصالح | خطمی کے بیج گل عباسی | . | قلیل الغذا ہی اور صفرا کو دفع کرتی ہی اور منی کو پیدا کرتی اور گاڑھا کرتی ہی اور آنتون کی خراش اور جریان و سوزاک کو مفید ہی اور باہ کو قوت دیتی ہی اور اسکی جڑ کا سفوف سوزاک کے لیے نافع ہی - ( غیر سمی ) |
| ١٤٥ | پھوٹ | خیار دشتی | قثاء البر | سبز | . | ایک پھل ہی دراز شکل ککڑی کی قدرے گول برسات میں ہوتا ہی | سرد و تر ۱ | نفاخ ہی اور جلد ہضم ہو جاتا ہی | قند سفید و جوارش حارہ | خربزہ خام | . | دل و دماغ کو قوت دیتا ہی اور بلغمی بخار پیدا کرتا ہی اور دماغی سدہ کھولتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی - ( غیر سمی ) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴۶ | بھون پھلی | . | . | سبز | تلخ و تیز | ایک گھانس ہے قسم بوٹی سے جسکے پتے باریک ہین | سرد و خشک | . | . | . | . | باہ کو قوت بخشتی ہے اور منی پیدا کرتی ہے اور اسکو گاڑھا کرتی ہے اور سوزاک کو نافع ہے اور درد و منی یعنے منی جاری ہونے کو مفید ہے ۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۷ | بھوسی | سبوس | نخالہ | سفید | پھیکی | صرف بھوسی سے مراد گیہون کی بھوسی ہوتی ہے | گرم و خشک ۱ | کبد یعنے جگر کو | نشاستہ | آرد جو | . | ورم ہون اور بلغم کو تحلیل کرتی ہے اور مادہ سے پاک کرتی ہے اور جلا کرتی ہے اور سینہ و پیٹ کو نرم کرتی ہے اور سینہ کے کھر کھرانے کو اور پرانی کھانسی اور دمہ اور غلیظ ریاح اور نفخ کو مفید ہے اور اسکی سینک نمک کے ہمراہ مسام کھولتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے ۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۸ | بہیڑہ | بلیلہ | بلیلج | بھورا زردی مائل | بکٹھا | ایک پھل ہے مثل ہڑ کے | سرد و خشک ۲ | مقعد | شکر و شہد | آملہ و ہلیلۂ سیاہ | ۱۰ ماشہ | لطافت کرتا ہے اور قابض ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور بالخاصہ مادۂ سوداوی کو براہ دست نکالتا ہے اور بالطبع مادۂ صفراوی کو نکالتا ہے اور پرانے دستون اور درد سر اور بواسیر کو نافع ہے اور آنکھون اور دماغ کو قوت بخشتا ہے ۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۹ | بہی | بہدانہ | سفرجل | زرد و سفید | شیرین و چاشنی دار | ایک ولایتی میوہ ہے کہ تازہ و تر مستعمل ہے | شیرین و معتدل چاشنی دار سرد و خشک ۱ | سردی بہت لاتی ہے اور قولنج پیدا کرتی ہے | شہد و انیسون | امرود و سیب | . | فرحت لاتی ہے اور معدہ و دل و دماغ کو قوت بخشتی ہے اور روح حیوانی و نفسانی کو فرحت بہت دیتی ہے اور وسواس و خفقان کو دور کرتی ہے اور قابض ہے اور پیشاب و دودھ جاری کرتی ہے اور خشک کھانسی کو مفید ہے ۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۰ | بیج بند | . | . | سیاہ چمکدار | . | . | سرد و خشک ۱ | نفاخ و دیر ہضم | شکر | تخم اوٹنگن | ۵ ماشہ | امساک کرتا ہے اور منی خوب پیدا کرتا ہے اور پیٹھ و کمر کو قوت بخشتا ہے اور قوی کرتا ہے ۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵۱ | | بید مشک و بہرامج | خلاف بلخی | سبز | تیز و تیز بو | ایک درخت ہے جسکے پتے بید سادہ سے نازک اور چوڑے ہوتے ہین | سرد و تر ۱ | . | . | عرق نیلوفر | . | محلل ہے اور لطافت کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اگر دماغی ہو اور گرمی کے درد کو تسکین دیتا ہے اور دل اور شکمی اعضا اور باہ کو قوت دیتا ہے اور عرق اسکا قوی تر ہے کل افعال مین اور زیادہ تر عرق ہی مستعمل ہے ۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۲ | | بید سادہ | خلاف | سبز و سفید | تلخ و تیز بو | یہ بھی ایک درخت ہے مشابہ بید مشک کے اکثر نہر و چشمہ کنارہ کا عمدہ ہوتا ہے | سرد و خشک ۱ | ترکمر | گلاب و شکر | نیلوفر و گل حنا | ۷ ماشہ و عرق ۵ تولہ | لطافت طبیعت کو لاتا ہے اور دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے اور جگر کا سدہ کھولتا ہے اور خفقان و پیاس و تپ بخار و بخار محرقہ کو دفع کرتا ہے اور خونی دستون کو بند کرتا ہے اور اسکا بھی عرق کل افعال مین عمدہ ہے ۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۳ | بیر بہوٹی | کرم عروسک | کاغنہ | نہایت سرخ [illegible] | بدمزہ | ایک کیڑہ ہے کہ شروع برسات مین ہوتا ہے اور پھر کم ہو جاتا ہے | گرم و خشک ۳ | حمل گرا دیتا ہے | روغن | خراطین | ایک عدد | بلغمی امراض اور فالج و لقوہ کو مفید ہے اور اسکا لیپ قوت باہ اور امساک اور فربہی آلہ تناسل کو نہایت مفید ہے اور اسکا تیل نہایت قوی ہے ۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۴ | بیر | . | کنار | سبز و سرخ و زرد | ترش و شیرین | ایک درخت کا پھل ہے اور اسکا درخت خاردار ہے | سرد و خشک | سرد مزاج والونکو اور دماغ و معدے کو | سکنجبین و گلقند | سیب | . | قلیل الغذا صالح الکیموس اور زردی گرمی کو بجھاتا ہے اور ترش دماغ پر ابخرہ چڑھنے نہین دیتا ہے اور صفرا و پیاس کو دفع کرتا ہے اور اسکا پانی جگر کا سدہ کھولتا ہے اور آنتون اور معدے کے کیڑے مارتا ہے اور اسکی لکڑی کا برادہ خون بہنے کو بند کرتا ہے اور آنتون کے زخم اور دستون کو نافع ہے اور اسکے پتون کا لیپ ورم حار کو پکاتا ہے اور پتونکے جوشاندے کا پاشویہ دماغ پر ابخرات چڑھنے نہین دیتا ہے ۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵۵ | بیگن | بادنگان | باذنجان | اودا و سفید | پھیکا | ایک درخت کا پھل ہے مشہور | گرم و خشک ۲ | سودا پیدا کرتا ہے اور بواسیر و قبض لاتا ہے | گوشت و روغن و سرکہ | ۰ | ۰ | معدے کو قوی کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور سختیوں کو نرم کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور گرمی کے دردوں کو بالخاصہ تسکین دیتا ہے اور قلیل الغذا کثیر الفضول ہے اور بیگن کا سر گھس کر لگانا بواسیر کو بالخاصہ مفید ہے اور ہمراہ آنبہ ہلدی کے اسکو تراش کے سینکنا چوٹ کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۶ | بل | ۰ | ۰ | سبز و زرد [illegible] زرد و سرخ | غیر پختہ [illegible] خوشبودار | ایک پھل ہے برابر خربزہ کے | گرم ۱ خشک ۲ | سدہ لاتا ہے اور بواسیر پیدا کرتا ہے | شکر | ۰ | تولہ تا ۳ تولہ | آنتوں اور جگر اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور قابض ہے اور پرانے دستوں کو بند کرتا ہے اور آنتوں کو اور رطوبت کو دفع کرتا ہے اور بالخاصہ دافع قبض ہے اور اسکا لیپ جلد میں دانہ پیدا کرتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۷ | بیت | خران | خیزران | زرد و سرخ و سبز | پھیکا | ایک درخت جھاڑدار مثل بانس کے کئی قسم کا ہوتا ہے ایک قسم کی لکڑی سے فرنگی چھڑی بناتے ہین | گرم تر | خشکی لاتا ہے | روغن | بارہ سنگھا | ۲ ماشہ | پتھری کو توڑتا ہے اور مادہ کو آفت رسیدہ عضو پر گرنے نہین دیتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور اس کا پانی نچوڑ کے پینا خون کو روکتا ہے اگر بہتا ہو۔ (غیر سمی) |
| | | | | | | | | | | | | **باب الباء الفارسیہ** — اسمین اٹھائیس (۲۸) دوائیاں ہین۔ |
| ۱۵۸ | پاپڑی نون | بورہ ارمنی | بورق | سفید | شور | ایک قسم کا نمک ہے ہلکا اور جالی دار | گرم و خشک ۳ | معدہ کو اور غشی لاتا ہے | مصطگی و صمغ عربی | نمک اندرانی | ۵ ماشہ | ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور ظاہر جلد کو سرخ کرتا ہے اور خون کو ظاہر کی طرف جذب کرتا ہے اور قولنج کو دفع کرتا ہے اور باہ کو حرکت دیتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور بلغم غلیظ براہ دست نکالتا ہے اور سرمہ اسکا ہمراہ شہد کے حدت بصر کو مفید ہے اور چنبیلی کے تیل مین آلہ تناسل و اسکے اطراف پر ملنا قوی محرک باہ ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵۹ | پارہ | سیماب | زیبق | سفید و شفاف | ۰ | ایک معدنی جسم سیال ہے | سرد ۲ تر ۳ | پٹھوں کو اور ذہن کو | دودھ و مرغن شوربا | سیسہ پگھلا ہوا | ۲ ماشہ | گوشت کے ہمراہ کھانا صحت بدنی کو قائم رکھتا ہے اور پٹھوں اور قوت ہاضمہ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور تر کھجلی کو مفید ہے اور زخموں کو اور آتشک کو بھی مفید ہے اور اسکا دھواں رعشہ پیدا کرتا ہے اور اسکا کشتہ کوڑھ پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۰ | پاکر | ۰ | ۰ | سبز و بھورا | بدمزہ | ایک درخت ہے بہت بڑا سایہ دار جسمین سے دودھ بھی نکلتا ہے | سرد تر ۱ | ۰ | ۰ | ۰ | ۹ ماشہ | پھوڑے پھنسیوں اور بعض اعضا کی سوجن اور فساد بلغم کو مفید ہے اور اسکا پھل صفرا کو دفع کرتا ہے اور اسکا مغز طحال کے لیے مجرب ہے اور اسکا دودھ عضو آفت رسیدہ مین مادہ کو نہین آنے دیتا ہے اور تحلیل کرتا ہے اور اسکا پھل افسردہ دل کو قوت بخشتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور صفرا کو قطع کرتا ہے (غیر سمی) |
| ۱۶۱ | پالک | اسپاناخ | اسفاناخ | سبز | بدمزہ | ایک قسم کا ساگ ہے مشہور | سرد ۲ تر ۱ | درد لاتا ہے اور سرد مزاج والونکو مضر ہے | گوشت و روغن بادام | خرفہ و کدو | ۳ تولہ | طبیعت کو نرم کرتا ہے اور مادہ گرنے کو روکتا ہے اور جلد ہضم ہوتا ہے اور معدہ کی سوزش اور پیاس اور گرمی کے بخاروں کو مفید ہے اور پتھری مثانہ و گردہ کی توڑتا ہے اور پیشاب بند ہو جانے کو مفید ہے اور گرم مزاج والونکو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۲ | پالک کے بیج | تخم اسپاناخ | بزر الاسفاناخ | بھورا زردی مائل | پھیکا | ایک مشہور ساگ کا بیج ہے تکونہ | سرد و تر ۲ | طحال | گل مختوم | تخم خرفہ | ۷ ماشہ تا ۹ ماشہ | درد دل اور اعضای شکمی کے دردوں اور گرمی کے بخاروں کو مفید ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور پیاس اور سوزش معدہ کو تسکین دیتا ہے اور اسکا شیرہ تپ دق و سل کے لیے مجرب ہے اور پیشاب بند ہو جانے کے لیے نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۳ | پالک جوہی | ۰ | ۰ | سبز و بھوری | پتے و درخت تلخ | ایک گھانس ہے جسکے پتے پالک سے چوڑے و لانبے ہوتے ہین | گرم و تر | ۰ | ۰ | ۰ | ۹ ماشہ | آنکھ کے پپوٹوں کے رانگ کا طلا سیاہ داغ اور داد اور چہرے کی سیاہی کو مفید ہے اور اسکی جڑ کا پوست ہمراہ لونگ اور کالے زیرے کے ایک ایک تولہ اور لہسن ایک جوا پانی یا سرکہ مین پیس کے لگانا داد اور سیاہ داغ کے لیے مجرب ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ١٦٤ | پان | تنبول | تان | سبز | قدرے تلخ و تیز | ایک پتا ہی کہ بیل مین لگتاہی اور بہت قسم کا ہوتاہی اور زرد زیادہ بھی ہی | دساوری معتدل و بنگلہ گرم وخشک ٢ | گرم مزاج والونکو نہار منھ | الائچی سفید وکتھہ وڈلی | لونگ | ٧ ماشہ ایک مرتبہ | طبیعت کو فرحت دیتاہی اور دل وجگر ومعدہ ودماغ وقوت حافظہ وفہم کو قوی کرتاہے اور نشاط لاتاہی اور مسام وسدہ کھولتاہی اور پیشاب لاتاہی اور فضلات کو چھانٹتاہی اور جھوٹی پیاس کو تسکین دیتاہی اور آواز وگلے کو صاف کرتاہی اور اسکے چبانے سے دانتون کا درد اور منھ کی بدبو دفع ہوتی ہی اور منھ کی رطوبت چھانٹتاہی اور باہ کو قوت دیتاہی اور بھوک لاتاہی - (غیر سمی) |
| ١٦٥ | پاہ | . | . | مختلف رنگ سیاہ وسفید | پھیکا | ایک کالی چیز ہی پتھری قسم سے گجرات مین عمدہ اور زائد ہوتی ہی | گرم وخشک ٣ | . | . | . | . | عورتون کے اندام نہانی کی رطوبت کو دفع کرتی ہی اور خون استحاضہ کو بند کرتی ہی اور اسکا لیپ امراض چشم کو مفید ہی - (قریب بسم) |
| ١٦٦ | پپوٹن | . | . | سبز | تلخ | ایک گھانس ہی ہند مین مشہور | گرم وخشک ١ | . | . | . | . | اسکے پتے ورمون کو تحلیل کرتے ہین اور اسکی جڑ پانی مین پیس کے لگانا زخمون کو اور ناسور کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ١٦٧ | پیپلی وپیپل دراز | فلفل دراز | دار فلفل | بھورا | قدرے تلخ وخوب تیز | ایک درخت کا پھل ہی مشابہ شہتوت کے | گرم وخشک ٢ | سرکو اوردرد سرلاتا ہی | صمغ عربی و صندل | سونٹھ و زنجبیل | ٤ ماشہ | بلغمی مواد اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور جگر وطحال کا سدہ توڑتی ہی اور کھانا ہضم کرتی ہی اور معدہ اور کمر کو قوت دیتی ہی اور اعضائے شکمی مین گرمی پیدا کرتی ہی اور باہ کو حرکت دیتی ہی اور پیشاب وحیض کو جاری کرتی ہی اور حمل کو ساقط کرتی ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ١٦٨ | پیپلا مول | فلفل سویہ | اصل الفلفل | سیاہ و بھوری | قدرے تلخ وتیز | ایک گودار جڑی ہی درخت پیپلی کی | گرم وخشک | گرم مزاج والیکو اور بینائی کو اور منی کو کم کرتی ہی | صمغ عربی و شہد | سونچال شیرین ومغز تخم حنظل | ٤ ماشہ | اسکا چبانا رطوبت منھ کی چھانٹتاہی اور بلغم کو دفع کرتی ہی اور ہاضم ہی اور بھوک لاتی ہی اور معدے کی گرمی کو ابھارتی ہی اور قولنج اور تشنج اور طحال کے ورم اور سردی کے ورمون کو نافع ہی اور ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور سدہ کھولتی ہی اور باوجود کم کرنے منی کے باہ زیادہ کرتی ہی - (غیر سمی) |
| ١٦٩ | پپیتہ و ارنڈ خربزہ | . | . | سبز زرد وسرخ | خام تلخ و پختہ شیرین یا قدرے بدمزگی | ایک درخت کا پھل ہی برابر خربزہ کے اور اسکے درخت کے پتے مثل ارنڈ کے ہوتے ہین | سرد وتر ٢ | سرد و بلغمی مزاج والیکو | شکر | انجیر ہندی | ٤ ماشہ | منھ سے خون آنے کو اور گرمی کی بواسیر کو اور دل ومعدہ کی سوزش کو مفید ہی اور اسکا دودھ داد پر لگانا نفع کرتاہی اور اسکا پھل آتشک کو مفید ہی اور اسکا پختہ پھل کھانا یا خام کا اچار امراض طحال کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ١٧٠ | پپیتہ پپیہ | پپیتہ | . | بھورا سیاہ | تلخ | ایک پھل کے بیچ مین اور وہ پھل زرد آلو کے برابر ہوتا ہی اور بیج سے پھل ہوتے ہین | گرم وخشک ٣ | گرم مزاج والیکو اور تشنج لاتاہی | سبز کاسنی | دریائی ناریل | یکحبہ | زہرون کو مارتاہی اور اسکی راگ ہی اور ہیضہ کو نہایت مفید ہی اور مجرب ہی اگر ہمراہ گلاب کے پیس کر دیا جاوے فوراً قے ودست بند ہوجاتے ہین اور حیض کو جاری کرتاہی اور درد اور جلندرا ور ریاح اور گٹھیا کو نافع ہی - (قریب بسم) |
| ١٧١ | پٹول | . | . | سبز | قدرے تلخ وپھیکا | ایک پھل ہی جسکی بیل خاردار ہوتی ہی اور پھل برابر ترمزہ کے ہوتاہی | گرم ١ تر ٢ | گرم مزاج والے کو | دھنیا | کھیرا ککڑی | . | جلد ہضم ہوتاہی اور باہ لاتاہی اور بھوک کو بڑھاتاہی اور دل ومعدہ کو قوت دیتاہی اور کھانسی اور فساد خون وصفرا اور بخار پھوڑے پھنسی کو نافع ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتاہی اور گوشت کے ہمراہ لذیذ ہوتاہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۷۲ | پنّا | زمرد | زمرد | سبز براق | پھیکا | ایک قسم جواہرات سے ہے کانی مشہور | سرد ۲ خشک ۲ | مثانہ | مشک | مونگہ و زبرجد | ۲ سرخ | فرحت بخشتا ہے اور حرارت اصلی اور ارواح اور دل اور دماغ اور جگر اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور مرگی اور جنون اور خفقان اور جلندر اور کانور اور پیشاب دیر مین آنے کو اور کوڑھ کو دفع کرتا ہے اور بینائی کو اسکا سرمہ قوت بخشتا ہے اور کیڑون کے زہر کا مارگ ہے - (۳ سرخ سے زیادہ سم ہے) |
| ۱۷۳ | پہاہا | . | . | بھوری | تلخ بکٹھی | ایک جڑ ہے بڑی | گرم و خشک | . | . | سگند | ۳ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتی ہے اور باہ لاتی ہے اور فساد بلغم و خون اور جریان اور اکثر اعضا کے ورم اور گٹھیا اور عرق النسا کو دفع کرتی ہے - (غیر سمی) |
| ۱۷۴ | پستہ | پستہ | فستق | سبز اندر اور قدرے سرخ | پھیکا و قدرے شیرین و خوش مزہ | ایک ولایتی میوہ مشہور ہے بشکل کشمش کے الا اس سے سخت مع قدرے رطوبت | گرم ۱ خشک ۲ | . | سکنجبین و آلو | بادام | . | ذہن اور حافظہ اور دل اور دماغ اور معدہ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور خفقان اور قی اور تلی کو کھوتا ہے اور جگر کا سدہ کھولتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور گردہ کی لاغری کو اور جگر کی سردی کو دفع کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۷۵ | پستہ کا چھلکا | پوست پستہ | قشر الفستق | قدرے سرخ و مکدر | پھیکا و میٹھا | مشہور | سرد و خشک ۲ | . | . | . | ۳ ماشہ | قابض ہے اور منہ آنے کو نافع ہے اور قی اور ہچکی کو دفع کرتا ہے اور سدہ دانتون و مسوڑھون و قلب و دماغ کو قوت بخشتا ہے اور منہ کو خوشبودار کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۱۷۶ | بکھان بید | گوشاہ | جنطیانا | سرخ و قدرے سیاہ | تلخ | ایک جڑ ہے بقدر ایک بالشت کے | گرم و خشک ۲ | سینہ اور گرم مزاج والے کو | [illegible] | اسارون و زراوند مدحرج | ۳ ماشہ | قابض ہے اور لطافت کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور ورمون وغیرہ کو تحلیل کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور مادہ کو پاک کرتا ہے اور سردی کے دردون اور پسلی کے درد اور معدے کے درد کو تسکین دیتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور کانور اور پرمیو اور جریان کو مفید ہے اور مقوی باہ ہے اور اسکا لیپ سرکہ کے ہمراہ کانور کو نافع ہے اور دیوانہ کتے کے زہر اور اکثر زہرون کا مارگ ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۷۷ | بٹ پاپڑہ | شاہترہ | شاہترج | سبز یا سیاہی مائل | تلخ و قدرے تیز | ایک گھانس ہے مشہور | مرکب القوی و نزد شیخ سرد و تر ۱ | پھیپھڑے کو | کاسنی | سناء و ہلیلہ زرد | ۹ ماشہ | جگر اور طحال کا سدہ کھولتا ہے اور جگر و معدہ کو قوت دیتا ہے اور صفرا و سودا و بلغم کو براہ دست نکالتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور سوکھا شاہترہ تپ کہنہ اور امراض سوداوی کو مفید ہے اور کانور کو کھوتا ہے اور اسکے پتون کا آب مروق معدہ اور بھوک کو قوت دیتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے (غیر سمی) |
| ۱۷۸ | بٹ پاپڑے کے بیج | تخم شاہترہ | بزر شاہترج | سیاہ | تلخ | مشہور | معتدل مائل بحرارت | طحال | کاسنی و ہلیلہ زرد | سناء مکی | ۷ ماشہ تا ۹ ماشہ | معدے اور آنتون کو پاک کرتا ہے اور اُس فضلہ کو نکالتا ہے جو بند ہو اور خون و صفرا و سودا کو صاف کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور کانور کو نافع ہے اور اکثر امراض سودا کو فائدہ مند ہے - (غیر سمی) |
| ۱۷۹ | پتنگ | بکم | بقم | خوب سرخ | تلخ و شیرین و تیز بو | ایک درخت کی لکڑی ہے کہ خوب سرخ ہوتی ہے اور کپڑے اُس سے رنگے جاتے ہین | گرم و خشک ۲ و نزد طبیبان ہند سرد و خشک ۲ | ۱۰ تولہ قاتل ہے | سرد چیزین اور قی | . | ۵ ماشہ | الکی چپکی چھڑکنا زخمون اور پرانے پھوڑون کو بھر لاتا ہے اور بہتے خون کو بند کرتا ہے اور بہتے زخمون کی رطوبت کو خشک کرتا ہے اور رنگ رخسارہ کو صاف کرتا ہے اور اسکا پینا فساد بلغم و خون و پھوڑے پھنسی کو دفع کرتا ہے اور اسکے رنگے ہوئے کو پہننا باہ لاتا ہے - (سم قاتل) |
| ۱۸۰ | بھٹری | سنگدان و چینہ دان | قانصہ | سرخ اندر زرد | . | چڑیونکے دانے کا پوٹا گویا انکا معدہ ہے | گرم | قولنج لاتا ہے اور دیر ہضم ہے | سرکہ و نمک | مصطگی | ۲ ماشہ | اکثیر الغذا ہے اور خفقان کو کھوتی ہے اور جگر کو قوت دیتی ہے اور خون صالح پیدا کرتی ہے اور اسکے اندر کا پوست معدے کے درد اور قی اور مروڑ کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۱۸۱ | پتھری پھوڑی | . | . | سبز | قدرے تلخ | ایک گھانس ہے کہ پتھر پر اُگتی ہے | گرم خشک | . | . | . | تولہ | گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے اور پیشاب خوب جاری کرتی ہے - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸۲ | پنوارو چکونڈ | . | . | پتے سبز و پھول زرد | تیز | ایک گھانس ہے جسکے بیج برابر اور مشابہ موٹھ کے ہے | گرم و خشک ۲ | انٹریونکو | دوغ | بابچی | ۲ ماشہ | محلل ہے اور رطوبت کو جذب کرتی ہے اور لیموکے عرق کے ہمراہ اسکا لیپ سفید داغ اور داد اور سوکھی و تر کھجلی کو مفید ہے اور اس کا کھانا امراض وبائی سے اور ہولے وبائی سے محفوظ رکھتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۸۳ | پنیر | پنیر | جبن | سفید و زردی مائل | قدرے شور | دودھ حیوانات کا پھاڑ کر بناتے ہیں | سرد و تر ۲ | سرد مزاج والیکو اور پھوڑا پیدا کرتا ہے | شہد و پودینہ و صعتر | . | . | معدہ اور انتون اور گردہ کو قوت بخشتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور دیر ہضم ہے اور خلط صالح پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۸۴ | پنیر مایہ و چیسٹر و چاک | پنیر مایہ | انفحہ | سفید | پھیکا قدرے شور | شیر دار جانور کے معدے سے اکثر نکلتا ہے | گرم و خشک ۲ | معدہ و انتون کو | زرشک و شہد | . | ایک ماشہ | معدہ وگردہ کو قوت بخشتا ہے اور دستون کو بند کردیتا ہے اور نکسیر و رطوبت رحم کے بہنے کو بھی روکتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور محلل رطوبت ہے اور پیٹ و رحم کے درد کو فائدہ دیتا ہے اور زہر سے پھلائی ہوئی کو جما دیتا ہے اور جمی ہوئی کو پگھلاتا ہے اور جسنے مردار سنگ کھایا ہو اسکو پیئے تو مضرت دور ہوتی ہے اور ہر جانور کا پنیر مایہ اپنی خاصیت مین موافق مزاج اُس جانور کے ہے۔ گوشت کے بیان مین انشاءاللہ آویگا۔ (غیر سمی) |
| ۱۸۵ | پودینہ | پودینہ | فوتنج | سبز | قدرے تلخ و تیز و تیز بو | ایک قسم کی گھانس ہے مشہور اور کثیر الاستعمال ہے | گرم و خشک ۲ | انتون اور گردہ اور باہ کو | کتیرا و رب السوس | گندنا | ۷ ماشہ | لطافت کرتا ہے اور فضلات سینہ وگردہ کو پاک کرتا ہے اور کرب اور ہچکی کو مفید ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور پیشاب و پسینہ کو بہاتا ہے اور وضع حمل مین مدد دیتا ہے اور اسکے سونگھنے سے غشی رفع ہوتی ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸۶ | پودینہ پہاڑی | پودینہ کوہی | فوتنج جبلی | سبز قدرے سفید | خوب تیز و تیز بو | ایک پہاڑی گھانس ہے مثل پودینہ کے | گرم و خشک ۳ | پھیپھڑے کو | پودینہ | افتیمون و صعتر | ۵ ماشہ | بدن مین خوب گرمی بڑھاتا ہے اور پیشاب و حیض اور دودھ کو خوب جاری کرتا ہے اور سدہ کو توڑتا ہے اور سینہ اور پھیپھڑے کو پاک کرتا ہے اور جگر و معدہ و طحال کو قوت بخشتا ہے اور گردہ کو بھی قوت دیتا ہے اور منہ سے خون آنے کو بند کرتا ہے اور بلغم کو براہ دست نکالتا ہے اور قولنج کو نافع ہے اور ہمراہ سرکہ کے اسکا لیپ بلغمی ورمونکو تحلیل کرتا ہے اور پھوڑونکو خشک کرتا ہے (غیر سمی) |
| ۱۸۷ | | بوزیدان | مستعجلہ | سفید | قدرے شیرین | ایک جڑ ہے لانبی سخت جسکے اوپر خطوط ہوتے ہین | گرم و خشک ۲ | انثیین | شہد و رائی | بہمن و وج | ۲ ماشہ | باہ لاتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور گٹھیا اور نقرس یعنے پیر کی انگلی کے درد کو نافع ہے اور جگر و طحال کا سدہ کھولتی ہے اور معدہ کو مادۂ ردی سے پاک کرتی ہے اور حمل کو ساقط کرتی ہے اور جلد کو سفید ہے اور معدے کے کیڑے مارتی ہے اور سرد زہرون کی تریاق ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور بالخاصہ مادۂ صفراوی کو براہ دست نکالتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۸۸ | پوستہ | پوست خشخاش | قشر الخشخاش | سفید و مٹیالا | تلخ | خشخاش کا چھلکا ہے جسکو بوقت خامی کے گود کر افیون نکالتے ہین | سرد ۲ خشک ۱ | پھیپھڑے کو | شکر و مصطگی | افیون | ۲ ماشہ | عضو کو سست کرتا ہے اور مادہ کو پکاتا ہے اور دستونکو بند کرتا ہے خاصکر خونی و صفراوی دستون کو اور معدہ و مثانہ کی سوزش کو دور کرتا ہے اور نیند لاتا ہے اور کھانسی اور اکثر امراض سینہ کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۸۹ | | . | جوش دربندی | سیاہ | تلخ | آرمینا کے ملک مین گھانس ہے اسکی ٹکیاں بناتے ہین | سرد و خشک ۱ | . | . | رسوت و شیاف مامیثا | . | مواد کو پکاتا ہے اور آشوب چشم کو مفید ہے اور مادہ کو نرم کرتا ہے اور گرمی کے ورم اور جوڑ بند کے درد کو نافع ہے اور گرمی کے دردسر کو اسکا لیپ نفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹۰ | بوے | . | . | سبز و اودا | ترش و نادرتا تلخ | ایک بیل ہی جسکے پتے پان کے مشابہ ہوتے ہین | سرد وتر ۳ | بلغم پیدا کرتی ہی | شکر | . | . | نیند اور باہ لاتی ہی اور منی پیدا کرتی ہی اور حلق اور آواز کے آلات کو نرم کرتی ہی اور گرمی کے بخار کو نہین آنے دیتی اور آگ کے جلے کو مفید ہی اور اسکا لیپ آلہ تناسل پر امساک کرتا ہی – (غیر سمی) |
| ۱۹۱ | بوی مادران | | برنجاسف | پتے سبز و پھول زرد و سفید [illegible] | قدرے تلخ و تیز | ایک پہاڑی گھانس ہی جسکے پھول مثل سوئے کے چتردار ہوتے ہین | گرم و خشک ۲ | گردہ کو | انیسون | بابونہ افسنتین | ۲ ماشہ | لطافت بخشتا ہی اور مسام کھولتا ہی اور پیشاب وحیض کو جاری کرتا ہی اور پتھری توڑتا ہی اور معدے کے کیڑے مارتا ہی اور ورمون کو تحلیل کرتا ہی خاص کر رحم کے ورم کو – (غیر سمی) |
| ۱۹۲ | پھالسہ | پالسہ | فالسہ | سرخ و سیاہ | شیرین و ترش | ایک پھل بقدر چنے کے ہی اور اسکے پتے برابر توت کے پتون کے | سرد ۲ خشک ۱ | سرد مزاج والونکو | انیسون و گلقند | . | . | دل اور معدہ اور جگر گرم کو قوت بخشتا ہی اور صفراوی دستون اور قے اور ہچکی اور تشنگی کو دفع کرتا ہی اور بخار کی گرمی اور سینہ و معدہ و پیشاب کی سوزش کو اور سوزاک کو زائل کرتا ہی اور اسکا رب معدہ کو قوت دیتا ہی اور خفقان و انتلاج قلب کو دفع کرتا ہی اور حرارت و پیاس کو تسکین دیتا ہی اور اسکی جڑ کا پوست ریزہ ریزہ کرکے شب کو بھگوکے صبح کو اسکا زلال پینا سوزاک اور پیشاب کی سوزش کو دور کرتا ہی – (غیر سمی) |
| ۱۹۳ | پھٹکری | زاک سفید | زاج ابیض شب یمانی | سفید | کسیلا و قدرے شور | ایک معدنی نرم چیز ہی اور شفاف مثل بلور کے | گرم ۲ و خشک ۳ | پھیپھڑے و آنتونکو | گھی و دودھ | نوشادر و نمک سیاہ | ایکماشہ | خشکی لاتی ہی اور قابض ہی اور جلا کرتی ہی اور یہ ایک ماشہ ہمراہ ۴ ماشہ مصری اور پاؤبھر دودھ کے پینا واسطے زخم گردہ اور مثانہ اور سرد ذکر کے اور توڑنے پتھری گردہ و مثانہ کے مفید ہی اور اسکا حمول یعنے لتہ ہمراہ رانگ گندنا کے رکھنا رحم سے خون آنے کو نافع ہی اور آنکھ کے جالے و آشوب کو دفع کرتی ہی اور ہمراہ دودھ کے پینا چوٹ کے صدمہ کو نافع ہی – (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹۴ | پھول پھلی | . | . | سبز | تلخ | ایک قسم کی گھانس زمین پر چتہ مارکے لگتی ہی جسکے پتے باریک ہوتے ہین | سرد و خشک ۱ | اعضای سینہ کو | مصری | . | . | باہ کو قوت دیتی ہی اور منی کو پیدا کرتی ہی اور غلیظ یعنے گاڑھا کرتی ہی اور سوزاک و جریان منی کو نافع ہی اور پیشاب کی سوزش کو دفع کرتی ہی – (غیر سمی) |
| ۱۹۵ | پھون اہولہ | . | . | سبز زردی مائل | تلخ و کسیلا | ایک گھانس بالکل آنولہ کے مشابہ ہی | سرد ۱ | سرد مزاج والونکو | کالی مرچ | . | ۵ ماشہ | اسکا رنگ ناسور اور بڑے بڑے زخمون کو بھرتا ہی اور اسکا لیپ ہمراہ نمک کے خارش کو مفید ہی اور تنہا جوش کو بہت فائدہ مند ہی – (غیر سمی) |
| ۱۹۶ | پیاز | پیاز | بصل | سرخ و سفید | پھیکا و تیز | مشہور ہی | گرم و خشک ۳ مع رطوبت فضلیہ | گرم مزاجون کو اور پیاس و نسیان لاتی ہی | سرکہ و نمک و شہد | کاندر ولایت شامی | تولہ تا ۲ تولہ | معدہ و مسام کھولتی ہی اور بھوک بڑھاتی ہی اور ہاضم ہی اور باہ کو قوت دیتی ہی خصوصاً چکنے گوشت کے ہمراہ پکی ہوئی اور وبائی ہوائی مضرت کو دفع کرتی ہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور ورم اقسام چشم کو مفید ہی اور پیشاب حیض کو جاری کرتی ہی اور اسکو جلا کے لیپ کرنا سرد ورمون کو پکاتا ہی اور کھٹی ڈکار کو دفع کرتی ہی اور مضرت اختلاف آب وہوا کو مفید ہی – (غیر سمی) |
| ۱۹۷ | پیازکے بیج | تخم پیاز | بزر البصل | سیاہ | قدرے تلخ | مشہور ہی | گرم و خشک ۳ | گرم مزاج والونکو | . | تخم شلغم | ۳ ماشہ | سرد مزاج والون کو باہ زیادہ کرتے ہین اور سدہ کھولتے ہین اور بھوک لاتے ہین اور اسکا لیپ بال خورہ اور سیاہ داغ کو مفید ہی – (غیر سمی) |
| ۱۹۸ | پیاپانسر | . | . | سبز | تلخ و تیز | ایک ہندی گھانس ہی | سرد تر | . | . | . | . | بخار اور دمے کو دفع کرتا ہی اور شہد کے ہمراہ کھانا نکسیر اور منھ سے خون آنے کو بند کرتا ہی اور پیشاب و حیض جاری کرتا ہی اور بلغم کو چھانٹتا ہی اور بھوک لاتا ہی اور اسکی کلی کرنا دانتون کے درد کو مفید ہی اور اسکی جڑ کھانسی مین کام آتی ہی – (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹۹ | پیارانگا | . | . | زرد وسرخی مائل | تلخ | ایک جڑ ہے اکثر ہندوستان کے پورب میں ہوتی ہے | گرم وخشک ۲ مع رطوبت فضلیہ | | . | . | ۱- ماشہ | ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور درد سر کو نافع ہے اور ام الصبیان اور رتوندھی اور آنکھوں کی سرخی اور مکان کے درد اور دانتوں کے درد اور دمے کو دفع کرتا ہے اور دبہ کو مفید ہے اور سرد بیماریوں کو اسکا پینا مفید ہے اور قولنج اور پیٹ کے درد کو نافع ہے - (غیر سمی) |
| ۲۰۰ | پیٹھہ | کدوئے رومی | صحرہ | باہر سبز اندر سفید | پھیکا | ایک قسم کا کدو ہے | سرد ۲ تر ۱ | سرد مزاج والوں کو | مرچ و نمک و شکر | لوکی | . | خلط صالح پیدا کرتا ہے اور دل وجگر ومعدہ کی حرارت کو تسکین دیتا ہے اور گرمی کے خفقان کو مفید ہے اور منی زیادہ پیدا کرتا ہے اور فربہی لاتا ہے اور سل ودق والے کو نافع ہے اور اسکا مربا دل ودماغ کو قوت بخشتا ہے اور فرحت زائد کرتا ہے اور حرارت کو تسکین دیتا ہے - (غیر سمی) |
| ۲۰۱ | پیٹھہ کے بیج | تخم کدوئے رومی | بزر [illegible] | سفید | قدرے شیریں | مشہور ہے | سرد ۲ تر ۱ | سرد مزاج والوں کو | بادیان | تخم کدو | ایک تولہ | حرکت میں آئے ہوئے اخلاط کو اور صفرا کو اور جوش خون وحرارت جگر وپیاس کو تسکین دیتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور کھانسی اور اکثر مثانہ کی بیماریوں کو دفع کرتا ہے اور سل اور تپ دق کو نافع ہے اور اسکا تیل دماغ کی خشکی اور بیخوابی کو دور کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۲۰۲ | پیپل | . | . | سبز | کھٹا | ایک بہت بڑا درخت ہے جسکی ہندو پرستش کرتے ہیں | پتے اور چھال سرد وخشک وزرد پتے گرم وخشک | . | . | . | . | اسکی چھال کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور ناسور کو مفید ہے اور اسکے پتے بھی محلل ہیں اور زخم کو بھر لاتے ہیں اور سڑاتے ہیں اور وہ پتے جو خود بخود سوکھ کے گرتے ہیں گرما گرم پانی میں ڈال کے پینا متلی اور قے کو مفید ہے اور اسکی جڑ کی چھال امساک لاتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور کمر کو قوت بخشتی ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰۳ | پیلو | درخت مسواک | اراک | سبز و زرد | قدرے شور | ایک درخت ہے جسکی جڑ کی مسواک بناتے ہیں | گرم خشک ۲ | خراش و معدہ | کتیرا و اسپغول | کبوترہ و صندل | ۱-۳ ماشہ | جلا کرتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور بلغم چھانٹتا ہے اور مسام کھولتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور دستوں کو بند کرتا ہے اور رحم کے ورم کو بھی تحلیل کرتا ہے اور بواسیر وخارش وکوڑھ کو نافع ہے اور اسکی چھال صفرا اور بلغم کو براہ دست نکالتی ہے اور جلندر کو مفید ہے اور اسکی لکڑی کی مسواک دانتوں کو جلا دیتی ہے اور قوی کرتی ہے اور مسوڑھوں کو قوت بخشتی ہے - (غیر سمی) |
| ۲۰۴ | پیوسی | زہک و فلہ | لبا | سفید | پھیکا | وہ دودھ جو اول اول حیوان کے بچے جنے ہوئے سے دوہتے ہیں | سرد تر ۱ | سدہ لاتی ہے | شہد و مٹھاس | پنیر | . | بدن کو فربہ کرتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے گرم مزاج والوں کے اور قبض کرتی ہے اور قولنج پیدا کرتی ہے اور خلط خراب وغلیظ پیدا کرتی ہے اور دودھ کو جما دیتی ہے - (غیر سمی) |
| ۲۰۵ | پیتل | برنج | . | زرد | پھیکا | ایک قسم فلزات معدنی سے ہے | گرم ۱ خشک ۲ | پٹھوں کو | . | تانبا | . | فساد ریاح وبلغم کو دفع کرتا ہے اور آنکھ کے نور کو نفع کرتا ہے اور ورم طحال کو مفید ہے اور اسکے برتن کھانا پکانے وکھانے میں استعمال کرنا اعضائے دماغی کو مفید اور سینہ کو مضر ہے - (غیر سمی) |
| | | | | | | | باب التاء المثناة الفوقانیہ | | | | | اسمیں سینتیس دوائیاں ہیں - |
| ۲۰۶ | تاڑ | تال | طار | سرخ اندر سفید | قدرے شیریں وبدبو | ایک درخت ہے لانبا اور بزرگ مثل ناریل کے | خام سرد تر ۱ پختہ گرم وخشک تاڑی مرکب القوی | دیر ہضم و انفاخ | قند و عرق بیلہ | . | . | باہ کو قوت دیتا ہے اور فساد صفرا وخون کو دفع کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور ارواح کو قوت بخشتا ہے اور تاڑی اسکی نشہ لاتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور مقوی ہے اور فساد بلغم کو دفع کرتی ہے اور تاڑی کا سرکہ ہاضم ہے اور درد معدہ وطحال کو نافع ہے - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰۷ | تالمکھانا | ۰ | ۰ | بھورا | پھیکا | ایک درخت کا بیج ہی کنارے پانی کے اُگتا ہی شکل تو دری کے | گرم خشک ۱ مع رطوبت فضلیہ | گرم مزاج والونکو اور نفاخ ہی | سرد چیزین | ثعلب مصری اور موصلی | ۵-۷ ماشہ | قوت بخشتا ہی اور فرحت بخشتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور باہ لاتا ہی اور منی زائد پیدا کرتا ہی اور منی کو گاڑھا کرتا ہی اور امساک کرتا ہی اور فساد سودا اور خون کو دفع کرتا ہی اور جریان منی کو دور کرتا ہی اور استسقا یعنے جلندر کو نافع ہی (غیر سمی) |
| ۲۰۸ | تانبہ | مس | نحاس | سُرخ و بھورا | نہایت کسیلا | ایک قسم کا معدنی فلزات ہی مشہور | گرم و خشک ۲ | گرم مزاج والون کو | کتیرا | ۰ | ۱- ماشہ | فالج اور لقوہ اور اکثر سردی کی بیماریون کو مفید ہی اور ہمراہ سرکہ کے اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور کھجلی کو دفع کرتا ہی اور فساد صفرا و بلغم کو دور کرتا ہی اور کافور اور کوڑھ کو نافع ہی اور کھانسی و دمے کو بھی نافع ہی اور قے لاتا ہی اور پھوڑے بھرلاتا ہی - (غیر سمی) |
| ۲۰۹ | تانبہ جلاہوا | مس سوختہ | روسختج | مٹیالا رنگ | پھیکا | تانبے کی راکھ ہی کہ تانبے کو جلاکے بناتے ہین | گرم و خشک ۲ | قولنج کو کرتی ہی | کتیرا و صمغ عربی | توبال مس | ۱- ماشہ | خشکی کرتی ہی اور گوشت کو گلادیتی ہی اور جلا کرتی ہی اور زخمون کو پاک کرتی ہی اور بھرلاتی ہی اور آنکھ کے پردون کو جلادیتی ہی اور بد گوشت کو کاٹتی ہی اور جلندر کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۲۱۰ | تارا مکھی | ۰ | مرقشیشا و حجر النور | سُرخ و زرد و بھورا | پھیکا | ہر فلزات کی کان سے نکلتا ہی ہمراہ اُس معدنی کے جیسے معدن سے نکلے لہذا وہ بھی معدنی چیز ہی | گرم ۲ خشک ۲ | گرم مزاج والونکو اور کثرت اُسکی قاتل ہی | کتیرا و شہد | اقلیمیا | ۴ سرخ | ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور جلا کرتی ہی اور قابض ہی اور گرمی پیدا کرتی ہی اور اگر اسکو بچے کے گلے مین لٹکاوین تو سوتے مین ڈرنے سے محفوظ رہے اور اسکا سرمہ جلا کرتا ہی اور آنکھ کو قوت بخشتا ہی اور مواد بہاتا ہی اور اسکا مرہم ہمراہ ہرتال کے بد گوشت کو کاٹتا ہی اور زخم کو مواد سے پاک کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور زخم کو بھرلاتا ہی اور اسکا کشتہ اکثر امراض سرد مین مفید ہی - (کثیر سم قاتل ہی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۱ | بتھنی | ۰ | ۰ | سبز | ترش | ایک قسم کی گھانس ہی ہند مین ہوتی ہے | سرد تر ۱ | پھیپھڑے کو | گوشت و گرم مصالحہ | ترہ خرفہ | ۰ | گرمی کو دفع کرتی ہی اور دماغ پر ابخرے نہین چڑھنے دیتی اور جلا کرتی ہی اور معدہ و جگر کو قوت بخشتی ہی اور لوہار اسکے عرق یعنے رانگ سے ہمراہ سیس کے فولاد مین جوہر اُٹھاتے ہین اور اسکا ساگ گوشت مین بہت لذیذ اور مقوی ہوتا ہی - (غیر سمی) |
| ۲۱۲ | بزرنک و تماتر | ۰ | سماق | قدرے سرخ و بھوری | ترش | ایک درخت کا پھل ہی بقدر دانہ غلہ مسور کے ہوتا ہی۔ | سرد و خشک ۲ و نزد بعضے خشک ۳ | معدہ او جگر سرد کو | مصطگی و انیسون | سرکہ و زرشک و اقاقیا | ۵- ماشہ تا تولہ | معدے کو دباغت کرتا ہی یعنے اُسکے دانت کھرکھرے کرتا ہی اور قابض ہی اور قے و متلی و صفراوی دستون کو بند کرتا ہی اور آنتونکی خراش کو نافع ہی اور منھ سے خون آنے اور خون بہنے کو مفید ہی اور بہت پیشاب آنے کو روکتا ہی اور اعضاے شکم کو قوت بخشتا ہی اور ذرب یعنے اُن دستون کو جو معدے مین کھانا جاتے ہی نکل جاتا ہی دفع کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ۲۱۳ | تلسی | ۰ | سُداب | پتے سبز پھول زرد | تلخ و بدبودار | ایک قسم کی گھانس ہی کہ اکثر گیہون کے کھیت مین ہوتی ہی و کھیت کو خراب کردیتی ہی | گرم و خشک ۲ | باہ کو اور بینائی کو اور درد سر لاتا ہی | انیسون و سکنجبین | صعتر و پودینہ | ۱۰- ماشہ | لطافت کرتی ہی اور ریاح اور نفخ کو تحلیل کرتی ہی اور دماغ کو قوت بخشتی ہی اور دماغی امراض اور سینہ کے امراض اور طحال اور یرقان یعنی کانور اور ریاحی قولنج کو نافع ہی اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہی اور پیشاب اور حیض جاری کرتی ہی اور پانی مین پیس کے اسکا لیپ خشک و تر کھجلی کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| ۲۱۴ | تلسی کے بیج | ۰ | بزر السداب | سیاہ | قدرے تلخ | تلسی گھانس کے بیج ہین کہ تین بیج ایک مین ملے ہوے ہوتے ہین | گرم و خشک ۲ | درد سر پیدا کرتے ہین اور منی کو کم کرتے ہین | کتیرا و شہد | برگ سداب | ۷ ماشہ | شہد کے ہمراہ اسکا پینا کابوس یعنی نیند مین آدبانے کو اور مرگی اور جلندر اور ریاحی ہچکی کو نافع ہی اور معدہ کی سردی اور ریحی قولنج کو مفید ہی اور بینائی کو قوت بخشتا ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۴ | تلی جنگلی | . | سداب بری | خوب سبز | تلخ | یہ بھی ایک گھانس ہی بالکل مشابہ تلی کے | گرم و خشک ۴ | قاتل ہی | ڈکرنا | زہر | . | صرف اسکا مکانات مین رکھنا حشرات الارض و ہوام سے محفوظ رکھتا ہی اور اگر اسکی پتی کا رنگ لوہے کے اوزار مین لگا وین تو زنگ نہین لگتا ہی آلا اسکے درخت کی چھال کا لیپ ہمراہ شراب کے گنج کو مفید ہی۔ (سم قاتل) |
| ۲۱۵ | تج | تج | قرفہ و سلیخہ | قدرے سرخ دغبار آلود | قدرے شیرین و تیز | ایک درخت کی چھال ہی نزد بعضے دارچینی کی چھال ہی | گرم و خشک ۲ | گردہ و آنتونکو | کتیرا و سپستان | دارچینی | ۷ ماشہ | لطافت بخشتا ہی اور گرمی پیدا کرتا ہی اور مادہ کو پختہ کرتا ہی اور سردی کے ریاح اور ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور اعضائے رئیسہ یعنی دل و دماغ و جگر و انثیین کو قوت بخشتا ہی اور غلیظ اخلاط کو چھیلتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور بینائی کو جلا دیتا ہی اور نزلہ و زکام کو دفع کرتا ہی اور دھانس اور کھانسی کو مفید ہی اور سرکہ کے ہمراہ اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور بلغم کو معدے کے منھ سے چھانٹتا ہی (غیر سمی) |
| ۲۱۶ | | تخم بلسان | حب بلسان | سیاہ | تلخ | بلسان کے بیج ہین بقدر مرچ سیاہ کے | گرم و خشک ۱ | مثانہ کو | کتیرا | عود بلسان و بیج بلسان | ۳ ماشہ | معدہ اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتا ہی اور معدہ و آنتون کی سردی و تری کو دفع کرتا ہی اور خشک کرتا ہی اور ریاح اور نفخ کو تحلیل کرتا ہی اور جگر کا سدہ کھولتا ہی اور کانون کے بھنبھنانے اور جلندر اور عرق النسا کو اور اکثر امراض دماغی و سوداوی و بلغمی کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۱۸ | تربوز | ہندوانہ | بطیخ ہندی | سبز سیاہی مائل گودا سرخ بیج سرخ و سیاہ | شیرین | ایک پھل مشہور ہی | سرد و تر ۲ | معدہ ڈھال اور کو | شہد و قند | . | . | گرمی و تیزی صفرا و خفقان کو اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور پیشاب جاری کرتا ہی اور خون پتلا پیدا کرتا ہی اور بلغم پیدا کرتا ہی اور گرمی کے بخار کو نفع کرتا ہی اور سکنجبین کے ہمراہ یرقان یعنے کانور کو نافع ہی اور اسکا پانی گرم مزاج والونکو فرحت دیتا ہی الا نفاخ اور دیر ہضم ہی اور جو تربوز کھاوے چاول ہرگز نہ کھاوے (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۹ | تربوز کے بیج | تخم ہندوانہ | بزر البطیخ ہندی | سرخ و سیاہ | پھیکا و قدرے شیرین | مشہور ہی | سرد و تر ۲ | سرد مزاج والونکو | شہد | تخم کدو | ۹ ماشہ تا تولہ | اکھڑتے ہوئے سواد کو ساکن کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور سینہ کی کھرکھراہٹ اور گرمی کی کھانسی اور پیاس کو دفع کرتا ہی اور گرمی کے بخارون اور پیشاب کی سوزش کو مفید ہی اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو نکالتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۲۰ | ترمراہ | ترہ تیزک | جرجیر | چند قسم بعضے کے پھول زرد و بعضے کے سرخ | تیز | ایک درخت ہی جسکے پتے کے پتونکے برابر ہوتے ہین چند قسم کا ہوتا ہی | گرم ۳ خشک ۲ | درد سر پیدا کرتا ہی اور نابینائی لاتا ہی | کاسنی و خرفہ | تودری | ۴ ماشہ | جگر کا سدہ کھولتا ہی اور طحال کا سدہ کھولتا ہی اور منی و دودھ پیدا کرتا ہی اور ہاضم ہی اور باہ کو حرکت مین لاتا ہی اور جلا کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۲۱ | ترمراہ کے بیج | تخم ترہ تیزک | بزر الجرجیر | سفید مائل بسرخی | تلخ | ایک قسم کے بیج ہین ریزہ ریزہ برابر حب الرشاد کے | گرم و خشک ۲ | جذام یعنے کوڑھ پیدا کرتا ہی | کتیرا اور دودھ | پیاز کے بیج و تودری | ۵ ماشہ | باہ زیادہ کرتے ہین اور محرک باہ بھی ہین اور جسم کو فربہ کرتے ہین اور بلغم کو براہ قے نکالتے ہین اور پیشاب اور دودھ جاری کرتے ہین اور ریاح کو تحلیل کرتے ہین اور انکا لیپ سیاہ داغ اور چہرے کی کدورت و سیاہی کو اور داد کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۲۲ | | . | ترنجبین | سفید زردی مائل | شیرین | ایک درخت مثل جھاؤ وغیرہ پر کی شبنم ہی کہ اسکے اوپر جم جاتی ہی اور مزہ شیرین پیدا کرتی ہی | گرم تر ۱ | طحال و گرم مزاج والے کو | عناب و تمر ہندی | شیرخشت و شکر سرخ | ۳ تولہ تا ۵ تولہ | طبیعت کو نرم کرتی ہی اور کھانسی کو بھی نرم کرتی اور نفع بخشتی ہی اور مادہ صفراوی کو بہ نرمی براہ دست نکالتی ہی اور اخلاط کو حرکت مین لاتی ہی اور سینہ کے درد اور متلی اور گرمی کے بخارون کو مفید ہی اور جلا کرتی ہی اور تینون خلطون کو نکالتی ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲۳ | تگر و سگندہ بالا | | اسارون | زردی مائل | تلخ وکرخت بو | ایک قسم کی جڑ ہی ہو مشہور | گرم وخشک ۲ | پھیپھڑے کو | مویز منقی | خولنجان وسونٹھ | ۵ ماشہ | لطافت کرتا ہی اور گرمی بڑھاتا ہی اور ورموں و ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور دماغ ومعدہ وجگر و پھیپھڑی طحال گردہ کو قوت بخشتا ہی اور مادہ صفراوی وبلغمی کو براہ دست نکالتا ہی اور پرانے بخاروں کو دفع کرتا ہی اور پیشاب وحیض کو جاری کرتا ہی (غیر سمی) |
| ۲۲۴ | تلسی و نازبو | شاہ سپرم و ریحان | شاہسفرم | سبز مائل بزردی | تیز و تیز بو | ایک درخت ہی بقدر ایک گز کے خوشبودار اور خوشنما | گرم ۱ خشک ۱ | دماغ کو | دھنیا و گلاب | بادرنجبویہ | ۴ تولہ | دماغ کا سدہ کھولتی ہی اور ورموں کو تحلیل کرتی ہی اور ریاح کو دفع کرتی ہی اور خفقان وضعف معدہ کو دفع کرتی ہی اور فساد غلیظ خون کو دور کرتی ہی اور اسکا گھر مین رکھنا حشرات الارض خصوصًا کھٹمل و جون کو دفع کرتا ہی اور وبائی ہوا سے بھی حفاظت کرتی ہی - (غیر سمی) |
| ۲۲۵ | تلسی کے بیج | تخم ریحان | بزر الریحان | سیاہ | پھیکا ولعابدار | مشہور ہی | گرم خشک ۱ | دماغ کو | گلاب و مرزنجوش | کنوچہ | ۶-۹ ماشہ | پیچش کے لیے عجیب نفع رکھتی ہین ہمراہ شکر کے اور خشک ہانس اور کھانسی ورسینہ کے کھرکھرانے کو بہت نافع ہین اور منی کو گاڑھا کرتی ہین - (غیر سمی) |
| ۲۲۶ | تلسی جنگلی | ریحان دشتی | ریحان البری | سبز | تیز وتلخ وتیز بو | یہ ایک قسم کی گھانس ہی برابر اور مثل تلسی کے | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے ودماغ کو | . | . | ۶-۹ ماشہ | ورموں کو تحلیل کرتی ہی خاصکر بلغمی ورموں کو اور سردی کے امراض کو اکثر مفید ہی اور اسکی پتی کا رس کانون مین چھوڑنے سے دانت کے کیڑے مرکر نکل پڑتے ہین یہ ایک خاص خاصیت اسمین ہی - (غیر سمی) |
| ۲۲۷ | تل | کنجد | سمسم | سیاہ و سفید | پھیکا و چکنا | ایک قسم کا دانہ ہی غلہ کا مشہور | گرم تر ۱ | دیر ہضم اور دردسر لاتا ہی | بریان کرنا اور شہد | بزر کتان | ۵ ماشہ - ۱ تولہ | صالح الکیموس ہی قلیل الغذا ہی اور سدہ یعنی بند کھولتا ہی اور خود بوجہ لیس کے سدہ پیدا کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور آواز اور حلق کے کھرکھرانے کو نرم کرتا ہی اور باہ کو قوت بخشتا ہی اور ورموں کو تحلیل کرتا ہی اور دودھ منی زیادہ پیدا کرتا ہی اور حیض جاری کرتا ہی اور جلد کو نرم کرتا اور سیاہی نشان مٹاتا ہی اور اسکے پھول آنکھ کے ناخونہ کے لیے مجرب ہین (غلہ ہی غیر سمی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲۸ | تاکو | تنباکو | تتن و تنباک | سبز و سرخ | تیز و کرخت بو | ایک درخت کے پتے مشہور ہین | گرم خشک ۳ | گرم مزاج والونکو اور دل و دماغ کو | تازہ دودھ | . | . | خشکی لاتا ہی اور پیاس لاتا ہی اور دماغ کی رطوبتون کو پاک کرتا ہی اور بلغمی دمہ ہانس و تر کھانسی و دمے کو اور دماغی نزلون کو دفع کرتا ہی اور اسکا دھوان وبائی ہوا کے فساد کو دفع کرتا ہی اور اسکا کھانا و پینا ریاح اور بلغم کو تحلیل کرتا ہی اور چھانٹتا ہے اور اسکا سبز پتا ورمون کو خصوصًا ورم انثیین کو تحلیل کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ۲۲۹ | تُن | . | . | زرد | تلخ | ایک درخت ہی جسکے پھول نیم کے پھولونکے مثل ہوتے ہین اور رنگنے مین کام آتا ہی | سرد | . | . | . | . | بہت قابض ہی اور باہ لاتا ہی اور پھوڑے پھنسی اور اکثر امراض جلدی کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۲۳۰ | | ترسوی خطائی و شاہ چینی | شاہ چینی | صندلی مائل بزردی | تلخ | چینی حنا کے پتونکی ٹکیان سرکہ مین بنی ہوئی ہوتی ہین | مرکب القوی | پھیپھڑے کو | کتیرا | جدوار | ۲ ماشہ | ورم کے مادہ کو پختہ کرتی ہی اور تحلیل کرتی ہی اور گرمی وسردی کے ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور قابض ہی اور دردسر کو نافع ہی اور خون بہنے کو بند کرتی ہی اور اسکی باریک چنگی زخم چشم و ذکر کو مفید ہی (غیر سمی) |
| ۲۳۱ | توتیا | دودیا | طوطیا | زنگاری | تیز با شوریت | ایک جوہری جسم ہی کہ معدنی بھی ہوتا ہی اور مصنوعی بھی | گرم و خشک ۴ | قی لاتا ہی اور اگر ہضم ہوجاتا ہی تو قاتل ہی | شہد و بریان کرنا | نیلا تھوتھا و شادنج | ۲ ماشہ | گوشت کو کاٹتا اور کھا جاتا ہی اور نہایت خشکی کرتا ہی اور زخمون کو جلا دیتا ہی اور مواد سے پاک کرتا ہی اور آنکھون کا جالا کاٹنے مین عجیب الاثر ہی اور غسیل کیا ہوا زخم مثانہ کو دفع کرتا ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۳۲ | توت میٹھا | توت شیرین | توت حلو وتوت نبطی | سفید و سیاہ | شیرین | ایک پھل ہے لانبا برابر انگلی کے مشہور | گرم ۱ تر ۲ | معدہ کو ودرد سر لاتا ہے | سکنجبین | . | . | اچھا خون پیدا کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور جگر وطحال کی اصلاح کرتا ہے اور جسم کو فربہ کرتا ہے اور باہ لاتا ہے اور گردہ کی چربی کو قوت دیتا ہے اور زبان وحلق پر مواد گرنے نہیں دیتا ہے اور اسکا شربت گلے کے درد کو نافع ہے اور اسکے پتون سے جوشاندہ کا غرغرہ گلے کے درد وخناق کو مفید ہے اور اسکی کلی دانتون ومسوڑھون کے درد کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۲۳۳ | توت کھتا | توت ترش شامی | توت خاص | سفید وسیاہ | ترش | مشہور ہے | سرد ۲ خشک ۱ | سینہ | شہد | الوبخارا | . | پتون کو مارتا ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے اور جوش خون کو بھی تسکین دیتا ہے اور ابخرہ دماغ کو چڑھنے نہیں دیتا ہے اور اسکا شربت نزلہ کو بہت مفید ہے (غیر سمی) |
| ۲۳۴ | | تودری سفید | بزر الحمم ابیض | سفید | قدرے تلخ | ایک قسم کے بیج ہین سوسو کے چھوٹے اور اسغول سے چوڑے | گرم تر ۱ | شُشی اعضا کو | زرشک | بہمن سفید | ۲ ماشہ | جسم کو فربہ کرتی ہے اور ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور باہ زیادہ کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے اور اسکی چٹنی ہمراہ شہد کے لسدار اخلاط کو چھانٹتی ہے - (غیر سمی) |
| ۲۳۵ | | تودری سرخ | بزر الحمم ابیض | سرخ | تلخ | یہ بھی مثل تودری سفید کے ہے | گرم تر ۱ | شُشی اعضا کو | زرشک | بہمن سرخ | ۲ ماشہ | بھوک زیادہ کرتی ہے اور باہ لاتی ہے اور بہت محرک قوت باہ ہے اور جسم کو فربہ کرتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور آرہ... کو جلا دیتی ہے وصاف کرتی ہے اور ورمون کو تحلیل کرتی ہے - (غیر سمی) |
| ۲۳۶ | تورئی | . | . | سبز | پھیکی و تلخ | ایک پھل ہے لانبا مثل کھیرے کے تین قسم کا کڑوی آرہ گھیا | سرد تر ۲ بارطوبت لسدار | نفاخ ہے | گوشت اور سونٹھ | چچینڈا | . | طبیعت کو نرم کرتی ہے اور مزاج کی گرمی کو دفع کرتی ہے اور کچے بلغم کو پختہ کرتی ہے اور بدن کی زردی کو دور کرتی ہے اور جلندر اور طحال کے ورم کو مفید ہے اور اعضا کو قوت بخشتی ہے اور اسکا پھل سرد وخشک ہے اور تینون خلطون صفرا وسودا وبلغم کے فساد کو کھولتی ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۳۷ | تونبڑی وتومبہ | کدوے تلخ | قرع مر | سبز و زرد | تلخ | ایک پھل بڑا گول ہے قسم لوکی سے | گرم خشک ۳ | معدہ | قی کرنا اور روغن بنانا | . | . | اسکو کھا کے قے کرنا اور پرانی کھانسی کو مفید ہے اور اسکا سونگھنا یرقان کو نافع ہے اور اسکا منجن دانتون کو مضبوط کرتا ہے اور درد کو کھوتا ہے اور اسکی جڑ کا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہے - (قریب سم) |
| ۲۳۸ | تھوہر | . | زقوم حجازی | سبز | نہایت تلخ | ایک درخت ہے دودھالا | گرم ۳ خشک ۲ | قاتل ہے گرم مزاج والونکو | تازہ دودھ | لفظ | ۱ رتی سرخ | ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور تینون خلطون صفرا وسودا وبلغم کو چھانٹتا ہے اور جلا کرتا ہے اور قوی دست آور ہے اور اسکا لیپ نشان چیچک کے مٹاتا ہے اور دودھ اسکا باہ لاتا ہے اور فرحت بخشتا ہے - (اسمی) |
| ۲۳۹ | ٹھیکری | سفال | خزف | سرخ زردی مائل | پھیکا | مشہور ہے | سرد خشک | قابض ہے اور بچھونکو | روغن بنفشہ | کافور | ۹ ماشہ | اسکا ضماد یعنی لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا منجن دانتون کو شفاف کرتا ہے اور مسوڑھون کو قوت دیتا ہے اور مسوڑھون کے خون کو بند کرتا ہے اور اگر گوری گھیسکر خون نکلنے کی جگہ چپکا دین خون بند ہو جاوے - (غیر سمی) |
| ۲۴۰ | تیزپات | . | سازج ہندی | سبز و خشک بھورا | تیز و تیز بو | ایک پتی ہے چوڑی اور خوشبودار و تیز بعینہ لونگ کے پتے ہین | گرم ۳ خشک ۲ | پھیپھڑے ومثانہ کو | مصطگی | سنبل ہندی و سلیخہ | ۳ ماشہ | ارواح کی حفاظت کرتا ہے اور اخلاط کو بھی محفوظ رکھتا ہے اور فرحت بخشتا ہے اور قوی کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور معدہ کی اصلاح کرتا اور اعضاے شمی کو قوت بخشتا ہے اور حواس کو بھی قوی کرتا ہے اور پیشاب کھل کے لاتا ہے اور گردہ ومثانہ کی پتھری توڑ بہاتا ہے اور وسواس وجنون کو نافع ہے اور بھوک ہینے کو مفید ہے اور اسکی دھونی لڑکا جلدی پیدا کرتی ہے - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٢٤١ | ٹیسو | گل پلہ | ۰ | زرد و سیاہ و سرخ | پھیکا و قدرے تلخ | ڈہانک کے درخت کا پھول ہی اور یہ درخت جنگلی ہی مشہور | سرد خشک ٢ | قابض ہی | خاکسی دنمک شور | گل پانڑ و تاخونہ | تولہ | فساد بلغم وخون وصفرا کو دفع کرتاہی اور پیشاب جاری کرتاہی اور اسکے سفید پھول مقوی باہ ہین اور اسکی وہار وبھپارا ورد مثانہ و ورم انثیین کو نافع ہی اور بند پیشاب کو کھولتاہی اور اسکا خیسانده سوزاک و جریان کو نافع ہی اور اسکا رنگاہوا کپڑا اور مھنادافع یرقان یعنے کانور ہی - (غیر سمی) |
| ٢٤٢ | تیولج | | ۰ | زرد | تلخ | اندرجو کے درخت کی چھال ہی مثل چھال درخت چنار کے | گرم خشک ٢ | گرم مزاج والونکو | کتیرا | انجبار | ٣ ماشہ | درد سر اور دانتون کے درد کو نافع ہی اور سینہ کی رطوبت اور مرطوب نزلہ کو دفع کرتی ہی اور نکسیر بند کرتی ہی اور اسکی دھونی خون کو بند کردیتی ہی - (غیر سمی) |
| | | | | | | | | **باب الثاء المثلثہ** | | | | اور اسمین ایک دوا ہی - |
| ٢٤٣ | ثعلب مصری | خایۂ روباہ | خصیۃ الثعلب | سفید | پھیکا | ایک قسم کی جڑ ہی لسدار اور اسکی بوئی کی بو سے مشابہ ہی | گرم تر ا | فم معدہ کو | شکر و آلمہ | تخم گاجر و شقاقل | ۹ ماشہ | باہ زیادہ کرتی ہی اور منی پیدا کرتی ہی اور تحریک باہ زیادہ کرتی ہی اور پٹھونکو قوت دیتی ہی اور فالج ولقوہ وکزاز اور اکثر امراض دماغی کو نافع ہی اور بال پیدا کرتی ہی اور بال گرنے سے مانع ہوتی ہی (غیر سمی) |
| | | | | | | | | **باب الجیم العربی** | | | | اور اسمین پچیس دوائیان ہین - |
| ٢٤٤ | | | ۰ | جار النہر | سبز | قدرے تلخ | ایک گھانس ہی مثل نیلوفر کے پانی پر ہوتی ہی اور پھول پھل نہین ہوتا | سرد خشک ٢ | پھیپھڑونکو | شکر | بطباط | ٢ ماشہ | خونی بہنے اور خونی دستون کو بند کردیتی ہی اور پیاس کو تسکین دیتی ہی اور ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور کھجلی اور پھوڑونکو اسکا لیپ نافع ہی اور زخم کو بھرلاتی ہی اور پھیلنے نہین دیتی ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٢٤٥ | جامن | ۰ | ۰ | اودہ و سیاہ | کسیلا باقدرے شیرینی | ایک بہت بڑے درخت کا پھل ہی سیاہ انگور سے بڑا اور ہندہی مین ہوتی ہی | سرد ٢ خشک ٣ بارطوبت فضلیہ | دیر ہضم و نفاخ ہی | نمک | ۰ | ۰ | صفراوی دستون کو تسکین دیتی ہی اور بند کرتی ہی اور گرم مزاج والون کے معدہ وجگر کو قوت بخشتی ہی اور جوش خون وصفرا کو دفع کرتی ہی اور باہ اور بھوک کو زیادہ کرتی ہی اور اسکے عرق کا سرکہ ورم طحال کو تحلیل کرتاہی اور ہاضم ہی اور اسکی گری کی پھنکی منی کو گاڑہا کرتی اور باہ کو قوت دیتی ہی - (غیر سمی) |
| ٢٤٦ | جام پھل صفری انبہ | ۰ | ۰ | سفید و سرخ | خام کسیلا پختہ شیرین | ایک پھل ہی مثل امرود وسیب کے اکثر بلاد ہند مین | گرم تر ا | سرد وبلغمی مزاج والونکو | ۰ | ۰ | ۰ | فرحت بخشتا ہی اور دل کو قوت بخشتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتاہی اور پیشاب جاری کرتاہی اور دستون کو بند کرتاہی اور کچا پھل اسکا قابض ہی اور اسکے درخت کی چھال کا خیسانده دست بند کرنے مین عجیب الاثر ہی - (غیر سمی) |
| ٢٤٧ | جام گھانس | ۰ | ۰ | سبز | تلخ و تیز و قدرے شور | ایک گھانس ہی اکثر بنگالہ مین ہوتی ہی اور ترائی مین موسم برسات مین اور جڑ اسکی سفید مثل چھوٹی پیاز کے | گرم خشک | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | اسکی ڈالی وپتون کا استعمال جلندر کو مفید ہی اور اسکے جڑ کی گولیان ہمراہ کالی مرچ کے بقدر چنے کے کیلے کے اندر رکھ کے کھاوین اور اوپر سے دو لقمہ چاول کھاوین کیسی قی آتی ہو بند ہو جاوے اور اسکی جڑ پاؤ بھر باریک کرکے پاؤ بھر گھی اور لیمو کا عرق اسمین خوب ملاوین زخمون کے لیے عمدہ مرہم ہی الا ایک ہفتہ سے زائد نہین ٹھہرتا - (غیر سمی) |
| ٢٤٨ | جاہی جوہی | یاسمن بری | ضیان | سفید | قدرے تلخ و قدرے کسیلا | ایک پھول ہی خوشبودار مثل چنبیلی کے الا اس سے چھوٹا | گرم خشک ٣ درد و بعضے سرد تر - | سوزش پیدا کرتاہی | روغن گل | دفلی | ۰ | امراض چشم کو مفید ہی اور منہ آنے کو اور منہ کے دانون کو اسکی کلی نافع ہی اور اسکے عرق کا لیپ زخمون کو مفید ہی اور اسکا عطر دماغ کو قوت بخشتاہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٢٤٩ | جلے پھل | جوزبوا | جوزبوا وجوز الطیب | بھورا | قدرے تلخ وا خوشبو تیز | ایک درخت کا پھل ہے برابر اور مشابہ ڈلی کے | گرم ٢ خشک ٢ | جگر و پھیپھڑا و گرم مزاج کو اور درد سر لاتا ہے | دھنیا و شہد و بنفشہ | بسباسہ | ٤ ماشہ تا ٥ ماشہ | فرحت بخشتا ہے اور لطافت طبیعت کرتا ہے اور نشہ قدرے لاتا ہے اور حرارت غریزی یعنے اصلی حرارت کا حافظ ہے اور ہاضم ہے اور معدہ اور فم معدہ و جگر و باہ کو قوت بخشتا ہے اور جگر کی سختی اور طحال کے ورم اور اکثر سردی کے ورمون کو مفید ہے اور کمی استسقا یعنے جلندر گوشت بڑھجانے والے کو اور گٹھیا کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ٢٥٠ | جرالکس | کاہ مکی | اذخر | زرد | تیز و تیز بو | ایک گھانس ہے خوشبودار مشہور | گرم خشک ٢ | گرم مزاج والے کے گردہ کو اور درد سر لاتا ہے | گلاب و نیلوفر و صندل | قسط و زعفران و بپراعتہ | ٣ ماشہ | ریاح کو اور ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور پتھری کو توڑ بہاتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور لسدار اخلاط کو پختہ یعنے رقیق کر دیتی ہے اور اکثر دردون کو تسکین دیتی ہے اور سرد بیماریون اور فالج و لقوہ و تشنج یعنی پٹھون کی اینٹھن کو اور استرخا یعنے پٹھے ڈھیلے ہونے کو مفید ہے اور مقوی معدہ ہے اور دانت قایم رکھتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ٢٥١ | جست | رومی توتیا | شبہ | سیاہ و شفاف | کسیلا | معدنی اجسام سے مشہور چیز ہے | گرم و خشک ٢ | طحال کو اور قولنج پیدا کرتا ہے | شہد | . | ٣ ماشہ | اسکے برتن مین کھانا پینا دل اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور اگر کو یا سوف کے رانگ مین گھسا ہوا ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا سرمہ آنکھون کے جالے اور آشوب چشم کو بہت مفید ہے اور پلکون کی سرخی کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ٢٥٢ | جعفری کا پھول | . | . | زرد سرخ | قدرے تلخ و پھیکا | ایک پھول ہندی ہے خوشبودار مشہور ہے | گرم خشک ٢ | درد سر لاتا ہے اور منی کم کرتا ہے | کاسنی و بادرنجبویہ | | | گرمی کرتا ہے اور ورمون و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور ہاضم ہے اور قبض کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور مثانہ کے پتھرون کو توڑتا ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٢٥٣ | جل پیپل | پیپل آبی | فلفل الماء | سیاہ | تیز و تیز بو | ایک قسم کی مرچ ہے مثل اور مشابہ کالی مرچ کے | سرد و خشک ٢ | . | روغن زیتون | فلفل | . | قابض ہے اور دل و آنکھون کو قوت بخشتی ہے اور باہ زیادہ کرتی ہے اور فساد خون اور پھوڑے و پھنسی اور سوزش سینہ کو دفع کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ٢٥٤ | جل کھمبی | . | سطراطیوس | سبز | تلخ | ایک قسم کی گھانس ہے کہ پانی پر پیدا ہوتی ہے اور مشابہ بادرنجبویہ کے | سرد و تر | . | . | . | . | اسکا لیپ ہمراہ سرکہ کے زخمون کو ہلنین پیدا ہونے دیتا ہے اور گرمی کے ورمون کو پختہ کرتی اور اسکی سرخی دفع کرتی اور پیشاب کی چنک اور گردہ کے خون بند کرنیکو مفید ہے اور اکثر اعضا کے زخمون مین گوشت بھر لاتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ٢٥٥ | جل نیم | . | . | سبز | تلخ و تیز | ایک گھانس ہے ترائی مین اگتی ہے | گرم خشک | تخم ثالثی ہے | روغن | . | ٩ ماشہ | خون کو صاف کرتی ہے اور اکثر امراض جلدی کو نافع ہے اور تر کھجلی و آتشک و کوڑھ کو مفید ہے اور مادہ بلغمی و سوداوی کو براہ دست نکالتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ٢٥٦ | جمال گوٹہ | تخم بید انجیر خطائی | حب السلاطین | باہر سیاہ اندر سفید | تلخ | ایک بیج ہے جسکی گری مین دہنیت ہوتی ہے | گرم و خشک ٣ | دست اور قوی ہے اور گرم مزاج والے کو قے لاتا ہے | دودھ و میٹھا | رینڈی | ایک عدد | قوی دست آور ہے اور جلا کرتا ہے اور رطوبت کو جذب کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور سرد بیماریون کو اور آتشک اور کوڑھ اور امراض جلدی کو نافع ہے اور اسکا تیل بھی دست دیتا ہے اور اسکے تیل کا ضماد کرنا باہ زیادہ کرتا ہے اور قوت بخشتا ہے اور ام الصبیان و دبہ الاطفال کو ہمراہ شہد طلا کرنے کے مجرب ہے الا بغیر تدبیر کیے اسکا استعمال کسی طرح جایز نہین۔ (قریب بسم) |
| ٢٥٧ | جھنگری | - | . | زردی مائل | ترش و شیرین و تیز | ایک پھل ہے مشابہ میوے کے | گرم و خشک ٢ | صفرا و بلغم زیادہ پیدا کرتا ہے | سونف | مرچ و کبابہ | ٢ ماشہ | کھانے کی خواہش پیدا کرتا ہے اور بھوک خوب لاتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۵۸ | جواسا | خار شتر | حاج | سبز | قدرے تلخ و تیز | ایک قسم کی گھانس ہے جسکے اوپر گرمی میں ترنجبین جم جاتی ہے | گرم خشک ۲ | سر اور گردہ کو | کتیرا و گل نیلوفر | جندوفی و سندرس | ۲ ماشہ | مواد کو پختہ کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور جلا کرتا ہے اور بعض زہروں کی مارگ ہے اور گٹھیا کو نافع ہے اور پرانے درد سر کو نافع ہے اور پیشاب لاتا ہے اور اس کا سرمہ آنکھ کے جالے کو مفید ہے اور اسکا تیل گٹھیا کے لیے نہایت با اثر ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۵۹ | جوار | ذرہ مکہ | خنطر رومیہ و خندروس | زرد و سرخ | پھیکا | ایک قسم کا غلہ مشہور ہے مائل بحرارت | سرد خشک | ثقیل اور نفاخ ہے | گلقند | . | . | قابض طبیعت ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے اور سل کو نافع ہے اور بلغم کو تحلیل کرتی ہے اور ثقیل لسدار ہے اور اسمین غذائیت گیہوں سے کم اور چاول سے زائد ہے۔ (غیر سمی ایک غلہ ہے) |
| ۲۶۰ | جواکھار | . | نطرون | سفید | شور و تلخ | ایک قسم کا نمک ہے | گرم خشک ۲ | آنتوں کو حرکت دیتی ہے | مسلوجن و صمغ عربی | نمک تلخ | ۴ ماشہ | ورم خون کو اور ریاح و بلغم کو تحلیل کرتی ہے اور قولنج کو نافع ہے اور مناسب دواؤں کے ہمراہ بلغمی کھانسی کو مفید ہے اور سدہ کھولتی ہے اور ہاضم ہے اور مثانہ کی پتھری کو دفع کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۶۱ | جو | جو | شعیر | زردی مائل | پھیکا | ایک قسم کا غلہ مشہور ہے | سرد خشک ۱ | مثانہ و آنتوں کو | روغن و گرم مصالحہ | . | . | قلیل الغذا ہے اور قابض ہے اور خشکی لاتا ہے اور مواد کو پختہ کرتا ہے اور جوش خون کو تسکین دیتا ہے اور صفرا و پیاس اور گرمی کے بخار کی حدت کو بھی تسکین دیتا ہے اور سل و دق و ذات الجنب اور کھانسی و گرمی کے درد سر کو مفید ہے اور پیشاب لاتا ہے اور جو کا آش یعنی جوش کا پانی نہایت لطیف ہے اور دوائیت و غذائیت دونوں رکھتا ہے۔ (غیر سمی ایک دانہ غلہ ہے) |
| ۲۶۲ | جو برہنہ | جو برہنہ | شعیر العریان | زردی مائل | پھیکا | یہ بھی ایک دانہ غلہ کا مشہور ہے | گرم خشک ۲ | نفاخ ہے | سونف | . | . | دودھ کے ہمراہ اسکا کھانا جسم اور گردہ کو فربہ و قوی کرتا ہے اور اسکا حریرہ گھی کے ہمراہ سینہ و گردہ و مثانہ کو پاک کرتا ہے اور قوت بخشتا ہے اور اسکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۶۳ | جوتری | بزباز | بسباسہ | سرخ زردی مائل | تلخ و تیز و تیز بو | جوز کے اوپر کا پوست | گرم و خشک ۲ | درد سر پیدا کرتا ہے اور مضر جگر ہے | صندل و گلاب | جاپھل | ۱-۳ ماشہ | فرحت بخشتی ہے اور معدہ و جگر و باہ کو قوت بخشتی ہے اور قوت باہ لاتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور رطوبت کو خشک کرتی ہے اور ریاح کو اور باطنی سختی کو تحلیل کرتی ہے اور رحم کو قوت دیتی ہے اور فضلات کو معدہ میں بگڑنے نہیں دیتی ہے اور لطافت بخشتی ہے اور ہاضم ہے اور پتھری مثانہ کی توڑتی ہے اور اسکا لتہ ترکیا ہوا رکھنا بعد حیض کے حمل قائم ہونے کو مدد دیتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۶۴ | . | . | جوز السرو | بھورا | پھیکا قدرے تلخ | ایک قسم کے سرو کا پھل ہے محض گانٹھ ایسا | سرد و خشک ۲ | مثانہ اور سدہ پیدا کرتا ہے | شہد روغن بادام | انزروت و بیخ انار | ۱ ماشہ | قابض ہے اور خون کو بند کرتا ہے اور پھیپھڑوں و معدہ و جگر و طحال و آنتوں کو قوت دیتا ہے اور بذریعہ پسینے کے رطوبت کو جذب کرتا ہے اور امساک کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور نسیان کو نافع ہے اور منہ کی بدبو کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۶۵ | | جوز گندم و گل گندم | جوز جندم و شحم الارض | سفید مائل بزردی | پھیکا | ایک حلوبت ہے کہ سیلدون میں پتھر پر پیدا ہوتی ہے اور خاک آلود ہوجاتی ہے | گرم و خشک ۲ | سدہ پیدا کرتا ہے | سکنجبین بزوری و انار شیریں | . | ۲ ماشہ | باہ کو قوت دیتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور پتھری کو توڑتا ہے اور بھوک کو مارتا ہے اور پیشاب کو جاری کرتا ہے اور سیب کے پانی کے ہمراہ خون منہ سے آنے کو مفید ہے اور اسکا لیپ ہمراہ شہد کے گنج کو نافع ہے اور اگر اسکو شہد اور تھوڑے پانی میں ملاکر دھوپ میں رکھدیں تو شراب سے زیادہ نشہ کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۶۶ | جھاؤ | گز | طرفا واثل | سبز سیاہی مائل | تلخ | ایک قسم کا لانبا درخت ہے مثل سرو کے اکثر دریا کے کنارے ہوتا ہے | سرد ۱ خشک ۲ | سر کو | شہد | گلنار | ۷-۱۰ ماشہ | قابض ہے اور مادہ کو پختہ کرتا ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور سدہ جگر کا کھولتا ہے اور سخت ورم جگر و طحال کو رفع کرتا ہے اور خون کو بند کرتا ہے اور جھاؤ کی لکڑی کے برتن میں پانی پینا ورم طحال کو مفید ہے اور خیساندہ جھاؤ کا خون کو صاف کرتا ہے اور جوش خون کو تسکین دیتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۶۷ | جھربیری | سنجد و کنار دشتی | غبیرا | سرخ | ترش | جنگلی بیر مشہور ہے کہ بقدر و مشابہ عناب کے ہے | سرد ۱ خشک ۲ | قوت ہاضمہ کو اور کھانسی پیدا کرتا ہے | شکر | بیر | ۲۰ عدد | فرحت بخشتا ہے اور معدہ کو اور دل کو قوت بخشتا ہے اور اسکا سفوف خشک قابض ہے اور صفراوی دستوں کو مفید ہے اور اسکے درخت کا پوست دانتوں کے امراض اور منھ آنے کو مفید ہے (غیر سمی) |
| ۲۶۸ | جھینگا | . | سمک الروبیان | سفید بھورا | پھیکا | بعضوں کے نزدیک ایک قسم کی مچھلی ہے | سرد تر ۲ مع رطوبت فضلیہ | معدہ و آنتوں کو | گرم مصالح و روغن | مچھلی | . | اکثر اعضائے دماغی کو قوت بخشتی ہے اور باہ کو قوی کرتی ہے اور جسم کو فربہ کرتی اور قوت بخشتی ہے اور گرم مزاج والوں کے معدہ و جگر کی حرارت کو تسکین دیتی ہے - (غیر سمی) |
| | | | | | | | | | | | | **باب الجیم الفارسی** اور اسمیں پینتالیس دوائیاں ہیں۔ |
| ۲۶۹ | چاکسو | چشمیزج و چشمک | چشمیزج و حب السودا | سیاہ | قدرے تلخ | ایک دانہ ہے بقدر اور بشکل مسور کے | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والونکو | کشنیز سبز | طوطیا | ۲-۳ ماشہ | جلا کرتا ہے اور قابض ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے اور بینائی کو قوت بخشتا ہے اور آنکھ کے ڈھلکے اور جالے کو نافع ہے اور زخمونکو مفید ہے داعا ذکر کے زخم کو اور آشوب چشم کو نافع ہے الا اسکا کھانا بے مشورے کے نہ چاہئے بے سمجھے بوجھے جائز نہین (غیر سمی) |
| ۲۷۰ | چاندی | نقرہ و سیم | فضہ | سفید و چمکدار | کسیلا | ایک مشہور قیمتی معدنی چیز ہے | سرد خشک ۱ | آنتوں اور مثانہ کو | کتیرا و شہد | فیروزہ | ۲-۳ ماشہ | دل اور معدہ کو قوت بخشتی ہے اور قوت حیوانی کی نگہبان ہے اور گوشت اور چربی اور مغز و ہڈی اور منی کو قوت دیتی ہے اور اصلاح کرتی ہے اور بلغمیت اور حد سے زائد فربہی کی بھی اصلاح کرتی ہے اور اسکا کشتہ اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہے اور اکثر بیماریوں کو فائدہ مند ہے - (غیر سمی) |
| ۲۷۱ | چاندنی کے پھول | . | . | سفید | پھیکا | ایک قسم کی بیل کا پھول ہے جو اکثر درختوں پر چڑھتی ہے | سرد تر ۱ | سرد مزاج والونکو | بتاشہ و شکر | گل سیوتی | ۵ عدد | دل کو قوت بخشتے ہیں اور فرحت لاتے ہیں اور خفقان کو نافع ہیں اور اسکا گلقند خفقان اور وسواس اور اختلاج قلب اور اکثر صفراوی امراض کو مفید ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۷۲ | چاول | برنج | ارز | سفید و سرخ | پھیکا | ایک مشہور غلہ ہے | سرد ۱ خشک ۲ و نزد بعضے گرم خشک | قولنج پیدا کرتا ہے اور سدہ لاتا ہے | شکر و دودھ و گھی | آرد جو | . | خلط صالح پیدا کرتا ہے اور پیاس کو کھوتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور منی پیدا کرتا ہے اور پیچش اور آنتوں کے زخم و خراش کو اور خونی دستوں کو اور امراض گردہ و مثانہ کو مفید ہے اور اگر پس کے منھ پر ملیں تو نشان دانوں کے زائل کرتا ہے اور اسکے دھان مع پوست کھائے جاوین تو قاتل ہے - (غیر سمی قسم غلہ) |
| ۲۷۳ | چاول مونگرا | برنج مونگرا | ارز موبجرا | سیاہ | پھیکا | ایک درخت کا پھل ہے چکنائی دار مشابہ چاول کے | گرم خشک ۳ | گرم مزاج والونکو | . | . | . | سدہ کھولتا ہے اور جلا کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور کوڑھ اور کھجلی اور درداد اور اکثر امراض جلدی خونی و سوداوی کو کھانے اور لیپ سے مفید ہے اور اسکا تیل بھی کھجلی و داد کو مفید ہے (غیر سمی) |
| ۲۷۴ | چائے | چائے خطائی | . | سبز مائل بسیاہی | قدرے تلخ | ایک گھانس کا پتہ ہے تھوڑی خوشبو اسمیں ہے اسکی بہت قسمیں ہین | گرم و خشک ۲ | خشکی و کھجلی لاتی ہے اور دسل پیدا کرتی ہے | بادیان خطائی و دودھ و شکر | آب نخود و شہد | ۲-۳ ماشہ | قوتون کو اور معدہ و باہ سرد مزاج والے کو قوت بخشتی ہے اور فرحت و نشاط طبیعت پیدا کرتی ہے اور قوت باہ زائد کرتی ہے اور لطیف ہے اور خلط لسدار کو چھانٹتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور مادہ کو پختہ کرتی ہے اور پسینا لاتی ہے اور جھوٹی پیاس کو تسکین دیتی ہے اور رنگ بدن کا صاف کرتی ہے اور جوش خون کو نافع ہے اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتی ہے اور طبیعت مین گرمی پیدا کرتی ہے اور ہاضم ہے - (غیر سمی) |
| ۲۷۵ | چھنڈا | . | . | سبز و سفید | قدرے تلخ | ایک بیل کا پھل ہے بہت لانبا ایک سے دو گز تک قسم ترکاری سے ہے | سرد ۱ | سرد مزاج معدہ کو اور نفاخ ہے اور ضعف باہ لاتا ہے | گوشت و گرم مصالح | بلول و پرول | . | بدن کی خشکی و لاغری دفع کرتا ہے اور ہاضم ہے اور بہت ہلکا ہے اور صفراوی مزاج والونکو نافع ہے اور بھوک بڑھاتا ہے اور اسکی جڑ دست آور ہے اور آتشک و سرخ بادہ کو مفید ہے اور اسکے بیج قے لاتے ہین اور پیٹ کے کیڑے مار کر نکالتے ہین - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۲۷۶ | جراتیا | نے نہاوندگی | قصب الزیرہ | سبز | تلخ | ایک قسم کی گھانس ہو کہ چھتہ دار نہین ہوتی ہو | گرم و خشک ۲ | کرگاہ | انیسون | سسور و صندل و زعفران | ۷ ماشہ | لطافت طبیعت کرتا ہو اور پیشاب لاتا ہو اور ورمون کو تحلیل کرتا ہو اور جگر و دل کو قوت بخشتا ہو اور جلندر و درد سینہ اور درد رحم اور پیشاب دقت سے آنے کو اور اکثر جلدی بیماریون کو نافع ہو اور خون کو صاف کرتا ہو اور ورم جگر و معدہ کو مفید ہو اور خشک و تر کھجلی اور کوڑھ کو زائل کرتا ہو۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۷ | چربی | پیہ | شحم | سفید | پھیکی و چکنی | جسم حیوانات کا ایک مشہور جزو ہی | گرم تر ۱ | فم معدہ | نمک و مرچ سیاہ | روغن زیت | ۰ | ورمون سخت کو تحلیل کرتی ہو اور دردون کو تسکین دیتی ہو اور اعضا کو تری بخشتی ہو خاصکر پٹھون کو اور اسکا کھانا بدن کو قوی کرتا ہو اور فربہ کرتا ہو ہر حیوان کی چربی کا اثر مثل اُس حیوان کے اثر کے ہو۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۸ | چرس | شبنم بنگ | روح البنج | سیاہ | تلخ | بھانگ کے پتوں پر شبنم جم جاتی ہو اور بنائی بھی جاتی ہو | گرم خشک | دل و دماغ کو ضعیف کرتی ہو | گاے کا دودھ | ۰ | ۰ | نشہ لاتی ہو اور امساک کرتی ہو اور خشکی کرتی ہو اور ورم کو تحلیل کرتی ہو اور بینائی کو کھوتی ہو اور حواس ظاہری و باطنی کو مکدر کرتی ہو۔ (قریب بسم) |
| ۲۷۹ | چرچرا و چیچیٹا | خارو ازگونہ | انکمہ | پتے سبز پھول سرخ | تلخ | ایک قسم کی گھانس ہو | سرد و خشک ۱ | اسکے بیج بھوک کو کم اور زائل کرتے ہین | ۰ | ۰ | ۰ | بواسیر اور داد اور چھون کی اینٹھن اور سیاہ داغ اور کھجلی اور جلندر اور پھوڑون کو نافع ہو اور اسکی لکڑی کی مسواک گندہ دہنی کو دفع کرتی ہو اور اگر اسکے پتون کا رنگ میٹھے مین ملا کر عورتون کو پلا دین خون حیض بند ہو جاوے اور اسکے پتون کا رنگ آنکھ مین ڈالنا تیرگی کو دفع کرتا ہو۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۲۸۰ | چرونجی | نقل خواجہ | حب السمنہ | سرخ و سفید | پھیکا و خوش ذائقہ و چکنا | ایک پہاڑی پھل کی جسکو انجار کہتے ہین گری ہو | گرم خشک ۱ با رطوبت فضلیہ | ثقیل اور دیر ہضم ہو | سکنجبین و شہد | پستہ و کنجد | ۱۱ ماشہ | کثیر الغذا ہو اور بدن کو فربہ کرتی ہو اور مادہ بلغمی کو براہ دست نکالتی ہو اور صفرا کو نکالتی ہو اور قوت باہ زیادہ کرتی ہو اور جلا کرتی ہو اور رنگ بشرہ کا صاف کرتی ہو اور دریادتی پیاس و جوش خون و پیاس کو تسکین دیتی ہو اور اسکا حریرہ بادام شکر کے ساتھ باہ بڑھاتا ہو۔ (غیر سمی) |
| ۲۸۱ | چقندر | چقندر | سلق | سرخ | قدرے شیرین | ایک ساگ کی جڑ ہو اور مشہور ترکاری ہو | گرم تر ۲ و مرکب القوی | معدہ کو اور گوشت پیچش و قولنج پیدا کرتا ہی | مسور و رائی | شلجم | ۰ | جلا کرتا ہو اور ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہو اور طبیعت کو نرم کرتا ہو اور مادہ بلغمی کو پختہ کرتا ہو اور نفخ پیدا کرتا ہو اور قلیل الغذا ہو اور اسکا جرم طبیعت کو بند کر دیتا ہو اور پکا ہوا باہ کو حرکت دیتا ہو اور درد گردہ اور گٹھیا کو اور رعشہ کو نافع ہو۔ (غیر سمی) |
| ۲۸۲ | چقندر کے بیج | تخم چقندر | بزر السلق | سیاہی مائل | تلخ | مشہور | گرم خشک ۱ | معدہ کو | سکنجبین | تخم شلجم | ۷ ماشہ | پیشاب خوب جاری کرتا ہو اور حیض بھی کھولتا ہو اور بلغم کو چھانٹتا ہو اور ریاح کو تحلیل کرتا ہو۔ (غیر سمی) |
| ۲۸۳ | چکنی ڈلی | پوپل | فوفل | سرخ و سفید | کسیلی | ایک پھل مشہور ہو | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے کو | صمغ عربی | ۰ | ۷ ماشہ | قابض ہو اور مواد کو پختہ کرتی ہو اور پھون اور دل و معدہ کو قوت دیتی ہو اور اپنے کسیلے پن سے دست آور ہو۔ (غیر سمی) |
| ۲۸۴ | چکوترہ | چکوترہ | ۰ | پوست زرد و مغز سرخ | چاشنی دار | ایک پھل ہو مشابہ او رقسم لیموسے اور پوست گندہ زائد | سرد تر ۲ | سینہ | قند | اناس | ۰ | پیاس اور جوش خون کو تسکین دیتا ہو اور بھوک لاتا ہو اور معدہ کو قوت بخشتا ہو اور اکثر افعال مین قائم مقام ترنج کے ہو اور اسکا چھلکا خفقان اور غشی کو دفع کرتا ہو اور رنگ بشرہ کو صاف کرتا ہو۔ (غیر سمی) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدرشربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۸۵ | چکدانہ | . | . | بھورا | پھیکا قدرے تلخ | ایک بیج ہی سخت اور مشابہ حب بلسان کے | گرم خشک ۲ | . | . | . | . | بچون کا دست آور ہی اور قولنج کو نافع ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی۔ (غیرسمی) |
| ۲۸۶ | چلاپا | جلاپا | . | بھوری | تلخ بدبودار | ایک جڑ ہی برابر شلغم کے | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والونکو درد سر پیدا کرتا ہے | ترشی | مجوکان | ۳ ماشہ | خوب دست لاتی ہی باوجودیکہ خوب قابض بھی ہی اور طبیعت کو مکروہ بھی نہین معلوم ہوتی اور درد گردہ اور پیٹ کے درد کو اور عرق النسا اور گٹھیا کو نافع ہی اور قولنج اور جلندر اور کانور کو بھی مفید ہی (غیرسمی) |
| ۲۸۷ | چلغوزہ | . | | پوست سرخ مغز سفید | قدرے شیرین وچکنا و خوش ذائقہ | ایک میوہ مشہور ہی | گرم ۲ تر ۱ | دیرہضم | میوہ ترش و سکنجبین | بادام و شقاقل | ۹ ماشہ | باہ زیادہ کرتا ہی اور بھوک بڑہاتا ہی اور دل و پٹھون کو قوت بخشتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور معدہ وجگر کو اور پھیپھڑے اور گردہ ومثانہ اور آلات تناسل کو مفید ہی اور مادہ کو پختہ کرتا ہی۔ (غیرسمی) |
| ۲۸۸ | چینا | فاخرہ | فاغرہ | زرد | تیز و تیز بو | ایک پھول ہی مشہور | گرم خشک | بھوک بند کردیتا ہی | . | . | . | اسکا سونگھنا دل اور دماغ سرد مزاج والے کو قوت دیتا ہی اور اسکا کھانا اکثر امراض سوداوی اور بلغمی اور ریاحی کو نافع ہی۔ (غیرسمی) |
| ۲۸۹ | چنا | نخود | حمص | سرخ و زرد | پھیکا و سوندہا | ایک مشہور دانہ غلہ کا ہی | گرم خشک ۱ | نفاخ ہی اور مثانہ کو مضر ہی | خشخاش سکنجبین و گلقند | لوبیا و باقلا | . | کثیر الغذا ہی اور بدن کو مادہ ردی سے پاک کرتا ہی اور جگر اور طحال و گردہ کا سدہ کھولتا ہی اور جلا کرتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور اصلی حرارت کو قوت دیتا ہی اور خلط صالح پیدا کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور باہ زیادہ کرتا ہی اور آواز اور خون کو صاف کرتا ہی اور اکثر خونی اور سوداوی بیماریون کو مفید ہی اور پیشاب خوب لاتا ہی اور اسکو بھگو کے صرف پانی پی لینا بالخاصہ مضر ہی (غیرسمی از قسم غلہ ہی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدرشربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹۰ | چناپاپڑ و رس بھری | . | . | زرد و سبز | چاشنی دار | ایک گھانس کا پھل ہی کہ اندر ایک غلاف کی تھیلی کے ہوتا ہی | گرم و خشک ۲ باقوت مسہل | پھیپھڑے اور دماغ کو | سکنجبین | جھربری | . | بلغم خام اور غلیظ کو براہ دست نکالتا ہی اور بلغم کو جلا دیتا ہی اور اکثر امراض صفراوی وسوداوی کو نافع ہی اور طبیعت کو فرحت دیتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور اپنے کل افعال مین مثل مکوے کے ہی اور برخلاف کل فواکہات کے اسکے اوپر پانی پینا اسکے افعال کو قوی کرتا ہی۔ (غیرسمی) |
| ۲۹۱ | چنار | دُلب | | پتے سبز لکڑی جھجھرار | تلخ | ایک بڑا درخت ہی اکثر سرد ملکو نمین ہوتا ہی پتی چوڑی دندانے دار | لکڑی سرد تر اور چھال و جوہر سرد خشک | حبس اور آعاز کو | عود و داچینی و تازہ دودھ | انار کا چھلکا | . | اسکی جلی ہوئی چھال کا لیپ جلا کرتا ہی اور خشکی لاتا ہی اور برص یعنے سفید داغ کو نافع ہی اور بدبو دار رطوبت زخمون کی دفع کرتا ہی اور اسکے تازہ پھل کا جوشاندہ جانورون زہردار کی سمیت یعنی زہر کو دفع کرتا ہی۔ (غیرسمی) |
| ۲۹۲ | چمبک | سنگ آہن ربا | | سیاہ | بدمزہ | ایک قسم کا پتھر ہی کہ لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہی | گرم و خشک ۳ | سینہ کو | | رب السوس | ربا کہ ریا | ۵ ماشہ | جلا کرتا ہی اور فالج اور لقوہ اور گٹھیا اور عرق النسا اور نقرس کو مفید ہی اسکا پینا اور جگر وطحال کو قوت دیتا ہی اور پتھری گردہ اور مثانہ کی توڑتا ہی اور ریشمی کپڑے مین رکھکے بائین ران مین باندھنا بالخاصہ جننے مین جلدی و آسانی کرتا ہی اور اسکی پسی ہوئی بکنی زخم پر چھڑکنا خون کو بند کرتا ہی اور زخم کو صاف کرکے بھر لاتا ہی اور یہ امر مجرب ہی کہ جب ستارہ زحل برج سنبلہ مین ہو تو اُسوقت اس پتھر کو ایک شخص گلاب مین گھسکے آنکھ مین سرمہ لگاوے اور دوسرا شخص لوہے کو دیر تک دیکھتا رہے تو ان دونون شخصون مین انتہا محبت ہو جاویگی۔ (قریب بسم ہی زیادہ استعمال اسکا) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹۳ | جنبیلی | . | یاسمن | پتے سبز پھول سفید | خوشبو دار و قدرے تلخ | ایک جھاڑی کا پھول ہی مشہور نہایت خوشبودار ہی | گرم خشک ۲ | گرم مزاجوں کو درد سر لاتا ہی | بنفشہ و گل سرخ | نرگس و سوسن | ۱ ماشہ | فرحت طبیعت لاتی ہی اور مسام اور سدہ کھولتی ہی اور بدن کو فربہ کرتی ہی اور اسکا پینا مادۂ بلغمی و سوداوی کو براہ دست نکالتا ہی اور ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی ہی اور فالج و لقوہ و گٹھیا اور خدر کو مفید ہی اور پیشاب لاتی ہی اور باہ کو حرکت دیتی ہی اور اسکی بو دماغ کو قوت دیتی ہی اور بالون کو سفید کردیتی ہی اور اسکا لیپ آلۂ تناسل پر مقوی باہ اور مطولات سے ہی اور اسکے پتون کے جوشاندے کی کلی دانتون کے درد اور منہ آنے کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۲۹۴ | چندن سفید | صندل سفید | صندل ابیض | سفید | قدرے تلخ و خوشبودار | ایک بہت بڑا درخت ہی اسکی لکڑی مستعمل ہی | سرد ۳ خشک ۲ | باہ کو زائل کرتا ہی | شہد و مصری | صندل سرخ | ۴ ماشہ | فرحت بخشتا ہی اور دل و معدہ کو قوت بخشتا ہی اور مواد کو پختہ کرتا ہی اور قابض ہی اور ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور خون صاف کرتا ہی اور خفقان اور سوزش معدہ اور صفراوی دستون کو دفع کرتا ہی اور اسکا سونگھنا مضرت وبائی ہوا کو دفع کرتا ہی اور گھس کے اسکا لیپ کرنا درد سر کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| ۲۹۵ | چندن لال و کمت چندن | صندل سرخ | صندل احمر | سرخ | قدرے تلخ و خوشبودار | مشہور ہی پہچان مثل سفید صندل کے ہی | سرد ۲ خشک ۲ | خارش پیدا کرتا ہی | روغن گل و سرکہ | صندل سفید | ۴ ماشہ | خونی دستون اور بخار کو اور خفقان کو دفع کرتا ہی اور صندل سرخ کا لیپ اپنے فعل مین سفید سے قوی ہی اور ورم کو تحلیل کرتا ہی اور مواد کو پکاتا ہی اور سوزش و حرارت کو تسکین دیتا ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹۶ | چندرس | سندرس | . | زرد و سرخ | پھیکا و قدرے تلخ | ایک معدنی چیز ہی شبیہ ساتھ کہربا کے اور بعض کے نزدیک کچا کہربا ہی | گرم و خشک ۲ | گردے کو | صمغ عربی | کہربا شمعی | ۲-۱ ماشہ | دماغی اعضا اور عموماً کل اعضا کی رطوبت کو خشک کرتا ہی اور کل اعضاے ظاہری و باطنی کے خون کو روکتا و بند کرتا ہی اور معدہ و آنتون کے بلغم کو چھانٹتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور اسکا منجن مسوڑھون اور دانتون کو قوت بخشتا ہی اور اسکی دھونی بواسیر کو نافع ہی اور اسکا سرمہ بینائی کو قوت بخشتا ہی - (غیر سمی) |
| ۲۹۷ | چوب بلسان | چوب بلسان | عود بلسان | گیہولن رنگ | تلخ | ایک لکڑی ہی خوشبودار | گرم و خشک ۳ | آنتون کو | کتیرا و صندل بنسلوچن | حب بلسان | ۱۱ ماشہ | سدون کو کھولتا ہی اور قوی کو قوت بخشتا ہی اور دماغی رطوبتون کو چھانٹتا ہی اور دمہ کھانسی اور دمہ اور معدہ و جگر کی سردی کو نافع ہی اور اکثر زہرون کا مارگ ہی - (غیر سمی) |
| ۲۹۸ | چوب چینی | چوب چینی | خشب الصینی | گلابی | تلخ و تیز | ایک پہاڑی درخت کی جڑ ہی | مرکب القوی مائل بحرارت یعنی گرمی | گرم مزاج والونکو | انار | عشبہ مغربی | ۲-۱ ماشہ تا ۵-۱ ماشہ | لطافت کرتی ہی اور فضلات ردیہ کو تحلیل کرتی ہی اور سدون کو کھولتی ہی اور خون کو صاف کرتی ہی اور ارواح و اصلی حرارت کو قوت بخشتی ہی اور ردی رطوبت کو خشک کرتی ہی اور فالج و لقوہ اور دماغی اکثر سرد بیماریون کو اور پٹھون کی بیماریون کو اور رحم اور مقعد کی بیماریون کو مفید ہی اور پیشاب و حیض خوب جاری کرتی ہی اور آتشک و کوڑھ و کھجلی کو نافع ہی اور اسکا استعمال چند خاص طریقون سے مخصوص ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹۹ | چوب حیات | چوب حیات | خشب الحیات | بھوری | تلخ | ایک قسم کی لکڑی ہندمین ہوتی ہو | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | مسام اور سدہ کھولتی ہو اور ورمون کو تحلیل کرتی ہو اور دردون کو تسکین دیتی ہو اور اکثر زہرونکی مارگ ہو اور قابض ہو اور ہیضہ اور رطوبتی دستون کو اور متلی کو اور باطنی ریاح کو مفید ہو اور اسکا مرہم زخمون کو بھر لاتا ہو - (غیر سمی) |
| ۳۰۰ | چوک | ۰ | ۰ | سیاہی مائل | نہایت ترش | ایک پھل کا رب ہو کہ پہاڑی لوگ لاتے ہین | سرد خشک ۱ | پٹھونکو | قند | لیمو | ۲-۳ ماشہ | معدہ کو قوت دیتا ہو اور پتون اور سوزش خون کو دفع کرتا ہو اور پیٹ کے نفخ کو مفید ہو اور ہاضم ہو اور کھجلی و کوڑھ اور اکثر امراض جلدی کو نافع ہو اور جمال گوٹہ کی سمیت کو دفع کرتا ہو اور مارتا ہو - (غیر سمی) |
| ۳۰۱ | چوکے کا ساگ | ترہ خراسانی | بقلۃ حامضہ | سبز | ترش | کھٹی پالک کو چوکے کا ساگ بھی کہتے ہین | سرد خشک ۱ | سرد مزاج والونکو اور پٹھونکو | شہد و شربت انار | ورشنگ و انار | ۰ | جگر کو قوت بخشتا ہو اور طبیعت کو نرم کرتا ہو اور گرم مزاج والون کی سوزش سینہ کو اور کڑوے پتون کو دفع کرتا ہو اور بھوک لاتا ہو اور ریاح گرمی کی تحلیل کرتا ہو اور ہاضم ہو - (غیر سمی) |
| ۳۰۲ | چوکے کے بیج | تخم ترشہ | بزر الحماض | سیاہ مائل بسرخی و براق | ترش | مشہور ہو | سرد خشک ۲ | طحال اور گردہ کو | سونف اور قند | تخم بارتنگ | ۷ ماشہ | قابض ہو اور جگر اور دل اور معدہ کی اکثر بیماریون اور قے اور یرقان یعنے کانور کو مفید ہو اور خونی اور صفراوی دستون کو نافع ہو اور کڑوے پتون کو چھانٹتا ہو اور خون کو صاف کرتا ہو اور اسکی جڑ خونی دستون اور آنتون کی خراش اور یرقان اور سیلان زخم کو مفید ہو - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۰۳ | چولائی کا ساگ | سفید مرز | بقلۃ یمانیہ | سبز | قدرے تلخ | ایک ساگ ہو مشہور | سرد تر ۲ | دیرہضم اور سرد مزاج والونکو | گرم جوارشین | خرفہ | ۰ | طبیعت کو نرم کرتی ہو اور بدن کو تری بخشتی ہو اور قلیل الغذا ہو اور گرمی کو بجھاتی ہو اور خلط صالح پیدا کرتی ہو اور پیاس کو تسکین دیتی ہو اور گرمی کی کھانسی کو مفید ہو اور پیشاب خوب لاتی ہو (غیر سمی) |
| ۳۰۴ | چونہ | آہک | نورہ و کلس | سفید | پھیکا نہایت تیز | مشہور ہو | گرم خشک ۴ | گوشت کو کھاجاتا ہو اور قاتل ہو | روغن و روغن بادام | ہرتال | ایکماشہ | خون بہنے کو بند کرتا ہو اور اسکا لیپ مقعد پر کرنا دستون کو بند کرتا ہو اور ورمون کے تحلیل کرنے مین بے مثل ہو اور آگ سے جلے ہوئے عضو کو اسکا لیپ مفید ہو (کثرت اسکی قاتل ہو) |
| ۳۰۵ | جونک کی پتی | ۰ | ۰ | سبز | قدرے ترش | ایک گھانس ہو جسکی پتی مشابہ جونک کے ہوتی ہو | سرد خشک ۱ | پھیپھڑونکو | قند و شکر | ۰ | ۰ | پتون کو دفع کرتی ہو اور پیاس کو تسکین دیتی ہو اور دستون اور حیض کو بند کرتی ہو اور باہ لاتی ہو اور سوزاک اور آتشک کو مفید ہو - (غیر سمی) |
| ۳۰۶ | چوہے سنی | گوش موش | آذان الفار | سبز پتے پھول سرخ | پھیکا | ایک گھانس ہو جسکے پتے مشابہ چوہے کے کان کے ہوتے ہین اور بیج مثل دھنیہ کے | گرم و خشک | مثانہ | مرزنجوش | مرزنجوش | ۳-۴ ماشہ | پیشاب خوب جاری کرتی ہو اور ورمون کو تحلیل کرتی ہو اور سدہ کھولتی ہو اور سرد بیماریون اور لقوہ و فالج و مرگی کو مفید ہو اور اسکی ناس بالخاصہ لقوہ کو نافع ہو - (غیر سمی) |
| ۳۰۷ | چھاچھ | دوغ | مخیض | سفید | ترش | دہی متھا ہوا ہو | سرد تر ۱ | مرکب بخارونکو | سکنجبین بزوری | دہی چکا | ۰ | پیاس کو تسکین دیتی ہو اور خلط خام پیدا کرتی ہو اور بدن کو فربہ کرتی ہو اور باہ کو حرکت دیتی ہو جو لوگ کہ گرم مزاج ہین انکی باہ زیادہ کرتا ہو اور اسکی کلی منہہ آنے کو اور منہہ کے جوش کو نافع ہو - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۰۸ | چاکسو | ذوقلاے مصری | ترمس | سفید مائل بزردی | تلخ و تیز بو | ایک بیج ہی گول برابر باقلا کے بیج کے | گرم ۱ خشک ۲ | دیر ہضم | نمک و صعتر | لوبیا و تخم خربزہ و انجیر | ۱۰ ماشہ | جگر اور طحال کا سدہ کھولتا ہی اور سختیون کو تحلیل کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور پیشاب و حیض جاری کرتا ہی اور بچہ رحم سے گرا دیتا ہی اور پیٹ کے کیڑے نکالتا ہی اور چہرہ کی جھائین اور سفید داغ اور سیاہ داغ کو مفید ہی اور ورم طحال کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۰۹ | چھڑیلہ | دوالی و دوالہ | اعشبہ وشیبۃ العجوز | بھورا | قدرے تلخ و خوشبودار | ایک چیز ہی کہ درختون پر پیدا ہوتی ہی شکل رسی کے بے پتے | معتدل ساتھ قوت قابضہ کے | انتون اور [illegible] کو | انیسون | سنبل و قردمانا | ۱۰ ماشہ | قابض ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور جوہر روح کے موافق ہی اور اسکو قوت دیتا ہی اور اسکا جوشاندہ سینہ کو فرحت دیتا ہی اور خفقان اور مرگی اور قی و متلی، و درد جگر اور امراض جگر کو و رحم کو مفید ہی اور معدہ کو قوت بخشتا ہی اور باہ کو زیادہ کرتا ہی اور حیض کو جاری کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۱۰ | چھوہارہ و کھجور | خرما | تمر | سرخ | شیرین و کسیلا | مشہور میوہ ہی | گرم و خشک ۲ | درد لاتا ہی اور گرمی کرتا ہی | آب انار و بادام | [illegible] و کشمش | ۰ | خون صالح پیدا کرتا ہی اور کثیر الغذا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور باہ زیادہ کرتا ہی اور گردہ و کمر کو قوت بخشتا ہی اور فالج اور لقوہ کو نافع ہی اور پتھری کو توڑتا ہی اور سینہ و پھیپھڑے کے موافق ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۱۱ | جیت و جیت | ۰ | ۰ | پتے سبز پھول سفید و بیج سیاہ | تلخ | ایک درخت متوسط ہی جسکے پتے املی کے پتی کے مشابہ ہین | گرم خشک ۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | اسکے پتون کا پانی بلغم کو براہ دست نکالتا ہی اور کیڑے مارتا ہی اور اسکے پتون کا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور پھوڑے کو پکاتا ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱۲ | چیتا | بیخ برنڈ و شیترہ | شیطرج ہندی | پتے سبز و پھول سرخ و جڑ سفید | تلخ | ایک گھانس ہی کہ ویرانے اور اوسر مین ہوتی ہی | گرم و خشک ۳ | پھیپھڑے اور جگر کو | صمغ عربی و مصطگی و گل سرخ | نرکچور و مجیٹھ | ۱۳ ماشہ | جلا کرتا ہی اور ہاضم ہی اور جلد مین زخم ڈالدیتا ہی اور کھال جلا دیتا ہی اور قوت باہ لاتا ہی اور اخلاط غلیظ کو براہ دست نکالتا ہی اور آواز کو صاف کرتا ہی اور جوڑ بند کے بلغم کو تحلیل کرتا ہی اور گٹھیا کو کھوتا ہی اور باہ کو حرکت دیتا ہی اور اسکا لیپ سفید داغ کو مفید ہی۔ (قریب بسم) |
| ۳۱۳ | چینا | ارزن | دخن | سرخی مائل | پھیکا | ایک دانہ غلہ کا مشہور ہی | سرد و خشک ۲ | سدہ پیدا کرتا ہی | دودھ و قند و گھی | کاکن و برنج | ۰ | قلیل الغذا ہی اور خشکی کرتا ہی اور پیٹ کو گنگ کردیتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور معدہ مین بہت دیر مین اترتا ہی اور اسکی سینک ورم کو تحلیل کرتی ہی اور بڑا نفاخ ہی (غیر سمی ایک غلہ ہی) |
| | | | | | | | | | | | | باب الحاء المہملۃ اور اسمین چھ دوائیاں ہین۔ |
| ۳۱۴ | حاشا | ۰ | ۰ | سبز سیاہی مائل | تیز و تیز بو | ایک قسم کا پہاڑی پودینہ ہی | گرم و خشک ۳ | پھیپھڑے کو | بنسلوچن | افتیمون | ۴-۳ ماشہ | لطافت بخشتا ہی اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتا ہی اور مسام و سدہ کھولتا ہی اور باہ کم کرتا ہی اور گرمی کرتا ہی اور پیشاب و حیض خوب لاتا ہی اور بلغمی مادہ کو براہ دست نکالتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی مثل افتیمون کے اور اسکا جوشاندہ ہنپی یعنی سانس چلنے کو مفید ہی (غیر سمی) |
| ۳۱۵ | حب الزلم | ۰ | ۰ | باہر زرد و اندر سفید | لذیذ و شیرین و چکنا | ایک دانہ ہی چوڑا و چپٹا اور چنے سے بڑا۔ | گرم ۲ تر ۱ | حلق کو اور سدہ لاتا ہی | بنفشہ و گلقند | شقاقل و [illegible] | ۹ ماشہ | باہ کو حرکت دیتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور جگر کو قوت دیتا ہی اور امراض سوداوی کو مفید ہی اور سینہ کی کھڑکھڑاہٹ اور کھانسی کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱۶ | ۰ | ۰ | حب الصنوبر | زردی مائل | لذیذ وچکنا | ایک بیج ہی مثل بادام کے | گرم-۲ تر-۱ | گرم مزاج والونکو اور دردسر وغشی لاتاہی | سکنجبین وترش میوہ | شقاقل | ۷-ماشہ | باہ زیادہ کرتا ہی اور بھوک بڑہاتا ہی اور پھیپھڑونکو قوت بخشتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت دیتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور ریاح صادر کرتا ہی اور فالج اور لقوہ اور خدر اور کزاز اور رعشہ اور سردی کی گٹھیا کو مفید ہی اور جگر کی اکثر بیماریون اور یرقان اور جلندر کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۱۷ | ۰ | حرام مغز | نخاع | سفید | پھیکا وچکنا | ایک چیز جزو بدن سے ہی کمر بیٹھ کی گریون کے اندر رہتی | گرم تر-۱ | ۰ | ۰ | سوم ومغز ساق | ۰ | اسکا تیل سختی کو تحلیل کرتا ہی اور اسکا لیپ زخم کو صاف کر کے بھرتا ہی اور اسکی چکنائی اونٹھ پھٹنے کو مفید ہی اور ان اعضا کو کہ خشک ہوگئے ہین تری بخشتا ہی اور اسمین آٹا گوندھ کے روٹی پکی ہوئی مقوی اعضا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۱۸ | بعض بلاد ہند مین [illegible] کہتی ہین | حسن یوسف | حشیش | سفید وسخت | پھیکا وتیز وبدمزہ | ایک دانہ ہی خشخاش سے چھوٹا | گرم وخشک ۳ | کرب اور قی لاتاہی | تازہ دودھ | سبوس اسپغول | ۲ ماشہ | جلا کرتا ہی اور رنگ رخسارہ کا صاف کرتا ہی اور کھجلی وچیچک وغیرہ کے داغ مٹا دیتا ہی (کھانا قاتل ہی الاطلا جائز ہی) |
| ۳۱۹ | ۰ | ۰ | حماما | پتے سبز اور شاخین و پھول سرخ | تیز وخوشبودار | ایک قسم کی گھانس ہی | گرم خشک ۲ | معدہ کو | کرفس | اسارون | ۵-ماشہ | مادہ کو پختہ کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی۔ اور جگر کو قوت بخشتا ہی اور ورم جگر اور رحم ونقرس کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |

## باب الخاء المعجمۃ

اور اسمین پندرہ دوائیان ہین۔



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وفواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۲۰ | خایہ اودبلاؤ | آش بچگان | جندبیدستر | زرد وسرخ | پھیکا وخوشبودار | ایک دریائی جانور کے خصیے ہین | گرم-۳ خشک-۲ | گرم مزاج والیکو | شربت بنفشہ | وج ودار فلفل | ۲-۳ ماشہ | سدے کو کھولتا ہی اور ریاح وورم کو تحلیل کرتا ہی اور سرد وزہریلی دواؤنکا مارگ ہی اور اصلی حرارت کو حرکت مین لاتاہی اور قوت دیتا ہی اور دماغی سرد بیماریون اور پٹھون کی بیماریون کو نافع ہی اور حیض وپیشاب جاری کرتاہی اور باہ کو قوت بخشتا ہی اور رحم کو قوت دیتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۲۱ | خربوزہ | خربزہ | بطیخ | زردی مائل وسبز | شیرین وپھیکا | ایک پھل مشہور ہی | گرم تر-۲ | خلط غالب کو بڑہاتاہی | سکنجبین وشہد | پھوٹ | ۰ | جلا کرتا ہی اور لطافت بخشتا ہی اور رگون مین جلد نافذ ہوتا ہی اور تری پیدا کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور گردہ کی اصلاح کرتا ہی اور پیشاب خوب لاتا ہی اور دودھ خوب بڑہاتا ہی اور یرقان اور جلندر کو نافع ہی اور پتھری نکالتا ہی اور نہار منھ کھانا صفراوی بخار لاتا ہی اور اسکا چھلکا قی لاتا ہی اور اسکے چھلکے کا لیپ چھائین کو کھوتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۲۲ | خربوزہ کے بیج | تخم خربزہ | بزر البطیخ | سفید | پھیکا وخوش ذائقہ | مشہور ہی | گرم-۲ تر-۱ | طحال اور شکمی اعضا کو | شہد وبنفشہ | جلغوزہ | ۵-ماشہ | جگر کے سدہ کو کھولتا ہی اور پیشاب خوب لاتا ہی اور گردہ ومثانہ اور آنتون کو پاک کرتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور پیشاب کی جلن کو کھوتا ہی اور دودھ ومنی زیادہ پیدا کرتا ہی اور قوت باہ خوب لاتا ہی اور چہرے کی سیاہی کو اسکا لیپ ابٹن جلا دیتا ہی (غیر سمی) |
| ۳۲۳ | خرفہ کا ساگ | ترہ خرفہ | بقلۃ الحمقا | سبز | قدرے ترش | ایک ساگ ہی کہ مقام تر وشور طلب مین اگتا ہی | سرد-۳ تر-۲ | نابینائی لاتاہی | مصطگی وگوشت وکرات کے بیج | کاہو | ۵ تولہ | تیزی اور حدت صفرا وخون کو تسکین دیتا ہی اور جگر ومعدہ کی سوزش کو نافع ہی اور پیشاب کی جلن اور حدت مثانہ کو مفید ہی اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور جلا کرتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۲۴ | خرفہ کے بیج | تخم خرفہ | بزر الحمقاء فرفخ | سیاہ | پھیکا | مشہور ہی | سرد ۲ تر ۲ | باہ اور طحال اور سرد معدہ کو | قند | تخم کدوے شیرین و اسپغول | ۹ - ماشہ | گرمی کے بخار کو اور صفراوی بخار کو مفید ہی اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور گرمی کے درد سر اور معدہ کی گرمی کو نافع ہی اور رحم کی گرمی اور جگر کی گرمی کو بھی دفع کرتا ہی اور گرمی کی کھانسی اور منہہ سے خون آنے کو فائدہ کرتا ہی اور ذیابیطس یعنے پانی پیتے ہی پیشاب آنے کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| ۳۲۵ | خرب | خرنوب بنطی | خرنوب نفطی | قدرے سیاہ و بھورا | شیرین | ایک درخت کا بیج ہی لوبیا کے برابر باقلہ کے ہوتے ہین | گرم خشک ۲ و نزد بعضے سرد | معدہ و آنتونکو | لعاب بہدانہ | مازو مائین خرد | ۶ - ماشہ | قابض ہی اور بدن کو قوت بخشتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور اعضامین خشکی لاتا ہی اور دستونکو بند کرتا ہی اور خون بہنے کو بند کردیتا ہی اور درد کو تسکین دیتا ہی - (غیر سمی) |
| ۳۲۶ | خس | ریشۂ نسخانہ | . | زرد سرخی مائل | قدرے تلخ و خوشبودار | ایک گھانس ہی اسکی جڑ خس ہی باریک مثل بال کے | گرم خشک ۱ و نزد بعضے سرد | . | . | . | ۳ - ماشہ | فرحت بخشتی ہی اور دل ومعدہ ودماغ کو قوت بخشتی ہی اور خفقان اور سیلان منی اور سرعت انزال کو نافع ہی اور خون صاف کرتی ہی اور پانی اسپر ڈالکر سونگھنا دماغ کو فرحت دیتا ہی اور اسکا لیپ دانتون کو مفید ہی اور خون کے جوش کو اور سوزش کو دفع کرتی ہی اور اسکا عطر دل ودماغ کو فرحت دیتا ہی اور گرمی کے درد سر کو کھوتا ہی (غیر سمی) |
| ۳۲۷ | خشخاش سفید | کوکنار وخشخاش سفید | بزر الخشخاش البستانی | سفید | پھیکی و قدرے شیرین | پوستہ کا دانہ ہی برابر خاکسی کے مشہور | سرد ۲ تر ۱ | پھیپھڑے و سرد مزاج کو | شکر و شہد | تخم کاہو | ۱۱ - ماشہ | اعضا کو شل و سست کرتی ہی اور نیند لاتی ہی اور پتلے مواد کو پختہ کرتی ہی یعنی معتدل القوام کرتی ہی اور مادہ صفراوی کو پختہ کرتی ہی اور قابض ہی اور سینہ وحلق و اطراف پھیپھڑے کی خشکی دفع کرتی ہی اور گرم وخشک کھانسی اور تپ دق وضعف جگر کو نافع ہی اور بدن کو فربہ کرتی ہی اور باہ لاتی ہی (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۲۸ | خشخاش سیاہ | خشخاش سیاہ وکوکنار | بزر الخشخاش البری | سیاہ | قدرے تلخ | مشہور ہی | سرد تر ۳ | دماغ کو | سونف | تخم کاہو | ۴ - ماشہ | جگر کی گرمی اور سیلان رحم کو نافع ہی اور دستون کو کیسے ہی پرانے ہون بند کرتی ہی اور سینہ کو پاک کرتی ہی اور بودار کو سونگھنا نیند کو اڑا دیتا ہی - (غیر سمی) |
| ۳۲۹ | خطمی | تخم خطمی | بزر الخطمی | سیاہ | پھیکا | مشہور ہی | سرد تر ۱ | معدہ اور پھیپھڑے کو | شہد و سونف | خبازی و نیلوفر | ۷ - ماشہ | مادے کو پکاتی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی ہی اور مواد کو پکاتی ہی اور عضو کو ڈھیلا کرتی ہی اور درد کو تسکین دیتی ہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور ذات الجنب و الریہ اور گرم کھانسی کو مفید ہی اور اسکے پتے ورمون کو تحلیل کرتے ہین خصوصاً پستان ومقعد کے ورم کو اور مواد وورم کو پکاتے ہین (غیر سمی) |
| ۳۳۰ | خطمی کے پھول | گل خطمی | ورد الخطمی وورد الرکم | اودا | قدرے تلخ | مشہور ہی | سرد تر ۱ | معدہ کو | شہد | خاکسی | ۳ - تولہ | مادے کو پکاتا ہی اور مواد کو پکاتا ہی اور ورم کو تحلیل کرتا ہی اور درد کو تسکین دیتا ہی اور پاشویہ مین اسکا شریک کرنا دماغ پر ابخرے چڑھنے کو مانع ہی اور درد سر کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| ۳۳۱ | خطمی کی جڑ | ریشہ خطمی و بیخ خطمی | اصل الخطمی | بھوری | پھیکی | مشہور ہی | سرد تر ۱ | معدہ کو | سونف | خبازی | ۶ ماشہ تا ۹ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتی ہی اور مروڑ کو تسکین دیتی ہی اور پیچش کو نافع ہی اور صفراوی دستون اور پیشاب کی سوزش وجلن کو اور آنتونکی خراش وسوزش کو مفید ہی اور گرمی کی کھانسی کو نافع ہی اور پیٹ کو گداز کردیتی ہی - (غیر سمی) |
| ۳۳۲ | خبازی | خبازی ونان کلاغ | خبازی | پتے سبز بیج و پھول اودے بیج بھورا و جڑ زرد | پتے تلخ پھول و جڑ پھیکا | ایک گھانس ہی شل اور مشابہ خطمی کے | سرد تر ۱ | سرد تر مزاج والے کو اور معدہ کو | ترشی | خطمی | ۹ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتی ہی اور مادہ کو معتدل القوام کرتی ہی اور سدہ جگر کا کھولتی ہی اور اسکا جوشاندہ ہمراہ شکر کے کھانسی اور تنگی آواز کو نافع ہی اور طحال کے درد وورم اور یرقان اور کھجلی خشک کو اور آنتونکے زخم کو مفید ہی اور پیچش اور زخم مثانہ اور سوزش پیشاب کو نافع اور اکثر حیوانون کے زہر کی مارگ ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٢٣٣ | خوب کلاں | خاکشی | خبہ | بھوری زردی مائل | پھیکا | ایک دانہ ہی بقدر خشخاش کے مشہور | گرم ٢ تر ١ | ورد سر پیدا کرتی ہی | کتیرا | بادہ کے بیج تودری | ٦ ماشہ تا ٩ ماشہ | باہ زیادہ کرتی ہی اور بھوک بڑھاتی ہی اور ورم ورباح کو تحلیل کرتی ہی اور معدہ کو قوت دیتی ہی اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتی ہی اور چیچک وخسرہ کو نافع ہی اور سُدہ کھولتی ہی اور مسامات کو بھی کھولتی ہی اور منھ یعنی رنگ خساہ کا صاف کرتی ہی اور بریان ہمراہ کسی مناسب خمیرہ کے پُرانی کھانسی وبخار کو مفید ہی اور ہمراہ دودھ کے بدن کو فربہ کرتی ہی - (غیر سمی) |
| ٢٣٤ | خوبانی | زرد آلو وشکر بادام | مشمش | زرد | شیرین | ایک پھل ہی برابر اور مشابہ آلو بخارا کے | گرم تر ٢ | نفاخ ہی اور جلد سڑ جاتا ہی | شکر وسکنجبین | آڑو | . | صفرا کو براہ دست نکالتا ہی اور پیاس وجوش خون کو تسکین دیتا ہی اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہی اور طبیعت کو وسختیوں کو نرم کرتا ہی اور سُدہ کھولتا ہی اور صفراوی وخونی بخارون کو نافع ہی اور اسکی گری بواسیر کو نافع ہی اور اعضا کو قوت بخشتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہی - (غیر سمی) |
| | | | | | | | | باب الدال المہملۃ | | | | اور اسمین ٢٨ دوائیان ہین - |
| ٢٣٥ | دابہ | . | . | زرد | پھیکا | ایک گھانس کا تنکا ونہایت سخت کہ مثل خار کے پاؤن مین چبھتا ہی | سرد | . | . | . | . | دشواری سے پیشاب آنے کو مفید ہی اور پتھری مثانہ کی توڑتا ہی اور فساد بلغم وصفرا وخون کو دفع کرتا ہی اور مثانہ کے درد اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور امراض مقعد کو مفید ہی (غیر سمی) |
| ٢٣٦ | دانونہ | بیخ بنفشہ | اصل حب السلاطین | زردی مائل | تلخ | جمالگوٹہ کی جڑ مشہور ہی | گرم | . | . | . | . | بہت تیز وگرم ہی اور ہاضم ہی اور فساد بلغم وخون کو دفع کرتی ہی اور استسقا یعنی جلندر اور اکثر ورمون کو مفید ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٢٣٧ | داڑھی برگد کی | ریشۂ برگد | لحیۃ التیس | زرد وسُرخی مائل | قدرے تلخ | برگد کے درخت کی شاخون سے اکثر ریشہ مثل جڑ کے نکل کے زمین تک آجاتے ہین | سرد ٢ خشک ٢ | گردہ کو | عناب وبنسلوچن | رسوت و اقاقیا | ٤ - ماشہ | قابض ہی اور خون کو بند کردیتی ہی اور صفراوی دستون کو اور خونی دستون کو اور پھیپھڑے کے زخم کو مفید ہی اور معدہ کو قوت دیتی ہی اور اسکا خیساندہ بینانا مردی پیدا کرتا ہی اور اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور زخمون کو پاک کرتا ہی اور بھرلاتا ہی - (غیر سمی) |
| ٢٣٨ | دال چینی | دار چینی | دار صینی | سرخی مائل | تیز وشیرین وتیز بو | ایک درخت کی لکڑی کے بکل ہین مشہور | گرم خشک ٢ | مثانہ کو اور درد سر پیدا کرتی ہی | مصطگی وکتیرا | کبابہ وحج | ٤ ماشہ تا ٧ ماشہ | لطافت روح بخشتی ہی اور سُدہ کھولتی ہی اور فرحت بخشتی ہی اور ہر خلط کی معتدل القوام کرنے والی ہی اور ارواح وقوی کی حفاظت کرتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور پیشاب وحیض کو جاری کرتی ہی اور باہ کو قوت دیتی ہی اور خفقان وجلندر اور جنون کو مفید ہی اور اسکا تیل سردی کی بیماریون اور سردی کے ورمون اور سردی کے دردون اور درد سر کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ٢٣٩ | دامن وباصبح ہی | . | . | پتے سبز وشاخ | تلخ | ایک بیخ خار دار درخت ہی | سرد | . | . | . | . | فساد بلغم وصفرا وخون کو دفع کرتا ہی اور بواسیر اور بدن کی زردی کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| ٢٤٠ | دانت ہاتھی کا | دندان پیل | عاج | سفید | پھیکا وتیز | مشہور ہی | سرد خشک ٢ | پھیپھڑے کو | شیرۂ صنوبر | شاخ بز | ٢ - ماشہ | اسکا بُرادہ ہمراہ شہد کے قوت حافظہ وفہم کو قوت بخشتا ہی اور دستون اور خون بہنے کو بند کرتا ہی اور اسکا طلا باہ کو قوت دیتا ہی جبکہ اور مناسب دواؤن کے ہمراہ ہو اور بعد طہر کے اسکو ہمراہ مصری کے کھانا حمل رہنے مین مدد کرتا ہی اور اسکا مہرہ گلے مین لٹکانا صرع یعنے مرگی اور ام الصبیان کو مفید ہی اور اسکا سرمہ آنکھ کو جلا دیتا ہی اور بصارت کو قوی کرتا ہی - (غیر سمی قوی الضرر) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۴۱ | | درمنہ | شنترک و شیح | پتے بھورے زردی مائل پھول سرخ و زرد | تلخ | ایک گھانس ہے بظاہر سوئے کے پتے مشابہ برگ سداب کے | گرم و خشک ۳ | سر اور معدہ اور پھیپھڑونکو | مصطگی و بنفشہ | افسنتین و بابرنگ | ۳ ماشہ | سدون کو کھولتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے اور ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور پیشاب و حیض جاری کرتی ہے اور پیٹ کے کیڑے مارکر نکالتی ہے اور فاسد اخلاط کو براہ دست نکالتی ہے اور طبیعت کو لطافت بخشتی ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتی ہے اور باہ لاتی ہے اور گولے کے درد اور مرکب بخار کو اور پیشاب بند ہو جانے اور ہچکی کو نافع و اور اسکی چٹنی منھ کی کھجلی کو مفید ہے - (غیر سمی قوی الضرر) |
| ۳۴۲ | | درونج | درونج عقربی | بھورا | قدرے تلخ | ایک جڑ ہے ہمنشکل بچھو کے گرہ دار | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والیکو اور درد سر پیدا کرتی ہے | سونف اور بسباسہ | زرنبو و لونگ | ۵ ماشہ | بلغم اور سودا اور غلیظ ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور حواس ودل کو قوت بخشتی ہے اور معدہ وطحال و قوت ہاضمہ کو قوی کرتی ہے اور طبیعت کو تسکین دیتی ہے اور شکر کے ہمراہ بلغمی درد سر اور درد سینہ کو اور اکثر امراض بلغمی و سوداوی کو نافع ہے اور سدہ کھولتی ہے اور اکثر زہرون کی مارگ ہے اور حافظا قیام حمل ہے - (غیر سمی) |
| ۳۴۳ | دندانہ | . | . | قدرے سرخ و زرد | تلخ و قدرے شیرین | ایک گھانس کا دانہ جسکے پتے مشابہ پتے کوکنار کے ہین | گرم خشک ۲ | سینہ | صمغ عربی | رینڈی | ۳ سرخ | مادہ بلغمی کو براہ دست نکالتا ہے اور بچون کے سر و امراض کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۳۴۴ | دوب | مرغ وفریز | آب و عقب | سبزو بعضے سفید | قدرے تلخ و کسیلا | گھانس مشہور ہے اسمین پھل پھول نہین ہوتا | سرد | قے لاتی ہے | . | . | . | منھ کے جوش و دانتون اور فساد بلغم وصفرا و خون کو دفع کرتی ہے اور پیشاب جاری کرتی ہے اور ہیضہ کو نافع ہے اور گرمی کے ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور اسکا لیپ رہون اور کھجلی کو مفید ہے اور اسکے جوشاندہ کی کلی منھ آنے کو مفید ہے اور پیشانی پر اسکا لیپ نکسیر کو بند کر دیتا ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۴۵ | دودھی | شیرگیاہ و سوسپند | . | سبز | تلخ | ایک گھانس ہے دودھ جسمین سے نکلتا ہے | گرم خشک | پھیپھڑے کو | . | . | . | بلغم کے فساد کو دفع کرتی ہے اور جذام یعنے کوڑھ اور وبا اور سوزاک اور جریان کو مفید ہے اور باہ لاتی ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے اور کھانسی کو نافع ہے - (غیر سمی) |
| ۳۴۶ | دودھ اونٹنی کا | شیر شتر | لبن اللقاح | سفید سیاہی مائل | قدرے شور | مشہور ہے | گرم مائل بہ خشکی | دیر مین معدہ مین اترتا ہے اور پیاس لگاتا ہے | شکر | گاے کا دودھ | ۵ تار | جلا کرتا ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے اور جسم کو قوت بخشتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور باطنی ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور جلندر و رقی اور دمہ اور دہانس کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۳۴۷ | دودھ بکری کا | شیر بز | لبن الماعز | سفید | قدرے شیرین | مشہور ہے | سرد تر مائل بخفیف حرارت | نفاخ اور سرد مزاج والونکو | شہد و سونف | گاے کا دودھ | ۵ تار | لطافت بخشتا ہے اور جلا کرتا ہے اور منھ سے خون آنیکو اور کھانسی اور سل اور پھیپھڑے کے زخم کو اور حلق کی خراش و مثانہ کے زخم کو اور خناق کو مفید ہے اور پیشاب لاتا ہے اور پیٹ کو نرم و معتدل کرتا ہے اور اسکا غرغرہ امراض حلق کو بالخاصہ مفید ہے اور گرم مزاج والون کو قوت بخشتا ہے اور گرمی کے اکثر امراض کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۳۴۸ | دودھ بھینس کا | شیر میش گاو | لبن الجاموس | سفید | قدرے شیرین | مشہور ہے | معتدل ساتھ غلظت اور رطوبت کے | دیر ہضم و ثقیل ہے | شکر | گاے کا دودھ | ۵ تار | بدن کو فربہ کرتا ہے اور اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہے اور فرحت دیتا ہے اور خون کثیر پیدا کرتا ہے اور جو خلط بدن مین غالب ہو اُسکی طرف مائل ہو جاتا ہے اور اگر اسمین کنگھی کی لکڑی جوش کر کے دہی جماکے ہمراہ مصری کے کھاوین بواسیر کو نافع ہے - (غیر سمی) |
| ۳۴۹ | دودھ بھیڑ کا | شیر میش وغیرہ گوسفند | لبن الضان | سفید قدرے سیاہ | پھیکا و بودار | مشہور ہے | گرم تر | قراقر اور قولنج پیدا کرتا ہے | روغن بادام و شہد | عورت کا دودھ | ۲-۳ تولہ | جوہر دماغ کو اور حرام مغز کو اور باہ کو قوت دیتا ہے اور آنتون کے زخم اور منھ سے خون آنے کو اور پچپش کو مفید ہے اور سمی دواؤن کی مضرت کو دفع کرتا ہے اور مضرت جماع کی اصلاح کرتا ہے اور روغن بادام و ببول کے گوند کے ہمراہ کھانسی اور مضرت جماع کو مفید اور مجرب ہے (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٣٥٠ | دودھ چمگادڑ | شیر شپرہ | لبن الخفاش | سفید زردی مائل | تیز وقدرے تلخ | مشہور ہی | گرم ٣ | پھیپھڑے اور طحال کو | روغن بادام | شیرنی کا دودھ | ٦ ماشہ | پیشاب خوب لاتا ہی اور نہایت جلا کرتا ہی اور بدن مین جلد نافذ ہوتا ہی اسی لیے اسکا کھانا جائز ہی الا اس کا طلا عضلات ذکر اور باہ کو قوت دیتا ہی - (غیر سمی قوی المضرت) |
| ٣٥١ | دودھ سورنی کا | شیر خوک | لبن الخنزیر | سفید زردی مائل | قدرے شیرین | مشہور ہی | سرد تر | نفاخ اور دیر ہضم ہی اور سفید داغ پیدا کرتا ہی | قند | گدھی کا دودھ | ٠ | بدن کو فربہ کرتا ہی اور قوی کرتا ہی اور سل اور دق کو نافع ہی الا امراض جلدی اکثر پیدا کرتا ہی اہل فرنگ اسکے بڑے مدح خوان ہین اور اکثر استعمال رکھتے ہین اور مقوی اعضا ہے دماغی بتاتے ہین کسی قدر صحیح اور مجرب ہی - (غیر سمی) |
| ٣٥٢ | دودھ شیرنی کا | شیر غیر | لبن الاسد | زردی مائل | تیز و ترش | مشہور ہی | گرم ٣ | زخم ڈالدیتا ہی | ٠ | ٠ | ٠ | نہایت جلا کرتا ہی اور بہت جلد نافذ ہوتا ہی اور غضب پیدا کرتا ہی الا بعض امراض سرد دماغی کو مفید ہی - (قریب السم) |
| ٣٥٣ | دودھ عورت کا | شیر زن | لبن النساء | سفید | قدرے شیرین | مشہور ہی | لڑکی کا گرم تر اور لڑکے کا سرد تر | جلد سڑ جاتا ہی | شکر و شہد | گدھی کا دودھ | ۲ تار | رطوبت لاتا ہی اور دماغ اور باہ کو قوت بخشتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور خیشوم یعنی پیشانی کا سدہ کھولتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور سینہ کی خشکی اور خشک کھانسی کو مفید ہی اور اسکا ناک مین سڑکنا بیخوابی اور دماغی خشکی کو نافع ہی اور اکثر امراض دماغی کو مثل جنون اور مالیخولیا و سرسام وغیرہ کے اور سل ودق کو نافع ہی (غیر سمی) |
| ٣٥٤ | دودھ گاے کا | شیر گاو | لبن البقر | سپید | قدرے شیرین | مشہور ہی | معتدل ساتھ رطوبت فضلیہ کے | طحال و شکمی اعضا کو | شکر و شہد | شیر بز | ۲ تار ۳ تار - ۵ تار | کثیر الغذا ہی اور جلد ہضم ہوتا ہی اور منی پیدا کرتا ہی اور دل و دماغ کو قوت بخشتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور باہ لاتا ہی اور غم و وسواس کو دور کرتا ہی اور خفقان کو نافع ہی اور سل و دق اور پھیپھڑے کے زخم کو مفید ہی (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٣٥٥ | دودھ گدھی کا | شیر خر | لبن الاتان | سفید | شیرین | مشہور ہی | سرد ۲ تر ۲ | سوداوی بلغمی مزاج والونکو | گلقند | شیر گاو وغیرہ بز | ۲ تار تا ۵ تار | تری اور سردی پیدا کرتا ہی اور فرحت بخشتا ہی اور جلا کرتا ہی اور سدہ و مسام کھولتا ہی اور گرم مزاج والے کے دل و دماغ کو قوت بخشتا ہی اور سل و دق اور زخم پھیپھڑے کو بہت مفید ہی اور گرمی کے بخارون اور گرمی کی کھانسی کو نافع ہی اور منھ سے خون آنیکو اور سانس چلنے کو اور خفقان کو مفید ہی اور جلندر اور لاغری کو دفع کرتا ہی اور اہل فرنگ اسکے منافع بہت بیان کرتے ہین اور اکثر استعمال مین لاتے ہین - (غیر سمی) |
| ٣٥٦ | دودھ گھوڑی کا | شیر اسپ | لبن الرماک | سفید | قدرے شور | مشہور ہی | گرم تر ۲ | نفاخ ہی اور قراقر لاتا ہی | سونف و شہد | شیر شتر | ۵ تار | جلا کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور فرحت بخشتا ہی اور بھوک و باہ زیادہ کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور مثانہ کے زخم اور بجاری پیشاب کو مفید ہی اور حیض کو بھی جاری کرتا ہی اور زخم رحم کو نافع ہی اور اسکا حمول یعنی لته تر کیا ہوا رکھنا حمل قائم ہونے کے لیے معین و مددگار ہی اور اسکا پینا چیچک نہین ہونے دیتا - (غیر سمی) |
| ٣٥٧ | دودھ گورخر کا | شیر گورخر | اللبن الحمار الوحشی | سفید | پھیکا | مشہور ہی | گرم تر ۲ | نفاخ ہی | سونف و شہد | شیر اسپ | ۵ تار | مقوی باہ ہی اور لطافت بخشتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور جلا کرتا ہی اور اپنے افعال مین قریب گھوڑی کے دودھ کے ہی الا اُس سے گرم زائد ہی - (غیر سمی) |
| ٣٥٨ | دودھ ہرنی کا | شیر آہو | اللبن الغزال | سفید | پھیکا | مشہور ہی | گرم تر ۲ | نفاخ ہی | سونف و شہد | شیر گورخر | ۵ تار | یہ اپنے کل افعال مین بالکل قریب قریب گورخر کے دودھ کے ہی - (غیر سمی) |
| ٣٥٩ | دونا مروا | مرزنگوش | مرزنجوش | پھول سفید پیچ سیاہ پتے سبز | تلخ | ایک گھانس ہی خوشبودار جسکے پتے برابر پتے امرود کے ہوتے ہین | گرم ۲ خشک ۱ | گردہ اور مثانہ | کاسنی اور خرفہ | افسنتین و کلونجی | ۳ ماشہ | لطافت بخشتا ہی اور ورمونکو تحلیل کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور جلا کرتا ہی اور رطوبت کو جذب کرتا ہی اور مثانہ و گردہ کی پتھری کو توڑتا ہی اور لقوہ اور ریحی درد سر کو مفید ہی اور دماغی رطوبت کو چھانٹتا ہی اور سینہ کے ورم اور درد اور ریاحی قولنج اور جگر و طحال کے سدہ کو اور جلندر کو مفید ہی اور دماغ کو پاک کرتا ہی اور اسکا سونگھنا زکام اور فالج اور سبات یعنی بہت سونے کو مفید ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۶۰ | ڈھانک کا پتا | برگ پلہ | ۔ | سبز | پھیکا | ایک جنگلی درخت کا پتہ ہی بڑا اور گول | پتے اور پھول گرم تر ۱ | ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | بھوک خوب لاتا ہی اور پھوڑے پھنسیون و ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور قولنج اور بواسیر اور پیٹ کے کیڑون کو مفید ہی اور اسکے پھول قابض ہین اور بلغم کو دفع کرتے ہین اور پیشاب جاری کرتے ہین اور پاشویہ مین شریک ہوکر دماغ پرا بخرے نہین چڑھنے دیتا ہی اور ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور اسکے پھول کا قطور یعنے بوند ٹپکانا آنکھ کے جالے کو مفید ہی اور اسکے پھول کی دہار وسینک فتق کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۶۱ | ڈھانک کا گوند و چنیا گوند | صمغ کوارچ پلہ | ۔ | سرخ و سفید | پھیکا السدار | ایک قسم کا گوند ہی ریزہ ریزہ | گرم تر ۱ | ۔ | بریان کرنا | ببول کا گوند | ۔ | گردہ کی بیماریون اور بواسیر کو نافع ہی اور منی کو گاڑھا کرتا ہی اور قابض ہی اور سودا و بلغم کو کم کرتا ہی اور اسکی راکھ کا گھلا ہوا پانی ورم طحال اور نفخ کے لیے مجرب ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۶۲ | ڈھانک کے بیج یا پاپڑہ | تخم پلہ | ۔ | باہر غلاف اندر سیاہ بھورہ | قدرے تلخ | بیج ہی ڈھانک کا | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے کو | ۔ | ۔ | ۳ ماشہ | اسکے پینے سے بواسیر اور پیٹ کے کیڑے دفع ہوتے ہین اور اسکا تیل باہ کو حرکت دیتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۶۳ | دھاوہ | | ۔ | زرد | قدرے کسیلا | ایک درخت ہی ہندی جسکے پھول استعمال مین | سرد ۲ خشک ۲ | ۔ | ۔ | ۔ | ۴ ماشہ | قابض ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور بھوک لاتا ہی اور دستون کو بند کرتا ہی اور اسکے جوشاندہ مین بیٹھنا خروج مقعد کو مفید ہی یعنے کانچ نکلنے کو منع کرتا ہی اور جریان اور جلدی انزال ہونے کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۶۴ | دھائے کے پھول | ۔ | ۔ | سرخ | تلخ | مشہور | سرد خشک ۲ | بلغم پیدا کرتا ہی | ۔ | ۔ | ۔ | سب قسم کے پھول اسکے دستون کو مفید اور بھوک کو نافع ہین (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۶۵ | دھتورہ | تاتورہ | جوز الماثل | سبز و سیاہ | تلخ | ایک بہت چھوٹے درخت خاردار کا خاردار پھل ہی جسکا درخت مشابہ اور برابر بینگن کے ہوتا ہی | سرد خشک ۴ | نہایت نشہ لاتا ہی اور جنون و فالج پیدا کرتا ہے | سونف اور سیاہ مرچ و شہد | تفاح و بزرالبنج | ۲ رتی | اعضا مین خاصکر دماغ مین بہت سستی لاتا ہی اور بہت نشہ کرتا ہی اور خوب نیند لاتا ہی اور درد سر کو جو کہ صفرا سے ہو یا خون کی شدت سے تسکین دیتا ہی اور مادہ ورم کو پختہ کرتا ہی اور رطوبت فضلیہ کو خشک کرتا ہی اور امساک لاتا ہی اور اسکے پتون کا لیپ اعضا کی اینٹھن کو مفید ہی۔ (۲ رتی سے زیادہ قاتل ہی) |
| ۳۶۶ | دہاہا | ۔ | ۔ | سبز | تلخ و تیز | ایک گھانس ہی مشابہ کاہی کے | معتدل | پھیپھڑے کو | افسنتین | ۔ | ۔ | بخار کی گرمی اور سر گھومنے کو اور جلندر و جریان منی کو نافع ہی اور دمے کو مفید ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور معدہ و جگر کو قوت دیتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۶۷ | دھنیا | کشنیز | کزبرہ | دانہ بھورا ساگ سبز | پھیکا و خوشبودار | مشہور ہی | سرد خشک ۲ | منی کو کم کرتا ہی اور نسیان و سدر پیدا کرتا ہی | سکنجبین و شہد و سفرجل | تخم کاہو و تخم خشخاش | ۹ ماشہ تولہ | فرحت لاتا ہی اور دماغ اور قلب کو قوت بخشتا ہی اور ابخرہ دماغ پر چڑھنے کو منع کرتا ہی اور خفقان و وسواس کو مفید ہی اور معدہ کو بھی قوت بخشتا ہی اور دستون کو بند کرتا ہی اور جریان منی کو نافع ہی اور نیند لاتا ہی اور تازہ دھنیا مادہ ردی کو پکاتا ہی اور صفرا کو تسکین دیتا ہی اور اسکی کلی منھ کے جوش اور گلے کے درد کو نافع ہی اور اکثر امراض دماغی کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۶۸ | دھنہ فرنگ | دہنج | | سبز و طاوسی و براق | پھیکا | ایک پتھر مشہور ہی جسکے نگ بنتے ہین | گرم خشک ۴ | زخم ڈالدیتا ہی آنتوں میں | گھی | فیروزہ | ۔ | اکثر زہرون کی مارگ ہی اور اسکا سرمہ بینائی کو قوت دیتا ہی اور ناک مین اسکا سڑکنا مرگی کو مفید ہی اور ہمراہ سرکہ کے اسکا لیپ داد اور سیاہ داغ اور سفید داغ کو نافع ہی۔ (سم قاتل ہی۔ کھانا نہین جائز ہی۔) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۶۹ | ڈھینڈس | . | . | سبز زردی مائل | قدرے تلخ | ایک سبزی ہی مشابہ کدو کے قسم ترکاری سے | گرم | نفاخ ہی | گرم مصالحہ | آنبہ ہلدی | . | صفرا کو دفع کرتا ہی اور بلغم پیدا کرتا ہی اور دیر ہضم ہی اور گوشت کے ہمراہ بخار کو نافع ہی اور جمیع افعال مین مثل کدو کے ہی اور دماغ کو قوت بخشتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۰ | دہی | جغرات و ماست | لبن الحامض | سفید | قدرے ترش | دودھ مین ضامن دیکے جماتے ہین مشہور ہی | سرد تر ۲ | سرد مزاج والونکو اور معدہ کو | نمک و سونٹھ و پودینہ و زیرہ | پنیر | . | رطوبت بڑہاتا ہی اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور باہ کو قوت دیتا ہی گرم مزاج والون کو اور میٹھے سے زیادہ اسمین غذائیت ہی اور دیر ہضم ہی اور سدہ لاتا ہی اور دہی کے اوپر کی ملائی سر پر ملنا قریب الاثر و عن مثل کدو کے ہی اور اگر چہرہ پر ملین تو چہرہ کی خشکی اور سیاہی اور جھائین کو دفع کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۱ | دیودار و چیڑ | دیودار | شجرۃ الجن | لکڑی قدرے سرخ و پتے سبز | تلخ و تیز و تیز بو | ایک بہت بڑا لانبا و سیدھا درخت ہی | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے کو | کتیرا و روغن بادام | . | . | مواد کو پکاتا ہی اور ریاح و ورمون کو تحلیل کرتا ہی اگر سردی سے ہون اور دردون کو تسکین دیتا ہی اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہی اور فالج و لقوہ اور سکتہ و استرخا کو مفید ہی اور اسکی لکڑی کے جوشاندہ مین بیٹھنا مقعد کے زخمون کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۲ | دیگچون | نقفان مس | توبال النحاس | سرخ و براق | کسیلا | تانبے کے چورہ کو کہتے ہین | گرم خشک ۳ | انتون مین زخم ڈالتا ہی اور خراش پیدا کرتا ہی | . | . | ۱ ماشہ | جلا کرتا ہی اور لطافت بڑہاتا ہی اور پیچش کو مفید ہی اور زخمون کے پھیلنے کو منع کرتا ہی اور کھجلی تر و خشک کو نافع ہی اور زخم اور جالے آنکھ کو مفید ہی اور مواد ردی و فاسد کو چھانٹتا ہی اور مادہ بلغمی کو براہ دست نکالتا ہی اور غیر مدبر و غیر مغسول کا استعمال جائز نہین ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | باب الراء المہملۃ | | | | اور اسمین ۵۰ دوائیان ہین |
| ۲۷۳ | راب | افشردہ مقوم نیشکر | . | سرخ | شیرین | گنے کے رس کا قوام اول وقت سے غلیظ ہی | گرم تر | گرم مزاج والون کو | ترشی | قند سیاہ یعنی گڑ | . | اکثر اعضا کو قوت بخشتی ہی اور تینون خلطون یعنی صفرا و سودا و خون کو پیدا کرتی ہی اور پسینا خوب لاتی ہی اور خون کو صاف کرتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۴ | . | . | راتینج | سفید مائل بزردی و سیاہ | تلخ | صنوبر یعنی چیڑ کا گوند ہی تین قسم کا ہوتا ہی پتلا جما ہوا اور جمایا ہوا | گرم و خشک ۳ | ورم پیدا کرتا ہی | کلفہ کا رانگ | علک البطم | ۱ ماشہ | انڈے کی زردی کے ہمراہ دمے اور خشک دہانس کو مفید ہی اور جریان منی و مذی کو دفع کرتا ہی اور دمہ کے تلے اسکا دہانا تر کھانسی کو نافع ہی اور مثل تماکو کے حقہ مین اسکا پینا پھیپھڑے کے زخم اور کھانسی کو اور دہانس کے لیے عجیب النفع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۵ | راج انیر | . | . | زردی مائل | شیرین | ایک ہندوستانی میوہ ہی | سرد تر | قابض ہی | . | . | . | فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۶ | راسن | | زنجبیل شامی | خوشرنگ و براق | تیز و تیز بو | ایک گھانس کی جڑ ہی شبیہ اصل زنجبیل یعنی سونٹھ کے | گرم خشک ۳ | دردسر پیدا کرتی ہی اور گرم مزاج والونکو | کھٹا انار اور خمیرہ بنفشہ | ایرسا و بچہ | ۵ ماشہ | فرحت لاتی ہی اور دل و فم معدہ و قوت ہاضمہ و باہ و مثانہ کو قوی کرتی ہی اور مراقی مالیخولیا اور وحشت و غم کو دفع کرتی ہی اور جگر کا سدہ کھولتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۷۷ | رال | لعل سغوی | قیر و قیقہر | سفید زردی مائل و سیاہ | تلخ و بدبو دار | رال دو قسم کی ہی ایک تو گوند ہی سال کے درخت کا اور دوسرے معدنی | گرم و خشک ۳ | پھیپھڑے و معدہ کو | شہد و خشخاش | . | ۲ ماشہ | ورم کو تحلیل کرتی ہی اور جلا کرتی ہی اور زخم کو بھر لاتی ہی اور مواد سے پاک کرتی ہی اور مواد کو پختہ کرتی ہی اور مرگی اور خشک دہانس اور روے کو نافع ہی اور جلندہ کو مفید ہی اور پرانے پرانے پھوڑون و زخمون کو اسکا مرہم نافع ہی اور اسکا لیپ زخمون و کھجلی کے نشانون کو فائدہ مند ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۷۸ | رام تلسی | . | فرنجمشک | سبز سیاہ | قدرے تلخ | ایک قسم کی ریحان ہی ہندی | گرم خشک ۳ | دردسر لاتی ہی اور گرم مزاج والونکو | بنفشہ و سکنجبین | لونگ و بادرنجبویہ | ۷ ماشہ | دماغ کا سُدہ کھولتی ہی اور ناک کے نتھنوں کو صاف کرتی ہی اور دل جگر و معدہ کو قوت بخشتی ہی اور ہاضم ہی اور ورموں کو تحلیل کرتی ہی اور خفقان و وسواس سوداوی و بلغمی کو نافع ہی اور بھوک بڑھاتی ہی اور تبخیر و مسوڑھوں کے درد کو تسکین دیتی ہی اور دانتوں کو مضبوط کرتی ہی (غیر سمی) |
| ۳۷۹ | رانگہ | ارزیز | رصاص الابیض | سفید وبراق | کسیلا و پھیکا | مشہور ہی | سرد خشک ۳ | قاتل ہی | قے کرنا و شہد | سرمہ | ۲ رتی | اسکا سرمہ آنکھ کی سرخی اور پلکوں کی گندگی کو دفع کرتا ہی اور روغن گل کے ہمراہ ورم مقعد اور بواسیر اور کھجلی کو نافع ہی اور اسکا کشتہ سوزاک کو مفید ہی۔ (سم قاتل) |
| ۳۸۰ | رائی | . | خردل | سفید وسیاہ و سرخ | تلخ | نہایت باریک اور چھوٹا ایک دانہ ہے | گرم و خشک ۳ | نشہ لاتی اور جلد میں زخم کرتی ہی | کاسنی و روغن بادام | تخم شلجم و حرمل | ۳ ماشہ | باہ لاتی ہی اور باہ کو قوت دیتی ہی اور نشاط بخشتی ہی اور معدہ کے کیڑے مار کر نکالتی ہی اور جلا کرتی ہی اور خون کو صاف کرتی ہی اور سردی کے ترلوں کو تسکین دیتی ہی اور معدہ و قوت ہاضمہ کو قوت بخشتی ہی اور ریاح کو صادر و تحلیل کرتی ہی اور پیشاب لاتی ہی اور ریشہ غشی اور فالج و استرخا ورعشہ و سکتہ کو مفید ہی اور تیل کے ساتھ اسکا لیپ آلۂ تناسل پر باہ کو حرکت دیتا ہی اور شہد کے ساتھ دمہ و نفس اور درد جگر کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۸۱ | رائی بیل و موتیا و موگرا | . | . | سفید | قدرے تلخ و خوشبودار | ایک پھول ہے چند قسم کا ہوتا ہی | گرم تر ۱ | . | . | . | . | صفرا اور تپ دق کی حرارت کو تسکین دیتا ہی اور ہچکی کو دور کرتا ہی اور اسکا سونگھنا دل و دماغ کو قوت بخشتا ہی اور اسکا تیل پانی میں ڈالکر بدن پر ملنا خارش اور خشکی کو دور کرتا ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۸۲ | رتالو | . | . | بھورا و زردی مائل | پھیکا و قدرے شیرین | مثل زمین قند کے ایک گول جڑ ہی | سرد تر | دیر ہضم | گوشت و گرم مصالح | . | . | صفرا اور حرارت کو دفع کرتا ہی اور منی اور قوت بدن و باہ کو زیادہ کرتا ہی اور فربہی لاتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی باوجود قوت قابضہ کے اور ریاح غلیظ پیدا کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۸۳ | رتن جوت | شکاروہ و ہوجوبہ | ابوخلسا | پتے سیاہ جڑ سرخ | تلخ | ایک گھانس ہی جسکے پتے مشابہ کاہو کے پتوں کے ہوتے ہیں | گرم خشک ۲ | دماغ کو اور ورم پیدا کرتا ہی | روغن بنفشہ و روغن مغز کدو | اقحوان | ۷ ماشہ | صفراوی و تلخ اخلاط کو تحلیل کرتا ہی اور فالج کو نافع ہی اور دستوں کو بند کرتا ہی اور حیض کو جاری کرتا ہی اور پتھری کو توڑ بہاتا ہی اور یرقان اور تپ کہنہ کو مفید ہی اور اسکا لیپ ورم طحال کو مفید ہی اور سفید داغ و چھائیں و سیاہی چہرہ و کنٹھ مالا کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۸۴ | رسوت راج | . | . | پتے سبز و پھل پھیکا | تلخ | ایک درخت ہی جسکی شاخیں پھل کالا ہی ہندو لوگ بناتے ہیں | گرم و تر و بعضے سرد | . | . | . | . | اور اعضا کو قوت بخشتا ہی اور اخلاط کے فساد کو دفع کرتا ہی اور باہ لاتا ہی اور کیڑوں کو مارتا ہی اور لڑکوں بچوں کی بیماریوں کو اور بلغم و کھانسی و پرسوت کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۸۵ | رُدونتی | . | . | سبز و بھورا | قدرے تلخ | ایک گھانس ہی جسکے پتے وغیرہ چنے کے مشابہ ہوتے ہیں اور ترائی میں ہوتی ہی اور اسپر چونٹیاں ہوتی ہیں | گرم و خشک | نفاخ ہی | نبات | . | ۳ ماشہ | بدن کو قوت دیتی ہی اور فربہی لاتی ہی اور بھوک بڑھاتی ہی اور قوت ہاضمہ و باہ کو قوت دیتی ہی الا اعصابے دماغی و شکمی کو مضر ہی۔ (غیر سمی) |
| ۳۸۶ | رس | افشردہ نیشکر | عصارۃ قصب السکر | سفید مکدر | خوب شیرین | مشہور ہی | گرم تر | نفاخ ہی اور صفرا و بلغم کو ابھارتا ہی | دودھ | عصارہ کھجور | . | کھانے کو ہضم کرتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور اسمیں چاول پکے ہوئے یعنی رساول بدن کو فربہ کرتی ہی اور طبیعت کو فرحت بخشتی ہی اور اگر اس میں ایک بتی جو کی ملادیں تو بیشمار دست آویں (غیر سمی) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۸۷ | رسکپور | ۰ | ۰ | سفید | ۰ | ایک معدنی چیز جمی ہوئی مثل شنجرف کے بلکہ سفید شنجرف ہے | گرم خشک ۲ | اعضاء رئیسہ کو | گائے کا دودھ | جمالگوٹہ | کیمیہ | چیچک و شدت کی کھجلی کو اور آتشک کو مفید ہے اور شہد کے ساتھ سرعت انزال کو نافع ہے اور بغیر تصفیہ یعنی دھوئے ہوئے اسکا کھانا جائز نہیں ہے اور اسکا لیپ تیل کے ہمراہ امراض جلدی کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی بکثرت قاتل ہے) |
| ۲۸۸ | رسوت | ۰ | حضض ہندی | زرد | نہایت تلخ | ۰ | معتدل ہے اور نزدیک بعض کے گرم اور سرد خشک | طحال کو | انیسون و مصطگی | فوفل و صندل | ۱-۳ ماشہ | قابض ہے اور مواد کو پختہ کرتی ہے اور سرد ورموں کو اور باطنی ورموں کو تحلیل کرتی ہے اور دستوں اور رطوبت کے بہنے اور پسینا بہنے کو روکتی ہے اور منہ سے خون آنے کو اور پیشاب کے راستہ کے زخم کو اور یرقان اسود یعنی سیاہ کا نور کو اور ورم طحال اور درد جگر کو مفید ہے اور اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور آشوب چشم کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۸۹ | سوہاگی | چرک نقرہ | اقلیمیا فضہ و خبث الفضہ | سفید سیاہی مائل | کسیلا | چاندی کا میل ہے کہ سنار وغیرہ ملکوں میں کی بڑی بھٹیوں سے نکلتا ہے | سرد خشک | سدہ لاتی ہے | روغن بادام | مردار سنگ | ۱-۲ ماشہ | رطوبت کو خشک کرتی ہے اور قوت بینائی قوی کرتی ہے اور سبل اور زخم چشم و ناخونہ اور نزول چشم کو مفید ہے اور طحال کی سختی کو تحلیل کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۹۰ | روغن بادام | روغن بادام | دہن اللوز | سفید | قدرے شیریں | مشہور ہے | معتدل | ضعیف الامعاء کو | مصطگی | روغن خشخاش | ۹ ماشہ | نیند لاتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور دماغ کو تری بخشتا ہے اور آواز کو صاف کرتا ہے اور دست آور دواؤں کے ضرر کو دفع کرتا ہے اور معدہ اور پھیپھڑوں کو قوت بخشتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۹۱ | روغن بلسان | روغن بلسان | دہن البلسان | سفید | بدمزہ تلخ | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والے کو | دودھ | نارجیل و روغن زیتون | ۳ ماشہ | دماغ اور پٹھوں اور معدہ و رحم کو قوت بخشتا ہے اور معدہ و جگر کی سختی کو نرم کرتا ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑ بہاتا ہے اور دماغی سرد بیماریوں کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹۲ | روغن بھلاواں | روغن بلادر | دہن حب الفہم | سیاہی مائل | تلخ | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | جلد کو | ۰ | زیتون | ۰ | تینوں خلطوں صفرا و سودا و بلغم کو چھانٹتا ہے اور جذام یعنی کوڑھ کو مفید ہے اور پیٹ و مقعد کے کیڑے مار کر نکالتا ہے اور جلد میں زخم کرتا ہے اور داغ پیدا کرتا ہے اور اکثر سردی کے دردوں کو مفید ہے خاصکر جوڑوں کے درد کو نہایت مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۹۳ | روغن رینڈی | روغن بید انجیر | دہن الخروع | سفید | پھیکا بدمزہ | مشہور ہے | گرم تر | فم معدہ کو | نخود بریان | روغن زیتون | ۱ تولہ تا ۲ تولہ | معدہ کو جلا دیتا ہے اور اعضا کو قوت بخشتا ہے اور صحت کا نگہبان ہے اور خوشی پیدا کرتا ہے اور آنتوں کے سدہ کو پھسلا کے نکالتا ہے اور دست لاتا ہے اور جلندر کو مفید ہے اور خصیوں کے ورم اور کمر و گردہ کے درد کو اور قولنج کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۹۴ | روغن خشخاش | روغن خشخاش | دہن الخشخاش | سفید | پھیکا | مشہور ہے | سرد تر ۲ | سدہ پیدا کرتا ہے | ۰ | ۰ | ۰ | نیند لاتا ہے اور درد سر کو تسکین دیتا ہے اور دماغ کو قوت بخشتا ہے اور گرم تر کھانسی کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۹۵ | روغن السی | روغن کتان | دہن الکتان | قدرے زرد | قدرے تلخ و ہیکلار | مشہور ہے | گرم تر | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | بھوک لاتا ہے اور اعضا کو قوت بخشتا ہے اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور بینائی کو قوت دیتا ہے اور آنتوں کے زخم و خراش کو مفید ہے اور اسکی مالش داد اور خشکی بدن کو دفع کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۹۶ | روغن چیڑ | روغن دیودار | دہن شجرة الجن | سرخ | تلخ و بدبودار | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | پھوڑے پھنسی اور سرخ بادہ اور وجع مفاصل یعنی گٹھیا کو اور کھجلی اور کوڑھ کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹۷ | روغن زیتون | روغن زیتون | دہن الزیت | سفید | قدرے تلخ | مشہور ہی | گرم تر ۳ | گرم مزاج والے کو | دودھ و شہد | روغن بید انجیر | ۳-تولہ تا ۴ تولہ | بچھون کی سردی کو دفع کرتا ہی اور قوت بخشتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہی اور ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا اور تحلیل کرتا ہی اور آنتون کے مروڑ کو مفید ہی اور اسکا لیپ و مالش سردی کے دردون کو نافع ہی اور زخمون کو جلد بھر لاتا ہی ۔ (غیر سمی) |
| ۲۹۸ | روغن سرسون | روغن سرشف | دہن الحرف | زردی مائل | تلخ | مشہور ہی | گرم تر | معدہ کو | دہی و ترشی | روغن کنجد سفید | . | پٹھون کو قوت بخشتا ہی اور بدن کو فربہ و قوی کرتا ہی اور سرد بلغمی امراض کو مفید ہی اور پٹھون کی اینٹھن کو مفید ہی اسکی مالش اور اسکا لیپ سردی کے مواد کو تحلیل کرتا ہی (غیر سمی) |
| ۲۹۹ | روغن چنبیلی | روغن یاسمن | دہن یاسمن | سفید | قدرے تلخ | مشہور ہی | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والے کو | مسکہ | روغن زیتون | ۲-ماشہ | پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور مقعد کے کیڑے بھی مارتا ہی اور کوڑھ اور کھجلی کو نافع ہی اور کان کی بیماریون کو مفید ہی اور چنبیلی کا بسا ہوا تیل سر مین ڈالنا اعضاے دماغی کو قوت دیتا ہی (غیر سمی) |
| ۴۰۰ | روغن کاہو | روغن کاہو | دہن الخس | سفید | قدرے تلخ | مشہور ہی | سرد تر | سرد مزاج والے کو | روغن بادام | | . | سختیون کو نرم کرتا ہی اور دماغ کو تر رکھتا ہی اور نیند لاتا ہی اور مالیخولیا اور مرگی کو مفید ہی اور شراب کی مستی کو دفع کرتا ہی اور اکثر امراض گرم عصبانی کو مفید ہی ۔ (غیر سمی) |
| ۴۰۱ | روغن کرڑ | روغن تخم معصفر | دہن حب القرطم | سفید | تلخ و تیز | مشہور ہی | گرم تر | گرم مزاج والیکو اور بینائی کو | . | روغن زیتون | . | فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتا ہی اور اعضا کو قوت بخشتا ہی اور تینون خلطون صفرا و سودا و بلغم کو زائد کرتا ہی اور معدہ کی سوزش کو مفید ہی ۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۰۲ | روغن اخروٹ | روغن چارمغز | دہن الجوز | سفید | شیرین | مشہور ہی | گرم تر | گرم مزاج والیکو | ثقیل ہی | روغن بادام | . | فساد ریاح و فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتا ہی اور باہ کو قوت بخشتا ہی اور بالون کو بھی قوت دیتا ہی اور بلغم زیادہ پیدا کرتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا اور فرحت لاتا ہی (غیر سمی) |
| ۴۰۳ | روغن اگر | روغن اگر ہندی | دہن العود | سُرخ | قدرے تلخ و خوشبودار | مشہور ہی | گرم | . | . | روغن دیودار | . | اسکی مالش پٹھون کو قوی کرتی ہی اور گٹھیا اور کھجلی کو مفید ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور اسکا طلا تحریک باہ کرتا ہی اور قوت باہ زیادہ کرتا ہی ۔ (غیر سمی) |
| ۴۰۴ | روغن پلاس | روغن تخم پلہ | . | سیاہ | تلخ و کسیلا | مشہور ہی | گرم | . | . | روغن مہوا و گلو | . | فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور اسکی مالش اعضا کی سوزش کو دفع کرتی ہی اور بعض سردی کے ورمون کو تحلیل کرتا ہی ۔ (غیر سمی) |
| ۴۰۵ | روغن کھیرا و ککڑی | روغن تخم خیارین | دہن بزر القثا | سفید | پھیکا | مشہور ہی | سرد تر | پٹھونکو | . | روغن کاہو | . | فرحت لاتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور گرمی کے ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور اکثر گرمی کی بیماریونکو مفید ہی اور اعضاے دماغی کے بہت موافق ہی اور بلغم پیدا کرتا ہی ۔ (غیر سمی) |
| ۴۰۶ | روغن تخم بیٹھہ | روغن تخم کدوے رومی | دہن بزر المحدب | سفید | قدرے شیرین | مشہور ہی | سرد تر | . | روغن کاہو | روغن مغز کدو | . | دماغ مین تری پیدا کرتا ہی اور بدن کو تر رکھتا ہی اور خشکی دفع کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور نیند لاتا ہی اور مالیخولیا اور بیخوابی اور پٹھونکی اینٹھن کو مفید ہی اور پٹھون کی خشکی دفع کرتا ہی ۔ (غیر سمی) |
| ۴۰۷ | روغن مغز کدو | روغن مغز کدوے شیرین | دہن حب القرع | سفید | شیرین | مشہور ہی | سرد تر | . | روغن کاہو | روغن کاہو | . | بدن کو تر رکھتا ہی اور دماغ مین تری پیدا کرتا ہی اور قوت بخشتا ہی اور خشکی بدن اور دونون پٹھون اور کان کی دفع کرتا ہی اور نیند لاتا ہی اور بدن فربہ کرتا ہی اور مالیخولیا اور بیخوابی اور پٹھونکی اینٹھن اور کان کے درد اور خشک کھانسی اور تپ دق کو مفید ہی پینے اور سر مین ٹپکانے اور مالش کرنے سے اور اکثر سختیون کو نرم کرتا ہی اور ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور باہ لاتا ہی ۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۰۸ | روغن تلی و میٹھا تیل | روغن کنجد | دہن السمسم | سفید مائل بزردی | شیرین | مشہور ہی | معتدل و نزد بعضے گرم درجہ اول | معدہ کو و صفرا پیدا کرتا ہی | قند | روغن کاہو و بادام | . | کل اعضا کو قوت بخشتا ہی اور صحت کا نگہبان ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور باہ زیادہ کرتا ہی اور بدن کو نرم کرتا ہی اور جلا دیتا ہی اور خشکی بدن کی اور تپھون کی دفع کرتا ہی اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہی اور منی زیادہ کرتا ہی اور بھوک بڑھاتا ہی اور پیشاب جاری کرتا ہی اور کان کے درد اور زخم اور گھاؤ اور چوٹ و درد کو مفید ہی اور آگ سے جلنے کو نافع ہی اور زخم ذکر کو مفید ہی اور سب روغنون سے یہ عمدہ ہی- (غیر سمی) |
| ۴۰۹ | روغن گلگوتہ | روغن مہوا | . | سفید | پھیکا و کسیلا | مہوے کے پھل کی گری کا تیل ہی جو جما ہوا ہوتا ہی | سرد و تر | انکھون اور نوازل کو | شہد | روغن ناریل | . | فساد صفرا و بلغم کو دفع کرتا ہی اور اعضا کی سوزش کو نافع ہی اور فربہی لاتا ہی اور جلد کی خشکی کو دفع کرتا ہی اور دماغی اکثر اعضا کو مفید ہی- (غیر سمی) |
| ۴۱۰ | روغن مالکنگنی | روغن مالکنگنی | . | سرخ | تلخ و بدبودار | مشہور ہی | گرم تر | گرم مزاج والیکو | . | روغن کنجد | . | باہ و دماغ و قوت حافظہ کو قوی کرتا ہی اور گٹھیا اور درد کمر اور کولے کے درد کو نافع ہی اور اسکی مالش مقوی و محرک باہ ہی اور تپھون کی اینٹھن اور اکثر دماغی امراض کو مثل لقوہ و فالج کے مفید ہی اور ہتیلی مین ہاتھ کی اسکی مالش قوت بینائی کو قوی کرتی ہی- (غیر سمی) |
| ۴۱۱ | روغن کرنجوہ | روغن تخم کرنجوہ | دہن حب ابنج | سیاہی مائل | کسیلا | مشہور ہی | سرد تر نزد بعضے خشک | سُدّہ پیدا کرتا ہی | نمک | روغن کنجد | . | معدہ کو قوی کرتا ہی اور صفرا کو پیدا کرتا ہی اور فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہی اور آگ کے جلے ہوے پر لگانا بالخاصہ مفید ہی- (غیر سمی) |
| ۴۱۲ | روغن نیم | روغن تخم نیم | دہن حب نیب | سیاہی مائل | تلخ | مشہور ہی | گرم خشک | معدہ و جگر کو | . | . | . | ہاضم ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مار کر نکالتا ہی اور بیہوشی دفع کرتا ہی اور کوڑھ اور درد کمر و گٹھیا کو مفید ہی اور ناسور کو بھر لاتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہی اور زخمون کو مفید ہی اور قوت بینائی و باہ کو زیادہ کرتا ہی- (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱۳ | روغن ناریل | . | دہن النارجیل | سفید جما ہوا | پھیکا قدرے تلخ | مشہور ہی | سرد تر | معدہ کو | . | روغن مہوا | . | طبیعت کو نرم کرتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہی اور سودا ماغی امراض مین مفید ہی اور بدن کی خشکی دفع کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور بالون کو بڑھاتا اور سیاہ رکھتا ہی- (غیر سمی) |
| ۴۱۴ | روغن بابونہ | روغن بابونہ | دہن البابونج | قدرے سرخ | کسیلا و تلخ | مشہور ہی | گرم تر | درد سر پیدا کرتا ہی | روغن نیلوفر | روغن مالکنگنی | . | ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور چوٹ اور دردون کو مفید ہی اور کمر کے درد اور گٹھیا اور کولے کے درد اور عرق النسا کو مفید ہی اور بالخاصہ انثیین کے ورم کو نافع ہی اور اکثر امراض سر کو فائدہ مند ہی (غیر سمی) |
| ۴۱۵ | روغن گرجن | . | دہن الکرجن | سرخ | تلخ | ہند کی بنگال کی طرف مین ایک درخت ہی اسکا تیل نکالتے ہین | گرم و خشک | درد سر پیدا کرتا ہی اور معدہ کو | . | روغن دیودار | . | ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور داد کے لیے مفید ہی اور عمارت کی رنگ آمیزی مین کام آتا ہی اور کھایا نہین جاتا اور چوٹ وغیرہ مین بھی لگاتے ہین- (غیر سمی) |
| ۴۱۶ | روہنی | . | . | سبز | تلخ | ایک ہندی گھانس مشہور ہی | گرم تر- | . | . | . | . | معدہ کے کیڑے نکالتی ہی اور گلے کی اور نرخرہ کی بیماریون کو مفید ہی اور خفقان و اختلاج قلب اور اکثر دل کی بیماریون کو نافع ہی اور فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتی ہی اور کھانسی و دمہ و تپ کو مفید ہی- (غیر سمی) |
| ۴۱۷ | روہس | . | . | سبز | تلخ | ایک گھانس ہی مشابہ اذخر کے | سرد | . | . | . | . | دل کی گرمی اور معدہ کی سوزش کو دفع کرتا ہی اور اکثر اعضا کی سوزش کو نافع ہی اور تنگی سانس کو اور کھانسی کو مفید ہی- (غیر سمی) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱۸ | رہیرا | . | . | . | . | ایک ہندی دوا ہے | گرم | . | . | . | . | دست آور ہے اور ریاح کو دفع کرتی ہے اور امراض جگر وطحال اور استسقا یعنی جلندر کو مفید ہے۔ (غیرسمی) |
| ۴۱۹ | ریٹھہ | فندق ہندی | بندق ہندی | بھورا بیج سیاہ | تلخ کسیلا وتیز | ایک درخت کا پھل مشہور ہے | گرم خشک ۲ | گرانی پیدا کرتا ہے اور قے لاتا ہے | سکنجبین وروغن بادام | خربوزہ کی جڑ | ۳ ماشہ | معدہ اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتا ہے اور پٹھوں کو قوت بخشتا ہے اور اعضا کے اینٹھنے اور لقوہ وفالج یعنے جھولا مار جانے کو اور مرگی کو مفید ہے اور باہ لاتا ہے اور درد رحم کو دفع کرتا ہے اور اگر پانی مین گھس کے اسکو ناک مین سڑکین تو آدھی سیسی کے درد کو نافع ہے۔ (غیرسمی) |
| ۴۲۰ | | ریٹھہ والا | مو | بھورا زردی مائل | قدرے تلخ وتیز وخوشبودار | ایک گھانس کی جڑ ہے جسکے پتے اور شاخین برابر ومشابہ موٹے کے پتے وشاخ کے ہوتے ہین | گرم ۱ خشک ۲ ساتھ رطوبت نفاخہ کے | طحال کو | اجمود و شہد | جوزبوا وبالچھڑ | ۵ ماشہ | قابض ہے اور گرمی بڑہاتی ہے اور لطافت روح بخشتی ہے اور سدہ ومسام کو کھولتی ہے اور نیند لاتی ہے اور اسکو خیساندہ کرکے پینا واسطے بند کرنے نزلہ کے اور نزلہ گرنے کے مفید ہے اور آواز کو صاف کرتا ہے اور پٹھوں کی بیماریون اور جوڑون کے درد اور ضعف معدہ وجگر وطحال وگردہ ومثانہ کو اور درد معدہ وجگر وطحال وگردہ ومثانہ کو مفید ہے اور ریاح ومعدہ ورحم کے نفخ کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیرسمی) |
| ۴۲۱ | | ریوس | ریباس | پتے سبز پھول سُرخ | ترش قدرے شیرین | ایک گھانس ہے مشابہ چقندر کے درخت کے | سرد ۱ خشک ۲ | سینہ و باہ کو اور قولنج لاتا ہے | شہد و ترنج کا مربے | حماض و ترنج | ۹ ماشہ | تیزی صفرا کو توڑتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور معدہ وجگر واعضائے شکمی گرم مزاج والے کو قوت دیتا ہے اور پتون کی سوزش اور صفراوی قے کو تسکین دیتا ہے اور اسکا شربت جنون اور وحشت اور سوزش کو نافع ہے اور گرمی کے بخار کو مفید ہے۔ (غیرسمی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۲۲ | ریوند چینی | بیخ ریواس | راوند | سُرخ سیاہی مائل | تیز و تیز بو و تلخ | ریواس کی جڑ ہے ہمشکل شلجم کے | گرم خشک ۱ ساتھ رطوبت فضلیہ کے | اسفل کو اور [illegible] ضعیف کو | عناب وصمغ عربی | گل سُرخ و سنبل | ۵ ماشہ | خشکی لاتی ہے اور جلا کرتی ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتی ہے اور گاڑھے ولیسدار خلطون کو نچوڑ کے براہ دست نکالتی ہے اور پیشاب وحیض جاری کرتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور آنتون کو فضلات ردی سے پاک کرتی ہے اور نفخ وریاح کو تحلیل کرتی ہے اور سرد بیماریون کو مفید ہے اور یرقان کا سُدہ کھولتی ہے۔ (غیرسمی) |
| | باب الزاے المعجمہ | | | | | | | | | | | اور اسمین ۱۲ دوائیان ہین۔ |
| ۴۲۳ | | زراوند دراز | زراوند طویل | سُرخ سیاہی مائل و زرد | تلخ | ایک درخت کی جڑ ہے | گرم ۲ خشک ۲ | جگر و طحال کو | شہد و زرشک | زراوند گرد | ۲ ماشہ | اکثر نباتی وحیوانی زہرون کی مارگ ہے اور جلا کرتی ہے اور رطوبت کو جذب کرتی ہے اور ورمون سرد اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور پتھری کو توڑتی ہے اور پیشاب وحیض جاری کرتی ہے اور سینہ وجگر کو صاف کرتی ہے اور زیادہ بلغم کو براہ دست نکالتی ہے اور پیٹ کے کیڑے نکالتی ہے اور مرگی کو نافع ہے اور بچہ باسانی پیدا کرتی ہے۔ (غیرسمی) |
| ۴۲۴ | | زراوند گرد | زراوند مدحرج | باہر زرد واندر سُرخی مائل | تلخ | یہ بھی ایک جڑ ہے گول لانبی جسکے اوپر کا بکل بہت موٹا ہوتا ہے | گرم خشک ۲ | اعضاء مین اور طحال مین خشکی پیدا کرتی ہے | شہد و روغن گردو | زراوند طویل | ۲ ماشہ | ریاح اور ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور لطافت بخشتی ہے اور سینہ وپھیپھڑے کے اطراف کو پاک کرتی ہے اور معدہ ودماغ کو قوت بخشتی ہے اور دمے اور پرانی کھانسی اور سینہ کے درد وفالج وگٹھیا کو مفید ہے اور مادہ بلغمی کو براہ دست نکالتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے۔ (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۲۵ | زرشک | زرشک بیدانہ | انبر باربیس | اودہ و سرخ | چاشنی دار | ایک خاردار درخت کا پھل مشہور ہی | سرد خشک ۲ باوجود قوت قبض کے | سرد مزاج والیکو اور قولنج والے کو | لونگ و شکر | زرورد و صندل | تولہ | صفرا کی تیزی کو توڑتی ہی اور پیاس کو تسکین دیتی ہی اور معدہ و جگر کی گرمی اور جوش خون کو بھی تسکین دیتی ہی اور دل و جگر و معدۂ گرم خشک کو قوت بخشتی ہی اور صفراوی دستون کو بند کر دیتی ہی اور مادۂ ردی کو اعضا پر گرنے نہین دیتی ہی اور جگری و معدی دستونکو مفید ہی اور استحاضہ یعنی معتاد سے زائد حیض ہونیکو بند کر دیتی ہی - (غیر سمی) |
| ۴۲۶ | | . | زفت رطب رومی | سیاہ | تلخ | سرو کے درخت سے ایک رطوبت بہتی ہی اسکی کئی قسمین ہین | گرم ۲ خشک ۲ | پھیپھڑے و طحال کو | کتیرا و بنفشہ و کافور | بادشیر و موم | ۱ ماشہ | ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور جوڑ بند کو قوت بخشتی ہی اور فالج و نقرس و عرق النسا اور سردی کے ریاح اور زانو کے درد کو مفید ہی اور گاڑھے اخلاط کو معتدل القوام کرتی ہی اور سینہ و حلق کو پاک و صاف کرتی ہی اور معظم و مطول قضیب اور خون کو جلد کی طرف جذب کرلاتی ہی اور شقاق مقعد یعنے پھٹ جانے کو مفید ہی اور اسکا ضماد باہ زیادہ کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ۴۲۷ | زمیکند و سورن | زمین قند | | سرخی مائل بھوا | پھیکا بھربھرا | ایک بوٹی کی جڑ ہی مثل آلو - اروی بنڈا کے | گرم | نفاخ ہی اور گرم مزاج والونکو | گوشت و دہی سرکہ | . | . | کھانا خوب کھلاتا ہی اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہی اور قولنج و پیٹ کے درد کو مفید ہی اور قلیل الغذا ہی اور سدہ پیدا کرتا ہی اور قابض ہی اہل ہند اسکا اچار ڈالتے ہین - (غیر سمی) |
| ۴۲۸ | | زنگی وارو | اسقولوقندریون | سبز سرخی مائل | تلخ | ایک گھانس ہی بے شاخ اور بے پھل کے پتے جڑ سے لگے ہوے | گرم ۱ خشک ۱ | سدہ پیدا کرتی ہی | دو دو مصطگی | غافث | ۲ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتی ہی اور جلا کرتی ہی اور سدہ کھولتی ہی اور پیشاب و حیض جاری کرتی ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۲۹ | زنگال | زنگار | زنجار | سبز و آبی | کسیلا و بکٹھا | ایک چیز ہی کہ سرکہ اور تانبے سے بناتے ہین | گرم و خشک ۴ | قتال ہی اور قے کثیر لاتا ہی | دودھ و گھی و لعاب کی چیزین | شنگرف | نہین کھاتے ہین | گوشت بدن کا کھا جاتا ہی اور خراش پیدا کرتا ہی اور آنتون کو چھیل ڈالتا ہی اور زخم پیدا کرتا ہی اور زخم کو جلا دیتا ہی اور شہد کے ساتھ اسکا سرمہ پلکونکی گندگی کو دفع کرتا اور رکاٹ بہاتا ہی اور اگر موم روغن مین شریک کرکے زخم پر لگادین تو بدگوشت کو کاٹ کے نفع کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ۴۳۰ | | زوفاے خشک | زوفاے یابس | سبز سیاہی مائل | تلخ | ایک گھانس ہی | گرم خشک ۲ | جگر کو | عناب و صمغ عربی و انار ترش | مرزنجوش و پرسیاوشان | ۷ ماشہ تا تولہ | لطافت کرتی ہی اور بلغم کو براہ دست نکالتی ہی اور ریاح غلیظ صادر کرتی ہی اور معدے کے کیڑے نکالتی ہی اور ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور فالج اور پرانی کھانسی اور دہانس خشک کو مفید ہی اور پھیپھڑے کی سوجن اور درد سینہ و پہلو و معدہ کے درد کو اور قولنج کو مفید ہی اور جلندر کو نافع ہی اور بلغم کو خشک کر دیتا ہی - (غیر سمی) |
| ۴۳۱ | زہر مہرہ | زہر مہرہ | فادزہر معدنی | سفید مائل بہ زردی و سبزی | پھیکا | ایک نہایت ہلکا پتھر ہی مشہور | معتدل ہی | . | . | زمرد و زبرجد | ۱- ماشہ | کل مزاجون کے موافق ہی اور اکثر زہرون کی مارگ لوخلطکی بربوئی کو دفع کرتا ہی اور باہ لاتا ہی اور ارواح اور اعضاے رئیسہ اور بچونکو قوت بخشتا ہی اور صحت کا نگہبان ہی اور ہواے وبائی کو نافع ہی اور خفقان اور غم کو اور دستون اور قے و ہیضہ کو مفید ہی اور واسطے سبزی بیخانہ بچون کے نافع و مجرب ہی - (غیر سمی) |
| ۴۳۲ | . | . | زیتون | سبز | تلخ و کسیلا | ایک درخت بلاد مغرب مین ہوتا ہی ہزار برس تک رہتا ہی | گرم خشک ۲ | . | . | روغن ریندی | تولہ | بدن مین گرمی پیدا کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور پتھری توڑ بہاتا ہی اور مسوڑونکو قوت بخشتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت دیتا ہی اور پسینا بند ہو جانے کے لیے بہت مفید ہی یعنی پسینا جاری کر دیتا ہی (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳۳ | زیرۂ سپید | زیرۂ سفید | کمون ابیض | سفید | تیز و تیز بو | سونف کے برابر ایک درخت کا بیج ہی جسکا درخت مشابہ سوئے کے ہوتا ہی | گرم ۲ خشک ۲ | پھیپھڑے کو | کتیرا | اجوائن و زیرۂ سیاہ | ۷ ماشہ | معدہ اور جگر و آنتوں کو قوت بخشتا ہی اور گردہ کو قوی کرتا ہی اور گرمی پیدا کرتا ہی اور ریاح و ورموں کو تحلیل کرتا ہی اور بلغم کو چھانٹتا ہی اور باہ زیادہ کرتا ہی اور خیساندہ اسکا شکوری اور آنکھ کے زخم اور بھنگے ہن اور نا خونا اور سبل کو نافع ہی اور بعض قسم کے پرمیو یعنی جریان کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۳۳۴ | زیرۂ سیاہ | زیرۂ سیاہ | کمون اسود | سیاہ | تیز و تیز بو | مشہور ہی | گرم خشک ۳ | پھیپھڑے کو | کتیرا | زیرۂ سفید | ۷ ماشہ | گرمی کرتا ہی اور طبیعت کو لطافت دیتا ہی اور بلغم کو چھانٹتا ہی اور ریاح و ورموں کو تحلیل کرتا ہی اور رطوبت کو خشک کرتا ہی اور رطوبت کو بہنے سے روکتا ہی اور معدہ کی رطوبت کو دفع کرتا ہی اور بھوک کھولتا ہی اور پیشاب و حیض خوب جاری کرتا ہی اور دست آور دوائیوں میں سے ہی - (غیر سمی) |
| | | | | | | | | **باب السین المهملة** | | | | اور اسمین ۰۰ دوائیاں ہین - |
| ۳۳۵ | ساگودانہ سابودانہ | . | . | سفید | پھیکا | ایک دانہ ہی کہ ایک درخت کی گرد یا لکڑی سے بناتے ہین اور وہ درخت جزائر میں ہوتا ہی | گرم تر ۲ | . | . | . | . | مقوی ہی کل بدن کو اور باہ زیادہ کرتا ہی اور تحریک باہ خوب کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اگر تازہ دودھ کے ساتھ مثل شیر برنج کے پکا کر کھاوین اور اگر دودھ منع ہو تو پانی مین پکاکے اور شیرینی ڈال کے کھاوین اور بیمار کی طبیعت کے بہت موافق ہی کیونکہ بہت سبک ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳۶ | ساتر | اویشن و اوشن | صعتر | پتہ سبز پھول نیلا | تیز و تیز بو و خوشبودار | ایک گھانس ہے مشہور چند قسم کی ہوتی ہے - | گرم و خشک ۲ | پھیپھڑے کو | سرکہ | پہاڑی پودینہ | ۵ ماشہ | بلغم و ریاح کو چھانٹتا ہی اور تحلیل کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور مادۂ ردی بلغمی کو دفع کرتا ہے اور لطافت کرتا ہے اور تشنگی لاتا ہے اور باہ زیادہ کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور معدہ کو بالائی جوبت سے پاک کرتا ہے اور دماغ پر ابخرے نہین چڑھنے دیتا ہے اور اکثر دماغی امراض کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۳۳۷ | ساکھو | سال | ساج | لکڑی سرخ پتہ سبز بیج سیاہ | تلخ و کسیلا | ایک جنگلی بڑا درخت ہی جسکے پتے بہت اور پھل مقدار چھالیہ کے | سرد خشک ۲ | جگر کو | عناب | . | ۳ ماشہ | اسکا برادہ پیاس کو تسکین دیتا ہی اور معدہ کی سوزش کو نافع ہی اور شہد کے ساتھ مادۂ صفراوی و بلغمی کو نکالتا ہی اور اسکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہی اور اسکا پھل قابض شکم ہی اور اسکے برادہ کی دھونی وبائی ہوا کو صاف کرتی اور مچھر وغیرہ کو بھگاتی ہی (غیر سمی) |
| ۳۳۸ | سانپ کی کینچلی | پوست مار | سلخ الحیة | سفید جالی دار | پھیکا | مشہور ہی کہ سانپ آپ خود گراتا ہے ہر سال | گرم خشک ۳ | تاریکی چشم لاتی ہی اور دھینا جلد کی چھلکے اتارتی ہی | د گھی | بھلاوان | ۲ ماشہ | بچے جنے اور گھی کے ساتھ کھانا جذام یعنی کوڑہ کو مفید ہی اور اسکی دھونی پیٹ جنے وقت دینا بچہ جننے مین سہولت و آسانی کرتا ہے مجرب ہے اور اسکی دھونی بواسیر کے مسے گرا دیتی ہے اور کپڑے و کتابوں مین رکھنا کیڑے لگنے کو مفید ہے اور جہاں سانپ کینچلی گراتا ہے وہاں پھر نہین آتا ہے - (غیر سمی) |
| ۳۳۹ | ساٹھی | شالخ | . | بھورا سفید | پھیکا | ایک دانہ غلہ کا ہی مشہور | سرد خشک | ریاح پیدا کرتا ہی اور خشکی کرتا ہی | گھی | . | . | فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتا ہے اور ساتوں و آنتوں کو خشک کرنے والا ہے - (غیر سمی غلہ ہے) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۴۰ | سپاری | پوپل | فوفل | بھوری | کسیلا | ایک گول پھل ہی برابر بیر کے چند قسم کا اور جزائر مین زائد ہوتا ہی اور بنگالہ مین بھی۔ | سرد خشک ۲ | سینہ کو گھر کرتی ہی اور شانہ کو اور قولنج والیکو | کتیرا | سنج صندل و دھنیا | ۳ ماشہ | قابض ہی اور مواد کو پختہ کرتی ہی اور دماغ پر ابخرے نہین چڑہنے دیتی ہی اور منھ کی رطوبت اور دانتونکی سستی کو دفع کرتی ہی اور دل و باہ اور ڈھیلے اعضا کو قوت بخشتی ہی اور پیشاب جاری کرتی ہی اور منی کو گاڑہا کرتی ہی اور دستونکو بند کرتی ہی اور گرمی کے دردون کو مفید ہی اور اسکے جوش کا پانی نچوڑ کر قوی دست لانے والا اور اسکا پھول بچون کے دست بند کردینے مین مجرب ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۴۱ | سناور | . | . | سفید | پھیکی | ایک بڑا پھول نباتات کا مشہور | گرم خشک ۲ ساتھ رطوبت فضلیہ کے | دردسر لاتی ہے | شہد | بہمن سفید | ۲ ماشہ | لطافت بخشتی ہی اور باہ زیادہ پیدا کرتی ہی اور معدہ و جگر و گردہ کو گرم کرتی ہی اور بلغم چھانٹتی ہی اور منی کو گاڑہا کرتی ہے اور دودہ زیادہ پیدا کرتی ہی اور گاڑہا کرتی ہے اور ہر قسم کے جریان و سوزاک کو مفید ہے اور نقرس و گٹھیا و بواسیر کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۴۲ | سجی و کھار | اشخار و قلیا | قلی معصفر و شب | بھوری و سفید | شور | ایک کھار ہی کہ بعض چیزونکی راکھ سے بناتے ہین | گرم خشک ۴ ساتھ سمیت کے | پھیپھڑے کو | گھی و دودہ بوستے کرنا | . | یکجو | جلا کرتی ہی اور اخلاط کو جلا دیتی ہو اور گوشت کو کھا جاتی ہی اور اپنے فعل مین نمک سے بہت ہی قوی ہی اور نیز مغسول معدہ کو قوت دیتی ہی اور ہاضم ہی اور بھوک بڑہا دیتی ہی اور بلغم خوب چھانٹتی ہی اور قے کو بند کر دیتی ہی جبکہ کسی طرح نہ بند ہوتی ہو اور طحال کے ورم کو تحلیل کرتی ہی اور سرمہ کے ہمراہ آنکھ کے جالے کو کاٹ بہاتی ہے۔ (سم قاتل) |
| ۴۴۳ | سدا سہاگن | . | . | بتو سبز و پھول سرخ | قدرے تلخ و تیز | ایک درخت ہی مثل درخت عقیق البحر کے | سرد | . | . | . | . | فساد زہر و فساد صفرا و خون کو دفع کرتا ہے اور جلندر کو نافع ہے اور اگر ۲ ماشہ پتی اسکی پانی مین بھگوکے پئین سوزاک کو مفید ہے اور بسبب لعابیت کے آنتون مین پھسلن پیدا کرتا ہے اور اسکے پتون کا رنگ کان کے درد کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۴۴ | سرپھوکہ | . | . | سبز | تلخ و تیز | ایک گھانس ہی مثل چرایتہ کے۔ | گرم تر ۲ | . | . | منڈی | ۲ ماشہ | خون کو صاف کرتا ہی اور معدہ کھولتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور سوداوی بخارون اور جگر و طحال کی بیماریون اور پھوڑے پھنسی کو نافع ہے اور سرطان یعنے بیٹھ کے پھوڑے اور آتشک کو مفید ہے اور اس کا عرق اکثر زہرون کی مارک ہے۔ (غیر سمی) | |
| ۴۴۵ | سرسون | سرشف | حرف | سرخ سیاہ و زرد | تلخ و تیز | قسم غلہ سے ایک دانہ ہی برابر رائی کے جسکا تیل نکالتے ہین۔ | گرم خشک ۲ | معدہ و گردہ کو | کاسنی و شہد | السی و رائی | ۶ ماشہ | رطوبت بالائی کو خوب جذب کرتی ہی اور ریاح خوب تحلیل کرتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مار کر نکالتی ہے اور فساد بلغم کو دفع کرتی ہی اور کھجلی و عرق النسا کو مفید ہی اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور پیشاب جاری کرتی ہی اور مادہ کو معتدل القوام کرتی ہی اور ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور اسکا ابٹن میل اور بدن کی سیاہی و جھائین کو خوب صاف کرتا ہے اور اسکے پتے پیشاب بند کرنے اور کھجلی کو مفید ہین۔ (غیر سمی) | |
| ۴۴۶ | سرس | درخت ذکریا | سلطان الاشجار | پتو سبز پھول سرخ بیج سیاہ | تلخ | ایک بہت بڑا درخت ہوتا ہی جسکے پتے مثل املی کے اور پھول خوشنما اور پھلیان لانبی ہوتی ہین۔ | سرد خشک ۲ | . | پھسلوچن و سونف | بلم و سرپھوکہ | تور | اسکی چھال کی کلی دانتون اور مسوڑون کو قوی کرتی ہے اور اس کا عرق درانگ امراض جلدی جیسے کوڑہ وغیرہ کو مفید ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور اسکا پھول سونگھنا آدھاسیسی کو نافع ہے۔ (غیر سمی) | 11 |
| ۴۴۷ | سرس کے بیج | درخت ذکریا | حب سلطان الاشجار | بھورے سرخی مائل | تلخ و کسیلی | مشہور ہے | گرم | . | . | . | . | اسکا سرمہ آنکھ کے جالے کو مفید ہے اور باہ کو قوت دیتا ہی اور منی کو گاڑہا کرتا ہے اور اگر اسکو پانی مین جوش دیکے ناک مین سڑکین نزلہ کو نافع ہے اور اس کا تیل سفید داغ کو مفید ہے۔ (غیر سمی) | 12 |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۴۸ | سرکہ | سرکہ | خل | سرخ و سفید | نہایت ترش | انگور یا کھجور یا گنے کے رس کا دھوپ مین پکا کے بناتے ہین | سرد خشک ساتھ لطیف حرارت کے | پھوڑون اور پھیپھڑے اور باہ کو | شیرینی حلویات | آب لیموی کاغذی | ۲ تولہ | قابض ہے اور رطوبت کو خشک کرتا ہے اور رگون مین و مسام مین جلد سرایت و نفوذ کرتا ہے اور طبیعت کو لطافت بخشتا ہے اور گاڑھے خلطون کو چھانٹتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مار کر نکالتا ہے اور ہاضم ہے اور بھوک خوب لاتا ہے اور سدہ خوب کھولتا ہے اور جامن و تاڑی کا سرکہ ورم طحال اور پیٹ کے نفخ کو بہت مفید ہے۔ (غیر سی) |
| ۴۴۹ | سرپنکی | . | . | سبز | قدرے ترش و تلخ | ایک گھانس ہے جسکے پتے مشابہ پتے خرفہ کے اور شاخین گرہ دار اور بیج ریزہ ریزہ | گرم تر | . | . | . | . | اسکے پتے کھانا درد کمر اور جوڑون کے اور تمام بدن کے درد کو مفید ہے اور اسکی جڑ ہمراہ پیپلامول کے گرمی کے بخارون کو کہ مرکب کئی قسم سے ہون نافع ہے اور اسکے پتے ساتھ گھی اور سونٹھ کے کیسا ہی زخم نہ بھرتا ہو بھر لاتے ہین مجرب ہے۔ (غیر سی) |
| ۴۵۰ | سوار وسوال | جزانہ | . | سبز کاہی | تلخ و تیز | ایک گھانس ہے پتے پانی کے اندر لانبے ریشہ ریشہ پیدا ہوتی ہے | سرد ۳ تر ۲ | سرد مزاج والونکو | ماء الریحان | کلفہ | . | مواد کو پختہ کرتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور سوزاک کے لیے مجرب ہے اور اسکا لیپ خون بہنے کو بند کرتا ہے اور تازی پیٹ پر رکھنا پیاس کو تسکین دیتی ہے (غیر سی) |
| ۴۵۱ | سرو | سرو | عرعر | سبز | تلخ و تیز | ایک مشہور درخت چند قسم کا ہوتا ہے بعضے بےپھل کے اور بعضے پھل دار | گرم و خشک ۲ اور پھول گرم تر | پھیپھڑے کو | کتیرا | انزروت | ۷ ماشہ | قابض ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور خون بہنے کو بند کر دیتا ہے اور خلط کی بدبو کو دفع کرتا ہے اور اس کا جوشاندہ وقت سے پیشاب آنے کو اور آنتون کے زخم اور مثانہ سے فضول مواد بہنے کو مفید ہے اور اسکی چٹنی پرانی کھانسی کے لیے مجرب ہے اور معدہ کو قوت بخشتی ہے۔ (غیر سی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۵۲ | سروالی | . | برطانیقی | پھول سرخ پتی سبز | قدرے تلخ | ایک درخت بقدر گز کے ہے جسکی شاخین پھول سرخ اور پتے برابر جیسا پتی پالک کے | مرکب القوی ساتھ قوت قابضہ کے | متلی لاتی ہے | عناب | تودری | ۹ ماشہ | اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور اسکے پتون کا پینا تپ کو نافع ہے اور باہ کو قوی کرتی ہے اور منی پیدا کرتی ہے اور اسکو جلا کے کھانا استحاضہ کو بند کرتا ہے۔ (غیر سی) |
| ۴۵۳ | سروالی کے بیج | . | بزر برطانیقی | سیاہ و براق | قدرے تلخ | ایک بیج ہے بہت ہی چھوٹا ذرہ ذرہ بھر۔ | مرکب القوی | متلی لاتے ہین | عناب | تودری | ۵ ماشہ | باہ کو قوی کرتے ہین اور منی کو گاڑھا کرتے ہین اور سوزاک کو اور آتشک کو نافع ہین اور فساد خون کو دفع کرتے ہین اور پرمیو یعنے جریان کو مفید ہین۔ (غیر سی) |
| ۴۵۴ | سریش | سریشم | غری | سیاہ | بدمزہ بدبودار | ایک لسدار چیز ہے کہ چمڑے اور گوند وغیرہ کو پکا کر بناتے ہین | گرم ۱ خشک ۲ | سدہ لاتا ہے | سکنجبین وماء الاصول | سریشم ماہی | ۲ ماشہ | رگونکے منہ پر چپک کے سدہ لاتا ہے اور خشکی پیدا کرتا ہے اور سل اور اندرونی خراب زخمون کو نافع ہے اور خون کو بند کرتا ہے اور اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سی) |
| ۴۵۵ | سریش مچھلی کا | سریشم ماہی | غری السمک | سفید و سیاہ | تلخ و بدمزہ و بدبودار | یہ بھی ایک لسدار چیز ہے کہ مچھلی کے سفقون سے بناتے ہین۔ | گرم ۲ خشک ۲ | سدہ لاتا ہے | ماء الاصول | رفت رومی | ۳ ماشہ | سل کو نافع ہے اور اسکا لیپ شقاق رخسارہ یعنی رخسارہ پھٹنے کو اور سفید داغ کو مفید ہے اور کھجلی اور داد اور فتق یعنے خصیہ کے ورم کو مفید ہے اور سرکہ کے ساتھ ناخن کے مرجانے اور سفید ہو جانے کو نافع ہے۔ (غیر سی) |
| ۴۵۶ | سفیدہ کاشغری | سفیدآب | اسفیداج | سفید | کسیلا و شور | ایک جرم ہے مثل جستہ کے اور جستہ کا کشتہ بھی ہے | سرد ۲ خشک ۲ | خناق پیدا کرتا ہے اور قاتل ہے | قے کرنا اور خوب چرب شوربا پینا | مردار سنگ | ۳ ماشہ | لطیف ہے اور پرانے پرانے زخمون کو خشک کرتا ہے اور تر و خشک کھجلی کو نافع ہے اور انڈے کی سفیدی کے ساتھ شقاق مقعد کو مفید ہے اور بدگوشت کو کاٹ ڈالتا ہے اور زخم کو بھرتا ہے اور آنکھ کے درد کو اسکا سرمہ مفید ہے اور آشوب چشم کو بھی نافع ہے (غیر سی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۵۷ | ۰ | ۰ | سقمونیا ومحمودہ | بھورا وبعد گداز سفید | تلخ | ایک گھانس کا جما ہوا دودہ ہے قدرے سیاہ رنگ | گرم ۳ خشک ۲ | دل اور معدہ و جگر کو اور غشی لاتی ہے | کتیرا و سیب و روغن بادام | ایلوا زرد و ہلیلہ زرد | ۷ رتی | جلا کرتی ہے اور ورم ورياح کو تحلیل کرتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور مادہ صفراوی کو بالخاصہ براہ دست نکالتی ہے اور ہر دواے دست آور کو قوی الاثر کردیتی ہے اور معدے کے کیڑے نکالتی ہے اور آنتون کے بھی کیڑے نکالتی ہے اور امراض سوداوی کو نافع ہے اسکا استعمال بغیر امرود یا بہی مین بھلبلائے نہین جائز ہے - (غیر سمی قوی المضرت) |
| ۲۵۸ | ۰ | سقنقور | اسقنقور | سرخ و زرد | پھیکا و شور | ایک جانور ہی کنارے دریاے نیل کے ہوتا ہی اور ہندی مین ریگ ماہی بولتے ہین | تازہ گرم تر ۲ اور خشک گرم خشک ۲ | دماغ کو | شہد و مسور | ثعلب مصری و گاجر | تولہ ۲ تولہ تا ۳ تولہ | اسکا گوشت باہ کو قوت دیتا ہے اور خوب تحریک باہ کرتا ہے اور منی کو خوب پیدا کرتا ہے اور فالج اور لقوہ و رعشہ و خدر و نقرس اور وجع المفاصل یعنے گٹھیا کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۲۵۹ | سکندہلا | ۰ | ۰ | زرد | تلخ | مشہور ہے | گرم خشک ۴ | قاتل ہی | قے کرنا | ۰ | ۰ | ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور زخم کو بھرلاتا ہی اور کھجلی کو نافع ہے - (غیر سمی) |
| ۲۶۰ | سلاجیت | ۰ | ۰ | سیاہ سرخی مائل | پھیکا و قدرے تلخ | قسم مومیائی سے ایک چیز ہی کہ پہاڑون پر ملتی ہی | گرم ۲ خشک ۲ | گرم مزاج والون کو | روغن | ۰ | ۴ رتی | فساد اخلاط کو دفع کرتی ہی اور دمے اور جریان منی اور بلغم کو نافع ہی اور سخت سخت ورمون اور دق اور علت شیخوخت کو مفید ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے - (غیر سمی) |
| ۲۶۱ | ست سلاجیت کا | ۰ | ۰ | سفید | پھیکا و قدرے تلخ | جوہر سلاجیت کا ہی | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والون کو | روغن | عطر ناگیسر | ایک رتی | باہ اور گردہ و مثانہ کو قوت بخشتی ہے اور سوزاک و جریان کو مفید ہے اور بدن کو قوی کرتی ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۶۲ | سلارس | ۰ | میعہ سائلہ | بھورا زردی مائل | پھیکا و خوشبودار | ایک درخت کا گوند یا دودہ ہی جسکا درخت بالکل شاہ بہی کے درخت کے ہوتا ہی اور ملک شام مین عبہر کہتے ہین | گرم ۳ خشک ۳ | پھیپھڑے کو | مصطگی | جندبیدستر و روغن یاسمن | ۲ ماشہ | ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے اور مادہ بلغمی کو براہ دست نکالتا ہے اور کھانسی و زکام اور درد سینہ و پھیپھڑے کو اور درد گردہ و کمر کو اور جلندر کو نافع ہے اور مثانہ کی پتھری توڑتا ہے اور جوڑون کے درد و گٹھیا کو مفید ہے - (قریب السم) |
| ۲۶۳ | سمندر پھل | ۰ | ۰ | سیاہ و سرخی مائل | کسیلا و تلخ | ایک پھل ہندی ہی مثل و برابر بہیڑے کے اور اس سے سیاہ | گرم و خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | آدہا | پرشیو و جریان منی کو نافع ہے اور اگر شکر یا نمک و اجوائن کے ساتھ سفوف بناکے گنگنے پانی کے ساتھ کھائین پیٹ کے درد کو مفید ہے اور اگر دہی کے ساتھ کھاوین دست بند کرتا ہے اور اگر عورت دختر والی کے دودہ مین گھس کے ناک مین ٹپکین تمام دماغ کا بلغم بہا دیوے اور اگر پانی مین گھس کے ناک مین ڈالین درد سر آدہا سیسی کو نافع ہے اور اگر اس کے چھلکے و جڑ کا لیپ لگاوین ہاتھ پیر کے ورم کو نافع ہے - (غیر سمی) |
| ۲۶۴ | سمندر پھین | کف دریا | زبد البحر | سفید جالدار | پھیکا و تیز و شور | ایک جسم ہی جالیدار کہ دریاے شور و دریای قلزم کے کنارے ملتا ہے | گرم و خشک ۳ | پھیپھڑے و آواز کو | لعاب و صمغ عربی | بورہ ارمنی | کھایا نہین جاتا | اسکا لیپ سیاہ داغ اور چہرہ کی سیاہی اور چھائین کو دفع کرتا ہے اور بلغمی ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور نطلے جلندر یعنے استسقا کو نافع ہے اور پتھری کو توڑ بہاتا ہی اور قے بند کردیتا ہے اور آنکھ کے جالے کو کاٹتا ہے اور بینائی اور دانتون کو جلا دیتا ہے اور سرکے کے ساتھ کھجلی کو نافع ہے اور اس کا کشتہ کم تیز ہوتا ہے اور اس کا استعمال بھی جائز ہے - (قریب السم) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶۵ | سمندر سوکھ | ۔ | ۔ | سفید | پھیکا | ایک بیج ہی برابر رائی کے | سرد تر ۱ | نفاخ ہے | دودھ و شکر | تخم سروالی | ۲ ماشہ | پیشاب کی سوزش اور سوزاک اور منی کی رقت کو نافع ہی اور باہ و دماغ کو قوت بخشتا ہی اور منی پیدا کرتا ہی اور امساک کرتا ہے اور جلایا ہوا ناسور کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۶۶ | سمندر نون | نمک دریا | ملح المحیط | سفید | شور | اکثر روم و عراق و عرب و حجاز میں دریائے شور کے پانی کا بناتے ہین | گرم خشک ۲ | ۔ | ۔ | نمک شور | ۔ | کھانے کی بھوک بڑہاتا ہی اور ہاضم ہی اور ریاح خوب توڑتا اور صادر کرتا ہی اور دست آور بھی ہے اور تسہلات مین بڑا النفوذ کرنے والا ہے اور کھار کے قائم مقام بھی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۶۷ | سنبھالو | پنجنکشت | انثق | سبز و زرد | تلخ و کسیلا | ایک درخت ہی برابر تین چار گز کے پتے اسکے مشابہ جہاؤ کے | گرم خشک ۲ | گردہ و باہ کو | تخم کرفس | گلنار | ۳ ماشہ | قابض ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور طحال کا سدہ کھولتا ہے اور ورم رحم اور حیض کے بند ہو جانے اور داء الکلب کو مفید ہے اور کتے کے کاٹے ہوے کے لیے مفید ہے اور اس کا بیج نسل و ولادت کو منقطع کرتا ہے اس واسطے اہل عرب برعکس اس کا نام حب النسل رکھتے ہین۔ (غیر سمی) |
| ۴۶۸ | سنبھالو کے بیج | تخم پنجنکشت | بزر الاثلق و حب الفقد و حب النسل | سیاہ و سفید | تیز و تلخ | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | گردہ و باہ کو | شہد عربی و بکری کا دودھ | شاہ دانہ | ۳ ماشہ | جگر کا سدہ کھولتا ہی اور دماغی سدہ کو بھی کھولتا ہی اور ورم دماغ اور اکثر غش کو نافع ہے اور توالد و تناسل کو منقطع کر دیتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۶۹ | سنکھیا | مرگ موش | سم الفار و رہج الفار | زرد و سفید و سرخ و سیاہ | زہر | مشہور ہے | گرم خشک ۴ | ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | محلل ہی اور خسروی کے زخموں مین گوشت بھر لاتی ہے اور اسکا تیل کے ساتھ ملنا تر و خشک کھجلی اور سردی کے ورموں کو مفید ہے اور جلندر کو سود مند ہے۔ (سم قاتل ہی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۷۰ | سنگترہ | ۔ | ۔ | سرخ | چاشنی دار | ایک میوہ ہندی قسم نارنج سے ہی مشہور | سرد تر ۲ | پھیپھڑو اور حنجرہ کو | قند و شہد | نارنگی | ۔ | دل اور معدہ کو قوت بخشتا ہی اور فرحت لاتا ہی اور اکثر اعضا کو قوت دیتا ہی اور گرمی و پیاس کو تسکین دیتا ہی اور ہوائے وبائی کی سمیت کو دفع کرتا ہی اور صفرا کو جھانٹتا ہی اور صفراوی مزاجوں کو بہت موافق ہی اور خفقان و وحشت کو مفید ہی اور اسکا ابٹن چہرے کی سیاہی اور جھائین اور کدورت دفع کرتا ہی (غیر سمی) |
| ۴۷۱ | سنگھاڑہ | ۔ | ۔ | باہر سبز اندر سفید | پھیکا و قدرے شیرین | ایک چارہ دار پھل ہی چھلکے دو گوشہ پر دو خار ہوتے ہین اور اسکا درخت پانی مین جمتا اور پھیلتا ہی | تازہ سرد تر و خشک سرد خشک | سدہ پیدا کرتا ہی اور ثقیل ہی اور دیر ہضم | نمک و اجوائن گرم | ۔ | ۔ | گرم مزاج والونکی باہ کو قوت دیتا ہی اور تپ اور گردے کی کھانسی کو اور خون و دل کی سوزش کو مفید ہی اور دانتوں کو جلا دیتا ہی اور مسوڑوں کو قوی کرتا ہی اور دہی کے ساتھ دستوں کو بند کرتا ہی اور منہ سے خون آنے کو مفید ہی اور مجرب ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۷۲ | سنگ جراحت | سنگ جراحت | حجر الاعرابی | سفید | نرم و پھیکا | ایک قسم کا پتھر مشہور ہی | سرد و خشک ۲ | مثانہ کو | مسکہ و شکر | ۔ | ۲ ماشہ | خون بہنے کو جمیع اعضا سے بند کرتا ہی اور زخموں سے خون بہنے کو بند کرتا ہی اور درد سینہ اور خونی دستوں کو بند کرتا ہی اور دانتوں کو جلا دیتا ہی اور مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہی اور دہی کے ہمراہ خونی دستوں کو مفید ہی اور منہ سے خون آنے کو نافع ہی کرر تجربہ کیا گیا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۷۳ | ۔ | سنگ چقماق و سنگ آتش | حجر النار | بھورا و سیاہ | پھیکا | ایک قسم کا سخت پتھر ہی کہ فولاد کے ساتھ لڑنے سے آگ نکلتی ہی | سرد خشک ۲ | ۔ | ۔ | ۔ | ۔ | اسکی چٹکی پسی ہوئی کنٹھ مالے کو نافع ہی اور زخموں کے منہ مین لگانا زخموں کو بھر لاتا ہی اور ان زخموں کو مفید ہی جو کسی طرح خشک نہین ہوتے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۷۴ | ۰ | سنگ سراہی | حجر السنگ و حجر الحوت | سفید و بھورا | پھیکا | ایک قسم کا پتھر ہی کہ مچھلی کے سر سے نکلتا ہی تکونہ | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | گردہ اور مثانہ کی پتھری توڑنے مین قوی الاثر ہی اور بچون کی پسلی کے عارضہ کو نافع ہی اور بچون کی ڈانکی یعنے پیاس کی شدت کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۴۷۵ | ۰ | سنگ بیوان | حجر الیہود | سفید | پھیکا | ایک گول قسم کا برابر بیر کے پتھر ہی | گرم - ۱ خشک - ۲ | جگر کو | انگوندو کرفس | کرفس | ۲ ماشہ | پیشاب خوب لاتا ہی اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ بہاتا ہی اور پتھری پیدا نہین ہونے دیتا ہی اور جو مثانہ مین خون جم جاوے تو اسکو ہمراہ بادام تلخ اور پانی کے پلادین خون کو پگھلا کر براہ پیشاب بہادیتا ہی مجرب ہی (غیر سمی) |
| ۴۷۶ | سن | لادنہ | ۰ | سفید و بھورا | پھیکا | مشہور ہی کہ ایک گھانس کی باریک چھال ہی | سرد | دیر ہضم نفاخ | ۰ | ۰ | ۰ | اسکا ساگ ثقیل و قابض ہی اور اسکے پھول خون نفاس کا بند کردیتے ہین اور اسکے ریشہ کا کپڑا بنا ہوا پہننا خنکی بخشتا ہی اور خشکی لاتا ہی - (غیر سمی) |
| ۴۷۷ | سورج مکھی | گل آفتاب پرست | ردیون | پتے سبز پھول خوب زرد | قدرے تلخ | ایک گھانس ہی جسکا پھول بڑا اور چوڑا اور سنہری ہوتا ہی اور رخ بہ آفتاب رہتا ہی | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والیکو اور طحال کو | سکنجبین و شہد | تج و زعفران | ۳ ماشہ | ورم کو تحلیل کرتا ہی اور جلا دیتا ہی اور دماغ و جگر کا سدہ کھولتا ہی اور دماغ کو پاک کرتا ہی اور معدہ و جگر و باہ کو قوت بخشتا ہی اور محرک خواہش نفسانی لاتا ہی اور بواسیر اور کاتورا اور جلندر اور قولنج کو مفید ہی اور پتھری توڑتا ہی اور اسکا لیپ درد نقرس کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۴۷۸ | سونجان میٹھا | سورنجان شیرین | سورنجان حلو | زرد سرخی مائل | شیرین و بودار | ایک جڑ ہی مشابہ صحرائی لہسن کے مشہور - | گرم خشک ۲ | معدہ و جگر کو | کتیرا و زعفران | تربد و سونٹھ | ۳ ماشہ | اندرون بدن سے ہر قسم کے بلغم کو براہ دست نکالتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور لسدار رطوبت کو بدن کے اندر سے کھینچ لاتا ہی اور باہ کو قوت دیتا ہی اور عرق النسا اور نقرس یعنی پانوٗن کی انگلی کے درد کو مفید ہی اور گٹھیا کو نافع ہی - (غیر سمی و قسمی قریب بسم) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۷۹ | سونجان کڑوا | سورنجان تلخ | سورنجان مر | زرد | تلخ | ایک قسم کا سورنجان یہ بھی ہی | گرم ۳ خشک ۲ | ۰ | ۰ | قسط تلخ | ۳ ماشہ کھایا نہین جاتا | ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور روغن گل کے ساتھ اسکی مالش جوڑون کے درد اور گٹھیا کو مفید ہی اور ہمراہ گاؤ کے گھی کے اسکا لتہ ترکیا ہوا دھرنا بواسیر کے مسون کو گرا دیتا ہی اور اسکا کھانا کسی طرح جائز نہین ہی اور مصطگی کے ہمراہ بچھون کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۴۸۰ | سوسن | سوسن آسمان گون | سوسن آسمان جون | پتے سبز پھول نیلا | قدرے تلخ | ایک درخت ہی جسکی کئی قسم ہین بستانی و صحرائی | گرم و خشک ۱ و نزد بعضے معتدل | پھیپھڑے کو | شہد و نیلوفر | مادریون | ۲ ماشہ | معدہ و آنتون اور جگر و گردون کو قوت بخشتی ہی اور گرمی کرتی ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور ہر قسم کے بلغم کو چھانٹتی ہی اور اگر اسکے پتے چبا کر پانی نگلین تو وہ ریتوندھی اور آنکھ کے زخم اور آنکھ کی سرخ جھینسہ اور ناخونہ و سبل کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۴۸۱ | سوسن کی جڑ | بیخ سوسن | اصل السوسن | بھوری | قدرے تلخ و خوشبودار | سوسن کی جڑ ہی میٹھی بانگی گرہ دار جس سے بنفشہ کی خوشبو آتی ہی اور اکثر لوگ بیخ بنفشہ جانتے ہین | گرم خشک و نزد بعضے معتدل | پھیپھڑے کو | شہد | اصل السوس | ۹ ماشہ | لطافت بخشتی ہی اور گرمی پیدا کرتی اور مادہ کو معتدل القوام کرتی ہی اور جلا کرتی ہی اور مواد سے پاک کرتی ہی اور مادہ صفراوی و سوداوی و بلغمی کو براہ دست نکالتی ہی اور امتلائی تشنج اور فالج و سکتہ و بچون کے نیند سے چونک پڑنے کو مفید ہی اور اسکا لیپ پرانے درد سر کو کھوتا ہی - (غیر سمی) |
| ۴۸۲ | ۰ | سوسن آزاد | زنبق | پھول سفید | قدرے تلخ | مشہور ہی | گرم خشک ۱ | کانپید اکرتا ہی | ترب | ایرسا و نرگس | ۲ ماشہ | لطافت پیدا کرتی ہی اور دماغ کو قوت بخشتی ہی اور پیشاب لاتی ہی اور اسکا تیل اعضا کو قوی کرتا ہی اور صفرا کو براہ دست نکالتا ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۸۳ | سونا | زرد طلا | ذہب | زرد و براق | پھیکا و کسیلا | مشہور ہے | معتدل مائل بگرمی | مثانہ اور آلات بولی پیشاب کو | شہد و مشک | یاقوت | ایک رتی تا ۲ رتی | لطافت روح وفرحت طبیعت بخشتا ہے اور قلب و دماغ و اصلی حرارت کو قوی کرتا ہے اور فکر و غم و رنج اور خفقان کو کھوتا ہے اور ہر قسم کی بواسیر اور ضعف گردہ کو نافع ہے اور باہ کو قوت بخشتا ہے اور اسکا سرمہ بینائی کو قوی کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۸۴ | سونا مکھی | چرک طلا | خبث الذہب و اقلیمیا الذہب | زرد | کسیلا | سونے کی بھٹی کی میل مشہور ہے معادن سے لاتے ہیں | گرم خشک ۱ | پھیپھڑے کو | روغن بادام | طوطیا | ایک جو | آنکھ کی ردی رطوبت کو خشک کرتی ہے اور بینائی کو قوت دیتی ہے اور آنکھ کے جالے اور ماندے اور ناخونہ و سبل کو زائل کرتی ہے اور قلب کو قوت بخشتی ہے اور خفقان کو نافع ہے اور طحال کے ورم و سختی کو تحلیل کرتی ہے (غیر سمی) |
| ۴۸۵ | سونٹھ | ٠ | زنجبیل | غباری | تیز و تیز بو | ایک گھانس کی جڑ ہے چوڑی گرہ دار مشہور | گرم ۳ خشک ۲ | حلق | شہد روغن بادام | دار فلفل | ۲ ماشہ | قوت حافظہ و ہاضمہ اور معدہ وجگر کو قوت بخشتی ہے اور جگر کا سدہ کھولتی ہے اور باہ زیادہ کرتی ہے اور ریاح تحلیل کرتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے اور گاڑھے اخلاط نکالتی ہے اور طبیعت کو نرم کرتی ہے اور فالج اور سردی کے کل دردوں کو اسکا دھواں نہایت مفید ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے اور بلغمی پیاس کو تسکین دیتی ہے اور خولنجان او نبات مساوی کے ساتھ باہ کے لیے مجرب ہے اور بچھلے اور پہاڑ کو مانع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۸۶ | سونف | بادیان و رازیانہ | رازیانج | زرد سبزی مائل | قدرے شیریں و تیز و تیز بو | ایک گھانس کا بیج مشہور ہے | گرم ۲ خشک ۱ | گرم مزاج والوں کو | صندل و کافور و سکنجبین | تخم کرفس | ۱۰ ماشہ | سینہ کے مجاری اور جگر و طحال و گردہ و مثانہ کے سدے کھولتی ہے اور پیٹ کے درد کو تسکین دیتی ہے اور بینائی و معدہ کو قوت بخشتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے اور تبخیر اور ڈکار چڑھنے کو نافع ہے اور پیشاب لاتی ہے اور ہمراہ سکنجبین کے پرانے بخار کو نافع ہے اور مادہ کو پختہ کرتی ہے اور دودھ پیدا کرتی ہے اور قولنج اور دستوں اور کھانسی کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۸۷ | سونف کی جڑ | بیخ بادیان | اصل الرازیانج | زرد | شیریں و تیز | مشہور ہے | گرم خشک | گرم مزاج والوں کو | کثیرا کشنیز و صندل | بیخ کرفس | ۶ ماشہ | ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور ریاح کو صادر کرتی اور ہاضم ہے اور سدہ کھولتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور حیض بھی جاری کرتی ہے اور دردوں کو تسکین دیتی ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتی ہے اور قولنج اور پہلو و ریڑھ کے درد کو نافع ہے اور شہد کے ساتھ اسکا لیپ کتے کے کاٹے کو مفید و مجرب ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۸۸ | سویہ | شوت | شبت | سبز و خوشبودار | تیز و تلخ | ایک ساگ مشہور ہے جسکے پتے چھوٹے و باریک اور پھول چھتر دار ہوتا ہے۔ | گرم خشک ۲ و نزد بعضے خشک ۱ | دماغ کو ضعیف کرتا اور نیند پیدا کرتا ہے | ترشی و سکنجبین | تخم سویا | ٠ | ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہے اور سدہ توڑتا ہے اور ہاضم ہے اور ہچکی کو تسکین دیتا ہے اور سردی کے دردوں اور خشک کھانسی کو مفید ہے اور مثانہ و گردہ کی پتھری توڑتا ہے اور قولنج کو نافع ہے اور معدہ سے لسدار و گاڑھے خلط کو چھانٹ کر نکالتا ہے (غیر سمی) |
| ۴۸۹ | سویہ کے بیج | تخم شوت | بزر الشبت | زرد سبزی مائل | تیز و قدرے تلخ | سونف سے چھوٹے بیج ہیں | گرم خشک ۲ | منی کو خراب کرتے ہیں اور بینائی اور گرم مزاج کو | ترشی و شہد | سونف | ۷ ماشہ | ریاح کو تحلیل کرتے ہیں اور پیشاب و حیض و دودھ خوب جاری کرتے ہیں اور اکثر امراض رحم میں مفید ہیں اور مثانہ اور انثیین کی اکثر بیماریوں میں نافع ہیں اور بلغمی ہچکی اور کمر و طحال کے درد کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۹۰ | سہاگہ | تنکار | ٠ | سفید | شور و تیز | ایک معدنی چیز ہے دو قسم کا ہوتا ہے چوکیا و شناری | گرم و خشک ۲ | اعضائے رئیسہ | صمغ عربی و سرکہ | بورہ ارمنی | ۱ ماشہ | ملطف ہے اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور بواسیر کا مسہ کاٹ کے گرا دیتا ہے اور زائد گوشت کو کاٹ کے بہاتا ہے اور بریان کیا ہوا معدہ کے درد کو و قبض شکم کو نافع ہے (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۹۱ | سمنی | . | . | سبز | تلخ | ایک گھانس ہی جسکے پتے مشابہ تلسی کے پتونکے ہوتے ہین | سرد تر | . | . | . | . | دشواری سے پیشاب آنے کو دفع کرتی ہی اور کالی مرچ کے ساتھ پرانے داخلی بخار کو نافع ہی اور ہاتھ پیر مین ملنے سے سرخ وسفید ہو جاتے ہین اور اسکی جڑ کو پیس کے اگر طلا کرین تو ملذذ ہی اور اُس سے پارہ کا کشتہ عمدہ بنتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۹۲ | سہجنہ | . | . | سبز | قدرے تلخ | ایک بڑا درخت ہی جسکے پتے ریزہ ریزہ اور پھلیان لانبی ہوتی ہین۔ | گرم خشک ۲ | صفراوی مزاجونکو | . | . | ۱ ماشہ | جلد اثر پذیر ہی اور بلغم کو دفع کرتی ہی اور ورمون کو تحلیل کرتی ہی اور باہ کو قوت دیتی ہی اور بھوک زیادہ لاتی ہی اور ریاح وفساد خون کو دفع کرتی ہی اور پیشاب کو جاری کرتی ہی اور مثانہ کی پتھری توڑتی ہی اور گٹھیا و درد شکم کو مفید ہی اسکے پھول ثقیل و قابض ہین و دافع فساد د بلغم۔ (غیر سمی) |
| ۴۹۳ | سہور | . | . | سبز | قدرے تلخ | ایک درخت ہی جسکے پتے چھوٹے اور پھل بقدر چنے کے اسکی لکڑی کی ہندو دتون بناتے ہین | گرم خشک | . | . | . | . | فساد خون وریاح و بلغم کو دفع کرتا ہی اور خونی دستونکو بند کرتا ہی اور اسکی لکڑی کی مسواک دانتون و مسوڑون کو مضبوط کرتی ہی اور اسکے پتے کالی مرچ کے ساتھ پیسے ہوئے کتے کے کاٹے کو نافع ہین۔ (غیر سمی) |
| ۴۹۴ | سیب | سیب | تفاح | زرد و سرخ | شیرین و ترش | ولایتی ایک میوہ مشہور ہی | شیرین گرم ۱ و ترش سرد ۱ خشک ۲ | سینہ کو اور ریاح کو پیدا کرتا ہی | دارچینی و شہد و گلقند | بہی | ۲ تولہ | فرحت دیتا ہی اور دل و دماغ و جگر و معدہ و فم معدہ کو قوت بخشتا ہی اور روح حیوانی کو لطیف کرتا ہی اور گرمی کو تسکین دیتا ہی اور خفقان اضطرابی کو مفید ہی اور بھوک بڑھاتا ہی اور جلد خون بنتا ہی اور رنگ رخسارہ کا صاف کرتا ہی اور اسکا مربے بہت لطیف اور بہت لذیذ اور بہت قوی ہی اور طبیعت کو فرحت دیتا ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۹۵ | سیپ | گوش ماہی | صدف | سفید براق | پھیکا | سیپ سے مراد اطبا کے نزدیک صدف مرداریہ ہی | سرد ۱ خشک ۲ | جگر و سینہ کو | عناب و شہد | شاخ گاؤ کوہی و کہربائے شمعی | ۳ ماشہ | روح کو لطیف کرتی ہی اور دست و خون بہنے اور نکسیر کو بند کر دیتی ہی اور جلی ہوئی جلا کرتی ہی اور درد قلب کو دفع کرتی ہی اور بالخاصہ مسوڑون کو قوی کرتی اور دانتونکو جلا دیتی ہی اور سرکی ہوئی اکثر امراض کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۹۶ | سینٹھ | از جنس نے | قصب | زرد و سنہری | پھیکا | نرکل کی قسم سے ہی اندر سے کھوکھلی اسکی پتی پتادر ہی | سرد خشک | پھیپھڑے کو | کتیرا | . | . | اسکی جڑ جلا کرنے والی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی ہی اور گنج سر اور درد سر کو مفید ہی اور اسکے جلے ہوے کا منجن دانتونکو جلا دیتا ہی اور مضبوط کرتا ہی اور مسوڑون سے خون بہنے کو بند کرتا ہی اور جلے ہوے کا لیپ خشک و تر کھجلی اور پیپ دار زخمونکو مفید ہی اور ہمراہ نمک کے جلے ہوے کی چنگی کھانسی کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۹۷ | سیسہ | سرب | رصاص الاسود | سیاہ | کسیلا و خشک | فلزات معدنی کی قسم سے مشہور ہی | سرد تر ۲ | . | . | . | . | قابض ہی اور مواد کو بختہ کرتا ہی اور اسکو روغن گل مین حل کرکے ملنا سوزش یعنی جلن کو تسکین دیتا ہی اور اسکے کشتہ کا سرمہ جالے اور ماندے اور آشوب چشم کو مثل کشتہ جستہ کے مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۴۹۸ | سیندور | . | اسرنج | سرخ | بدمزہ و بدبودار | ایک پسی ہوئی سرخ چیز ہی جو قلعی اور سفیدہ و شنجرف سے بناتے ہین | سرد ۲ خشک ۲ | قاتل ہی | شوربا کے خوب چرب | مردار سنگ | سم قاتل ہی | ورم اور پھوڑے کو تحلیل کرتا ہی اور زخمون کو جلا دیتا ہی اور زخمون کو مواد سے پاک کرکے گوشت بھرلاتا ہی اور زخم کی بدبو کو دفع کرتا ہی اور داد و کھجلی تر کے لیے مجرب ہی ہمراہ دھوئے گھی کے (کھایا نہین جاتا) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۹۹ | سینڈہ | . | زقوم شام | سبز و سفید | خوب تلخ | ایک درخت خوب خاردار اور شیر دار ہے اکثر بنگالہ مین ہوتا ہے | گرم و خشک ۳ | شل کرنیوالا ہے عضو کو جلا دیتا ہے اور کہا جاتا ہے | تازہ دودھ | تھوہر | . | دست آور ہے اور فساد باد و بلغم کو دفع کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور جلندر کو اور کوڑھ اور بدن کی زردی کو دفع کرتا ہے اور مثانہ کی پتھری توڑ دیتا ہے۔ (قریب بسم ہے) |
| ۵۰۰ | سینگھ | سرون و شاخ | قرن و عاج | سفید و سیاہ و زرد | پھیکا و تلخ | اکثر چوپایون کے سر پر دو زیادہ ہوتے ہین | گرم ۱ خشک ۲ | . | سُداب | کُھر | ۱ ماشہ | خشکی لاتا ہے اور جلایا ہوا خون بہنے کو بند کرتا ہے اور اکثر دوا مین شاخ گوزن یعنی بارہ سنگھا بہت مستعمل ہے اور وہ ذات الجنب کو لگانے اور ہمراہ کالی مرچ کے پلانے سے مفید ہے اور جلا ہوا دمہ کے لیے مجرب ہے۔ (غیر سمی و بعضے کمی مین) |
| ۵۰۱ | سینبھل کا موسلہ | . | . | سفید و بھورا | قدرے تلخ و لسدار | ایک ہندی درخت ہے جسکے پھل مین سے چکنی روئی نکلتی ہے اسکی جڑ ہے | گرم تر ساتھ رطوبت فضلیہ کے | ریاح پیدا کرتا ہے | . | ستاور | تولہ | باہ زیادہ کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور فساد خون و جذام یعنے کوڑھ کو دفع کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور اصلی حرارت بڑھاتا ہے (غیر سمی) |
| ۵۰۲ | سیم | . | غلاف الفول | سبز و سفید | قدرے کسیلا | ایک بیل کی پھلیان ہین قسم ترکاری سے مشہور ہے | سرد خشک ۱ | نفاخ اور دیر ہضم ہے | گوشت و گرم مصالحہ | . | . | فساد باد و بلغم کو دفع کرتی ہے اور صفرا کے فساد کو بھی دفع کرتی ہے اور اسکو گوشت کے ساتھ پکانا لذیذ کر دیتا ہے اور اکثر امراض جلدی اور وبائی کو نافع ہے اور اسکے پتے کا رنگ داد پر لگانا مفید ہے مجرب ہے اور اسکے پتے کو سرسے تیل مین جلاکے اور لوہے کے برتن مین حل کرکے لگانا گنج و ناسور کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۰۳ | سیم کے بیج | . | غول | سبز و سفید و سرخ | پھیکا | مشہور ہے | سرد خشک | نفاخ دیر ہضم ہے | گوشت و گرم مصالحہ | . | . | فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتا ہے اور معدہ و باہ کو قوی کرتا ہے اور اسکے میدہ کا حلوا باہ کو زیادہ کرتا ہے اور اسکی خشک چھلکی خون بہنے اور نکسیر کو بند کر دیتی ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰۴ | سیوتی | گل شکین | ورد صینی و نسرین | سفید | پھیکا و خوشبودار | ایک پھول مشہور ہے | گرم ۲ خشک ۱ | دماغ کو | کافور | چنبیلی | ۳ ماشہ تا ۵ ماشہ | لطافت بخشتے ہین اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتے ہین اور سینہ کو پاک کرتے ہین اور سینہ کے ورم و حلق کے درد و ورم کو مفید ہین اور دل و دماغ و جگر کو قوت بخشتے ہین اور سر کو گرم کرتے ہین اور حیض کو جاری کرتے ہین اور بلغم و سودا کو براہ دست نکالتے ہین اور انکا سونگھنا اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ (غیر سمی) |
| | | | | | | | | | | باب الشین المعجمہ | | اور اسمین ۱۸ دوائیان ہین۔ |
| ۵۰۵ | | شاہ دانہ و شادنہ | شادنج و حجر الدم | رنگ برنگ | پھیکا | چھوٹے چھوٹے کنکر کے دانے ہوتے ہین برابر مسور کے | مغسول سرد خشک و غیر مغسول گرم ۱ خشک ۲ | مثانہ اور معدہ کو | کتیرا و زرشک | رسوت و دم الاخوین و بقا الحیس | ۱۰ ماشہ | خشکی کرتا ہے اور قابض ہے اور مواد کو پکاتا ہے اور لطیف ہے اور زخم کو بھرلاتا ہے اور بینائی کو قوت دیتا ہے اور عقل کو تیز کرتا ہے اور پیشاب بند ہو جانے کو نافع ہے اور خون کو روکتا ہے اور شقاق مقعد کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۰۶ | شال و شالون | . | . | سبز | تلخ | ایک ہندوستانی بڑا درخت ہے | گرم | . | . | . | . | تپ اور سانس کی تنگی اور تینون خلطون صفرا و سودا و بلغم کے فساد کو دفع کرتا ہے اور تلی کو روکتا ہے اور دستون کو بند کرتا ہے اور باہ زیادہ کرتا ہے اور خشکی کو نافع ہے اور عضو کو قوت دیتا ہے اور پرانے پرانے بخارون اور ورمون کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۰۷ | | شاہ بلوط | . | زرد بھورا | قدرے ترش | ایک دانہ مشہور ہے قسم میوہ سے | گرم خشک ۲ | درد پیدا کرتا ہے اور سدہ کرتا ہے | آلو بخارا | جلا پا | ۱ ماشہ | بڑا دست آور ہے اور تینون خلطون صفرا و سودا و بلغم کو نکالتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے۔ (غیر سمی) |

15

16

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰۸ | . | . | غبرم | سبز و سرخ | قدرے تلخ | ایک گھانس ہے گرہ دار مثل نے کے اسمین دودھ نکلتا ہے اور دانہ برابر سونف کے ہوتے ہین | گرم ۳ خشک ۲ | معدہ و جگر کو | مسکہ و گاو گھی | مازریون | ۲-۳ ماشہ | بلغم اور سودا کو دستون کی راہ بہاتا ہے اور ہر خلط کو بدن کے اندر سے کھینچ کے پیشاب کی راہ بہا دیتا ہے لہذا اسکے استعمال مین احتیاط شرط ہے - (غیر سمی الا ۲ درم قاتل ہے) |
| ۵۰۹ | | شبوے | خیری خزامی | سفید و زرد و اودہ | پھیکا و تلخ | ایک خوشبودار پھول ہے اور اسکی ماہیت مین اختلاف ہے | گرم ۱ خشک ۲ | قابض ہے اور دردسر لاتا ہے | روغن بادام و سکہ و روغن گل | نرگس | ۱ ماشہ | ورم ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور لطافت بخشتا اور جلا کرتا ہے اور بڑا جاذب رطوبت ہے اور بجلی کو تسکین دیتا ہے اور پیشاب و حیض کو جاری کرتا ہے اور رحم سے مردہ بچہ کو مع جھلی کے نکالتا ہے اور اگر آنکھ کے جالے کو اسکا لیپ مفید ہے اور اسکا سونگھنا بلغم اور غلیظ ریاح کو دماغ سے تحلیل کرتا ہے اور اسکا تیل سرد مزاج والے کے دماغ کو قوت دیتا ہے اور پاک کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۵۱۰ | شریفہ و سیتا پھل | . | . | باہر سبز اندر سفید | شیرین | ایک پھل ہندی پہاڑی ہے قسم میوہ سے جسکے پوست مین کوہان سے ہوتے ہین | گرم تر اور ساتھ رطوبت فضلیہ کے | نفاخ و دیر ہضم ہے اور پھوڑے پیدا کرتا ہے | ترشی | . | . | طبیعت کو نرم کرتا ہے اور خون بلغمی الفساد اور سوداوی پیدا کرتا ہے اور گرمی کرتا ہے اور معدہ کو فاسد و گرم کر دیتا ہے اور تشنگی پیدا کرتا ہے اور باہ و دل کو قوت دیتا ہے اور خفقان کو نافع ہے اور اسکے بیج پیٹ کے کیڑے مارتے ہین اور ہمراہ سیپے کے اسکا لیپ داد کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۵۱۱ | . | . | خنکاہی | زرد | تلخ | ایک درخت کے پھل ہین جسکا پھول اودہ و زردی مائل ہے | گرم ۱ خشک ۲ | پھیپھڑے کو | صمغ عربی و شہد | بادآورد | ۷ ماشہ | بلغم کو لطیف القوام دالحالت کرتی ہے اور بلغمی سدہ کھولتی ہے اور خون بہنے کو بند کر دیتی ہے سینہ اور معدہ و جگر کی سردی کی بیماریونکو نافع ہے اور پرانے بڑانے بخارونکو مفید ہے اور رحم کی رطوبت بہنے کو روکتی ہے اور فالج یعنے جھولا مارنے اور لقوہ یعنی منھ ٹیڑھا ہو جانے کو اور رعشہ کوڑھ کو مفید ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۱۲ | | شکر تیغال زبان علاقہ جہلان | شکر تیغال | سفید | شیرین | ایک کیڑے کا جالا ہے مثل ریشم کے کہ اپنے اوپر تنتا ہے اور اسمین سوراخ کر کے چلا جاتا ہے | گرمی اور تری مین معتدل ہے | اسکی کثرت غشی پیدا کرتی ہے | شکر و ترنجبین | مصری | ۵ ماشہ | حنجرہ کو نرم کرتی ہے اور سینہ کی کھرکھراہٹ کو نافع ہے اور اخلاط کی حدت و سوزش کو تسکین دیتی ہے اور زخمہ کی سوزش کو اور خشک کھانسی کو اور آواز کے بھربھرانے کو نافع ہے اور گلے کی خشکی اور معدہ کے درد و خشکی کو دفع کرتی ہے (غیر سمی) |
| ۵۱۳ | شکر سفید | شکر | سکر ابیض | سفید | شیرین | مشہور ہے | گرم ۲ خشک | سل والونکو اور گرم مزاج والونکو | آب انار و سکنجبین | قند | ۳ تولہ | طبیعت اور حلق اور سینہ کو نرم کرتی ہے اور سینہ کی رطوبتون کو جلا دیتی ہے اور رگون کے اندر جلد نفوذ و سرایت کرتی ہے اور خون خوب پیدا کرتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے اور اسکی دھونی زکام کو دفع کرتی ہے اور دماغ کا سدہ کھولتی ہے - (غیر سمی) |
| ۵۱۴ | شکرقند | . | . | سفید و سرخ | قدرے شیرین و خوش ذائقہ | ایک چیز ہے مثل آلو وغیرہ کے کہ تازی کو جوش کر کے کھاتے ہین | گرم تر ساتھ رطوبت فضلیہ کے | قابض و نفاخ ہے اور سدہ لاتی ہے | قند | . | . | قبض لاتی ہے اور رگون کے منھ پر جیسے کے سدہ لاتی ہے خصوصاً سینہ و قصبہ ریہ مین اور منی پیدا کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور دماغ کو قوت بخشتی ہے اور بعضون نے باہ کو حرکت دینے والی بھی کہا ہے - (غیر سمی) |
| ۵۱۵ | شلجم | شلغم | شلجم | سفید و سرخ | قدرے شیرین و تیز | ایک جڑ ہے مشہور قسم ترکاری سے | گرم ترا | نفاخ اور دیر ہضم ہے | گوشت و ترشی | چقندر و گاجر | . | کثیر الغذا ہے اور کھانسی کو دفع کرتا ہے اور سینہ کو نرم کرتا ہے اور جیسے کے سدہ لاتا ہے اور پیٹ کو بھی نرم کرتا ہے اور بینائی کو قوت دیتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے اور باہ لاتا ہے اور پتھری توڑتا ہے اور پیشاب خوب لاتا ہے - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۱۶ | شلجم کے بیج | تخم شلجم | بزر الشلجم | سیاہ و سرخ | قدرے تلخ و تیز | ایک بیج ہی برابر مولی کے بیج کے | گرم ۳ و تر ۱ | گرم مزاج والیکو اور دردِ سر لاتا ہے | سکنجبین | تخم گاجر | ۷ ماشہ | باہ زیادہ کرتے ہین اور بھوک خوب بڑھاتے ہین اور پیشاب جاری کرتے ہین اور جمیع افعال مین مثل شلجم کے بلکہ اس سے قوی تر ہین - (غیر سمی) |
| ۵۱۷ | شمشاد | | بقس | پتے سبز پھول سفید بیج سیاہ | قدرے تلخ | ایک درخت ہی جسکے پتے برابر انار کے پتون کے ہوتے ہین | گرم خشک | ۰ | ۰ | ۰ | ۳ ماشہ تا ۵ ماشہ | اُسکے پتون کا لیپ ساتھ مہندی کے سر پر بالون کو قوت دیتا ہی اور دردِ سر کو دفع کرتا ہی اور اسکے پتونکے جوشاندہ کی دھار کا پچ نکلنے کو مفید ہی اور اسکے بیج قابض ہین اور معدہ و آنتون کی رطوبت کو خشک کرتے ہین اور منھ کے پھپن پھنے کو روکتے ہین اور اسکے پھول کا عرق دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہی اور حدت صفرا کو تسکین دیتا ہی - (غیر سمی) |
| ۵۱۸ | شورہ | شورہ | ابقر | سفید | شور و خنک | مشہور چیز ہی | گرم خشک ۳ | گردہ و نرخرہ کو | کتیرا و شہد | نمک اندرانی | ۱ ماشہ | سدہ کھولتا ہی اور بلغم کو چھانٹتا ہی اور ردی مواد بدن کو بھی چھانٹتا ہی اور دست آور ہی نہایت حدت و تیزی کے ساتھ اور قوی تر نمک سے ہی اور ہمراہ شکر کے پیشاب و حیض خوب لاتا ہی اور طحال اور دردِ کمر اور قولنج ریاحی کو بھی مفید ہی اور ہمراہ کیلے کے تین روز متواتر ایک ماشہ کھانا ورم طحال کو نافع ہی تجربہ کیا ہوا ہی - (قریب بسم) |
| ۵۱۹ | | نزد بعضے بیخ نفت | شوکران | بھوسی | تلخ و تیز | جڑ ایک گھانس کی ہی جسکے پھول چھتر دار مثل سوئے کے ہوتے ہین و نزد بعضے موتھ کی جڑ ہی | سرد ۲ خشک ۳ | مہلک ہی | ڈکرنا | بزر البنج | کھاتے نہین ہین ۱ ماشہ | اعضا کو سست و ڈھیلا کرتی ہی اور سکون دیتی ہی اور نیند لاتی ہی اور اسکا لیپ گرمی کے دردون اور ورمون پر مثل نملہ اور سرخ بادہ و آتشک کے مفید ہی اور اسکے پتون و بیج کا لیپ پستان کو دراز و بلند نہین ہونے دیتا ہی - (سم قاتل ہی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۲۰ | شہد | شہد | عسل | زرد و سفید و سرخ | نہایت شیرین | ایک قسم کی نیش دار مکھیون کا چواؤ یعنی کف مشہور ہی | گرم ۲ خشک ۱ | دماغ کو اور گرم مزاج والیکو اور دردِ سر لاتا ہی | انار و سرکہ و دھنیا | دوشاب انگوری و خرماے جید | ۳ تولہ | جلا کرتا ہی اور سدون کو کھولتا ہی اور لسدار بلغم کو چھانٹتا ہی اور رطوبت ردی کو دفع کرتا ہی اور جلندر اور استرخا اور ہر قسم کے ریاح کو زائل کرتا ہی اور پیشاب و حیض و دودھ کو خوب جاری کرتا ہی اور مثانہ و گردہ کی پتھری توڑتا ہی اور معدہ و جگر کو قوت بخشتا ہی اور صدر و سینہ کو پاک کرتا ہی اور جالینوس کے نزدیک سرد بیماریون کے لیے اُس سے بہتر کچھ چیز نہین ہی اور اگر شہد مین چند قطرہ پانی اور رتی بھر قلمی شورہ ملاکے کان مین ڈالین کان بھنبھانے اور دھمدھانے کو یعنی دوی و طنین کو بہت مفید ہی تجربہ کیا گیا ہی - (غیر سمی بلکہ محض شفا) |
| ۵۲۱ | شیرخشت | شیرخشت | شیرخشت | سفید | شیرین | ایک ولایتی درخت کا گوند ہی جسپر شبنم پڑنے سے سفید و شیرین ہوجاتا ہی و نزد بعضے خود شبنم ہی | گرم ۱ و معتدل | ریاح اور قراقر اور نفخ پیدا کرتی ہی | سونف و روغن بادام | ترنجبین | ۵ تولہ | جلا کرتی ہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور تینون خلطون صفرا و سودا و بلغم کو اور خاصکر صفرا کو براہ دست نکالتی ہی اور جگر و معدہ کو قوت بخشتی ہی اور دل و معدہ و جگر کی گرمی کو تسکین دیتی ہی اور کھانسی اور حلق و سینہ کے کھرکھرانے کو مفید ہی اور اکثر بخارون کو بھی نافع ہی اور منی کو پتلا کردیتی ہی - (غیر سمی) |
| ۵۲۲ | شیشم | ۰ | ساسم | چوب سرخ | قدرے تلخ | ایک بڑا درخت ہی جسکی لکڑی بہت بھاری اور پُر کار ہوتی ہی اور صندوقچہ وغیرہ بنتے ہین | گرم خشک | | | ۰ | ۹ ماشہ | خون کو صاف کرتا ہی اور کوڑھ و سفید داغ کو دفع کرتا ہی اور اکثر امراض جلدی کو اور دانتون اور پھوڑون کو مفید ہی اور اعضا کی سوزش اور آتشک کو نافع ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور اسکی بالیان منھ آنے کو ہمراہ کتھے کے مفید ہین (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | باب الصاد المہملہ | | | | اور اسمین ۲ ۔ دوائیان ہین ۔ |
| ۵۲۳ | صابون | صابون | صابون | سفید و زرد | شور | ایک چیز ہی میل کاٹنے کے لیے سجی اور چونہ اور تیل وچربی سے بناتے ہین | گرم ۔ خشک ۳ | قاتل ہی | شوربائے ترو روغن بادام | نورہ و اشنان | کھایا نہین جاتا لیپ ۲ ماشہ | ورمون کو نرم کرتا ہی اور پکاتا ہی اور گوشت وغیرہ کو کھا جاتا ہی اور جلا کرتا ہی اور ٹرٹر کو موقوف کرتا ہی اور حمل رہنے کو منع کرتا ہی اور مشیمہ سے بچہ کو گرا دیتا ہی اور اسکا فتیلہ ترکیا ہوا مقام مین رکھنا حیض جاری کرتا ہی اور اسکا شافہ قولنج اور کدو دانہ یعنے پیٹ کے کیڑے کو مفید ہی اور اسکا لیپ ہمراہ مہندی کے زانو کے درد اور عرق النسا یعنی ران کے درد اور چہرے کی سیاہی اور چھائین کو دفع کرتا ہی اور داد اور جوڑون کے درد و گٹھیا کو مفید ہی اور جلد چہرہ پر کے داغ مٹاتا ہی ۔ (سم قاتل) |
| ۵۲۴ | . | . | صنوبر | سبز | تلخ | ایک بہت خوشنما درخت ہی قسم سرو سے جسکے پھل چھوٹے اور بڑے بھی ہوتے ہین ۔ | گرم ۳ خشک ۲ | گرم مزاج والیکو اور حیض اور آنتونکی اینٹھن کو | کتیرا و روغن کنجد و گرم پانی | . | ۲ ماشہ | اسکے پتے و چھال مینا گنگے کے درد اور پھیپھڑے کے زخم کو نافع ہی اور نکسیر اور زخم کے خون کو بند کرتا ہی اگر تازہ زخم ہو اور شہد کے ہمراہ جگر کی بیماریون اور ورم و غلظت جگر کو مفید ہی اور خشک صرف سرو پانی کے ہمراہ دستون کو بند کرتا ہی اور پیٹ کو گنگناہٹ کم کرتا ہی اور اسکی چھال خشک چھڑکنا ضرب کے زخم کو جلد بھر لاتا ہی اور نکر اسکی دھونی لینا بچہ کو مع جھلی گرا دیتا ہی اور حیض جاری کرتا ہی ۔ (غیر سمی) |
| | | | | | | | | باب الطاد المہملہ | | | | اور اسمین ایک دوائی ہی ۔ |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۲۵ | طالیسپتر | . | . | زرد و سرخی مائل و کہنہ سیاہ | کسیلا و تیز | ایک درخت کا پتہ باریک ہوتا ہی جسکی بو مشابہ بو زعفران کی ہوتی ہی وبعضونکے نزدیک اسکی ایک چھال ہی | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے کو | شہد | زیرہ | ۳ ماشہ | لقوہ و فالج اور منہ سے خون آنے کو اور خون بہنے کو مفید ہی اور اکثر اعضا سے رطوبت بہنے کو اور دست آنے کو اور بواسیر کو مفید ہی اور دانتون کے زخم کے لیے نافع ہی اور اسکے جوشاندہ کی کلی ہمراہ سرکہ کے دانتون کے درد کو نافع ہی اور اسکا منہ مین رکھنا منہ آنے کو کہ سفید ہو مفید ہی ۔ (غیر سمی) |
| | | | | . | | | | باب العین المہملہ | | | | اور اسمین ۱۰ ۔ دوائیان ہین ۔ |
| ۵۲۶ | عباسی کا پھول | گل عباسی | . | سرخ و زرد و سفید | پھیکا و قدرے تلخ | ایک گھانس کا پھول ہی جسکا پیڑ گز بھر کا ہوتا ہی اور پتے چوڑے | پھول گرم خشک اور بیج سرد تر اور جڑ گرم تر | . | . | . | . | اسکے پتے پھوڑے و پھنسی کو پکاتے ہین اور نمک کے ہمراہ داد کو مفید ہی اور اسکی بیج قابض اور اسکا پھول باو لاتا ہی اور اسکی جڑ منی کو گاڑھا کرتی ہی اور محرک ہوتی ہی اور خون کو صاف کرتی ہی اور کمر کے درد کو نافع ہی ۔ (غیر سمی) |
| ۵۲۷ | | | عشبہ مغربی | ظاہر سرخ اندر سفید | قدرے تلخ | ایک مغربی گھانس کی شاخین ہین خوشبودار | گرم ۲ خشک ۲ | جوان اور گرم مزاج والیکو | روغن بادام | چوب چینی | ۶ ماشہ | اورام اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور مادہ منی کو پتلا کرتا ہی اور طبیعت کو لطیف کرتا ہی اور پسینہ اور پیشاب جاری کرتا ہی اور اکثر سرد و تر بیماریون دماغی کو اور سینہ و معدہ و جگر کی بیماریون کو اور گردہ و مثانہ و رحم کی بیماریون کو مفید ہی اور ہر خلط کو براہ دست نکالتا ہی اور جلدی بیماریون اور کوڑھ کو نافع ہی اور گٹھیا کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہی ۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۲۸ | عشق بیچہ | عاشق الشجر | لبلاب | پتے سبز پھول سرخ | تلخ | ایک گھانس کی بیل ہی کہ درختوں پر چڑھتی ہی پتے وپھول باریک | گرم خشک ۲ | معدہ اور مثانہ کو | قند و املی | شاہترہ وخطمی و خبازی | ۳ ماشہ | سدہ کھولتا ہی اور طبیعت اور ورم کو نرم کرتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور صفرا کو براہ دست نکالتا ہی اور اسکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہی اور درد کو تسکین دیتا ہی اور شہد کے ہمراہ اسکا سر مکنا درد سر کو نافع اور اسکا لیپ مطولات سے ہی (غیرسمی) |
| ۵۲۹ | ریون | عصارۂ ریون | • | زرد | تلخ | راوند کی جڑ کا رنگ خشک کیا ہوا ہوتا ہی | گرم خشک ۲ | آنتوں اور مقعد کو | روغن بادام وروغن گل | • | ۱ ماشہ ۱۰ ماشہ ۲ ماشہ | سب خلطوں کو براہ دست خارج کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور پیٹ سے کیڑوں کو نکالتا ہی اور پیشاب جاری کرتا ہی اور لقوہ وفالج واسترخاء وتشنج امتلائی کو اور دمے اور کھانسی بلغمی کو اور جنون کو مفید ہی اور اگر کسی مسہل مین دست نہ آوین تو ایک ماشہ بھر دودھ مین حل کرکے دیدین فوراً دست آوین گے۔ (غیرسمی) |
| ۵۳۰ | عصارۂ رب مہک | | رب السوس | سیاہ | تلخ | ملٹھی کا عصارہ رنگ خشک کیا ہوا یعنے جوا جوش کیا ہوا ہی | گرم خشک ۲ | گردہ کو | کتیرا | سوسن | ۲ ماشہ | دمے اور حلق کے کھرکھرانے اور سینہ کی خشکی وکھرکھرانے کو اور معدہ کی سوزش اور پیاس کو اور خشک دھانس کو اور کھانسی کو اور منھ سے خون آنے کو اور خون بہنے کو مفید ہی اور بہت دست آور دوائیوں اور خراش کرنیوالی دوائیوں کے ضرر کو دفع کرتا ہی۔ (غیرسمی) |
| ۵۳۲ | عقیق | عقیق | عقیق | سفید و سرخ براق نیلاد زرد | پھیکا | ایک رنگ اور چمکدار پتھر ہے مشہور | سرد خشک ۲ | گردہ اور حلق کو | کتیرا اور تخم کدو | بسد و کہربا | ۱۰ ماشہ | دل کو قوت بخشتا ہی اور خفقان کو مفید ہی اور منھ سے خون آنے کو اور خون بہنے کو اور خاصکر خون حیض کو بند کرتا ہی اور بینائی کو قوت دیتا ہی اور اسکو اپنے پاس رکھنا غضب و غصہ کی حدت وتیزی کو تسکین دیتا ہی اور خفقان اور غم کو دفع کرتا ہی۔ (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۳۲ | عناب | جیلان و سیلان | عناب | سرخ | شیرین | ایک پھل بیر برابر اور مشابہ جھربیری کے ہوتا ہی | سرد ۱ | معدہ کو اور نفاخ ہی اور باہ کو ضعیف کرتا ہی | شکر و مویز منقی | سپستان و مویز منقی | ۱۰ عدد تا ۱۵ عدد | گاڑھے گاڑھے خلطوں کو نرم اور معتدل القوام کرتا ہی اور صدر اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور کل خلطوں کو دستوں کی راہ نکالتا ہی اور سینہ وحلق کے کھرکھرانے اور آواز کے بیٹھ جانے کو دفع کرتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور سوزش وپیاس کو تسکین دیتا ہی اور خون کو رقیق کرتا ہی اور خشک کھانسی ودھانس کو نافع ہی اور جگر وصدر وگرد کے درد کو مفید ہی۔ (غیرسمی) |
| ۵۳۳ | عنبر | | عنبر و اشہب | سیاہ و چکنا | قدرے تلخ و نہایت خوشبودار | بعضو نکے نزدیک ایک درخت کا موم ہی اور بعضو نکے نزدیک ایک دریائی جانور کا گوبر ہی | گرم ۲ خشک ۱ | آنتوں کو اور پتی اچھال دیتا ہی | صمغ عربی و کافور | مشک و زعفران | ۲ رتی | روحوں کا نگہبان اور تینوں قوتوں کو قوی کرتا ہی اور طبیعت کو فرحت بخشتا ہی اور اصلی حرارت اور حواس ظاہری وباطنی کو قوی کرتا ہی اور بڈھوں کے بہت ہی موافق ہی اور دماغی امراض اور قلبی بیماریوں کو اور جگری بیماریوں کو بہت مفید ہی اور خفقان ووبا کو دفع کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور باہ لاتا ہی اور عضو مخصوص پر اسکا لیپ باہ زیادہ کرتا ہی اور ملذذ ہی۔ (غیرسمی) |
| ۵۳۴ | | عنبر بید | جعدہ | پتی سبز سیاہ پھول سفید وزرد | تلخ و خوشبو تیز | ایک گھانس ہی اکثر دریا کے کنارے ہوتی ہی جسکی شاخوں سے ریشہ باریک بال ایسے لٹکتے ہین | گرم ۳ خشک ۲ | دردسر لاتا ہی اور معدہ کو مضر ہی | کشنیز | کوہی پودینہ | ۴ ماشہ | قوت تریاقیہ رکھتا ہی اور دست آور ہی اور کل اعضا کے سدے کھولتا ہی اور اخلاط کو لطیف کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور ذہن کو قوی کرتا ہی اور بچھو کے زہر کی مارگ ہی۔ (غیرسمی) |
| ۵۳۵ | | • | عود صلیب | باہر سرخ اندر اودہ | تلخ و کسیلا | ایک پھل کا سٹ بادام کے چھلکے کے ہی اور اسمین بڑا اختلاف ہی | گرم خشک ۲ | معدہ کو | کتیرا | [illegible] | ۳ ماشہ | نقرس ودرد معدہ وگردہ ومثانہ کو مفید ہی اور درد رحم اور یرقان اور مرگی اور کابوس کو نافع ہی اور پتھری کو توڑتا ہی اور قابض ہی اور خشکی کرتا ہی اور پیشاب وحیض کو جاری کرتا ہی اور دل کو قوت بخشتا ہی اور خون بہنے کو بند کرتا ہی۔ (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | باب الغین المعجمة | | | | اور اسمین چار دوائیان ہین- |
| ٥٣٦ | . | . | غار | دانہ سرخ وبھورا | تلخ و تیز و خوشبودار | ایک درخت ملک شام کیطرف ہوتا ہی اہل یونان بہت حرمت اسکی کرتے ہین اور اسکی عمر ہزار برس کی ہوتی ہی | گرم ۲ خشک ۲ | جگر کو | زرشک کتیرا بنسلوچن | کلونجی | ۲ ماشہ | اسکے دانہ ورم ورباح کو تحلیل کرتے ہین اور طبیعت کو لطیف کرتے ہین اور درد گردہ ورحم اور بچھو کے کاٹے کو مفید ہی اور پیشاب وحیض خوب لاتا ہی اور پینے کی چیز ونکے زہرونکا مارک ہی اور بیدکو شیرہ مین مارڈالتا ہی اور دھانس اور دمے اور کھانسی اور جگر ومثانہ کی بیماری کو نافع ہی اور پتھری کو توڑتا ہی- (غیر سمی) |
| ٥٣٧ | غاریقون | ماہیشان | غاریقون | سفید | تلخ | ایک چیز ہی کہ انجیر کے درخت مین سے پاتے ہین بوسیدہ | گرم ۱ خشک ۲ | کرب اور غثاق پیدا کرتا ہی | دودہ اور جند بیدستر | تربد و شحم حنظل | ۳ ماشہ | بلغم وسودا وصفرا کو دستون کی راہ نکالتی ہی اور طبیعت کو لطیف کرتی ہی اور گاڑھی خلطون کو بھی پتلا و لطیف کرتی ہی اور ناو بہرے ہوئے مواد کو چھانٹتی ہی اور ریاح وورم اور قولنج کو تحلیل کرتی ہی اور پیشاب وحیض جاری کرتی ہی اور پٹھون ودل ودماغ کو قوت بخشتی ہی اور اکثر زہرونکی مارک ہی اور بلغمی بخارونکو نافع ہی اور پی جانی جائز نہین- (غیر سمی) اور اسمین ایک چیز مثل ناخن کے ہی وہ سم قاتل ہی |
| ٥٣٨ | غافث | . | غافث | اودہ سیاہی مائل | نہایت تلخ | ایک گھانس ہی جسکے پتے دراز اور سلابے اور کھر کھرے ہوتے ہین اور کانٹے والا ہی | گرم ۱ خشک ۲ | طحال کو | انیسون و ورد | عصارہ ریوند و افسنتین | ۵ ماشہ تا ۷ ماشہ | خلطون اور طبیعت کو لطیف کرتی ہی اور مادہ کو چھانٹتی ہی اور جلا کرتی ہی اور رطوبت کو جذب کرتی ہی اور جگر وطحال کا سدہ کھولتی ہی اور بدن کو مرکب بخارون سے پاک کرتی ہی اور لسدار خلطونکو چھانٹتی ہی اور جلے ہوے کو مفید ہی اور جلندر وورمونکو تحلیل کرتی ہی اور پیشاب وحیض جاری کرتی ہی اور دودھ بھی جاری کرتی ہی اور اسکا چاو ہر طرح اس سے قوی ہی- (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٥٣٩ | . | . | غالیون | پھول زرد | تلخ و تیز و خوشبودار | گھانس ہی کھڑی ہوئی اور پتے لانبے اکثر تالابون کے کنارے ہوتی ہی | گرم ۱ خشک ۲ | جگر و طحال کو | انیسون | غافث | - | خون کے بہنے کو بند کردیتی ہی اور اسکے پھول کا لیپ آگ کے جلے ہوے کو مفید ہی اور زخمونکے خون وپیپ بہنے کو نافع ہی اور موم روغن یا روغن گل کے ہمراہ شدت کے درد کو نافع ہی اور اسکی جڑ باہ کو خوب حرکت دیتی ہی تجربہ کیا گیا ہی- (غیر سمی) |
| | | | | | | | | باب الفاء | | | | اور اسمین چار دوائیان ہین- |
| ٥٤٠ | فرفیون و فربیون | | لبن یتوع وحافظ اطفال | بھوری زردی مائل | تلخ و تیز و تیز بو | ایک گھانس کا دودہ ہی کہ اکثر بلاد بربر کے پہاڑون پر سے جما ہوا لاتے ہین | گرم خشک | گرم مزاج والیکو اور انثیین کو | رب السوس اور صمغ عربی و روغنہا | جند بیدستر و مازریون | ۳ رتی | جلا کرتا ہی اور لطافت کرتا ہی اور بلغم کو دستونکی راہ نکالتا ہی اور پٹھون سے بلغمی فضول کو دفع کرتا ہی اور پاک کرتا ہی اور لقوہ وفالج وسستی اور رعشہ اور خدر اور مرگی اور سکتہ اور کابوس اور جلندر اور قولنج کو نافع ہی اور حیض جاری کرتا ہی اور لڑکی کے دودھ مین جسکے ناک مین ٹپکانا بالخاصہ لقوہ کو مفید ہی (غیر سمی) |
| ٥٤١ | | فندق | بندق | باہر بھورا اندر سفید و زرد | شیرین و چکنا | ایک پہاڑی درخت کا پھل ہی جسکی گری مثل بادام کے کھاتے ہین | گرم ۱ خشک ۱ | معدہ کو اور ریاح پیدا کرتا ہی | [illegible] | اخروٹ و حب الصنوبر | ۱۰ ماشہ | باہ لاتا ہی اور دانتون کو قوت دیتا ہی اور جوہر دماغ کو زیادہ کرتا ہی اور شہد کے ہمراہ کھانسی کو نافع ہی اور گردہ کے دبلے پن کو زائل کرتا ہی اور سرد نزلہ کو پکاتا ہی اور سوزاک کو نافع ہی اور بالخصوص کے پینے مفید ہی اور اسکا تیل سردی کی کھانسی اور سینہ وجگر کے درد کو نافع ہی- (غیر سمی) |
| ٥٤٢ | فیروزہ | فیروزہ | فیروزج | سبز و آبی براق | پھیکا | ایک پتھر ہی جسکے نگینہ اکثر بنائے جاتے ہین | سرد ۱ خشک ۲ | گردہ کو | کتیرا | زمرد | ۳ ماشہ | فرحت بخشتا ہی اور روح کو قوت بخشتا ہی اور روح باصرہ اور دل و دماغ ومعدہ کو بھی قوت دیتا ہی اور دستون و دانتون کے زخم کو دور کرتا ہی اور خفقان کو مفید ہی اور گردہ کی پتھری توڑتا ہی اور آنکھونکی بیماریونکو نافع ہی اور اسکا گلے مین ڈالنا دل کو بالخاصہ قوت دیتا ہی اور خوف کو دفع کرتا ہی اور دشمن کے اوپر فتح ہی کا باعث ہی- (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۴۳ | | فیلگوش | فیلگوش واذن الفیل | سبز | تلخ و کسیلی | ایک گھانس ہی جسکا رنگ پکایا اور خشک کیا ہوا سوت ہی | گرم خشک ۲ جوہر ارضی کے ساتھ | جگر کو اور خلط غلیظ پیدا کرتا ہی | صمغ عربی | افسنتین | ۲ ماشہ | لطافت بخشتی ہی اور لسدار گاڑھے خلطون کو چھانٹتی ہی اور نکالتی ہی اور سدے کھولتی ہی اور جلا کرتی ہی اور ماشونکو جلا دیتی اور نفع کرتی ہی اور اسکا جو اکی آنکھ کے ماندے کو مفید ہی اور قوت پیدا کرتا ہی اور اسکے خوشہ کا عرق سر ذکر مین ٹپکانا پیشاب لاتا ہی اور پیشاب بند ہوجانے کو نافع ہی اور پتھری توڑتا ہی اور شہد کے ہمراہ اسکا لیپ باہ کو حرکت دیتا ہی - (غیر سمی) |
| | | | | | | | | | | **باب القاف** | | اور اسمین چار دوائیان ہین - |
| ۵۴۴ | قدم | ٠ | قدم | زرد سفید | ترش و پھیکا | ایک بڑا درخت ہی جسکے پتے اخروٹ کے پتونکے سے اور پھل شہتوت کے پھل کا سا ہوتا ہی خاردار | سرد | نفاخ وا گوشت و سوداوی بلغم پیدا کرتا ہی | ٠ | ٠ | ٠ | فساد بلغم اور صفرا کو دفع کرتا ہی اور خون کو گاڑھا کرتا ہی اور بالخاصہ عورتون اور خنثی سرا اُن کی پستان دراز و بلند کرتا ہی اور گوشت کے ہمراہ لذیذ ہوتا ہی - (غیر سمی) |
| ۵۴۵ | | | قردمانا | پھول سفید وا ودہ بیج بھورا | تلخ و تیز | ایک گھانس ہی مثل بابونہ کے اور بیج زیرہ کے مثل اور کالے زیرہ کے | گرم خشک ۲ | طحال کو | انیسون و صندل | [illegible] | ۲ ماشہ | سدہ و مسام کھولتی ہی اور لطافت بخشتی ہی اور پیشاب لاتی ہی اور پتھری توڑتی ہی اور سردی کی بیماریونکو مفید ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہی اور سینہ کو پاک کرتی ہی اور قولنج اور ریاح کو دفع کرتی ہی اور ہچکی اور کھانسی و دمہ انس کو نافع ہی اور عرق النسا و فالج کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۵۴۶ | | | [illegible] | سبز پھول سرخ | تیز و تیز بو | ایک گھانس ہی کہ پانی کے کنارے اگتی ہی پتے اسکے مثل ستی کے | گرم خشک ۳ | آنتون کو | صمغ عربی | برسیاوشان زراوند مدحرج | ۳ ماشہ | بلغم اور لسدار خلطون کو چھانٹتا ہی اور مادہ بلغمی کو دستون کی راہ نکالتا ہی اور مادہ صفراوی کو بھی براہ دست نکالتا ہی اور ورم و سختی کو تحلیل کرتا ہی اور جگر کا سدہ کھولتا ہی اور پیشاب و حیض جاری کرتا ہی (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۴۷ | | | [illegible] | سبز | قدرے ترش و تیز و تلخ | ایک گھانس ہی جیسکہ کی سی جسکے پتے دندانے دار ہوتے ہین | گرم ۲ خشک ۳ | دماغ کو | صمغ عربی و کتیرا | سعد و سونجان و ریوند | ۳ ماشہ | پیشاب و حیض لاتا ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور قابض ہی اور جلا کرتا ہی اور دماغ کو پاک کرتا ہی اور جگر و طحال کا سدہ کھولتا ہی اور بلغمی قولنج کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| | | | | | | | | | | **باب الکاف تازی** | | اور اسمین ۱۰۹ - دوائیان ہین - |
| ۵۴۸ | کاجل | دودہ | ٠ | خوب سیاہ | پھیکا | چراغ کی بتی کا دھوان جمایا جاتا ہی | گرم خشک ۱ | حلق و پھیپھڑے کو | | سرمہ | | آنکھ کا میل ورنزلہ خوب چھانٹتا ہی اور آنکھ و بینائی کو قوت بخشتا ہی اور ہمراہ گوندکے آگ کے جلے ہوئے کو نافع ہی اور اسکا رنگا ہوا کپڑا آفتاب کی تمازت کو جذب کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ۵۴۹ | کاسنی سبز | کاسنی | ہندباء | سبز | قدرے تلخ | ایک گھانس ہی مشہور | سرد تر ۱ | کھانسی والے کو | شربت بنفشہ | شاہترہ | ۵ تولہ | سدے و مسام کھولتی ہی اور گرمی و تیزی صفرا و خون کو اور پیاس کو تسکین دیتی ہی اور اسکا پھاڑا ہوا ہمراہ آب کافور اور جگر و طحال کے سدہ کو بہت نافع ہی اور گرمی والے جلندر اور گرمی کے خونی و صفراوی بخارون کو بہت نافع ہی اور اسکے پتے بن دھوئے پینا طبیعت کو نرم کرتے ہین اور بہت نافع ہین اور دھوئے ہوئے قابض اور مضر ہوجاتے ہین - (غیر سمی) |
| ۵۵۰ | کاسنی کے بیج | تخم کاسنی | بزر الہندباء | شیاری و سفید | پھیکا | ایک بیج مشہور ہین زیرہ سفید سے چھوٹے | سرد خشک ۲ | طحال کو | [illegible] | [illegible] | ۲ ماشہ تا ۵ ماشہ | سدے کھولتے اور پیشاب خوب لاتے ہین اور درد سر و خفقان اور جلندر اور کانوبہ کے لیے مفید ہین اور جگر کی گرمی اور پیاس اور بخارون اور گردہ و طحال کے ضعف کو نافع ہین اور زخم سے خون آنے کو نافع ہین اور بھوک کو حرکت دیتے ہین - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۵۱ | کاسنی کی جڑ | بیخ کاسنی | اصل الہندباء | غباری | پھیکا و قدرے تلخ | مشہور ہی | گرم ۱ خشک ۲ | غثی لاتی ہی | سکنجبین | سونف کی جڑ | ۷ ماشہ | سدہ کھولتی ہی اور خلطون کو لطیف کرتی ہی اور نزلہ کے آنے جانے کے راستون کو صاف کرتی ہی اور پیشاب جاری کرتی ہی اور خون کو صاف کرتی ہی اور اندرونی شکمی اعضائے ورم کو دفع کرتی ہی اور جلندر کو مفید ہی اور سواد کو تحلیل کرتی ہی اور مرکب بخارون اور پرانے پرانے بخارون کو نافع ہی اور گٹھیا کے لیے فائدہ مند ہی اور منھ و ہاتھ پیر کی بھربھراہٹ کو دفع کرتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۵۲ | کاسنی جنگلی | کاسنی دشتی | [illegible] | سبز | تلخ | مثل کاسنی کے ہی اسکے پتے کسی قدر چھوٹے ہوتے ہین | گرم خشک و نزد بعض سرد خشک | . | سکنجبین | زراوند مدحرج | ۳ ماشہ | سدہ کھولتی ہی اور معدہ کو قوت دیتی ہی اور قابض ہی اور خون بہنے کو بند کرتی ہی اور حیض جاری کرتی ہی اور اسکے بیج و جڑ بستانی کاسنی کی جڑ و بیج کے افعال سے قوی تر ہین اور کانور کے لیے نہایت نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۵۳ | . | . | کاشم | زرد و سبز | قدرے تلخ و تیز و خوشبودار | ایک گھانس ہی شبیہ ساتھ انجدان کے | گرم خشک ۳ | گرم مزاج والیکو اور شانہ کو | سونف و سرکہ | سفید زیرہ و کرفس | ۳ ماشہ | جگر کا سدہ کھولتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور گاڑھے خلطونکو پتلا و معتدل القوام کرتی ہی اور معدہ کو قوت بخشتی ہی اور ہاضم ہی اور ریاح کو صادر خوب کرتی ہی اور جلندر اور سردی کے درد کو مفید ہی اور معدہ کے کیڑے مارتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۵۴ | کاغذ | کاغذ | قرطاس | کل رنگ اصلی سفید | پھیکا و بوجہ رنگ کے تلخ | مشہور ہی اور مطلق سے خاص بانس کا کاغذ مراد ہی طب مین | سرد خشک و جلا ہوا گرم و خشک ۲ | گردہ کو | کہربا شمعی | دم الاخوین | ۲ ماشہ | پھیپھڑے کے زخم کو دفع کرتا ہی اور معدہ کی سوزش کو نافع ہی اور آنتون کے زخم و خراش و سوزش کو مفید ہی اور منھ سے خون آنے کو اور دستون کو بند کرتا ہی اور جلا ہوا مع مکھن کے زخم کو بھر لاتا ہی اور ناسور کو فائدہ مند ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۵۵ | کاگ جنگلی | تخم خاکروب | اطریلال جلال الغراب و خزانیا الکلبین | بھورا | پھیکا | ایک بیج ہی مثل و مشابہ سونے کے بیج کے اور سفید زیرہ کے | گرم خشک ۳ | جگر اور گردہ کو | کتیرا و سکنجبین | کندش | ۳ ماشہ | جگر کا سدہ کھولتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور فضلات ردی کو براہ پیشاب نکال بہاتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور گرانی معدہ کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۵۶ | کاکڑا سینگی | . | . | سرخ سیاہی مائل | تلخ و کسیلا | ایک درخت کا پھل ہی اندر ایک غلاف کے جسکا ظاہر شکل مثل سینگھ ہوتا ہی اور اسکا درخت کیکر کے درخت کے مشابہ ہوتا ہی | گرم خشک ۳ | جگر اور گردہ کو | کتیرا و سکنجبین | . | . | سردی کی کھانسی اور دمے کو اور تر کھانسی کو خاصکر بچون کی کھانسی کو نافع ہی اور ہچکی اور قی اور خونی دستون کو مفید ہی اور پیاس کو دفع کرتی ہی اور فساد بلغم کو کھوتی ہی اور بھوک خوب لاتی ہی اور اسکا لیپ سیاہ داغ کو نافع ہی۔ (زیادہ ہو تو سم ہی) |
| ۵۵۷ | کاکن | قسم خرد ارزن | دخن | زردی مائل بھوری | پھیکا | ایک قسم کے غلہ کا دانہ ہی بہت چھوٹا مشہور ہی | سرد ۱ خشک ۲ | پھیپھڑے کو اور گردہ مین پتھری پیدا کرتا ہی | شہد و مصطگی | برنج یعنی چاول | . | قلیل الغذا ہی اور قابض ہی اور خشکی کرتی ہی اور پیشاب لاتی ہی اور صفراوی دستونکو بند کرتی ہی اور تازے گھی کے ساتھ سینہ کی نرم کرنیوالی ہی اور منی پیدا کرتی ہی اور درد کے موضع پر گرم کرکے ٹکورنا نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۵۰ | کاکنہ و عروسک و پس پردہ | | کاکنج | سرخ و سیاہ و زرد | قدرے شیرین | مثل اور مشابہ مکو کے ہوتا ہی اور مستعمل و مراد پھل و دانہ ہین | سرد خشک ۲ | عفو کو نہایت سستی کرتا اور نیند لاتا ہی | گل سرخ و گلقند | مکو | ۶ عدد تا ۷ عدد | دمے کو اور سانس بند ہو جانے کو مفید ہی اور گردہ و مثانہ کی بیماریون اور کانور و کھانسی کو نافع ہی اور شدید پیاس کو مفید ہی اور پیشاب لاتا ہی اور پیٹ کے کیڑون کو مار نکالتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۵۹ | کالادانہ | | حب النیل | سیاہ و تکونہ | تلخ | مشہور ہی | گرم خشک ۳ | کرب لاتا ہی اور دوران سر اور آنتونکی خراش پیدا کرتا ہی | کطیلہ یا روغن بادام مین بریان کرنا | شحم حنظل | ۲ ماشہ | سودا و بلغم کو دستون کی راہ نکال بہاتا ہی اگرچہ غلیظ ہو اور بدن کو پاک کرتا ہی اور جگر و طحال کا سدہ کھولتا ہی اور پیٹ کے کیڑے اور زخم کے کیڑے نکالتا ہی اور نقرس اور جوڑون کے درد کو اور ترکھجلی اور پرانے اور خراب زخمون کو نافع ہی اور سیاہ داغ اور سفید داغ کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۶۰ | کالی زیری | کرویا پادشاہ زیرہ | کمون رومی | زرد و سفید و سبز | قدرے تلخ و تیز و تیز بو | ایک گھانس کا دانہ مثل زیرہ کے ہی سونف سے چھوٹا | گرم خشک ۳ | گردہ اور پھیپھڑے اور گرم مزاج والیکو | پودینہ کوہی | زیرہ و انیسون و سونف | ۵ ماشہ | سودا و بلغمی کو خوب چھانٹتا ہی اور معدہ سے ہر قسم کے کیڑے اور کدو دانہ اور آنتون کے کیڑے نکالتا ہی اور اسکا لیپ سردی کے ورم کو تحلیل کرتا ہی اور ہاضم ہی اور بھوک لاتا ہی اور ریاح خوب صادر کرتا ہی اور ہمراہ سہاگہ بریان ایک ماشہ سے تا ہم ماشہ اسکو کوٹ کے ہمراہ دودھ کے پھانکین بواسیر کو مفید ہی تجربہ کیا ہوا ہی اور اسکا سرمہ آنکھ کو جلا دیتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۶۱ | کالیسر وکلیسر | . | . | زرد | تلخ | ایک درخت کا پھل ہی کہ بقدر بیر و عناب کے ہوتا ہی اور درخت چھوٹا اور پتی باریک ہوتی ہی | گرم خشک ۲ | . | . | . | . | پیٹ کو قبض کرتا ہی اور جلندر کو مفید ہی اور منی زیادہ کرتا ہی اور تینون خلطون صفرا و سودا و بلغم کو تحلیل کرتا ہی اور تپ کو نافع ہی اور عورتون کی اندام نہانی کی بیماریون کو اور اسکے زخم کو کہ بوجہ کثرت خون آنے کے ہو جاتا ہی دفع کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۶۲ | کانچ | آبگینہ | زجاج | ہر رنگ کا و شفاف | پھیکا | ایک جسم ہی پتھریلا معدنی بھی اور بنایا بھی جاتا ہی | گرم ۱ خشک ۲ | آنتون اور تلی کو | کتیرا | زبرجد | ۲ ماشہ | روح اور اخلاط کو لطیف بھی کرتا ہی اور جلا بھی دیتا ہی اور پھوڑے پھنسی کو دفع کرتا ہی اور آنکھ کو قوت دیتا ہی اور گردہ و مثانہ کو نافع ہی اور پتھری توڑتا ہی۔ (قریب سم کے بھی ہی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۶۳ | کاندا | پیاز دشتی | بصل الفار و بصل العنصلی و اسقیل | سفید | تلخ و تیز | پیاز کی ایسی اور پیاز سے بڑی ایک جنگلی جڑ ہی مشہور ہی | گرم خشک ۲ | کرب لاتی ہی اور درد سر پیدا کرتی ہی | [illegible] | لہسن | ۵ ماشہ | مرگی اور مالیخولیا اور سدر اور فالج و لقوہ اور خشک دمہ اور پرانی کھانسی کو نافع ہی اور طحال کی سختی اور جلندر اور کانور کو مفید ہی اور ظاہر جلد مین خون کو جھرجھرا لاتی ہی اور ڈالتی ہی اور بھلبھلا کے اسکا استعمال بےخوف ہی۔ (غیر سمی و زیادہ از یک تولہ قاتل ہی) |
| ۵۶۴ | کانہر | اودشہ | الشق والمذاق الذہب | سیاہ و زرد | نہایت تلخ | ایک درخت کا گوند ہی | گرم ۲ خشک ۱ | معدہ و گردہ کو | انیسون و زوفا و بادام | سفید رائی و جاوشیر | ۱۰ ماشہ | ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور خشکی لاتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور رطوبت کو داخل بدن سے جذب کرتا ہی اور جگر کا سدہ کھولتا ہی اور اسکا پینا ہمراہ شہد کھمرگی اور فالج اور خدر کو مفید ہی اور اسکا لیپ طحال کے ورم و سختی کو نرم کرتا ہی اور جوڑون کے ورم و سختی کو بھی نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۶۵ | کانگڑی کا ساگ | ترہ سرشف | بقلۃ الحرف | سبز | تیز و قدرے تلخ | سرسون کا ساگ ہی مشہور | گرم خشک ۱ | معدہ کو اور پیشاب بند کر دیتا ہی | کاسنی و شہد | . | . | طبیعت کو نرم کرتا ہی اور ریاح خوب جھاڑ کرتا ہی اور قلیل الغذا ہی اور خون گاڑھا پیدا کرتا ہی اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہی اور بھوک خوب لاتا ہی اور اسکا پانی ترکھجلی کو مفید ہی اور اکثر پھنسیون کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۶۶ | کانس | . | . | سیاہ و زرد | کسیلا | ایک گھانس ہی جسکی رسی بان بناتے ہین | سرد خشک | . | . | . | . | دشواری سے پیشاب آنے کو اور مثانہ کی پتھری کو مفید ہی اور فساد خون و صفرا اور اعضا کی سوزش کو نافع ہی اور بواسیر کا خون بند کر دیتی ہی بالخاصہ۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٥٦٧ | کانسہ | روئین | طالیقون | زرد براق | کسیلا | ایک جسم ہی ساتہ فلزات معدنی سے ملکر بنا ہوا مشہور ہی | گرم خشک ۳ | . | . | . | . | قے بند کردیتا ہی اور بعض اعضا کے آماس کو دفع کرتا ہی اور ذہن کو قوی کرتا ہی اور سونگھنے کی قوت باطل ہوجانے کو نافع ہی اور اسمین سمیت بھی ہی۔ (غیر سمی وکثرت قریب بسم) |
| ٥٦٨ | کاہو | کاہو | خس | پتے سبز بیج سفید | پھیکا و شیرین | ایک گھانس ہی مشہور دو قسم بستانی و بری | سرد وتر ۲ | باہ کو اور سل اور خشکی والونکو | پودینہ و کرفس | خرفہ | . | خلط صالح پیدا کرتا ہی اور اخلاط کو رقیق کرتا ہی اور صفرا کی تیزی کو تسکین دیتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور ہوائے وبائی کو دفع کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ٥٦٩ | کاہو کے بیج | تخم کاہو | بذر الخس | سفید | پھیکا | مشہور ہی | سرد وتر ۲ | باہ کو اور نسیان پیدا کرتا ہی | مصطگی | خشخاش | ۷ ماشہ تا ۹ ماشہ | تیزی صفرا وخون کو تسکین دیتا ہی اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور دماغ پر ابخرہ نہیں چڑھنے دیتا اور سوزش معدہ کو نافع ہی اور پیٹ کو نرم کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور نیند لاتا ہی اور ورم کے مادہ کو پختہ کرتا ہی اور خشکی لاتا ہی اور عضو کو سست کرتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور کثرت احتلام کو مفید ہی (غیر سمی) |
| ٥٧٠ | کائی | [illegible] | طحلب | خوب سبز | قدرے تلخ | ایک قسم کی سبزی ہی ٹھہرے پانی مین پیدا ہوتی ہی اور پانی کو خراب کرتی ہی | سرد وتر ۲ | سرد مزاج والے کو | شاہسفرم | کلفہ | . | اسکا لیپ خون کو بند کردیتا ہی اور سخت ورمون اور سرخ بادہ کو تحلیل کرتا ہی اور خشک کائی پینا سبز وصفراوی دستون کو بند کردیتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ٥٧١ | کایپھل | دار شیشعان | عود البرق | سرخ | کسیلا و خوشبودار | مثل تج کے ایک درخت کی چھال ہی | گرم ۱ خشک ۲ | جگر اور طحال کو | مصطگی | اسارون و زراوند | ۳ ماشہ | ورم وریاح کو تحلیل کرتا ہی اور قابض ہی اور زلزلونکو نہیں گرنے دیتا ہی اور سوداوی وبلوس کو نافع اور رطوبت کو خشک کرتا ہی اور بھونکو قوت دیتا ہی اور مشیمہ سے بچہ کو گرادیتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور کھانسی اور ربو بواسیر کو نافع ہی اور جریان منی اور سردی درد معدہ کو نافع ہی اور اسکا غرغرہ منھ آنے کے لیے مفید ہی (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٥٧٢ | کباب چینی وسیتل چینی | | . | باہر سیاہ اندر سفید | تیز و خشک | کالی مرچ سے کسیقدر چھوٹا ایک گول دانہ ہی مثل حب بلسان کے | گرم خشک | مثانہ | مصطگی وصندل | دارچینی | ۴ ماشہ | روح کو لطیف کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور مسام بھی کھولتا ہی اور معدہ کو اور مسوڑھونکو قوت دیتا ہی اور پیٹ کے تلون کو بھی قوت دیتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور پیشاب خوب لاتا ہی اور گردہ و طحال کی بیماریون کو مفید ہی اور اسکا چبانا منھ آنے کو نافع ہی اور منھ کی بو کو دفع کرتا ہی اور اسکو چبا کر لگانا ملذذ ہی۔ (غیر سمی) |
| ٥٧٣ | کبر کی جڑ | بیخ کبر | اصل الکبر | سفید | تلخ | ایک سبزہ ہی لانبی جسکی گھانس زمین پر پھیلی ہوئی اور پھل برابر جھربیرے کے | گرم خشک ۲ | گردہ اور مثانہ اور معدہ کو | [illegible] | ہینگ زراوند طویل | ۲ ماشہ | سدہ ومسام کھولتی ہی اور جلا کرتی ہی اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتی ہی اور روح کو لطیف کرتی ہی اور بلغم وسودا اور لسدار خلطونکو چھانٹتی ہی اور پیشاب لاتی ہی اور دماغی سرد بیماریونکو نافع ہی اور عرق النسا اور بواسیر کو مفید ہی اور سفید داغ کو فائدہ مند ہی اور پیٹ کے تلونکو قوت دیتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ٥٧٤ | کپور | کاپور | کافور | سفید | تلخ و خشک | بعضے گوند ایک درخت ہی جسکی لکڑی بالکل نرم ہوتی ہی اور بعضے ساتھ قوت آتشی کے جمی ہوئی ادویہ بتاتے ہین اور بعضے معدنی کہتے ہین | سرد خشک ۳ | گردہ اور مثانہ اور باہ کو | ایلوا و مشک و زعفران | سفید صندل و بنسلوچن | ۲ سرخ | فرحت بخشتا ہی اور دماغ ودل کو قوت دیتا ہی اور تپ دق وذات الجنب اور سل اور پھیپھڑے کے زخم کو نافع ہی اور پیاس اور جگر کی سوزش کو دفع کرتا ہی اور نیند لاتا ہی اور اسکا سونگھنا نیند کو اڑا دیتا ہی۔ (قریب بسم خاصکر عورت کو) |
| ٥٧٥ | کپور کچری | . | زرنباد و عرق الکافور | باہر بھوری اندر زرد | تلخ و تیز و خوشبودار | ایک جڑ مثل سونٹھ کے ہی | گرم خشک ۲ | دل کو اور درد سر لاتی ہی | بنفشہ وصندل و پودینہ | بوزیدان و درونج | ۴ ماشہ | سدے کھولتی ہی اور فرحت لاتی ہی اور دل ودماغ ومعدہ کو قوت بخشتی ہی اور باہ لاتی ہی اور دست وقے بند کرتی ہی اور پیشاب وحیض جاری کرتی ہی اور مادہ سوداوی کو براہ دست نکالتی ہی اور سردی کی کھانسی کو نافع ہی اور بچونکی ہچکی کو مفید ہی اور ریاح خوب صادر کرتی اور ہاضم ہی اور باہ لاتی ہی اور اسکا خشک دھواں ملناد ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور دردونکو تسکین دیتا ہی (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۷۶ | کنگی سفید | ٠ | خربق ابیض | سفید زردی مائل | تلخ | ایک درخت کی جڑ ہے جسکے پتے بارتنگ کے سے ہوتے ہین اور اسکی جڑ کے اندر مثل لکڑی کے جالے کے بچھے ہوتا ہے | گرم خشک ۳ | گردہ کو اور خناق پیدا کرتا ہے | کتیرا و مصطگی | بھکر مول | ۳ ماشہ | بلغم اور گاڑھے صفرا اور لیسدار خلطونکو اور زرد بلغم کو براہ دست نکالتی ہے اور سدے کھولتی ہے اور معدہ کو مواد فاسد سے پاک کرتی ہے اور پیشاب و حیض جاری کرتی ہے اور فالج اور سرسام اور مرگی بلغمی کو اور لیثرغس کو اور دماغ کی سرد بیماریون کو مفید ہے اور گٹھیا کو اور جوڑون کے درد کو فائدہ مند ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۷۷ | کنگی سیاہ | ٠ | خربق اسود | سیاہ | تلخ | ایک گھانس کی جڑ ہے خولدار جسکے پھل مشابہ کرٹے کے ہوتے ہین | گرم خشک ۳ | گرم مزاج والیکو اور خناق پیدا کرتی ہے | کتیرا اور کالا داگھی | غاریقون کندش | ۱۰ ماشہ | سودائے خالص اور بلغم کو دستونکی راہ نکالتی ہے اور داخل بدن سے رطوبت خوب جذب کرتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور روح کو لطیف کرتی ہے اور سردی کے اکثر امراض کو اور پرانے نزلونکو مفید ہے اور سیاہ داغ اور سفید داغ اور اکوتہ اور امراض جلدی کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۷۸ | ٠ | کبابہ خنداں و فاغرہ | فاغرہ | بھورا اندر سفید | تیز و تیز بو | مثل کالی مرچ کے ہوتا ہے دانہ منھ پھٹا ہوا۔ | گرم خشک ۲ | دردسر پیدا کرتا ہے اور گرم مزاج والیکو | نیلوفر و گلاب | الائچی و دارچینی | ۵ ماشہ | معدہ اور قوت ہاضمہ کو اور سرد جگر کو قوت بخشتا ہے اور سدے کھولتا ہے اور بلغمی و سوداوی خلطونکو پاک کرتا ہے اور دماغی سرد بیماریون کو مفید ہے اور تند ریاح اور دستون کو جو سردی سے ہون مفید ہے اور خون کو صاف کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۷۹ | کتھ سفید | ٠ | کات | بھورا سرخی مائل | کسیلا | ایک درخت کی چھال کے جوشاندہ کو جماتے ہین ہندمین ہوتا ہے | سرد خشک ۲ | اسکی کثرت مثانہ مین پتھری پیدا کرتا ہے اور باہ کو مضر ہے | مشک و عنبر | گیرو | ۳ ماشہ | قابض ہے اور خشکی لاتا ہے اور دستونکو بند کرتا ہے اور ورم کے مواد کو پختہ کرتا ہے اور دانتون و مسوڑون کو قوی کرتا ہے اور اسکی چنکی منھ آنے کو مفید ہے اور جریان منی اور کثرت احتلام کو نافع ہے اور آنتونکی خراش اور تپ ورم حلق اور آنتون کے زخم کو مفید ہے اور کانور کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۸۰ | کٹائی | ٠ | ٠ | پھول سرخ | تلخ | ٠ | گرم خشک | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | کیڑون اور وبائی ہوا کی مضرت کو دفع کرتی ہے اور تپ اور درد پہلو اور دشواری سے پیشاب آنے کو مفید ہے اور سونگھنے کی قوت کے باطل ہوجانے کو نافع ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے اور دل کی بیماریون کو نافع ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۸۱ | کٹھل | ٠ | جکی | باہر سبز اندر زرد | شیرین و چاشنی دار | ایک ہندوستانی پھل ہے بڑا بقدر تربوز کے جسکے اوپر خار ہوتے ہین اور اندر دانہ۔ | گرم ۲ خشک ۱ ساتھ رطوبت فضلیہ کے | نفاخ ہے اور سوداوی بیماریان پیدا کرتا ہے | نمک اور اسی کے بیج بھونکے کھانا | ٠ | ٠ | قوت باہ کو خوب بڑھاتا ہے اور امساک کرتا ہے اور خون کو خراب و فاسد کرتا ہے اور نفخ کرتا ہے اور خون گاڑھا سوداوی پیدا کرتا ہے اور دیر ہضم ہے اور اسکے بیج باہ زیادہ کرتے ہین اور منی پیدا کرتے ہین اور کچا کٹھل پکا کے کھانا افراط بھوک کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۸۲ | کٹھومر | انجیر دشتی | تین بری | اودہ | کسیلا ترش | ایک درخت کا پھل ہے بالکل مشابہ انجیر کے | گرم خشک ۲ | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | اسکا لیپ سفید داغ اور سیاہ داغ اور اکوتہ اور داد کو مفید ہے اور اسکی جڑ کا لیپ ہر فعل مین اس سے قوی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۸۳ | کتیرا | گون | کثیرا | سفید و زرد | پھیکا قدرے ترش | ایک خاردار درخت کا گوند ہے مشہور ہے | معتدل | اسفل کو | انیسون | صمغ عربی و تخم کدو شیرین | ۴ ماشہ | اکثر رگون کے منھ مین چیک کے سُدّہ لاتا ہے اور خون کو گاڑھا کر دیتا ہے اور سختیون کو نرم کرتا ہے اور خراش اور تیزی اخلاط کو تسکین دیتا ہے اور آنتون کو قوت دیتا ہے اور باطنی اعضا کے خون بہنے کو بند کر دیتا ہے اور کھانسی اور سینہ کی کھرکھراہٹ اور پھیپھڑے کے زخم کو مفید ہے اور اکثر دواؤن کا ضرر سمی وغیرہ دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |

18

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۸۴ | کٹیلہ | • | • | پتے سبز پھول اودہ | تلخ | ایک گھانس ہی خاردار اسکے پھل مین بھی کانٹے ہوتے ہین جز مستعمل | گرم خشک | گرم مزاج والے کو | کشنیز و کافور | انجیر | ۲ ماشہ | کیڑون اور ریاح کو دفع کرتا ہی اور تپ اور پہلو کے درد اور دشواری سے پیشاب ہونے کو نافع ہی اور سونگھنے کی قوت کے باطل ہو جانے کو مفید ہی اور دل کی بیماریون کو مفید ہی اور بالخاصہ طبیعت کو نرم کرتا ہی اور بھوک لاتا ہی اور ہاضم ہی اور کھانسی اور سانس چڑھنے کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۵۸۵ | گچ پیپل | • | • | سرخ | تلخ | ایک بوٹی کا پھل ہی لال مرچ کے برابر اور اُسکے مشابہ | گرم خشک | • | • | • | • | ہاضم ہی اور جگر و معدہ کو قوت دیتی ہی اور اسہال لاتی ہی اور پُرانی پُرانی بیماریون کو کھوتی ہی اور پیٹ کی بیماری اور بواسیر کو نافع ہی اور دستون کو بند کرتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہی اور باہ کی بیماریون مین لگانے اور ملنے کے ذریعے سے مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۵۸۶ | کچری | دستنبو | شمام | بھوری | تلخ و تیز و خوشبودار | مشہور ہی | گرم خشک ۲ | درد سر لاتا ہی اور گرم مزاج والے کو | کشنیز | انجیر | ۴ ماشہ | جلد کے تلون کو قوت دیتی ہی اور جوڑون کی سختیون کو تحلیل کرتی ہی اور فالج ولقوہ اور بلغمی بیماریون اور بواسیر کو نافع ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور بالائی خارجی رطوبت کو جذب کرتی ہی اور قابض ہی اور باہ زیادہ کرتی ہی - (غیر سمی) |
| ۵۸۷ | کچور | • | • | بھورا | تیز و تلخ و خوشبودار | تین قسم کا ہوتا ہی زرد و مادہ و بڑا - اور بڑے کو کپور کچری کہتے ہین - جڑ ایک گھانس کی ہی شکل ادرک و سونٹھ اور مطلق سے مراد مادہ ہی - | گرم خشک ۲ | دماغ کو اور درد سر لاتا ہی اور پھیپھڑے کو | کشنیز | انجیر و ادرک | ۳ ماشہ | کھانا خوب کھلاتا ہی اور بھوک بڑھاتا ہی اور کوڑھ کو مفید ہی اور بواسیر اور پھوڑے پھنسیون اور زخمون اور سانس چڑھنے کو اور بادگولہ کو اور غلیظ ریاح کو مفید ہی اور فساد ہوا و بلغم کو کھوتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہی اور دست آور ہی - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۸۸ | کُچلہ | کُچلہ | اذاراقی وقاتل الکلب | سیاہی مائل وزرد | تلخ | ایک درخت کے پھل کا بیج ہی | گرم خشک ۳ | نشہ کرتا ہی اور قاتل ہی | قی کرنا اور گھی شکر | بلادر | ۲ رتی | فالج اور استرخا اور گٹھیا اور کمر کے درد اور عرق النسا اور ریاحی قولنج کو نافع ہی اور کل جھوٹون کی بیماریون کو مفید ہی تجربہ کیا ہوا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور حیض جاری کرتا ہی اور پتھری کو توڑ بہاتا ہی اور اسکا لیپ چہرہ کی سیاہی اور جھائین اور کھجلی اور داد کو نافع ہی - (سم قاتل ہی) |
| ۵۸۹ | کچنال | • | • | سبز و سرخ | کسیلی | ایک درخت ہی جسکی کلی ترکاری وغیرہ مین مستعمل ہی اور مطلق سے مراد کلیان ہین | سرد خشک ۲ | نفاخ ہی | گوشت و نمک و گرم مصالحہ | • | • | دیر ہضم ہی اور ردی الغذا ہی اور قابض ہی اور خشکی کرتی ہی اور معدہ و آنتون کو قوت دیتی ہی اور پیٹ کو گنگ کر دیتی ہی اور دستون کو بند کرتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہی اور فساد خون کو دفع کرتی ہی اور اسکے پھول منھ سے خون آنے کو اور کثرت حیض کو بند کرتے ہین اور باطنی زخم اور مقعد کے زخم کو مفید ہی اور اسکی چھال کا سفوف جریان کو مفید ہی اور اسکی چھال کا غرغرہ منھ آنے کو اور منھ کی بیماریون کو نافع ہی (غیر سمی) |
| ۵۹۰ | کدو گول | کدوی شیرین | دباء القطین حلو | سبز و زرد | شیرین | ایک پھل قسم ترکاری سے مشہور ہی | گرم تر ۲ | نفاخ ہی | ترشی و گوشت | لوکی | • | قلیل الغذا ہی اور خلط غلیظ پیدا کرتا ہی اور پیٹ کو نرم کرتا ہی اور دیر ہضم ہی اور گوشت کے ہمراہ لذیذ ہی اور اسکا حلوا لذیذ اور مقوی باہ ہی - (غیر سمی) |
| ۵۹۱ | کدو لانبا و لوکی و رم توریا | کدوے دراز | قرع وقطین | باہر سبز اندر سفید | پھیکا | ایک بیلدار درخت کا پھل ہی لانبا تعداد آدھ گز دو گز بھر کے قسم ترکاری سے مشہور | سرد و تر ۲ | سرد مزاج والونکو اور معدہ کو | گوشت و گرم مصالحہ | پالک و خرفہ | | خلط صالح پیدا کرتی ہی اور قلیل الغذا ہی اور پیٹ کو نرم کرتی ہی اور پیشاب خوب لاتی ہی اور تری کو گرمی اعضا کو پہونچاتی ہی اور سدے کھولتی ہی اور گرمی کے بخارونکو مفید ہی اور صفراوی و گرم مزاجون کے لیے موافق ہی اور دق والون کے لیے اس سے بہتر کوئی غذا نہین ہی اور اسکو بھبھلا کے پانی نچوڑا ہوا قلب اور جگر اور معدہ کی گرمی اور بخار کو تسکین دینے مین بے مثل ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۹۲ | کدو لانبے کے بیج | تخم کدوے دراز | بزرالقرع | سفید و چکنا | شیرین وخوش ذائقہ | مشہور ہے | سرد ۲ تر ۱ | سرد مزاج والونکو اور مثانہ کو | بادیان یعنی سونف | تخم تربز وکھیرا | ۹ ماشہ | بدن کو فربہ کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور سینہ کے کھر کھرانے کو اور منھ سے خون آنے کو اور گرمی کی کھانسی کو مفید ہی اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور پیشاب کی جلن کو اور مثانہ کی سوزش کو نافع ہی اور گرمی کے بخار کو اور بیخوابی کو مفید ہی اور دماغ ودل کو قوت بخشتا ہی اور بلغم شور کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۹۳ | کرہ | خشکدانہ | حب قرطم وحب العصفر | سفید | قدرے تلخ | کسم کے بیج مشہور ہین | گرم ۲ خشک ساتھ قوت دست آور کے | معدہ کو | انیسون و سُمّاق | حب بخصفر | ۲ ماشہ تا ۷ ماشہ | بلغم کو چھانٹتی اور براہ دست نکالتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور سینہ کو پاک کرتی ہی اور آواز کو صاف کرتی ہی اور نزلون کو پختہ و معتدل القوام کرتی ہی اور باہ و بینائی کو قوت بخشتی ہی اور منی زیادہ کرتی اور جلندر و مالیخولیا اور وسواس اور کھجلی وکوڑھ اور قولنج اور خارش کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۹۴ | کرفس پہاڑی | کرفس کوہی | فطراسالیون | سیاہ | قدرے تلخ وتیز وخوشبودار | ایک لانبے سیاہ بیج ہین تانخواہ کے مشابہ | گرم ۳ خشک ۲ | گرم مزاج والیکو | [illegible] | تخم کرفس وشاہ بلوط | ۳ ماشہ | سُدّے اور مسام کھولتا ہی اور حیض وپیشاب خوب لاتا ہی اور لسدار رطوبت کو چھیل ڈالتا ہی اور ابھار یعنی نفخ کو تحلیل کرتا ہی اور پہلو کے درد اور ریاحی مروڑ کو مفید ہی اور اسکے شیرہ مین لتہ ترکیا ہوا رکھنا بچہ کو مع مشیمہ کے گرا دیتا ہی اور باہ لاتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۹۵ | | کرم دانہ | حب الدود | سیاہ | قدرے تلخ | ایک دانہ ہی دونون کنارے اسکی نوکدار ہوتی ہین | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | مادۂ صفراوی کو براہ دست نکالتا ہی اور پیٹ کے کیڑون کو مار نکالتا ہی اور اندام نہانی مین گرمی پیدا کرتا ہی اور اسکو فضلات ردی سے پاک کرتا ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۹۶ | کرم کلہ | کرنب وکلم گرد | نقلۃ الانصار | سبز یا سفید | پھیکا کسیلا | ایک قسم کی ترکاری مثل گوبھی کے ہے۔ | معتدل ہی اور بعضے گرم اور بعضے سرد کہتے ہین | دماغ کو | روغن بادام اور نمک | گوبھی | ۰ | پیٹ کو نرم کرتا ہی اور قابض ونفاخ ہے اور مادہ ردی کو پکاتا اور معتدل کرتا ہی اور باہ کو قوی کرتا ہی اور ردی الغذا ہی اور گاڑھا سوداوی خون پیدا کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۵۹۷ | کرن بات | | انفحار الجن | بھورا سیاہی مائل | تلخ | ایک گھانس بے پتے اور بے پھل کی مثل کٹے ہوئے ناخن کے | گرم خشک ۱ | دماغ کو | عناب | اندرجو وگوگل وسپاری | ۰۰۶ ماشہ | سیاہ کافور یعنی یرقان اسود کو نافع ہے اور خشک کھانسی کو مفید ہی اور بیخوابی کو بالخاصہ دفع کرتا ہی اور اسکا تیل ترکھجلی اور انثیین کے ورم کو مفید ہی اور سرکہ مین پکا کر اسکا لیپ کرنا ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۵۹۸ | کرنڈ | سنبادہ | سنباذج | سرخ وسفید و سیاہ | پھیکا | ایک قسم کا پتھر ہے کسی قدر نرم گویا کہ ریت جمی ہوئی ہے | سرد خشک ۲ | پٹھون کو | زعفران | ۰ | نہین کھاتے ہین | مسوڑھون کو قوت دیتا ہی اور مسوڑھونکی اینٹھن کو دفع کرتا ہی اور اسکا منجن دانتون کو جلا دیتا ہی اور چمکدار کرتا ہی اور اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور سوزش کو تسکین دیتا ہی اور انڈے کی سفیدی کے ساتھ آگ کے جلے ہوئے کو نافع ہی اور موم کے ہمراہ بواسیر کو مفید ہے اور یہ جلا ہوا خون بہتے ہوئے کو روکتا ہی اور پرانے پرانے زخمون اور گھاؤ کو مفید ہے۔ (غیر سمی وکثیر قریب بسم) |
| ۵۹۹ | کرنجوا | خایۂ ابلیس | الثمکت | آسمانی | تلخ کسیلا | ایک خاردار درخت کا پھل ہی مشہور۔ | گرم خشک ۳ | سینہ و حلق کو | نمک و روغن | ۰ | ۰ | ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور خون بہتے ہوئے کو روک دیتا ہی اور وبائی ہوا کو دفع کرتا ہے اور پرانے پرانے بخارون کو نافع ہی اور بچہ کو مشیمہ مین قائم رکھتا اور حفاظت کرتا ہے اور مواد کو پکاتا ہی اور قولنج کو کھوتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۰۰ | کرونده | . | . | سفید و سیاه و سرخ و سبز | ترش چاشنی دار | ایک خاردار درخت کا پھل ہے برابر جھربیری کے جسکے پتے مشابہ بیھوکے پتونکے | سرد خشک | پھیپھڑے کو | نمک و شیرینی | . | . | بھوک خوب لاتا ہے اور آنتون کو خوب چھانٹتا ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے اور دستون کو بند کرتا ہے اور خاصکر صفراوی دستون کو بہت مفید ہے اور کچا کروندا ثقیل و نفاخ ہے اور پیٹ کو تنگ کردیتا ہے اور اسکا اچار ہاضم ہے اور بھوک زیادہ لاتا ہے اور باہ کو ناقص کردیتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۰۱ | کری | . | . | سیاه | ترش | ایک جنگلی پھل ہے کھانکی برابر جسکو نمک مرچ سے کھاتے ہین | سرد | قابض اور ثقیل ہے | نمک مرچ | . | . | منی کو گاڑھا کرتی ہے اور باہ لاتی ہے اور محرک قوت باہ ہے اور قابض ہے اور متلی و قے کو دفع کرتی ہے اور پیاس کو تسکین دیتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۰۲ | کرنپ سیت | . | . | سیاه | ترش و شیرین | کرونده کے برابر پھل ہے جسکے درخت مین پتے نہین ہوتے | معتدل | . | . | . | . | فرحت بخشتا ہے اور خوشی لاتا ہے اور دل کو قوت بخشتا ہے اور بالخاصہ وحشت اور جنون کو دفع کرتا ہے اور حواس اور ذہن کو قوی کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور اسکی مہندی میٹھے تیل کے ہمراہ ناسور کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۰۳ | کریلا | . | قثاء الحمار | سبز و سرخ | تلخ | ایک بیلدار درخت کا پھل ہے برابر کھیرے کے ظاہر خاردار قسم ترکاری سے | گرم خشک ۲ | پیچش لاتا ہے اور گرم مزاج کو | تیل و پیاز و املی تمر ہندی | ماہودانہ | . | پیشاب جاری کرتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور جلا کرتا ہے اور دماغ کو فضول ردی سے پاک کرتا ہے اور صفرا و بلغم کو دستون کی راہ نکالتا ہے اور سرد مزاج والے کے معدہ کو قوت دیتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور فالج و لقوہ اور استرخا اور گٹھیا اور جلندر اور کانور کو نافع ہے اور پتھری توڑتا ہے اور بچھون اور باہ کو قوت بخشتا ہے اور جریان منی کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۰۴ | کستوری | مشک | مسک | سیاه و خوشبودار | تلخ | مشہور ہے کہ ناف آہوی ختن مین خون جم جاتا ہے اور بحکم خدا اثر قوی اور خوشبو لاتا ہے۔ | گرم ۳ خشک ۲ | گرم مزاج والے کو اور درد سر لاتا ہے | [illegible] اور گلاب و کافور | سالج ہندی و جند بیدستر | ۱ ماشہ | لطافت بخشتی ہے اور غلیظ یعنی گاڑھے خلطون کو تحلیل کرتی ہے اور بالخاصہ فرحت لاتی ہے اور دل و دماغ اور تمام اعضائے رئیسہ اور اصلی حرارت کو قوت بخشتی ہے اور حواس ظاہری و باطنی کو پاک و صاف کرتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور سرعت انزال کو دفع کرتی ہے اور فالج و لقوہ اور رعشہ اور نسیان کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۰۵ | کرگاذروسے | کرگاذروسے | خرنوب شامی | پھول زردی [illegible] پھل [illegible] | [illegible] اور پھول تلخ | ایک میٹھا درخت ہے برابر درخت اخروٹ کے جسکی پھلیاں ایک بالشت اور دانہ مثل باقلا کے | گرم ۱ خشک ۲ | خلط ردی پیدا کرتا ہے | شہد | شاہ بلوط | ۱۰ ماشہ | خشکی کرتا ہے اور قابض ہے اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور پھوڑون اور سوزشون کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۰۶ | کسم | گل معصفر گل کافشہ | احریض | سرخ | تلخ | ایک پھول ہے مشہور جسکا درخت ایک گز کا خاردار ہوتا ہے | گرم ۲ خشک ۱ | معدہ و طحال کو فاسد کرتا ہے | شہد | | ۴ ماشہ | مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتا ہے اور مواد و ورم کو تحلیل کرتا ہے باوجود قوت قابضہ کے اور نیند لاتا ہے اور جگر کو قوت دیتا ہے اور جمے ہوے خون کو پگھلا کے رقیق کردیتا ہے اور ہمراہ شہد کے اسکا لیپ بواسیر اور داد و کھجلی اور سفید داغ کو مفید ہے اور اسمین رنگے ہوے کپڑے کی خوشبو باہ زیادہ کرتی ہے اور باہ کو حرکت مین لاتی ہے اور رنگ بدن کا صاف و سرخ کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۰۷ | کسونجی | . | . | سبز | تلخ و تیز | ایک گھانس ہے جسکے پتے مشابہ سنائے کے ہوتے ہین۔ | گرم خشک ۲ | . | . | . | . | اگر کوئی زہریلی چیز پی ہو تو اوسکی زہریت کو دفع کردیتی ہے اور خلطون کے فاسد ہوجانے کو معتدل کردیتی ہے اور کھانسی اور جلندر کو نفع کرتی ہے اور ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور اسکی جڑ کا لیپ داد اور چھائین کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۰۸ | کسیرو | . | . | باہر سیاہ اندر سفید | پھیکا قدرے شیرین | ایک گھانس کی گول بیضوی جڑ ہے مستعمل جو پانی میں ہوتی ہے | سرد تر ۲ | ثقیل ہے اور بلغم پیدا کرتا ہے | شکر اور اسی کا چھلکا | کنول گٹہ | | دل کو قوت بخشتا ہے اور خفقان کو دفع کرتا ہے اور صفراوی و سوداوی دستون کو اور خونی دستونکو بھی نفع کرتا ہے اور بند کرتا ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے اور پیٹ کی گرمی و سوزش کو نافع ہے اور گرم اثر زہرونکی مارگ ہے اور اکثر چیزونکی زہریت کو دفع کرتا ہے اور سوزاک کو نافع ہے - (غیرسمی) |
| ۶۰۹ | زاگ زرد | ﴿ | زاج اصفر | زرد و سیاہ | تلخ و کسیلا و بدبودار | مشہور ہے - | گرم خشک | قاتل ہے | تازہ دودھ اور قے کرنا | . | نہین کھایا جاتا | معدے کے کیڑے نکال بہاتا ہے اور ورمون کو اور طحال کی سختی کو دور کرتا ہے اور اسکا سرمہ بینائی کو قوت دیتا ہے اور اسکا لیپ جلے ہوئے کو مفید ہے (سم قاتل ہے) |
| ۶۱۰ | کشمش | کشمش | قشمش | بھورا سرخی مائل | شیرین چاشنی دار | ایک کابلی مشہور میوہ ہے منقی سی چھوٹے ہوتے ہین | گرم تر اور اسکے بیج سرد خشک | تپ پیدا کرتی ہے | سکنجبین و کاہو و کھیرا | مویز منقی | | مادے کو پختہ کرتی ہے اور سختی کو نرم کرتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور شیرین طبیعت کو نرم کرتی ہے اور جوش خون کو تسکین دیتی ہے اور درد سے کو نفع کرتی ہے اور باہ کو قوت بخشتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور باد بواسیر دست آور ہے اور دماغی اعضا کو قوت بخشتی ہے - (غیرسمی) |
| ۶۱۱ | اگگوندا | . | کمافیطوس | سبز | ملخ تیز | ایک گھانس ہے جسکی پتی کاسنی کے پتے سے مشابہ ہین | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے کو | انیسون | سیسالیوس | | سدے کھولتا ہے اور ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور درد گردہ اور بواسیر کو اور جلندر کو اسکا پینا نفع کرتا ہے اور اسکا لیپ مواد سے پاک کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور اسکے پتون کا رانگ پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے - (غیرسمی) |
| ۶۱۲ | ککڑی | خیارزہ خیار دراز | قثاء | سبز و سفید | پھیکا | ایک پھل مشہور ہے لانبا بقدر گز بھر کے | سرد تر | نفاخ اور دیر ہضم ہے اور سرد مزاج کو | نمک اور اجوائن | کھیرا | . | جلا کرتی ہے اور پیاس اور گرمی صفرا اور تیزی و سوزش و حدت خون و جگر کو تسکین دیتی ہے اور پیشاب خوب لاتی ہے اور پرانے پرانے بخارون کو ابھارتی ہے اور ریاح اور قولنج پیدا کرتی ہے اور درد ڈھمی و کمر کا دفع کرتی ہے - (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۱۳ | ککڑی کے بیج | تخم خیار دراز | بزر القثاء | سفید | شیرین | مشہور ہے - | سرد تر ۲ | ٹھہرے ہوئے مواد کو ابھارتے ہین | سکنجبین | کھیرے کے بیج | ۹ ماشہ | پیشاب لاتے ہین اور سدہ کھولتے ہین اور جلا کرتے ہین اور رگون کو فساد مواد سے پاک کرتے ہین اور گرم بخارون کی گرمی کو اور خون کی سوزش اور پیاس کو تسکین دیتے ہین اور رنگ رخسارہ کو اسکا لیپ صاف کرتا ہے اور طبیعت کو فرحت دیتے ہین - (غیرسمی) |
| ۶۱۴ | گگوڑا | | . | سبز | تلخ | ایک گھانس ہے جسکے پھل جھل بری کی بلکہ اس سے چھوٹے ہوتے ہین | سرد و تر بعضے گرم | . | . | . | . | پھوڑے پھنسیون کے لیے مفید ہے اور ورمون کو تحلیل کرتا ہے - (غیرسمی) |
| ۶۱۵ | کلغہ | تاج خروس بستان افروز | حامض حی العالم حرق بستانی | سرخ | قدرے شیرین و فشور | ایک قسم کی گھانس ہے جسکے پتے سبز و سرخ اور پھول سرخ خوبصورت ہوتا ہے | سرد خشک ۱ | مثانہ کو | گیرو | کمو | ۵ ماشہ | مواد کو پکاتا اور تحلیل بھی کرتا ہے اور دماغ کا سدہ کھولتا اور دفع کرتا ہے اور زکام اور معدہ و جگر کی گرمی کو مفید ہے اور اسکے بیج دل کو قوت بخشتے ہین اور روغن گل کے ہمراہ اسکا لیپ پڑانے دستون کو بند کرتا ہے اور نافع ہے اور آگ کے جلے ہوئے کو مفید ہے - (غیرسمی) |
| ۶۱۶ | کلونجی | شونیز و سیاہ دانہ | حب السوداء | سیاہ | پھیکا قدرے تلخ | تکونہ ایک سیاہ دانہ ہے بقدر سونف مشہور | گرم خشک ۳ | خناق و درد سر پیدا کرتا ہے | کتیرا و سرکہ | انیسون | ۵ ماشہ | گرمی کرتی ہے اور خشکی لاتی ہے اور رطوبت کو خشک کرتی ہے اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتی ہے اور خلطون کو چھانٹتی ہے اور جلا کرتی ہے اور پیشاب و حیض جاری کرتی ہے اور سرد کھانسی اور درد سینہ اور جلندر اور ریاحی قولنج کو مفید ہے اور اسکا جوشاندہ مردہ بچہ کو ساقط کرتا ہے - (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۱۷ | کلیجن | خروارد | خولنجان | سرخی مائل | تیز و تیز بو ولذیذ | ایک جڑ ہو اور بعض کے نزدیک محقق ہو کہ پان کے پرانے درخت کی جڑ ہے۔ | گرم خشک ۲ | دل اور پیٹ و دماغ کو بردون اور سینہ کو | کتیرا اور انیسون اور ابریشم | دارچینی و کبابہ | ۳ ماشہ | معدہ اور قوت ہاضمہ اور انتڑیون اور باہ اور باطنی اعضا کو قوت بخشتی ہو اور ریاح خوب صادر کرتی ہو اور آواز کو صاف کرتی ہو اور تر کھانسی کو نافع ہو اور پیشاب بند کرتی ہو اور تحریک قوت باہ کرتی ہو اور درد کمر و درد گردہ اور قولنج کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۱۸ | ۰ | ۰ | کمازریوس | سبز و سیاہ | تلخ و تیز و تیز بو | ایک گھانس ہے بالشت بھر کی جسکی پتی بلوط کے پتی کے برابر و بیخ ریزہ ریزہ ہوتے ہین | گرم خشک ۲ | آنتون اور گردہ کو | کتیرا | بیسالیوس | ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ | سدے اور مسام کھولتی ہو اور گاڑھے خلطون کو چھانٹتی ہو اور لطافت روح کرتی ہو اور بدن کو گرم کرتی ہو اور پیشاب و حیض جاری کرتی ہو اور طحال کے امراض اور کھانسی کو مفید ہو۔ (غیر سمی) |
| ۶۱۹ | اکرک | ۰ | | زرد و سبز | ترش و شیرین | ایک درخت کا پھل قدرے لانبا اور چھ پھانکون والا | سرد تر ۲ | سرد مزاج والون کو | چونہ تمک و گرم دوائین | | | قابض ہے اور صفرا کی تیزی اور پیاس کی شدت اور صفراوی قے و دستون کو تسکین دیتی اور بند کرتی ہو اور منھ کا مزہ درست کرتی ہو اور تمام افعال و خواص مین مثل ریباس کے ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۲۰ | کمیلہ | کمیلہ | قنبیل | سرخ | تلخ | ایک چیز ریت کی ایسی سرخ ہو اسکی ماہیت مین اختلاف ہو بعض کے نزدیک کسی ملک کی شبنم ہو اور کسی کے نزدیک کسی پھل کا برادہ ہے۔ | گرم خشک ۲ | معدہ اور آنتون کو | کتیرا اور مصطگی | بابرنگ کابلی و ترمس | ۳ ماشہ | معدہ اور آنتون سے ہر قسم کے کیڑے نکالتا ہو اور بلسدار رطوبت کو دستون کی راہ نکالتا ہو اور فاسد خلطون کو بھی براہ دست نکالتا ہو اور نہرو یعنی بیماری رشتہ کو مفید ہو اور اسکی جگی بنے زخمون کی رطوبت کو خشک کرتی ہو اور ہمراہ روغن گل کے داد اور کھجلی اور زخمون کو مفید ہے اور دہوئے گھی مین اوسکا لیپ سر کے گنج کو نافع ہو۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۲۱ | کندر | ۰ | کندر | زرد و سرخ و سفید | قدرے تلخ و خوشبودار | ایک درخت کا گوند مشہور ہے | گرم ۲ خشک ۱ | گرم مزاج والے کو | عناب | مصطگی و سمن | ماشہ | روح حیوانی اور روح نفسانی یعنی دماغی اور باہ اور مثانہ کو اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور بلغم کو خشک کرتا ہو اور خون حیض اور خون بہتے ہوے کو بند کرتا ہو اور زخمون کو بھرلاتا ہو اور کندر مین کا فشار غلیظ نہایت قابض ہو اور قوی کو خشک کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۲۲ | کندرو | ۰ | ۰ | کچا سبز پختہ سرخ | کچا پھیکا پختہ ترش | ایک بیلدار درخت کا پھل ہو برابر اور مشابہ بیل | سرد تر | قابض اور نفاخ | گرم دوائیان | کرویا اور لونگی | ۰ | فساد صفرا اور خون کو دفع کرتا ہو اور خلطون کی اصلاح کرتا ہو اور زیادہ موٹاپے کی بھی اصلاح کرتا ہو اور اسکی جڑ امساک کرتی ہو اور معدہ کو ضعیف کرتی ہو۔ (غیر سمی) |
| ۶۲۳ | کندری | ۰ | ۰ | سبز | تلخ | ایک گھانس ہو پھول جسکے پتے کسیقدر سونف کی تونسی چھوٹے ہوتے ہین۔ | گرم خشک ۳ | گرم مزاج والون کو | عناب | کندر | ۲ ماشہ | پیشاب و حیض لاتی ہو اور ورم و ریاح تحلیل کرتی ہو اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتی ہے اور اکثر امور و افعال مین قائم مقام کندر کے ہو۔ (غیر سمی) |
| ۶۲۴ | کنڈل | سکبینہ | سکبنج | باہر سرخ اندر سفید | تلخ و بدبودار | ایک درخت کا گوند ہو بو اور شباہت مین مثل ہینگ کے ہے | گرم خشک ۳ | مثانہ اور گردہ کو | کتیرا مصطگی | جاؤشیر و قنہ | ۳ ماشہ | گرمی پیدا کرتا ہو اور لطافت کرتا ہو اور جلا کرتا ہو اور ریاح کو تحلیل کرتا ہو اور قولنج اور طحال کے سخت ورم کو دفع کرتا ہو اور مادہ بلغمی و صفراوی دستون کی راہ دفع کرتا ہو اور دست آور دوائیون کی اصلاح بھی کرتا ہو اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہو اور جلندر و فالج کو مفید ہو اور سینہ کی رطوبت فضلیہ کو چھانٹتا ہو اور جوڑون کے درد کو نافع ہو۔ (غیر سمی) |
| ۶۲۵ | ۰ | کنکرزد | تراب القی | زرد و سفید | تلخ | کنکر کے درخت کا گوند ہے۔ | گرم ۲ خشک ۱ | دماغ کو | روغن زرد | جوز القی | ۳ ماشہ | سکنجبین یا شہد کے ہمراہ آسانی سے مادہ بلغمی و صفراوی کو قے کی راہ سے نکالتا ہو اور اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا اور باہ و قوت ہاضمہ کو قوی کرتا ہو۔ (غیر سمی) |

19

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۲۶ | کنکول | . | | بھورا | تلخ و تیز | پیپلی کے برابر ایک پھل ہے | گرم | لاغری پیدا کرتا ہے | ہڑ | . | . | بھوک بڑھاتا ہے اور دل کی بیماریوں کو مفید ہے اور بلغم و ریاح کے فساد کو دفع کرتا ہے اور قابض ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۲۷ | کنگھی | درخت شانہ | مشط الغول | پھول زرد بیج سبز | تلخ | قدرے ایک گھانس ہے بقدر دو گز کے مشہور | گرم خشک ۲ | نفاخ ہے | شکر | اونٹ کٹارہ | ۵ ماشہ | سینے کی بیماریوں اور بواسیر اور ورموں کو اور بہت کو مفید ہے اور پیشاب لاتی ہے اور مثانہ و پیشاب کی راہوں کے زخموں کو نافع ہے اور اسکے بیج باہ لاتے ہیں اور قابض ہیں اور اسکے پتے کمر کے درد اور اکثر اعضا کے درد کو مفید ہیں اور اسکی کلی دانتوں کے درد کو دفع کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۲۸ | کنوچہ | مرد رشک | مرد | سیاہ | پھیکا | مشہور ہے۔ | | دردسر پیدا کرتا ہے | گلنار و سرخ گلاب | اسپغول و بزر کتان | ۶ ماشہ | لطافت بخشتا ہے اور بلغم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور نفخ کو دفع کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور معدہ و آنتوں کو قوت بخشتا ہے اور جلندر کو دفع کرتا ہے اور پیشاب و پسینا جاری کرتا ہے اور اسکے بیج بھنے ہوئے قابض ہیں اور مروڑا اور آنتوں کی خراش کو نافع ہے الّا روغن بادام کے ہمراہ ہو۔ (غیر سمی) |
| ۶۲۹ | کنول گٹہ و گلہار | . | . | پھول ہر سیاہ اور سفید یعنی سرخ و خوشنما | پھیکا و خوش مزہ | ایک پانی کے درخت کا بیج ہے جسکا پھول خوشنما اور زبان بھاکہ میں بوجہ خوشنمائی ضرب المثل ہے | سرد تر | دیر ہضم | شہد | تخم آملہ | ۳ ماشہ | اسکا پھول صفراوی بخاروں اور رکا نور اور پیاس کی شدت کو مفید ہے اور اسکی جڑ باہ لاتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے اور جوش خون و صفرا کو تسکین دیتی ہے اور اسکا خیساندہ لڑکوں کی پیاس کے لیے مجرب ہے اور اسکی سبزی معدہ کو قوت بخشتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۳۰ | کیترا | [illegible] | [illegible] | پھول سرخ و سفید | تلخ و تیز | ایک درخت ہے بقدر دو گز کے مشہور گدھا اسکو ہرگز نہیں چھوتا ہے | گرم خشک | پھیپھڑے کو | شہد و روغن | بابونہ و سورنجان | کھانا نہیں جائز ہے ۲ ماشہ | سخت سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور خشکی کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور پرانے پشت کے درد کو تسکین دیتا ہے اور عرق النسا کو مفید ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور کھجلی اور چھائیں کو اس کا لیپ مفید ہے اور اسکے خشک پتوں کی بکنی زخموں کو بھر لاتی ہے الّا اسکا استعمال اکلاً ممنوع ہے۔ (قریب بسم ہے) |
| ۶۳۱ | کوانچ | . | . | سبز | تلخ و تیز | ایک گھانس ہے گز بھر کی لانبی اور اس کے بیج پھلی میں ہوتے ہیں۔ | گرم خشک ۳ | بواسیر | روغن گل | تخم اوٹنگن | ۹ ماشہ | ورم کو تحلیل کرتی ہے اور منی زیادہ پیدا کرتی ہے اور گاڑھا کرتی ہے اور راساک لاتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے اور اسکے بیج باہ لاتے ہیں اور منی پتلی ہو جانے کو فائدہ مند ہیں اور اسکے پتے کالی مرچ کے ہمراہ پیٹ کے کیڑے مارتے ہیں اور اسکے پتوں کا ضماد آتشک کے لیے مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۳۲ | کوٹ کڑوا | کوشنہ تلخ | [illegible] | سفید زردی مائل | تلخ و خوشبودار | ایک جڑ ہے شباہت کی جڑ کے جیسی گھانس بھی ہوتی ہے۔ | گرم خشک ۳ | . | . | وج | کھانا نہیں جائز ہے بیرونی ۳ ماشہ | ریاح اور ورم کو تحلیل کرتا ہے اور سردی کے دردوں اور نقرس کو مفید ہے اور اکثر دردوں کو تسکین دیتا ہے اور یہ قاتل ہے لہذا اسکا کھانا کسی طرح جائز نہیں ہے۔ (قریب بسم) |
| ۶۳۳ | کوٹ میٹھا | [illegible] | [illegible] | باہر سیاہی مائل اندر زردی مائل | قدرے شیرین | یہ بھی ایک جڑ ہے مثل قسط ہندی کڑوی کے اور اسکو قسط بحری بھی کہتے ہیں | گرم خشک ۳ | مثانہ اور پھیپھڑے کو | انیسون و گلقند | [illegible] | ۳ ماشہ | دماغ کو قوت بخشتا ہے اور اعضائے رئیسہ اور باہ اور جگر کو بھی قوت بخشتا ہے اور پٹھوں کو بھی قوی کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور دماغی بیماریوں کو مثل فالج اور لقوہ اور رعشہ کے مفید ہے اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے اور پیشاب و حیض جاری کرتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۳۴ | کودون | کودرم | . | زردی مائل | پھیکا | ایک غلہ ہے ہندی مشہور | سرد خشک اور بعض کے نزدیک گرم خشک | قوی سدہ آور ہے | . | . | . | معدہ کو غلیظ کرتا ہے اور قوت دیتا ہے اور منی کم کرتا ہے اور قلیل الغذا ہے اور خلط فاسد پیدا کرتا ہے اور سخت قابض ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۳۵ | کوڑی | خرمہرہ | ودع | سفید سخت | بدمزہ و پھیکا | ایک دریائی کیڑے کی ہڈی شکل گھونگی اور سیپی کے ہے | سرد خشک | پھیپھڑے کو | شہد | سیپی | ۲ ماشہ | خشکی کرتی ہے اور جلد کو صاف کرتی ہے اور امراض جلدی کو نافع ہے اور جلی ہوئی کوڑی محلل کے لیے مفید ہے اور پیشاب کے راستے کے زخم کو نافع ہے اور خون بہتے ہوئے کو بند کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۳۶ | کونلا | . | . | زرد سرخی مائل | شیریں و ترش | ایک قسم کا رنگترہ و نارنگی مشہور ہے | سرد تر | سرد اور تر مزاج والے کو | نمک و شکر | . | . | دل کو فرحت بخشتا ہے اور خفقان کو دفع کرتا ہے اور خون و صفرا کی تیزی اور معدہ و جگر کی سوزش کو تسکین دیتا ہے اور اسکا چھلکا معدہ کو قوت دیتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور اسکے چھلکے کا ابٹن چہرہ کی سیاہی اور چھائیں کو کھولتا ہے اور اسکے بیج اکثر زہروں کی مارگ ہیں اور ہیضہ کے لیے اکسیر ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۳۷ | کھجور | خرماے ہندی | رطب ہندی | سیاہ سرخی مائل و سرخ سیاہی مائل | شیریں | مشہور ہے | گرم تر ا | خون کو جلا دیتی ہے | بادام شیریں | کشمش | . | تلی کو اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور باہ لاتی ہے اور معدہ و جگر و باہ کو قوت بخشتی ہے اور تیز مزاجوں کے واسطے خوب موافق ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور خون پیدا کرتی ہے اور اسکی گٹھلی یعنی بیج دستوں کو بند کرتا ہے اور جلی ہوئی خون بہتے ہوئے کو بند کرتی ہے اور زخموں کو صاف کرتی ہے اور اسکا منجن دانتوں کو ہلا دیتا ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۳۸ | کھپریا | سنگ توتیا | بصری کرمانی | سفید | قدرے شور | نمک کی ایسی ایک معدنی او مصنوعی چیز ہے مشہور | مغسول سرد خشک و غیر مغسول سے گرم خشک | سدہ لاتی ہے | شہد | توبال النحاس | ۲ ماشہ | رتوبہ بصرہ یعنی بینائی کو قوت بخشتی اور آنکھ کی صحت کو قائم رکھتی ہے اور آنکھ کی طرف مواد ردی کے آنے نہیں دیتی ہے اور آنکھ اور ناک اور ذکر اور پیڑو اور مقعد کے زخموں کو نافع ہے اور سرطان یعنی پیچھے کھچوے اور تمام اعضا کے پھوڑوں کو بھر لاتی ہے اور مفید ہے اور کل پھوڑوں اور زخموں اور ناسوروں کو مفید ہے اور بغل کی بو دفع کرتی ہے اسکی ٹکی اور سرمہ اور لیپ فائدہ مند ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۳۹ | کھر | کفشنگ | ظلف | سیاہ و سفید | بدمزہ بدبودار | چوپائے جانوروں کے پیروں کے سرے پر ایک جسم سخت ناخن دار ہوتا ہے | سرد خشک | . | . | سینگھ | . | جلے ہوئے کھر کل حیوانوں کے دست آور ہیں اور شراب کے ہمراہ اسکا لیپ کیڑے مکوڑے کے کاٹنے کو دفع کرتا اور نفع بخشتا ہے اور شہد کے ہمراہ نقرس یعنی پیر کے انگوٹھے کے درد کو نافع ہے اور بکری کے کھر جلے ہوئے سرکہ کے ہمراہ داء الثعلب یعنی بالخورہ کو مفید ہیں۔ (غیر سمی) |
| ۶۴۰ | . | کاہ ربا | قرن الجرد و صباح الروم | زرد و سرخ | پھیکا و خوشبودار | ایک درخت کا گوند ہے اور بعض کے نزدیک دریائی جسم ہے | معتدل اور بعضوں کے نزدیک سرد خشک | سر کو | بنفشہ | بسلوجن و سندروس | ۲ ماشہ | فرحت بخشتا ہے اور دل کو قوت بخشتا ہے اور خون کو ہر طرف سے بند کرتا ہے یعنی خون بہنے اور منہ سے آنے اور خونی دست و پیشاب کو بند کرتا ہے اور کل اعضاے ظاہری و باطنی کے خون کو بند کرتا ہے اور معدہ و جگر اور پیشاب کی راہ کو قوت دیتا ہے اور ضعف گردہ و مثانہ اور رکا نور کو نافع ہے اور مروڑ کو [illegible] مفید ہے اور پیٹ پر اسکا لٹکانا حمل کو نافع اور مقوی اور دافع خوف ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۴۱ | کھرنی | . | . | پھل زرد | شیرین | ایک بڑے درخت کا پھل ہے برابر اور مشابہ نیب کے پھل کے۔ | گرم ۱ تر ۲ | قولنج پیدا کرتی ہے | گلقند و دوغ | . | . | فرحت لاتی ہے اور اکثر اعضا کو قوت بخشتی ہے اور گرانی سر کو دفع کرتی ہے اور تینوں خلطوں صفرا وسودا و بلغم کے ابھار کو تسکین دیتی ہے اور قے کو بھی تسکین دیتی ہے اور بھوک خوب لاتی ہے اور باہ لاتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور دیر ہضم ہے اور سوزاک کو مفید ہے اور اسکے بیجوں کا سرمہ اکثر آنکھ کی بیماریوں کو نافع ہے اور اسکی جڑ کی چھال منی کو گاڑھا کرتی ہے اور اسکے بیج کی گری جونوں کو مارتی ہے۔ (غیرسمی) |
| ۶۴۲ | کھیرا | خیار و بادرنگ | قثد | سبز و زرد و سفید | پھیکا و قدرے شیرین | ایک بیلدار درخت کا بالشت بھر کا لانبا پھل ہے مشہور | سرد تر ۲ | بلغم پیدا کرتا ہے اور نفاخ ہے اور سرد مزاج والوں کو مضر ہے | . | . | . | صفرا اور خون کی گرمی اور پیٹ کی انتڑیوں کی سوزش کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو دفع کرتا ہے اور گرم دماغی بیماریوں کو اور بیخوابی کو اور گرمی کے بخاروں کو نافع ہے اور اس کا جھلسایا ہوا پانی تپ صفراوی اور خونی اور بلغمی کو مفید ہے اور گرمی کے درد سر میں اسکا تراش کے سونگھنا مفید ہے۔ (غیرسمی) |
| ۶۴۳ | کھیرے کے بیج | تخم خیار | بزر القثد | سفید | پھیکے | مشہور ہیں | سرد تر ۲ | سرد مزاج والوں کو | سونف | گلکڑی کے بیج | ۹ ماشہ | پیشاب لاتے ہیں اور جلے جلے تپوں کو چھانٹتے ہیں پیشاب کی راہ سے اور پیشاب کی جلن اور چنک اور ورم جگر اور ورم طحال کو نافع ہیں اور گرمی کے بخاروں کو مفید ہیں۔ (غیرسمی) |
| ۶۴۴ | کھیلی و کھیلا | کیسلی و کیسلا | . | سیاہ سرخی مائل | قدرے تلخ و السدار | ایک درخت کی لکڑی ہے مشابہ تج کے۔ | گرم ۲ اور خشک ۱ | گرم مزاج والوں کو | کتیرا | دارچینی و اسارون و بادام تلخ | ۳ ماشہ | خشکی لاتی ہے اور لطافت کرتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور فرحت بخشتی ہے اور دل کو و معدہ کو قوت دیتی ہے اور رگوں میں چیک کے سدہ لاتی ہے اور عورتوں کے اندام نہانی کی رطوبت کو خشک کرتی ہے۔ (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۴۵ | کھیونی | [illegible] | [illegible] | پوست سرخ سیاہی مائل اور گری سفید | قدرے تلخ و تیز و خوشبودار | ایک درخت کا دانہ ہے برابر کابلی ہڑ کے کہ اسکی شاخ کی سر پر لگتا ہے درخت اسکا برابر درخت حب الخضرا کے پتے اسکے مشابہ بید کے | گرم خشک ۲ | دماغ اور استرخاوں گرم کو | گلاب و روغن بنفشہ | اخروٹ و بادام تلخ | ۷ ماشہ | باوجود قوت تحلیل اور قبض کے فرحت زیادہ کرتی ہے اور حواس کو قوت دیتی ہے اور بوجہ لس کے رگوں کے منہ میں چیک کے سدہ پیدا کرتی ہے اور سینہ و پھیپھڑے سے گاڑھی اور لسدار رطوبت کو چھانٹتی ہے اور خفقان اور دمے اور غشی کو مفید ہے اور جگر و طحال کو قوت دیتی ہے اور جگر و طحال و گردہ و مثانہ کے باطنی درد اور قولنج کو خاصکر ہمراہ ماء العسل کے نافع ہے۔ (غیرسمی) |
| ۶۴۶ | کھنکھجورا و کنکوجر | ہزارپا | ام اربع و اربعین | سرخ و سیاہ | . | ایک گزندہ کیڑا ہے برابر بالشت بھر یا دو بالشت کے مشہور | گرم خشک ۳ | قاتل ہے | . | . | . | . | برا کنکھجورا پکڑ کے خشک کیا جاوے اور ایک فتیلہ میں لپیٹ کے روغن کنجد میں اسکا کاجل پارا جائے اور بحفاظت رکھیں قلع الاجفان یعنی پلکیں اکھڑنے کی بیماری کو نافع ہے۔ (سمی ہے) |
| ۶۴۷ | کیتکی | نوعی از کادی | . | سفید و سبز | پھیکا و کسیلا | کیوڑہ کی قسم کا ایک درخت ہے بلکہ کیتکی کے پھول میں خوشبو زائد از حد ہے | گرم خشک ۳ | گرم مزاج والوں کو | صندل سرخ | صندل سرخ | ۴ ماشہ | فرحت بخشتی ہے اور دل و دماغ اور جگر اور تمام حواسوں کو قوت بخشتی ہے اور تیزی و سوزش خون و صفرا کو دفع کرتی ہے اور تسکین دیتی ہے اور خفقان و اختلاج قلب کو نافع ہے۔ (غیرسمی) |
| ۶۴۸ | کیتھ و کوٹ | . | . | باہر سفید اندر زرد | ترشی و چاشنی دار | ایک ہندوستانی بید درخت کا گول اور سخت پھل ہے برابر بڑے انار کے | سرد خشک ۲ | سینہ کو | قند | . | . | اسکا گودہ فرحت لاتا ہے اور قابض ہے اور گرم مزاج دل اور معدہ و جگر کو قوت بخشتا ہے اور ریتوں کو دفع کرتا ہے اور زہر تیلا اور سنگرہنی کو مفید ہے اور اسکے پتوں کا غرغرہ گلے کے درد کو مفید ہے اور اسکی پتی کا رنگ ہمراہ افیون و زعفران کے آشوب چشم کو مفید اور مجرب ہے۔ (غیرسمی) |

۲۵

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۴۹ | کھٹمل | سرفک و ساس | قفس | سرخ و سیاہی مائل | بدبو دار و بدمزہ | ایک چھوٹا کیڑہ ہی کہ اکثر آدمی کا خون پیتا ہی شکل و برابر مچھر کے مشہور۔ | گرم و خشک ۲ | قے اور متلی لاتا ہی | روغن و ستے کرنا | جون | ۔ | اگر حلق مین جونک اٹک گئی ہو تو اسکو بل کے سونگھا دین یا اسکے جوشاندہ کا غرغرہ کرادین تو نافع ہی اور ایک تتے پرل کے اسکو جلا کر مرگی والے کی ناک مین دھونی دین نافع ہی اور اگر اسکو پیس کے سوراخ ذکر نے اندر ڈالین پیشاب بند کو جاری کرے اور بالخورہ پر اس کا ملنا بال کو جاتا ہی اور سانپ کے کاٹے کو ایک عدد نگلا دینا مفید ہی اور اسکا طلا عمدہ بنتا ہی۔ (قریب السم) |
| ۶۵۰ | کیچوہ | زنانزہ | خراطین و امعاء الارض | سرخ و سفید | پھیکا و شور | مٹی کا ایک کیڑہ لانبا بقدر ایک بالشت کے ساتھ رطوبت مشہور۔ | گرم تر ۱ | ۔ | روغن بادام | جونک | ۵ ماشہ | تین درم کا خیساندہ پینا پیشاب جاری کرتا ہی اور گوشت کے پانی کے ہمراہ باہ کو قوت دیتا ہی اور تلی کے تیل مین جوش کیا ہوا استسقا اور پرانی کھانسی کو مفید ہی اور روغن بادام مین حل کیا ہوا کانچ آنت اترنے کو مفید ہی اور اسکا طلا نہایت عمدہ بنتا ہی۔ (غیرسمی) |
| ۶۵۱ | کیسر | کرکم | زعفران و کرکم | زرد سرخی مائل | قدرے تلخ و خوشبو دار | تار ایک درخت کے پھول کے ہین جس کا درخت برابر اور شکل چنبیلی کے ہی عمدہ کشمیر کا ہی۔ | گرم ۲ خشک ۱ | حواس کو مکدر کرتا ہے اور کھجلی اور ٹھونگو | انیسون و زرشک و افیون و سکنجبین | تج و جاوتری | تا ۳ ماشہ | فرحت بخشتی ہی اور حواس اور قوی اور شکم یا اعضا کو اور ہڈیون کو قوت بخشتی ہی اور آلات تنفس یعنی سانس لینے والے اعضا کو بھی قوت بخشتی ہی اور آنتون اور رگون کے منہ پر جو جس کے کہ سدہ پیدا کرتی ہی اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتی ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور خلط کے ضرر اور بدبو کی اصلاح کرتی ہی اور خوشی و ہنسی پیدا کرتی ہی اور گردہ و مثانہ کو پاک کرتی ہی اور بینائی و جلا دیتی ہی اور اگر حلق مین باندہ کر معدہ پر باندھین رطوبت معدہ کو زائل کرے اور پیشاب لاتی ہی اور اسکا سونگھنا برسام اور پھینک کو مفید ہی اور رنگ رخسارہ کا صاف کرتی ہی اور اگر ایکبار ذکر مین رکھین پیشاب جاری کرے۔ (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۵۲ | کیل دارو ولسوڑہ | ترسی | ۔ | سیاہ مائل بسرخی | تلخ و کسیلی | ایک جڑ گرہ دار اور ریشہ دار ہی اور وہ نرو مادہ ہوتی ہے | گرم ۲ خشک ۱ | پھیپھڑے کو | شیخ ارمنی | کمیلہ | ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ | جلا کرتی ہی اور سدہ کھولتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور نفخ کو دفع کرتی ہی اور بے خارش کی خشکی پیدا کرتی ہی اور زخم دالتی ہی اور جون کو دفع کرتی ہی اور سوداوی بخار کو نافع ہی اور ہر قسم کے کیڑے پیٹ اور آنتون کے نکال باہر کرتی ہی اور شہد کے ہمراہ حمل ہونے کو منع کرتی ہی اور بچہ گرادیتی ہی۔ (غیرسمی) |
| ۶۵۳ | کیکڑا | | سرطان نہری | سفید و سرخ | پھیکا و قدرے شور | ایک پانی کا کیڑا ہی مشابہ مکڑے کے الاچوڑا | سرد تر ۲ | شانہ کو | گل مختوم | سیپی کا کیڑا | ۵ تولہ سوختہ ۳ ماشہ | کثیر الغذا ہی اور دیر ہضم ہی اور باہ لاتا ہی اور اسکی یخنی سل و دق اور کھانسی اور منہ سے خون آنے و مفید ہی اور پیشاب و حیض جاری کرتا ہی اور اسکی راکھ سل و دق اور جبیعہ لاغری کو دفع کرتی ہی اور پتھری توڑتی ہی۔ (غیرسمی) |
| ۶۵۷ | کیلہ | | ۔ | باہر زرد و سرخ اندر سفید | سوز و طلع | ایک درخت کا پھل ہی لانبا بقدر ایک بالشت ایک جسکے پتے بہت بڑے اور لانبے ہوتے ہین۔ | شیرین معتدل گرمی و تری مین | ریاح اور بلغم پیدا کرتا ہی اور کچا سرد ہے افلاج ہی | نمک و سونٹھ و شہد | شکر و قند | ۔ | کثیر الغذا اور دیر ہضم ہی اور بعد ہضم کے خون گاڑھا پیدا کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور فرحت لاتا ہی اور سینہ کو نرم کرتا ہی اور گرم مزاج والون کی باہ کو حرکت دیتا ہی اور جلا کرتا ہی اور گردہ کی لاغری کو دفع کرتا ہی اور خشک کھانسی اور حلق کے کھرکھرانے کو مفید ہی اور اسکی جڑ پیٹ کے کیڑے مارتی اور داء الکلب کو مفید ہی اور اسکے پتون کی راکھ حیض بند ہو جانے کو نافع ہی۔ (غیرسمی) |
| ۶۵۸ | کیوڑہ | | عرق کیوڑہ | پانی کے مثل | [illegible] | کیوڑہ ایک درخت ہی خوشبو دار ہندی کے اسکے پھولون کا عرق کے مثل کھینچا جاتا ہی اسپر اطلاق فقط کیوڑہ کا ہوتا ہی | گرم خشک ۱ سرد خشک | اعضاء کو | صندل سرخ | گلاب | ۷ تولہ | فرحت بخشتا ہی اور دل و دماغ اور کل جوارح یعنی تمام اعضا کو قوت بخشتا ہی اور خفقان اور دل کی گرمی اور معدہ کی گرمی اور غشی کو نافع ہی اور سر درد بخشتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور سل انگرائی کو منع اور دفع کرتا ہی اور اسکا شربت خیل جیچک و کھر اسکے نکلنے کے نافع اور مجرب ہی اور زردی پیدا کرتا ہی اور سینے کو خوشبو دار کرتا ہی۔ (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۵۶ | کیوڑہ کی جڑ | بیخ کیوڑہ | اصل الکاذی | سفید | پھیکی | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | طحال کو | عناب | شاہترہ | تولہ | ورم تحلیل کرتی ہی اور خون کو صاف کرتی ہی اور حواس کو قوت بخشتی ہی اور درد شدید کو تسکین دیتی ہی اور فساد خون کو اور جذام یعنی کوڑھ کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| | **باب الکاف الفارسی** اور اسمین ایک سو بائیس ۱۲۲ دوائیان ہین۔ | | | | | | | | | | | |
| ۶۵۷ | گاجر | زردک و گزر | جزر | سیاہ و اودہ | شیرین و پھیکا | ایک گھانس کی جڑ گاؤدم ہی بقدر ایک گرہ کے تازہ مستعمل ہے۔ | گرم تر ۲ ساتھ رطوبت فضلیہ کے | نفاخ اور دیر ہضم ہی | گرم دوائین اور گڑ | شلجم | ۔ | لطافت بخشتی ہی اور جگر کا سدہ کھولتی ہی اور معدہ کو قوت دیتی ہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور باہ زیادہ کرتی ہی اور محرک قوت باہ ہی اور بلغم کو چھانٹتی ہی اور کھانسی دور دسینہ کو مفید ہی اور پیشاب خوب لاتی ہی اور گردہ ومثانہ کی پتھری توڑ بہاتی ہی اور جلندر کو نافع ہی اور اسکا نچوڑا ہوا پانی گرمی کے خفقان کو بہت مفید ہی اور اسکا حلوا لذیذ اور مقوی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۶۵۸ | گاجر کے بیج | تخم گزر | بزر الجزر | سرخ و بھورا | پھیکے و تیز | مشہور ہے | گرم ۲ خشک | معدہ اور حلق اور اینٹھون کو | انیسون | دوقو و انیسون | ۷ ماشہ | باہ کو قوت بخشتے ہین اور پیشاب لاتے ہین اور باہ لاتے ہین اور رحم کو فضول مواد سے پاک کرتے ہین اور درد سینہ کو نافع ہین اور جلائے ہوئے بیج جلندر اور تنگی پیشاب کو اور پیٹ پھولنے اور زحمون کو مفید ہین اور گردہ ومثانہ کی پتھری توڑتے ہین۔ (غیر سمی) |
| ۶۵۹ | گاجر جنگلی | گزر دشتی | جزر البری | سفید و زرد | قدرے شیرین و السدار | ایک گرہ دار مثل گاجر کے جڑ ہی | گرم تر ا | پھیپھڑے اور بھوک کو | شہد و آملہ | حب الصنوبر و بیوزیدان و تخم گاجر | ۷ ماشہ | باہ لاتی ہی اور سدہ کھولتی ہی اور پٹھے کو قوت بخشتی ہی اور معدہ کو گرمی دیتی ہی اور جگر وگردہ کو بھی گرمی کرتی ہی اور ارواح و قوئے وباہ کو قوت بخشتی ہی اور منی زیادہ کرتی ہی اور گاڑھا کرتی ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۶۰ | گاجر جنگلی کی بیج | تخم گزر دشتی | دوقو و بزر الجزر البری | سیاہی مائل | تیز و خوشبودار | مشہور ہین | گرم خشک ۲ | مثانہ و باہ اور گرم مزاجونکو | کتیرا اور مصطگی | تخم گاجر و تخم کرفس | ۴ ماشہ | سدے کھولتے ہین اور پیشاب خوب لاتے ہین اور حیض جاری کرتے ہین اور معدہ وقوت ہاضمہ کو قوی کرتے ہین اور منی زیادہ پیدا کرتے ہین اور ریاح و نفخ کو تحلیل کرتے ہین اور بلغمی مواد اور گاڑھے مواد کو بھی تحلیل کرتے ہین اور گردہ ومثانہ کی پتھری توڑتے ہین اور پرانی کھانسی اور سینہ کے فضول مواد کو دفع کرتے ہین اور بچونکے گھرے کو نافع ہین۔ (غیر سمی) |
| ۶۶۱ | گانجہ | بنگ دشتی | قنب بری | سبز | تیز و تیز بو | ایک گھانس ہے بنگ کی قسم سے جسکو چلم مین رکھکر پیتے ہیں | گرم خشک ۳ بعضونکی نزدیک | دماغ کو اور خشکی لاتا ہی | گائے کا دودھ اور ترشی | ۔ | ۔ | نشہ کرتا ہی اور تمام اعضا کو خصوصاً دماغی اعضا کو سست اور بےحس کرتا ہی اور خشکی بیحد کرتا ہی اور سست وبےحس کرنے مین افیون سے بڑھکر ہے۔ (قریب بسم) |
| ۶۶۲ | گاؤ روہن | سنگ گاؤ | حجر البقر | زردی مائل | تلخ پھیکا | گائے کے پتہ مین ایک پتھری ہوتی ہے مشہور | گرم خشک ۲ اور بعضونکی نزدیک سرد خشک ۲ | درد سر لاتا ہی اور گرم مزاج والونکو | کتیرا | ۔ | ۲ جو | ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور فربہی لاتا ہی اور پیشاب وحیض جاری کرتا ہی اور گردہ ومثانہ کی پتھری توڑتا ہی اور اسکا لیپ چہرہ کی چھائین اور سیاہ داغ کو مفید ہی اور اسکی ٹکی خون کو بند کرتی اور زخم کو بھر لاتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۶۳ | گاؤزبان | گاؤزبان | لسان الثور | سبزی مائل و سفید نقطہ دار | پھیکا و قدرے تلخ و کسیلا | ایک گھانس کے پتے ہین مشہور | گرم تر ۱ | طحال کو | صندل | ابریشم خام وگلرخ | ۴ ماشہ تا ۶ ماشہ | فرحت بخشتی ہی اور ارواح واصلی حرارت کو قوت بخشتی ہی اور اعضائے رئیسہ کو بھی قوی کرتی ہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور صفرائے خالص اور ان خلطونکو جو سوختہ ہوگئی ہین دستون کی راہ نکالتی ہی اور سینہ کے کھرکھرانے اور کھانسی اور دمہ اور امراض سوداوی کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۶۶۴ | گاؤزبان کی پھول | گل گاؤزبان | زہر لسان الثور | سیاہ لاجوردی | پھیکا و کسیلا | ہمشکل پھول انار کے چھوٹا اس سے | گرم تر ۱ | طحال کو | صندل | گاؤزبان | ۳ ماشہ | فرحت بخشتے اور ارواح اور اصلی حرارت کو اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتے ہین اور حواس کو بھی قوت بخشتے ہین اور صفرای خالص جلے ہوئے اخلاط کو دستون کی راہ نکالتے ہین اور یرقان کو نافع ہین اور خفقان کو اور پیاس کو تسکین دیتے ہین۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦٦٥ | گاؤزبان کے بیج | تخم گاؤزبان | بزر لسان الثور | سفید | پھیکے لعابدار | اسکے بیج مثل تخم کے بیج کی مانند کچھ چھوٹے ہوتے ہیں | گرم تر ۲ | طحال کو | کشنیز و صندل | گل گاؤزبان | ۱ ماشہ | فرحت بخشتے ہیں اور مقوی ہیں اور انکے کل افعال مثل برگ گاؤزبان و گل گاؤزبان کی ہیں بلکہ گل گاؤزبان سے بھی قوی الاثر ہیں۔ (غیر سمی) |
| ٦٦٦ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | باہر سرخ باطن سفید | تلخ بدمزہ | ایک درخت کا گوند ہے جسکے پتے انجیر کے پتوں سے مشابہ ہیں | گرم خشک ۳ | انثیین کو | مرزنجوش و کنوچہ | اشق | ۴ ماشہ | ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور سدے کھولتا ہے اور پٹھوں کو قوت بخشتا ہے اور سختیوں کو نرم کرتا ہے اور سردی کی بیماریوں اور جلندر اور کانور اور قطرہ قطرہ پیشاب ہونے کو نافع ہے اور مثانہ کی خارش اور زخم کے نفخہ کو مفید اور ریحی و بلغمی قولنج کو نافع ہے اور بیج شراب کے ہمراہ اختناق رحم کو نافع ہیں اور اصلاح پٹھوں کی رطوبت کی کرتے ہیں اور خدر اور قولنج بلغمی و رطوبی کو مفید ہیں۔ (غیر سمی) |
| ٦٦٧ | گبرورہ | [illegible] | [illegible] | سیاہ | بدبودار تلخ و کریہ | گوبر کا کیڑا ہے کہ برسات میں پیدا ہوتا ہے | گرم خشک ۴ | . | | | . | اسکا خیساندہ معدے اور جگر اور آنتوں کے خلط کو دستوں کی راہ نکال بہاتا ہے اور جلندر کے لیے تو مجرب ہے اور اسکا نچوڑا ہوا پانی بینائی کو قوت بخشتا ہے اور بچھو کے کاٹے پر اسکا مل دینا مفید ہے اور اسکے زہر کی مارگ ہے تجربہ کیا ہوا ہے۔ (غیر سمی) |
| ٦٦٨ | گرچ گلو | نکوری نیم | . | سبز | تلخ | ایک گھانس بیلدار ہے بہت لانبی ہوتی ہے اپنے قریب کے درخت یا چیز پر چڑھتی ہے | گرم خشک ۱ | . | . | ست گلو | ۴ ماشہ تا ۹ ماشہ | پرانے پرانے صفراوی و خونی بخاروں کو مفید ہے اور دل و جگر و معدہ کی سوزش کو دفع کرتی ہے اور کھانسی و یرقان و صفراوی قے اور خشکی کو مفید ہے اور بلغم کو چھانٹتی ہے اور باہ و بھوک زیادہ کرتی ہے اور منی پیدا کرتی ہے اور گاڑھی کرتی ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦٦٩ | گرچ کا ست | . | . | سفید | قدرے تلخ | گلو کا نشاستہ ہے | سرد خشک ۱ | . | . | گلو | ۲ ماشہ | تپ صفراوی اور خونی کو نافع ہے اور سوزش دل و جگر و معدہ کو مفید ہے اور بلغمی کھانسی اور سوزاک کو دفع کرتا ہے اور پرانے پرانے دستوں کو بند کرتا ہے اور ہیجان صفرا کو تسکین دیتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ٦٧٠ | . | گرد آسیا | غبار الرحی | غباری | بدمزہ | چکی کی اڑن ہے | سرد خشک | . | . | . | . | خشکی لاتی ہے اور اسکا ناک میں سڑکنا نکسیر کو بند کرتا ہے اور پیشانی پر اسکا لیپ آنکھوں پر مواد گرنے کو روکتا ہے اور پٹھوں کو قوی کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ٦٧١ | گڑ | قند سیاہ | فانید | سرخ | شیرین | مشہور ہے | گرم تر ۱ | گرم مزاج والوں کو | ترشی و [illegible] | شہد | . | پیٹ کو نرم کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور آنتوں و رحم کی سردی کو مفید ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور ہاضم ہے اور کھانسی و دمے کو اور دھانس کو نافع ہے اور درد سینہ کو مفید ہے اور اسکا کھار جلایا ہوا ہمراہ نمک کے کھانسی کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ٦٧٢ | گڑہل | . | . | پھول سرخ و گلابی | پھیکے لعابدار | ایک درخت ہے جسکے پتے توت کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں | معتدل | نزلہ کو | مصری | گل چاندنی | تولہ | قلب کو فرحت دیتا ہے اور نفس کو خوش کرتا ہے اور گرمی اور سردی کے خفقان کو مفید ہے اور بالخاصہ بخارات دماغ پر چڑھنے کو مانع ہے اور مراق کی بیماری کو نافع ہے اور اسکے پتے و پھول وحشت اور جنون کو مفید ہیں اور ذہن و حواس کو قوت دیتا اور باہ لاتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ٦٧٣ | گلاب | عرق گلاب | جلاب ماء الورد | پانی سا | پانی سا خوشبودار | مشہور ہے | مرکب القوی مائل بسردی | صاحبان نزلہ کو | جلاب و مصری | عرق بادیان | ۵ تولہ تا ۱۰ تولہ | دماغ اور دل اور فم معدہ کو قوت بخشتا ہے اور گرمی کے خفقان کو مفید ہے اور فرحت لاتا ہے اور ہاضم ہے اور دست آور ہے اور اسمیں سرمہ حل کیا ہوا سوزش چشم کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۷۴ | گلاب کا پھول | گل سرخ | ورد احمر | گلابی | پھیکا و قدرے کسیلا و شیرین | مشہور ہے | مرکب القوی و سرد ا خشک ۲ | باہ کو اور پیاس لاتا ہے | زرشک و انیسون | بنفشہ | ۲ تولہ | قوی اور ارواح کو قوت بخشتا ہی اور فرحت دیتا ہی اور لطافت بخشتا ہی اور دست آور ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور صفرا و بلغم کو تسکین دیتا ہی اور درد گردہ اور درد سر اور بخار کو نافع ہے اور خفقان اور غشی کو مفید ہی اور اسکی بو نزلہ پیدا کرتی ہی اور اسکا لیپ معدے کی رطوبتون کو خشک کرتا ہے۔ (دغیرسمی) |
| ۶۷۵ | گلاب کا زیرہ | زیرۂ گل سرخ | زرر ورد | سرخی مائل | کسیلا و پھیکا | مشہور ہے | گرم و خشک و نزد بعضے سرد ہے | پھیپھڑے کو | کتیرا | کزمازج | ۱۰ ماشہ | منھ سے خون آنیکو اور خون بہنے کو دفع کرتا ہی اور دستونکو جوکسیطرح بند نہوتے ہون بند کرتا ہی اور معدہ و بینائی کو قوت بخشتا ہی اور باہ لاتا ہی اور رحم کو قوت دیتا ہی اور اسکا حمول یعنی گولی رکھنا مضیقات سے ہے۔ (دغیرسمی) |
| ۶۷۶ | گلاب سدا | سدا گلاب | ورد بری | گلابی | پھیکا و قدرے شیرین | مشہور ہے | مرکب القوی | نزلہ و زکام | انیسون و قنفر | بنفشہ | ۶ ماشہ | قوی اور جگر اور معدہ اور مقعد اور رحم کو قوت بخشتا ہی اور گرمی کے خفقان کو مفید ہے اور اسکی جڑ مثل عاقرقرحا کے بلغم کو جلا دیتی ہے۔ (دغیرسمی) |
| ۶۷۷ | گلاب جامن | . | . | زرد | شیرین | برابر امرود کے ایک پھل خوش مزہ ہی بلاد بنگالہ | مع | نفاخ ہی | سیب | سیب | . | فرحت بخشتی ہی اور شریف اعضاے رئیسہ کو قوی کرتی ہی اور خون گاڑھا پیدا کرتی ہی اور اکثر افعال اسکے قریب سیب کے ہین۔ (دغیرسمی) |
| ۶۷۸ | گل آچین | . | . | سفید | پھیکا | ایک بڑی درخت کا پھول ہی جسکے پتے بہت گندہ ہوتے ہین | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والیکو | دوغ | . | . | اسکے درخت کی جڑ کی چھال بہت قوی دست آور ہی اور آتشک اور خراب خون کو نافع ہی اور اسکا لیپ مادہ کو پکاتا ہی اور سخت ورمون کو تحلیل کرتا ہے۔ (دغیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۷۹ | کلتھی | ماش ہندی | حب القلت | سیاہ بھورا | تلخ و تیز | ایک دانہ بقدر مسور کے مشہور ہے | گرم ۳ خشک ۲ | پھیپھڑے کو | شہد | السی | ۳ ماشہ | گردہ کی پتھری توڑتی ہی اور بھوک خوب لاتی ہی اور ہچکی کو دفع کرتی ہی اور پیشاب جاری کرتی ہی اور طبیعت کو نرم کرتی ہی اور منی کو خشک کرتی ہی اور طحال کا سدہ کھولتی ہی اور قولنج کو نافع ہی اور اسکا لیپ بواسیر کے لیے مجرب ہے۔ (دغیرسمی) |
| ۶۸۰ | گل داؤدی | گل داؤدی | باسوم | زرد و سفید | تیز و تیز بو | ایک پھول ہی خوشبودار جسکا درخت ڈیڑھ گز کا ہی اور خوشنما | گرم ۲ خشک ۱ | دردسر لاتا ہے | شکر و مصطگی | . | ۶ ماشہ | اسکا پھول ورم اور جمے ہوے خون کو تحلیل کرتا ہی اگر معدہ مین جم گیا ہو اور گردہ و مثانہ کی پتھری نکالتا ہی اور حیض جاری کرتا ہی اور ریاح گردہ و مثانہ کی تحلیل کرتا ہی اور رحم کے ریاح بھی تحلیل کرتا ہی اور ریاحی قولنج اور سوزاک کو نافع ہی اور اسکا لیپ بلغمی ورمونکو تحلیل کرتا ہی۔ (دغیرسمی) |
| ۶۸۱ | گل دوپہر | . | | سرخ و سفید و زرد | پھیکا قدرے تلخ | ایک چھوٹا کٹورہ سا پھول ہی دوپہر کو کھلتا ہے | سرد و تر گرم خشک بھی لکھتے ہین | بلغم پیدا کرتا ہی | شہد | | . | سبک اور لطیف ہی اور قابض ہی اور فساد بلغم و ریاح کو دفع کرتا ہی اور فساد صفرا کو دفع کرتا ہی اور اگر اسکے پھول کا پانی نچوڑ کے ناک مین ڈالین آدھی سیسی کے درد کو نافع ہی۔ (دغیرسمی) |
| ۶۸۲ | گل روغن | روغن گل | دہن الورد | سرخی مائل | بدمزہ چکنا | مشہور ہے | مرکب القوے | . | . | . | تولہ ۲ تولہ | مواد کو پختہ کرتا ہی اور قابض ہی اور ورم کو تحلیل کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہی اور مواد گرم و سرد دونو کو موافق ہی باوجود قوت مسہلہ یعنی دست آور کی اور سوزش معدہ و مقعد کو تسکین دیتا ہی۔ (دغیرسمی) |
| ۶۸۳ | گلقند و گلکند | گلقند | [illegible] | سرخ | شیرین | قوام شہد یا شکر مین گلاب کے پھول آفتاب مین پکاتے ہین | شکر مرکب القوی عسلی گرم خشک ۲ | جگر | [illegible] | . | ۳ تولہ | دماغ اور معدہ کو قوت بخشتا ہی اور بالائی خراب رطوبت کو خشک کرتا ہی اور دماغ پر بخارات چڑھنے نہین دیتا ہی خاصکر اگر بعد کھانے کے استعمال کیا جاوے اور شہد کے قوام والا سرد مزاج والون اور بوڑھون اور تر دماغون کے لیے موافق اور نافع ہی اور فالج اور گٹھیا اور نقرس کو مفید ہے اور پتھری کو توڑتا ہی اور سل کو نافع ہے۔ (دغیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۸۴ | . | گل مختوم | طین مختوم | سُرخ | پھیکا | سرخ مٹی کی ٹکیاں بنی ہوئی اور ٹھپی ہوئی ہین | سرد خشک ساتھ قوت تریاقی کے | پھیپھڑے و طحال کو | کتیرا و شہد | گیرو | ۳ ماشہ | قابض ہی اور فرحت لاتی ہی اور دل کو قوت دیتی ہی اور زخم کو بھر لاتی ہی اور گرم ورمونکو نافع ہی اور مواد عضو پر گرنے نہین دیتی ہی اور کل زہرونکی مارگ ہی اور خون بہتے ہوئے کو بند کردیتی ہی خواہ ظاہر مین بہتا ہو خواہ باطن مین اور زگ کی منھ اور راستہ بند کردیتی ہے۔ (غیرسمی) |
| ۶۸۵ | گل مہندی | . | . | سب رنگ | قدرے تلخ | ایک بہاری پھول ہے یا خون کا | گرم تر | . | . | . | . | قلیہ مین اسکے بیج کھانا باہ کو قوت دیتے ہین اور مسلم درخت کا نچوڑا ہوا پانی سوزش اعضا کو نافع ہی اگر گرم پانی یا آگ کے قریب سے ہو۔ (غیرسمی) |
| ۶۸۶ | . | [illegible] | جلنار | خوب سُرخ | تلخ و کسیلا | ایک قسم کا انار ہے بے پھل کا | سرد خشک ۲ | دردسر پیدا کرتا اور سدہ لاتا ہی | کتیرا | زیرہ انارو جفت بلوط | ۷ ماشہ | قابض ہی اور دستون کو بند کرتا ہی اور خون کے جاری ہونیکو بند کرتا ہی اور مواد کو پختہ کرتا ہی اور خشکی لاتا ہی اور اعضا کو قوت دیتا ہی اور صفراوی و خونی دستونکو مفید ہی اور اسکی کلی منھ سے خون آنے کو اور خون بہنے کو مفید ہی اور دانتونکو مضبوط کرتی ہے۔ (غیرسمی) |
| ۶۸۷ | گندنا | گندنا | کراث | سبز | تیز و بدبودار | پیاز کے ساگ کا سا ایک ساگ ہے مشہور | گرم ۳ خشک ۲ | گرم مزاجون کو | [illegible] | [illegible] | ۷ ماشہ | سدہ کھولتا ہی اور ورم ورياح کو تحلیل کرتا ہی اور باہ لاتا ہی اور بخارات ردی پیدا کرتا ہی اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتا ہی اور کمر کو قوت بخشتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور قولنج کو دفع کرتا ہے اور پیشاب و حیض جاری کرتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور اسکا لیپ باہ کو قوت دیتا ہے اور بواسیر کو مفید ہے۔ (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۸۸ | گندنا کے بیج | [illegible] | [illegible] | سرخی مائل | تیز و تلخ | پیاز کے سے بیج ہین مشہور۔ | گرم ۱ خشک ۱ | گردہ اور پھیپھڑے کو | شہد | تخم جرجیر | ۶ ماشہ | سدہ اور مسامات کھولتی ہی اور ریاح وورم کو تحلیل کرتے ہین اور باہ لاتے ہین اور پتھری توڑتے ہین اور جلا کرتے ہین اور سردی کی بیماریون کو نافع ہین اور منھ سے خون آنیکو اور خون بہنے کو بند کرتے ہین اور بھوک کو حرکت دیتے ہین اور گردہ اور مثانہ کو قوت دیتے ہین۔ (غیرسمی) |
| ۶۸۹ | گندنا پہاڑی | گندنا کوہی | فراسیون وعلقما | سبز | تیز و تیزبو | لہسن کی ایسی ایک گھانس ہے تیزبو | گرم ۲ خشک ۳ | گردہ کو | کتیرا سونف وبابچھڑ | اسارون و انیسون | ۳ ماشہ | بلغم اور مواد کو چھانٹتا ہی اور روح و اخلاط کو لطیف کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور سینہ و دودھ و حیض جاری کرتا ہی اور جگر و طحال کا سدہ کھولتا ہی اور سینہ و پھیپھڑے کو پاک کرتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور اعضاے ظاہری و باطنی کو جلا دیتا ہی اور بچہ کو مشیمہ سے نکالتا ہے۔ (قریب بسم) |
| ۶۹۰ | گندہ بیروزہ | بارزد | قنہ | سفید | بدبودار | ایک درخت کا دودھ ہے جاہوا | گرم ۳ خشک ۲ | دماغ کو | روغن بنفشہ و کافور | جاؤشیر و اشق | ۲ ماشہ | ورم اور سختیون اور مواد کو نرم کرتا ہی اور تحلیل کرتا ہی اور رطوبت کو جذب کرتا ہی اور پرانی کھانسی اور دمہ و ضیق النفس و اختناق رحم اور بواسیر کو نافع ہی اور پتھری توڑتا ہی اور گردہ کا سدہ کھولتا ہے اور اسکا ست سوزاک اور پیشاب کے راستونکے زخمونکو نافع ہی۔ (قریب بسم) |
| ۶۹۱ | گندھک | گوگرد | کبریت | زرد | بدبودار پھیکا | ایک معدنی چیز آگ بہت جلد پکڑنے والی | گرم ۲ خشک ۲ | معدہ و دماغ کو | کتیرا دودھ | ہرتال | ۳ ماشہ | روح اور خلطون کو لطیف کرتی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی ہی اور رطوبت کو جذب کرتی ہی اور خشکی کرتی ہی اور جلا کرتی ہی اور گرمی پیدا کرتی ہی اور کھجلی اور اکثر امراض جلدی کو کھانے اور لگانے سے مفید ہی اور مرگی اور سکتہ اور درد آدھاسیسی کو سونگھنے سے نافع ہے۔ (قریب بسم) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹۲ | گوبھی | کلیم رومی | قنبیط | سفید و زرد | پھیکی | ایک ترکاری قسم پھول سے مشہور ہے | سرد خشک | قابض و نفاخ ساہے قوت مسہلہ | گرم مصالحہ | کرم کلہ | • | قوت اعضا کو بخشتی ہے اور فساد بلغم و صفرا و خون کو دفع کرتی ہے اور پرمیو یعنی جریان بعد سوزاک کو نافع ہے اور کھانسی اور پھوڑے پھنسی کو مفید ہے اور پیشاب لاتی ہے اور خمار کو تسکین دیتی ہے اور اسکے بیج پانی مین پسے ہوے خون آنیکو نافع اور اسکے پتون کے جوشاندہ کی دھار گٹھیا کو مفید ہے (غیر سمی) |
| ۶۹۳ | گوشت ابابیل کا و سیانی و بیچ پوری | گوشت پرستوک | لحم الخطاف | خود سیاہ و گوشت قدرے سیاہ | نمکین | ایک جانور پرندہ ہے برابر گوریا کے ویرانون مین رہتی ہے | گرم خشک ۳ | پھیپھڑے کو | سکنجبین | مولا | حلال | اسکا گوشت گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ بہاتا ہے اور یرقان یعنی کانور کو نافع ہے اور طحال کی بیماریون کو مفید ہے اور اسکا تازہ خون رنگ رخسارہ کو جلا دیتا اور صاف کرتا ہے اور اسکے سر شہد مین پھکے ہوے کا سرمہ بینائی کو قوت بخشتا ہے اور نزول چشم کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۴ | گوشت الو کا | گوشت جغد | لحم البوم | بھورا | نمکین بدبودار | ایک نہ جانور ہے ویرانون مین رہتا ہے اور دن کو ضعف بینائی سے نہین نکلتا | گرم خشک ۲ | کھایا نہین جاتا | • | • | حرام | اسکا گوشت کھانا کل کامون مین آدمی کو احمق اور بیوقوف کردیتا ہے اور اسکا خون یا پتہ ہمراہ جھاو کی لکڑی کی راکھ اور شہد کے پینا سلسل البول یعنی برابر گھڑی گھڑی پیشاب آنیکو اور سوتے مین پیشاب کر مارنے کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۵ | گوشت اونٹ کا | گوشت شتر | لحم الابل و جمل | قدرے نیلا و سرخی مائل | نمکین و سخت | مشہور ہے | گرم خشک ۳ | مفسد اخلاط | گرم دوائین اور نمک درائی | • | حلال | غلیظ اور ثقیل اور دیر ہضم ہے اور خون سوداوی پیدا کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور جوڑی بخار کو نافع ہے اور عرق النسا اور کولے کے درد اور سیاہ یرقان اور پیشاب کی سوزش کو مفید ہے اور اسکی چربی کا لیپ بواسیر کو مفید ہے اور اسکی پونگی کا گودہ اسی کے بالون مین لت کرکے حمول کرنا حمل رہنے مین ممد ہے اور اسکا پیشاب پینا جلندر کو مفید ہے اور اسکی مستی کے وقت کا کف جنون پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹۶ | گوشت بارہ سنگھا | گوشت گوزن | لحم الایل | خود بھورا سرخی مائل گوشت سرخ | پھیکا و خشک | مشہور ہے | گرم و خشک ۳ | نفاخ ہے اور گرم مزاجوں کو | دھنیا اور دہی و گھی | [illegible] | حلال | زود ہضم ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور ردی الغذا ہے اور اسکے آنسو جو حلقہ مین جمع ہو کر جم جاتے ہین عمدہ تریاق ہے۔ (غیر سمی و دم سم قاتل ہے) |
| ۶۹۷ | گوشت باز کا | گوشت باز | لحم البازی | خود بھورا و ابلق گوشت سرخ | شور و بدبودار | ایک پرند شکاری ہے کبوتر کے برابر اور چھوٹی چڑیوں کو شکار کرتا ہے۔ | گرم ۲ خشک ۳ | گرم کو | فسنج بیج | • | حرام | دیر ہضم اور ردی الغذا ہے اور ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور اسکے پر جلانے سے زخم کو بھر لاتے ہین اور اسکی بیٹ جلد کے نشانات کو جلی اور ظاہر کردیتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۸ | گوشت پانڈک | گوشت کوکو | لحم الفاختة و حمام المطوقة | خود بھورا سرخی مائل گوشت سرخ و گلابی | پھیکا | ایک پرند جانور ہے ہمشکل کبوتر کے اطاحوق دار ہے | گرم خشک ۲ | دیر ہضم و بیخوابی لاتا ہے | روغن و کشنیز سرکہ | گوریا | حلال | خلط ردی اور فاسد پیدا کرتا ہے اور ردی الکیموس ہے اور اسکا گاڑھا شوربہ جسمین گوشت خوب گلایا جاوے رعشہ اور فالج اور حذر اور اکثر پٹھوں کی بیماریون کو کہ سردی سے ہون اور غلیظ ریاح کو مفید ہے اور سدہ کھولتا ہے اور اسکی بیٹ جھائین کو نافع ہے اور ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور اسکے پر کی دھونی چوتھے روز کی جوڑی کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۹ | گوشت بجو و جرکہ کا | گوشت کفتار | لحم الضبع عرجا | خود بھورا گوشت سیاہی مائل | بدبودار و بدمزہ | ایک جانور مثل لومڑی کی ہے کہ چلنے مین لنگ کرتا ہے اور قبرستان مین اکثر مردہ کھانے کو رہتا ہے | گرم خشک ۴ | پھیپھڑے کو | شہد | نیولا | مختلف فیہ و حرام | اسکے گوشت کا آبزن ہمراہ سونے اور نمک اور روغن کے گٹھیا کو مفید ہے اور کزاز اور رعشہ کو بھی نافع ہے اور استرخا اور عرق النسا اور نقرس اور ریاح غلیظ کو بھی مفید ہے اور اسکا گوشت معدہ کی سردی اور بلغمی و سوداوی بخار کو اور رخسارہ کی زردی کو اور سردی کے درد دون کو نافع ہے اور اسکا خون جنون کو دفع کرتا ہے اور اسکی بیخال کو کھانا جنون پیدا کرتا ہے اور اسکا پتہ تینون خلطون کو براہ دست نکالتا ہے۔ (قریب بسم) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۰۰ | گوشت بیٹر کا | ۰ | لحم السمانی | خود بھورا گوشت گلابی | نمکین و خشک | ایک پہاڑی جانور پرند ہی برابر گوریا کی موسم گرما اور برسات میں کثیر الوجود | معتدل و نزدیک بعضو نکے گرم خشک | قابض ہے | روغن | چوزۂ مرغ | حلال | تپ دق اور تینون خلطون صفرا اور سودا و بلغم کے فساد کو دفع کرتا ہی اور بھوک خوب لاتا ہی اور معدہ کو قوت بخشتا ہی اور لاغر لوگون اور ضعیف انتڑیون والونکو اسکی غذا بہت ہی موافق اور قابل ہی اور باہ اور اکثر اعضا کو قوت بخشتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۰۱ | گوشت بگیل کا | ۰ | ۰ | خود زرد گوشت سرخ | پھیکا | ایک پرند جانور ہی برابر گوریا کے | گرم ۲ خشک ۱ | ۰ | ۰ | ۰ | حلال | جلد معدہ کے قعر مین اُترجاتا ہی اور خون صالح پیدا کرتا ہے اور بڈھون کے لیے بہت موافق غذا ہی اور باہ کو قوت بخشتا ہی اور بالخاصہ فساد بلغم و صفرا کو دفع کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۰۲ | گوشت بطخ کا | گوشت بط و گوشت اردک | لحم البط | خود مختلف اللون گوشت سفیدی مائل | نمکین بربودار | ایک آبی پرند جانور مشہور ہے | گرم ۲ خشک ۱ | درد سر لاتا ہی اور جلد سڑجاتا ہی | گرم مصالحہ | فاختہ | حلال | کثیر الغذا ہی اور گرمی کے ریاح کو دفع کرتا ہی اور باہ کو قوت بخشتا ہی اور منی زیادہ پیدا کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور گردہ کو بھی فربہ کرتا ہی اور اسکے پر دبال کی راکھ کنٹھ مالہ کو تحلیل کرتی ہی اور اسکی بیٹ چہرہ کی سیاہی دھائین کو دفع کرتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۰۳ | گوشت بکرا د بکری کا | گوشت بز و میش | لحم الماعز | خود مختلف اللون گوشت گلابی و سُرخ | قدرے نمکین و پھیکا | مشہور چوپایہ جانور ہے | گرم تر ۲ | سوداوی مزاجون کو | بادام و ناریل | بیٹر | حلال | صالح الکیموس ہی اور خون لطیف پیدا کرتا ہی اور گرم مزاج والون کے موافق غذا ہی اور اسکے سر کا بھیجا نہایت تری بخشنے والا ہی اور دماغ کو نرم کرتا ہی اور اسکا حلوان یعنی چالیس روز کا بچہ لاغرون اور ضعیفون کے لیے نہایت درجہ نافع اور موافق ہی کیونکہ اسمین حرارت کم ہوتی ہی اور اسکے پتہ کا سرمہ رتوندی کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۰۴ | گوشت بگلہ کا | گوشت بوتیمار و غم خورک | لحم المالک الحزین و غلیین البری | خود سفید بھورا گوشت سفید و گلابی | پھیکا بسائدہ | ایک پرند ہی برابر کبوتر کے کنارے تالاب و جھیل کے مچھلیان مارکر کھاتا ہے | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والے کو اور ریاح پیدا کرتا ہی | کشنیز | ۰ | حلال | بدن کو فربہ کرتا ہی اور خون صالح پیدا کرتا ہی اور قوت ماسکہ وحواس کو قوت دیتا ہی اور لاغر لوگون اور جھولہ مارے ہوے لوگون کو موافق ہی اور قوت حافظہ کو زیادہ کرتا ہی اور باہ کی قوت کو حرکت دیتا ہی اور اسکی چربی کی مالش خون بواسیر کو بند کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۰۵ | گوشت بلبل کا | گوشت ہزار داستان | لحم العندلیب و عنادل | بھورا سیاہی مائل | نمکین | ایک نہایت خوش آواز پرند جانور ہی مشہور وپہاڑی ہے | گرم خشک ۲ | گرم مزاج کو | ۰ | ۰ | حلال | باہ کو حرکت دیتی ہی اور خاصکر اسکے انڈے اور مغز باہ کو زیادہ کرتے ہین اور اسکی بیٹ جلد کے نشانون کو جلی اور ظاہر کردیتی ہی اور چہرہ کی چھائین کو دفع کرتی اور رنگ رخسارہ کا صاف اور نیک کرتی ہی اور پلکون کے زائد بالون کو دفع کرتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۰۶ | گوشت بلی کا | گوشت گربہ | لحم السنور | خود مختلف گوشت گلابی | بدمزہ بدبودار | مشہور رہے | گرم خشک ۲ ساتھ غلبۂ رطوبت کے | لاغری لاتا اور سل پیدا کرتا ہی | ۰ | ۰ | حرام | اسکا گوشت بڈھون اور ترمزاج والون اور گٹھیا والون کو جو تری سے ہو موافق ہی اور نقرس اور فتق والون کو مفید ہی اور گردہ کو گرم دیتا ہی اور بواسیر اور پیٹھ کے درد کو نافع ہے اور اسکا پوستین گرم خشک ہی بدن کو گرم کرتا ہی اور سیاہ بلی کا پتہ ہمراہ روغن گل شبو کے لقوہ کو اور بال سیاہ کرنے کے لیے مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۰۷ | گوشت بندر کا | گوشت بوزینہ | لحم القرد | سُرخ | بدمزہ بدبو | مشہور | گرم خشک ۳ | ۰ | ۰ | ۰ | حرام | اسکے خون کی مالش بال پیدا ہونے کو نافع اور مجرب ہی اور اسکے خون کا کھانا فوراً اسیوقت گونگا کردیتا ہی اگر گرم گرم استعمال کیا جاے اور یہی حال گوشت کا ہی۔ (قریب بسم) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۰۸ | گوشت بحری کا | . | شاہین | خود بھورا گوشت سرخ | تلخی لیے ہوئے بودار | ایک پرند جانور چیل کے برابر ہے مشہور قسم باز سے | گرم خشک ۳ | گرم مزاج والونکو | . | . | حرام | خشکی کرتا ہی اور تر مزاج وبلغمی مزاجون کے موافق ہی اور سودا پیدا کرتا ہی اور فصد پیدا کرتا ہی اور لاغر کرتا ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۰۹ | گوشت بھینسے کا | گوشت گاؤمیش | لحم الجاموس | سرخ سیاہی مائل | نمکین | مشہور ہے | گرم خشک ۱ | نفاخ ہی اور ریاح غلیظ پیدا کرتا ہی | دارچینی کباب چینی و کرٹ | . | حلال | غلیظ اور دیر ہضم ہی اور خلط ردی سودادی کو پیدا کرتا ہی اور مشقت والے لوگون اور گردہ کی لاغری کو نافع ہے اور اسکے بچہ کا گوشت غلظت اور ضرر مین کم ہی (غیرسمی) |
| ۷۱۰ | گوشت بھیڑ کا | گوشت میش و گوسفند | لحم الضان | گلابی سفیدی مائل | پھیکا | مشہور ہے | گرم تر ۲ | نفاخ ہی | دارچینی وکباب چینی | گوسالہ | حلال | زود ہضم ہی اور کثیر الغذا ہی اور گاڑھا ونسگین خون پیدا کرتا ہی اور اعضا کو قوت دیتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور اسکی اعنگینی ورمون اور جلندر ریاحی کو تحلیل کرتی ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۱۱ | گوشت بھیڑیے کا | گوشت گرگ | لحم الذئب | گلابی | بدبودار | ایک درندہ جانور برابر کتے کے مشہور ہے | گرم خشک ۲ | . | . | . | حرام | اسکا کلیجہ امراض جگر کے لیے مفید ہی اور اسکا کلیجہ ہمراہ سکنجبین کے یرقان کو نافع ہی اور ہمراہ کرفس کے پانی کے طحال کو مفید ہی اور اسکا پتہ ہمراہ بیسن چنے کی برابر کھانا باہ کو قوت دیتا ہی اور اسکا لیپ باہ لاتا ہی اور تشنج اور برگی اور سردی سے پٹھون کی اینٹھن کو مفید ہے اور اسکی ہڈی کا برادہ بالخاصہ قولنج کو نافع ہے۔ (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۱۲ | ٹڈی کا | گوشت ملخ | لحم الجراد البر | سرخ | نمکین | ایک پرند کرڑے کے مثل ہے | گرم خشک ۱ | گرم مزاج والونکو | سکنجبین و انار شیرین | . | حلال | باہ لاتا ہی اور غلیظ خلطون کو جلا دیتا اور صاف کرتا ہی اور پھیپھڑے کی گرد کے پردون کی بیماریون اور قطرہ قطرہ پیشاب ہونے کو نافع ہی اور اسکی دھونی بواسیر اور تنگی سے پیشاب ہونیکو مفید ہی اور اسکا کھانا کوڑھ کو بالخاصہ مفید ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۱۳ | تیتر کا | گوشت تیہو | لحم الدراج | سفیدی مائل | نمکین | ایک پرند جانور برابر کبوتر کے ہی مشہور ہمشکل بیٹر کے | گرم خشک ۲ | گرم مزاجون کو | ترشی | بیٹر | حلال | جوہر دماغ کو زیادہ کرتا ہی اور فہم اور ذہن اور حافظہ کو بھی زیادہ کرتا ہی اور سرد تر معدے کو قوت بخشتا ہے اور باہ لاتا ہے اور صالح الکیموس ہی اور اسکی بیٹ آنکھ کی سفیدی کو جلا دیتی ہی اور جلد پر کے نشان مٹاتی ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۱۴ | تیندوے کا | گوشت پلنگ | لحم النمر | سرخ | بدبودار | ایک درندہ جانور شبیہ شیر کے برابر کتے کے بڑا شیر سے قوت در اسکا گوشت کوئی حیوان نہین کھاتا ہے | گرم خشک ۳ | . | . | شیر | حرام | اسکی چربی کی مالش فالج اور خدر اور گٹھیا اور نقرس اور سردی سے پٹھون کی بیماریون کو مفید ہی اور اسکے خون کا سرمہ کل آنکھ کی بیماریون کو نافع ہی اور اسکے خون کا لیپ جلد کے نشانون اور سیاہ داغ اور چھائین اور چہرہ کی سیاہی کو دفع کرتا ہی۔ (قریب بسم ہی) |
| ۷۱۵ | چڑیا کا | گوشت گنجشک | لحم العصفور | بھورا | پھیکا | مشہور | گرم خشک ۲ | گرم مزاجون کو اور استسقا والون کو | [illegible] | بیٹر | حلال | باہ کو حرکت دیتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور طبیعت نرم کرتا ہی اور صالح الغذا ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی اور جلندر اور فالج اور ضعف جگر اور کانور کو نافع ہی اور آلہ تناسل کے استرخا کو مفید ہی۔ (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱۶ | گوشت چکاوک | گوشت چکاوک و قرقرا | لحم القبرة و ابو المليح | گلابی | نمکین | ایک پرند جانور ہے خوبصورت اور خوش آواز اور اوسکے سر پر ایک تاج مثل ہدہد کے ہوتا ہے | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والونکو | کاسنی و سیوے ترش اور روغن بادام | ۰ | حلال | اسکے گوشت کا خوربہ بیا طبیعت کو نرم کرتا ہے اگرچہ کباب ہی قبض ہو اور اسکے کباب ہمیشہ کھاتے رہنا صالح الغذا ہے اور فالج اور مثانہ کے درد کو مفید ہے اور مسلم جلایا ہوا ذات الجنب اور درد قلب کو فائدہ مند ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۱۷ | گوشت چکوا چکوی | گوشت سرخاب | لحم النحام و دخانه | سرخ | پھیکا بودار | ایک پرند جانور آبی ابلق رنگ قاز سے چھوٹا ہوتا ہے۔ | گرم تر ۱ | گرم مزاج والونکو دیر ہضم ہے | سرکہ دارچینی | ۰ | حلال | گاڑھا اور سنگین خون پیدا کرتا ہے اور منی کو پیدا کرتا ہے اور اسکو سنگین کرتا ہے اور آنکھوں اور بدن کو قوت دیتا ہے اور باہ کو حرکت دیتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۱۸ | گوشت چکور کا | گوشت کبک و قبج مرغ استخوان | لحم الحجل | سرخ | پھیکا | ایک پرند جانور کبوتر کی برابر ہے خوبصورت اور خوش خرام | گرم خشک | درد سر لاتا ہے اور پیشاب بند کردیتا ہے | سکنجبین و ترشی | بیٹر | حلال | اکثر اعضا کو قوت دیتا ہے اور جلد ہضم ہوتا ہے اور کثیر الغذا ہے اور خون صالح پیدا کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور باہ لاتا ہے اور فالج اور لقوہ اور دماغی سرد بیماریون کو نافع ہے اور سینہ کی سرد بیماریون اور استسقا کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۱۹ | گوشت چمگادڑ کا | گوشت شپره | لحم الخفاش | سیاہ | بدبودار و تلخ | ایک عجیب پرند ہے جسکی پر مثل اور پرندون کے نہیں ہیں اور اوسکی مادہ حیض سے ہوتی ہے اور دودھ دیتی ہے اور چار پاؤن ہیں | گرم ۳ خشک ۴ | ۰ | ۰ | ۰ | حرام | اسکا پختہ شوربہ ردی فضلات کو براہ دست نکالتا ہے اور زرد آب کو بھی براہ دست نکالتا ہے اور استسقا اور درد پہلو کو نافع ہے اور اسکا ہر لیسہ پکا ہوا روغن زیتون یا روغن چنبیلی میں فالج اور رعشہ اور گٹھیا اور درد پشت کو مفید ہے اور نقرس کو نافع ہے اور سردی کے ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور اسکی جلائی ہوئی راکھ حدت بینائی کو اور جالے اور ماڑے کو مفید ہے اور اسکی بیٹ بہت گرم ہے الا اسکا سرمہ بینائی کو جلا دیتا ہے۔ (قریب بسم) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۲۰ | گوشت خچر کا | گوشت استر | لحم البغل | سرخ سیاہی مائل | نمکین | ایک چوپایہ جانور ہے گدھے سے بڑا اور گھوڑے سے چھوٹا | گرم خشک ۳ | ۰ | ۰ | ۰ | مکروہ | گٹھیا کو مفید ہے اور اسکی چربی کی مالش نقرس اور عرق النسا کو نافع ہے اور اسکی چربی کی دھونی رحم کو مع بچے کے گرا دیتی ہے اور کیڑے مکوڑون کو اس مکان سے بھگا دیتی ہے جہان دھونی دیجاتی ہے اور اسکے پیشاب اور کلیجہ کا لتہ ترکیا ہوا حمول گرنا مانع حمل ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۲۱ | گوشت خرگوش کا | گوشت خرگوش | لحم الارنب البری | سفید و گلابی | خوش ذائقہ | ایک جانور بلی سے چھوٹا اور نرم ہے اور اسکے کان لانبے ہوتے ہیں | گرم تر ۲ - نزدیک بعض کے سرد | سوداوی پیدا کرتا ہے اور گرم مزاج والونکو | گھی اور انار | لوٹری | حلال | فالج اور لقوہ اور استرخا کو مفید ہے اور اس پانی میں جسمین یہ پکایا جاوے بیٹھنا نقرس اور گٹھیا کو نافع ہے اور اسکا پنیر مایہ لڑکون کی مرگی کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۲۲ | گوشت دنبہ کا | گوشت دنبہ | لحم الکبش | گلابی | خوش ذائقہ | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | حلال | خون غلیظ پیدا کرتا ہے اور صالح الکیموس ہے اور اعضا کو قوت بخشتا ہے اور باہ لاتا ہے اور اسکی چربی سخت سخت ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور بدن اور پٹھون کو نرم کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۴۲۳ | گوشت ریچھ کا | گوشت خرس | لحم الدب | سیاہ | بدبودار | ایک درندہ شہزور جانور مشہور ہے | گرم تر ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | حرام | اسکا پتہ سدہ کھولتا ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور اسکے پتے کو ایک دانگ پینا مرگی کو نافع ہے اور اسکے پتے کا سرمہ ہمراہ سونف کے رانگ اور شہد کے بینائی کو قوی کرتا ہے اور آنکھ کے جالے کو مفید ہے اور مردہ بالون کو اُگاتا ہے۔ (قریب بسم) |
| ۴۲۴ | گوشت سارس کا | ۰ | ۰ | سرخ | پھیکا | ایک پرند جانور ہے جسکی پاؤن اور گردن اور چونچ خوب لانبی ہوتی ہے | سرد تر اور نزدیک بعض کی گرم تر | ہیضہ لاتا اور پیشاب بند کرتا ہے | ۰ | ۰ | حلال | اعضا کو قوت بخشتا ہے اور فساد صفرا و خون کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۲۵ | گوشت سانپ کا | گوشت مار | لحم الحیہ | سیاہ | بدبودار | ایک زہریلا کیڑا لانبا مشہور ہے | گرم خشک ۳ | گرم مزاج والونکو | . | . | حرام | اسکی چربی کا سرمہ نزول چشم کو دفع کرتا ہی اور روغن زیتون کے ہمراہ گنٹھ مالے کو تحلیل کرتی ہی اور سرکہ کے ہمراہ باخورہ اور داء الحیہ کو مفید ہی اور اسکے انڈے ہمراہ سرکہ کے لگانے سفید داغ کو نافع ہین۔ (منھ اور دُم کے ہمراہ سم ہی) |
| ۷۲۶ | گوشت سیہی کا | [illegible] | [illegible] | سرخ سیاہی مائل | خراب بدبودار | ایک جانور چوپایہ لومڑی کی برابر جسکے بدن پر بجائے بالون کی بڑے بڑے کانٹے ہوتے ہین | گرم خشک ۲ | جگر اور معدہ کو فاسد کرتا ہی | اسکا ہریسہ پکا ہوا اور روغن بادام | . | حرام | اسکا گوشت خشکی کرتا ہی اور بڑا تحلیل کرنیوالا ہی اور مواد کو انتڑیون پر گرنے نہین دیتا اور اگر مناسب دواؤن کے ہمراہ استعمال کیا جاوے تو فالج اور رعشہ اور جنون کی بیماریون کو اور داء الفیل یعنی فیل پا کو نافع ہی اور سرد تر مزاجون کی باہ کو قوت دیتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۲۷ | گوشت [illegible] کا | [illegible] | [illegible] | سرخ | نمکین | ایک پہاڑی چوپایہ جانور مثل بھینس کی ہی اور برابر بھینس کے | گرم خشک ۲ | خون کو جلا دیتا ہی اور مربی اخلاط غلیظ سوداوی پیدا کرتا ہی | سرکہ اور مربی اور گرم مصالح اور گڑ | . | حلال | بوڑھی غذا ہی اور اعضا کو قوت دینے والا ہی خاصکر سرد مزاج والون اور بڈھون کو اور اسکی چربی فالج اور کزاز اور نقرس اور گٹھیا کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۲۸ | گوشت [illegible] | [illegible] | | سرخ سیاہی مائل | بدبودار | ایک جنگلی جانور چوہے سے بہت بڑا اور چھوٹی دُم والا اور بال نرم ہین | گرم ۱ خشک ۲ | قولنج پیدا کرتا ہی | روغن بادام | . | مختلف فیہ | اسکا گوشت گرمی کو تسکین دیتا ہی اور درد سینہ اور کھانسی اور قرحہ کو مفید ہی اور اسکا پوستین پہننا مزاج کو معتدل کرتا ہی اور پیٹھ کے درد کو نافع ہی اور اسکے بالون کی خشکی بہتی ہوئی زخمون کو بھر لاتی ہی اور خون کو بند کرتی ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۲۹ | گوشت سور کا | گوشت خوک | لحم الخنزیر | سرخ و گلابی | نمکین | مشہور ہی | گرم ۱ تر ۲ | عقل کو | شراب و شکر | . | حرام | ستھنے کھولتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور خلط غلیظ السدد پیدا کرتا ہی اور فساد عقل پیدا کرتا ہی اور فیل پا اور گٹھیا پیدا کرتا ہی اور اسکی چربی نمک و ریوسیائی کے ساتھ بہرے پن کو کھوتی ہی اور اسکا خون جمیع افعال مین مانند خون انسان کے ہی اور اسکی چربی کا طلا مناسب دواؤن کے ہمراہ ورم کو تحلیل کرتا ہی اور سطولات سے ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۳۰ | گوشت شترمرغ کا | گوشت شتر مرغ | لحم النعامہ | سرخ و گلابی | نمکین و خشک | ایک پرند جانور ہی جسکی گردن اور پانؤن لانبے ہوتے ہین اور اکثر پن کے جوڑ اکھڑے ہوتے ہین | گرم خشک ۳ | دیر ہضم ہی اور گرم مزاجونکو | گھی اور سرکہ | مور | حلال | ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور بلغم چھانٹتا ہی اور فالج و لقوہ اور جلندر اور استرخا اور نقرس کو مفید ہی اور گٹھیا کو بھی نافع ہی اور اسکے خون کا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور اسکا گوبر جھائین اور چیچک کے داغ کھوتا ہی اور اسکا سنگدانہ معدہ کو قوت دیتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۳۱ | گوشت شترگاو کا | گوشت اشترگاو | لحم الزرافہ | گلابی | نمکین | ایک چوپایہ جانور ہی جسکی گردن اور پانؤن لانبے اور قد چھوٹا ہی | گرم خشک ۳ | اخلاط سوداوی پیدا کرتا ہی گرم مزاجونکو | سیخ پائے کے ہریسہ اور گرم پکا ہوا اور خردل | . | حلال | معدہ کو قوت بخشتا ہی اور اسکا پتہ نزول چشم کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۳۲ | گوشت شیر کا یا باگھ کا | گوشت شیر | لحم الاسد | سرخ | بدبودار و خشک | مشہور ہی | گرم خشک | . | . | . | حرام | دیر ہضم ہی اور شجاعت پیدا کرتا ہی اور اسکی چربی کا لیپ کرنا کمر اور جوڑ اور ذکر اور انثیین پر اور مقعد پر باہ کو قوت دیتا ہی اور گنٹھ مالے کو مفید ہی اور بدبو اور سخت خراب ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور اسکی مونچھ کا بال بالخاصہ قاتل۔ (قریب بسم) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۷۳۳ | گوشت طوطہ کا | گوشت طوطے کا | لحم البیغا | نیلا و سرخ | خشک و کسیلا | ایک پرند جانور سبز رنگ ہی برابر فاختہ کے اور زرد و سفید و سرخ بھی ہوتا ہی۔ | گرم ۲ خشک ۱ | دیرہضم | گرم مصالحہ | • | حلال مختلف فیہ | پٹھیٹ کو گنگ کرتا ہی اور ضربہ وسقطہ کو نافع ہی اور جھائین کو کھوتا ہی اور کھانسی کو نافع ہی اور دیرہضم ہی اور دل کو فرحت دیتا ہی اور اسکی زبان خوش کلامی پیدا کرتی ہی اور بچون کی زبان کی لکنت کو کھوتی ہی اور اسکی بیٹ جھائین اور سیاہی کو دفع کرتی ہی۔ (غیرسمی) |
| ۷۳۴ | گوشت قمری کا | گوشت فخری کا | لحم القمری | سفید و گلابی | نمکین | ایک پرند جانور ہی فاختہ کے برابر۔ | گرم خشک ۲ | وسواس اور جذام پیدا کرتا ہی | گھی اور بادام اور لطیف دوائین | بٹیر | حلال | سرد مزاج والون کے بہت موافق ہی اور تر و بلغمی مزاجون کو بھی اور اسکے انڈے واسطے جلد کلام کرنے بچون کے کھانا پراثر ہی اور مجرب ہی اور خون فاسد پیدا کرتا ہی اور اسکا تیل نکالا ہوا بچون کے بدن مین ملنا رفتار جلد پیدا کرتا ہی۔ (غیرسمی) |
| ۷۳۵ | گوشت گاے کا | گوشت گاؤ | لحم البقر | گلابی و سرخ | قدرے بودار | مشہور ہی۔ | گرم خشک ۲ | نفاخ ہی | مرچ سیاہ و دارچینی | نیل گاے | حلال | دیرہضم ہی اور غلیظ ردی الکیموس ہی اور خون فاسد پیدا کرتا ہی اور امراض سوداوی پیدا کرتا ہی اور گٹھیا والون اور عرق النسا والون کو مضر ہی اور دماغ پر بخارات ردی چڑھاتا ہی اور مسوڑھون اور ہونٹھ پر ورم پیدا کرتا ہی۔ (غیرسمی) |
| ۷۳۶ | گوشت کبوتر کا | گوشت کبوتر | لحم الحمام | گلابی | لذیذ | مشہور ہی۔ | گرم ۲ خشک ۲ و جنگلی گرم خشک ۳ | گرم مزاجون کو | کشنیز و انگور | تیتر | حلال | فالج اور لقوہ اور رعشہ اور خدر اور استرخا کو مفید اور خون صالح پیدا کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور گردہ و مثانہ کو قوت بخشتا ہی اور باہ لاتا ہی اور منی پیدا کرتا ہی اور جلندر بادی اور آبی کو مفید ہی۔ (غیرسمی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۷۳۷ | گوشت کتے کا | گوشت سگ | لحم الکلب | سفیدی مائل | بدبودار | مشہور ہی | گرم خشک | • | • | • | حرام | اسکا کلیجہ بھنا ہوا باولے کتے کی زہریت کو دفع کرتا ہی اور اسکی زبان کی راکھ سوزاک کو مفید ہی اور زخم پیشاب کے راستہ کا دفع کرتی ہی اور اسکی چربی کنٹھ مالے کو نافع ہی۔ (قربسیم) |
| ۷۳۸ | گوشت کچھوے کا | گوشت سنگ پشت | [illegible] | سرخ سفیدی مائل | بسانده | دریائی جانور مشہور ہی | گرم ۲ تر ۱ | آنتون کو | شہد | • | حلال | باہ کو قوت دیتا ہی اور کمر کو بھی قوت دیتا ہی اور اسکے کباب خون حیض کو بند کرتے ہین اور ریاح کے تحلیل کرنے اور فتق کے بھرلانے مین قریب الاثر ہی بیضہ کے ہی اور اسکا ... دیمہ کو تحلیل کرتا ہی اور اسکا تازہ خون پینا مرگی اور تشنج کو مفید ہی اور اسکے پتے کا لیپ خناق کو اور خناق رحم کو اور بد و خراب زخمون کو نافع ہی اور پتے کا ملنا مرگی والے کی ناک پر نافع ہی اور اسکے انڈے سونف کے عرق مین ورم انثیین کو نافع ہین اور اسکی ہڈی کی راکھ کانچ نکلنے کو نافع ہی اور ہڈی پیسی ہوئی فرزجہ سیلان رطوبت رحم کو مفید ہی۔ (جلایا ہوا ۱۲۔ ماشہ اور گوشت ایک جو بچون کو) (غیرسمی) |
| ۷۳۹ | گوشت گدھے کا | گوشت خر و دراز گوش | [illegible] | سرخ کبودی مائل | نمکین و بدبودار | مشہور ہی | گرم ۲ خشک ۲ | • | • | • | حرام و نزد امامیہ مختلف فیہ | غلیظ دیرہضم ہی اور اسکے جگر یعنے کلیجہ کے کباب مرگی اور تجاری یعنی تیسرے روز و چوتھے روز کی جوڑی کو نافع ہین اور اسکی چربی کا لیپ زخمون کے نشانات اور انتڑیون کے زخم بھرلانے کو مفید ہی اور اسکی لید کا نور کو نافع ہی اور مثانہ و گردہ کی پتھری کو توڑتی ہی اور بچہ کو مع مشیمہ کے نکالتی ہی اور اسکے کھر کی دھونی دشواری ولادت کو مفید ہی اور اسکے کھر جلائے ہوئی کا لیپ شگاف مقعد اور کنٹھ مالے کو اور گٹھیا کو ہمراہ روغن زیتون کے نافع ہی۔ (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۴۰ | گوشت گدھ کا | گوشت کرگس | لحم النسر | سرخ کبودی مائل | بسانذہ و نمکین | ایک پرند مردار خور قوی الجثہ جانور ہی بڑا اُڑنے والا اور بڑی عمر کا ہی | گرم خشک ۳ | غذا ئے بد و ردی | دارچینی و سرکہ | . | حرام | گوشت اسکا غلیظ ریاح اور قولنج اور باریک آنتون کے سُدے کو تحلیل کرتا ہی اور سدے کھولتا ہی اور پتھری توڑ بہاتا ہی اور بلغم کو چھانٹتا ہی اور اسکے انڈے کا طلا مقوی باہ ہی اور اسکی بیٹ چھائین اور چہرہ کی سیاہی کو دفع کرتی ہی اور کنٹھ مالے کو تحلیل کرتی ہی اور اسکے پر کی راکھ ہمراہ تیل کے تر اور خشک کھجلی کو اور زخمون کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۴۱ | گوشت کلنگ کا | گوشت کلنگ | لحم الکرکی | سُرخ | خشک و روکھا | ایک پرند جانور ہی برابر اور مشابہ سارس کے کنارے کنارے پانی کے رہتا ہی | گرم خشک ۲ | دیر ہضم ہی اور خلط غلیظ پیدا کرتا ہی | سرکہ و آب و نمک | سارس | حلال | سُدے کھولتا ہی اور بدن کو قوت بخشتا ہی اور قولنج کو تحلیل کرتا اور نفع کرتا ہی اور اسکے سر کا بیچ سر سر بنا کے لگاتار توندی کو نافع ہی اور اسکے بھیجے کا لیپ سفید داغ اور کھجلی کو مفید ہی اور اسکا بھیجا چنبیلی کے تیل مین حل کیا ہوا ایک جو کھانا نسیان کو مفید ہی اور سر کے بالون کے سفید ہونے کو نافع ہی اور اسکی چربی ہمراہ سرکہ و پیاز دشتی کے کھانا سختی طحال کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۴۲ | گوشت گورخر کا | گوشت گورخر | لحم الحمار الوحش | گلابی | نمکین | ایک چوپایہ جانور ہی مشابہ گدھے کے اُس سے بڑا۔ | گرم خشک ۲ | غلیظ ہی اور خلط غلیظ پیدا کرتا ہی | نمک اور دارچینی و سونٹھ | . | حلال | جمیع افعال مین مثل خانگی گدھے کے ہی اور اسکی چربی کا لیپ ہمراہ دُودھ دائی کے بچون کے بچھرونے کے لیے نافع اور قوی الاثر ہی اور صرف چربی کا لیپ چہرہ کی سیاہی اور داد کو مفید ہی اور اسکے پتہ کا لیپ باخورہ اور دوالی یعنی پنڈلی کی رگون کے پھولنے اور درد کرنے کو نافع ہی (غیر سمی) |
| ۷۴۳ | گوشت کوکلا و کوئل کا | . | . | سیاہ | بسانذہ و خشک | ایک پرندہ سیاہ رنگ برابر ہی کوے کے | گرم خشک ۲ | سودا پیدا کرتا ہی | . | کوا | حلال | اسکا گوشت قبض کو اور پیٹ کو گنگ کرتا ہی اور جسم کو قوت دیتا ہی اور فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتا ہی اور اسکے پر جلائے ہوئے زخمون کو بھر لاتے اور خشک کرتے ہین۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۴۴ | گوشت گوہ کا | گوشت سوسمار | لحم الضب | گلابی | بسانذہ و تلخ | ایک جانور قسم نیولا وغیرہ سے مشہور برابر بلی کے اور بجری بہت بڑی ہوتی ہی | گرم خشک ۲ | کرب لاتی ہی | گیرو و روغن و سرکہ | سانڈہ | مختلف فیہ | اسکا گوشت گرمی بہت کرتا ہی اور غصہ و غضب پیدا کرتا ہی اور اسکی بیٹ کا سرمہ آنکھ کے جالے و مانڈے اور نزول آب کو مفید ہی اور اسکا لیپ ہمراہ سرکہ کے چھائین اور سیاہ داغ کو مفید ہی اور اسکی چربی باہ لاتی ہی اور تحریک باہ کرتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۴۵ | گوشت گھوڑے کا | گوشت اسپ | لحم الفرس | سُرخ | نمکین | مشہور ہی | گرم خشک ۲ | گرم مزاجون کو | جوش کرلینا اور دوغ و انار ترش کا پینا | . | مکروہ و مختلف فیہ | اسکے گوشت کا کھانا بہادری و شجاعت پیدا کرتا ہی اور قسی القلب و سخت دل کرتا ہی اور اسکے کباب سرد مزاجون کی باہ کو قوت دیتے ہین اور اسکا گوشت جلا ہوا مرطوب مزاجون کے دستون کو بند کرتا ہی اور اسکا خون پھوڑے وغیرہ کو مفید ہی (غیر سمی) |
| ۷۴۶ | گوشت گینڈے کا | گوشت کرگدن | لحم المر | سرخ و سیاہی مائل | کرخت و تیز | ایک چوپایہ جانور ہی بڑا ہاتھی سے شبیہ مشہور کے الا اسکے ماتھے پر ایک سینگ ہوتا ہی اور اسکے چوتڑ کی کھال نہایت کرخت ہی | گرم خشک ۳ | قاتل ہی | . | . | حرام | اعضا مین سستی از حد لاتا ہی حتی کہ ہلاکت کا باعث ہوتا ہی اور سینگھ بواسیر اور دشواری ولادت کو مفید ہی اور اسکی چربی کا ملنا نظرون مین صاحب مہابت و شجاعت ظاہر کرتا ہی اور اسکی کھال کا تیل نکالا ہوا ہمراہ تلی کے تیل کے پھوڑون اور زخمون کو بھر لاتا اور مفید ہی۔ (سم ہی) |
| ۷۴۷ | گوشت لٹورے کا | گوشت سکینہ | لحم الشقراق | گلابی | نمکین | ایک پرند جانور ہی گوریا سے بڑا اور گوریا کو شکار کرتا ہی۔ | گرم خشک ۲ | درد سر پیدا کرتا ہی اور گرم مزاجون کو | سکنجبین | . | حلال | غلیظ ریاح اور مواد بلغمی کو خوب تحلیل کرنے والا ہی اور دیر ہضم اور اسکی بیٹ کا لیپ چہرہ کی سیاہی اور چھائین کو دفع کرتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۴۸ | گوشت لک لک کا | گوشت لک لک | لحم اللقلق | سرخ سیاہی مائل | بساندہ بدبودار | ایک پانی کا پرند جانور ہے قوی الجثہ | گرم خشک ۲ | گرم مزاجوں کو | گھی اور دھنیا | مور | حلال | فالج اور لقوہ اور رعشہ کو مفید ہے اور ریاح غلیظ کو تحلیل کرتا ہے اور جو سردی کسی عضو میں قائم ہوگئی ہو اسکو دفع کرتا ہے اور ضعف باہ کو مفید ہے اور اسکے انڈے پینے اثر میں گوشت سے قوی الاثر زیادہ ہیں اور اسکے خون کا ملنا سیاہ داغ کو مفید ہے اور اسکی بیٹ چھائیں اور جلد کے نشانوں کو کھوتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۴۹ | گوشت لوے کا | ۰ | لحم السلوی | گلابی | نمکین و خشک | مشہور ایک پرند جانور ہے برابر فاختہ کے اور شبیہ بھی اسی کی۔ | گرم ۲ و خشک ۲ | دیرہضم اور قابض ہے | سرکہ اور گھی | ۰ | حلال | دماغ اور جگر کو قوت بخشتا ہے اور کھانا خوب کھلاتا ہے اور دُبلے لوگوں کے لیے غذائے موافق ہے اور سُدّے کھولتا ہے اور جلندر اور غلیظ ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور فالج کو مفید ہے اور آنتوں کی سردی کو دفع کرتا ہے اور پٹھوں کی سردی کو بھی دفع کرتا ہے اور باہ کو حرکت دیتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۵۰ | گوشت لومڑی کا | گوشت روباہ | لحم الثعلب | سرخ سیاہی مائل | بساندہ و بدبودار | ایک چوپایہ جانور ہے برابر بلی کے جنگلی ہے | گرم خشک ۲ | کھایا نہیں جاتا کہ بعض زہر ہے کے لیے | سکنجبین و انار [illegible] و آب دوغ | نیولا | حرام | اسکو زندہ پکڑ کے اور ہاتھ پاؤں باندھ کے پانی میں ڈالکر خوب پکا دیں کہ بالکل گل کر ریشہ ریشہ ہو جاوے اُس پانی سے دھارنا نقرس اور گٹھیا کو مفید ہے اور اسکی چربی ہمراہ روغن زیتون کے ملنا کان کے درد اور گٹھیا کو مفید ہے اور اسکی کھال جلائی ہوئی آگ کے جلے ہوئے اور بواسیر کو اور زخموں کو مفید ہے اور اسکا گوشت کھانا آبی جلندر کو مفید ہے۔ (سم ہے) |
| ۷۵۱ | گوشت مرغابی کا | گوشت مرغابی و قاز | لحم الاوز و طیر الماء | سرخ خوب | بساندہ و نمکین | ایک پرند جانور ہے پانی میں رہتا ہے اور اسکی کئی قسمیں ہیں | گرم تر۔ | نفاخ اور دیرہضم ہے | آب انار و آبکامہ | بط | حلال | غلیظ غذا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور باہ کو حرکت دیتا ہے اور اسکی چربی کی مالش کرنا اور تمدد اور تشنج امتلائی کو مفید ہے اور سرد ورموں اور سختی مقعد کو تحلیل کرتی ہے اور شگاف مقعد کو نافع ہے اور جلد کے نشانوں کو کھوتی ہے اور اسکے سر کا بھیجا لگانا ورم مقعد کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۵۲ | گوشت مرغی کا | گوشت مرغ و ماکیان و خروس | لحم الدجاج والدیک | گلابی | قدرے بساندہ | مشہور ہے | جوان گرم ۱ وتری میں معتدل ہے اور بچہ میں تری ہے | ہمیشہ کھانا بواسیر اور نقرس پیدا کرتا ہے | گھی | کبوتر خانگی | حلال | کثیر الغذا ہے اور عقل کو تیز کرتا اور بڑھاتا ہے اور منی زائد پیدا کرتا ہے اور دماغ و فہم و ادراک اور ذہن کو قوت بخشتا ہے اور باہ زیادہ لاتا ہے اور قولنج کو نافع ہے اور رنگ اور آواز کو صاف کرتا ہے اور اگر اسکے پیٹ کو چاک کرکے اور آلائش سے پاک کرکے گرما گرم سانپ کاٹنے کی جگہ پر چپکا دیں تو اسکی سمیت کو دفع کرے اور اسی طرح لیثرغس اور سرسام کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۵۳ | گوشت ممولے بھجنگی کا | گوشت سریچہ و سنگانہ | لحم [illegible] العصفور | گلابی | نمکین | ایک پرند جانور نہایت چھوٹا گوریا سے ہے | گرم خشک ۲ | گرم مزاجوں کو | ۰ | لٹورہ | حلال | اسکو بریان کرکے ہمراہ شہد کے استعمال کرنا گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ بہاتا ہے اور پیشاب خوب لاتا ہے اور دشواری سے پیشاب آنے کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۵۴ | گوشت مور کا | گوشت طاؤس | لحم الطاؤس | سرخ سیاہی مائل | بساندہ | ایک پرند جانور خوبصورت ہے چوٹی دار۔ | گرم خشک ۲ | دیرہضم اور غلیظ ہے | گرم مصالحہ | ۰ | حلال | معدہ کو قوت دیتا ہے اور اسکا شوربہ ذات الجنب اور درد پہلو کو مفید ہے اور اسکی چربی کا طلا باہ کو حرکت دیتا ہے اور اسکی ہڈی جلائی ہوئی کا منجن دانتوں کو قوی کرتا ہے اور اسکے پتے کو ہمراہ سکنجبین کے پینا پرانے پرانے دستوں کو بند کر دیتا ہے اور اسکے خون کا لیپ زخموں کو بھر لاتا ہے اور مفید ہے اور اسکی بیٹ ملنا چھائیں اور مسوں کو کھوتا ہے اور اسکے دُم کے سونے نکالے ہوئے کا سرمہ عمدہ چیز ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۵۵ | گوشت [illegible] کا | گوشت [illegible] | لحم العقعق | سرخ سیاہی مائل | بساندہ و بدمزہ | ایک پرند جانور سیاہ رنگ برابر و مشابہ کوے کے ہے اور بعض جنگلی کوا بتاتے ہیں۔ | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | کوا | مختلف فیہ | قوت حافظہ کو قوی کرتا ہے اور اسکے سر کا بھیجا بچوں کے ذہن کو قوی کرتا ہے اور اسکے پتے کا پانی آنکھوں میں ڈالنا مقوی بصر ہے اور آنکھ کے زخم کو مفید ہے اور کہتے ہیں کہ آنکھوں میں اسکے پتے کا سرمہ لگانیوالا نظر خلائق میں محبوب ہوتا ہے اور اسکی بیٹ چھائیں اور سیاہ داغ کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۵۶ | گوشت کوّے کا | گوشت زاغ | لحم الغراب الاسود | سیاہ | بسانذہ و بدبودار | مشہور ہی | گرم خشک ۳ | پھیپھڑے کو اور دیر ہضم ہی | گرم مصالحہ | چیل | حرام | ردّی الغذا ہی اور اسکے شوربے کا پینا ریاح غلیظ اور قولنج کو دفع کرتا ہی اور ایسا ہی اسکے شوربے مین بیٹھنا بھی ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور اسکی بیٹ بینائی کو جلا دیتی ہی اور چھائین کو دفع کرتی ہی اور اگر سیاہ کوّے کو زندہ ایک برتن مین رکھین اور اسپر لوہے کا برادہ اور ترشی کا پانی و سرکہ تیز ڈالکر اور برتن کا منھ بند کرکے گھوڑے کی لید مین دبا دین چالیس روز تو وہ تیل ہو جائیگا وہ عمدہ خضاب ہی۔ (کھانا جائز نہین ہی) |
| ۷۵۷ | گوشت مگرمچھ و گھڑیال کا | گوشت نهنگ | لحم التمساح | گلابی و سفید | تلخ و بسانذہ | ایک دریائی خاردار جانور ہی قوی الجثہ اور شہ زور | گرم ۲ خشک ۳ | ردی الکیموس ہی | . | . | مختلف فیہ و حلال | اسکا گوشت باہ کو قوت اور حرکت دیتا ہی اور دبلے پتلے لوگون کو فربہ کرتا ہی اور قولنج کو نافع ہی اور اسکی لید آنکھ کے جالے کو مفید ہی اور اسکی چربی روغن گل کے ہمراہ درد سر اور آدھا سیسی کو نافع ہی اور کان مین ڈالنے سے کان کے بہرے ہو جانے اور درد کو مفید ہی اور اسکی مالش درد گردہ و کمر کو نافع کرتی ہی اور اسکا داہنی طرف کا دانت داہنے بازو پر باندھنا بالخاصہ قوت باہ کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۷۵۸ | گوشت نیل گاے کا | گوشت نیل گاؤ | لحم البقر الوحش | گلابی سیاہی مائل | نمکین | ایک جنگلی چوپایہ جانور ہی برابر گدھے کے اور گورخر کے مشابہ | گرم خشک ۳ | نفاخ ہی | گرم مصالحہ | . | حلال | جلد ہضم ہوتا ہی اور سودا پیدا کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور سرد مزاجون کی باہ کو قوی کرتا ہی اور اسکا سینگھ جلایا ہوا ہمراہ کتیرا کے خون کے بہنے اور رطوبی و خونی سیلان رحم کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ۷۵۹ | گوشت نیل کنٹھ و کشناس کا | گوشت سبزک | . | نیلا | بسانذہ | ایک پرند نیلا و سیاہی مائل ہی برابر کبوتر کے | گرم خشک ۲ | . | . | . | مختلف فیہ و حرام | سودا پیدا کرتا ہی اور فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتا ہی اور خون کے جوش کو بھی نافع ہی اور آتشک مین اسکا گوشت کھانا مفید ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۶۰ | گوشت نیولے کا | گوشت راسو | لحم ابن العرس | گلابی | بدبودار | ایک جانور مشابہ چوہے کے اس سے لانبا موٹی دم کا | گرم خشک ۳ | گرم مزاجون کو | سرکہ | گوہ | حرام | نیولے کو ذبح کرکے اور اسکے پیٹ کو چاک کر آلائش سے پاک کرکے روغن زیتون مین اسقدر پکا وین کہ بالکل گھل جاوے پھر اس تیل کو صاف کرکے چھان کر رکھ چھوڑین اور گٹھیا اور نقرس پر ملنا نافع ہی اور ریاح بواسیری کو نافع ہی اور آلہ تناسل و اسکے اطراف و کمر پر ملنا باہ کے لیے مجرب ہی (قریب سم ہی) |
| ۷۶۱ | گوشت بوتی و نکچلنی کا | گوشت داق | . | گلابی | بسانذہ | ایک پرند جانور ہی کنارہ پانی کے بالشت بھر کا اسکے سر کے پر مثل کاکل کے لٹکتے ہین | گرم ۲ خشک ۱ | گرم مزاجونکو | ترش میوہ اور سکنجبین | . | حلال | ریاح تحلیل کرتا ہی اور فالج کے لیے بہت مفید ہی اور اسکا تیل نکالا ہوا فالج مین ملنا نافع ہی اور اسکا پتہ آنکھ کے جالے کو اور سیاہ داغ کو مفید ہی اور بواسیر کے لیے اسکا گوشت مجرب ہی - (غیر سمی) |
| ۷۶۲ | گوشت ہاتھی کا | گوشت پیل | لحم الفیل | سیاہی سرخی مائل | نمکین و بدمزہ | ایک چوپایہ جانور بڑے جثہ والا اور سونڈ والا مشہور ہی | سرد خشک ۲ | کھایا نہین جاتا | . | . | حرام | اسکے پتے کا سرمہ بینائی کو جلا دیتا ہی اور قوت دیتا ہی اور اسکا ناخن آنکھ کے جالے اور ماندے کو چھانٹتا ہی اور اسکا پیشاب پینا عورت کے حاملہ ہونے کے لیے مجرب ہی اور اسکی لید کا حمول رکھنا حمل نہ رہنے کو ہمیشہ مانع ہی اور اسکی لید کی دھونی پرانے بخارون کو نافع ہی اور اسکی کھال کا تعویذ باری بخار کو مفید ہی اور اسکے دانت کا برادہ بعد طہر کے معین حمل ہی- (قریب السم ہی) |
| ۷۶۳ | گوشت ہُدہُد | گوشت مرغ سلیمان و پوپک | لحم الہدہد | گلابی | قدرے بسانذہ | ایک پرند جانور ہی تاجدار سرخی مائل و سیاہ و زرد نقطہ دار | گرم خشک ۱ | . | . | . | حلال | سدے کھولتا ہی اور قولنج اور بحیش کو مفید ہی اور گردہ و مثانہ مین خون جمے ہوے کو تحلیل کرتا ہی اور اسکا دل تازہ گھی مین تلا ہوا ہمراہ شہد کے ذہن کو اور حافظہ کو قوی کرتا ہی اور خشک کیا ہوا دل و باہ کو قوت دیتا ہی اور اسکے پتے کا سرمہ آنکھ کے جالے کو نافع ہی اور اگر ذبح کرکے دروازہ پر لٹکا دین تو سحر کو دفع کرتا ہی اور ام الصبیان کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | حلال یا حرام | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۶۴ | گوشت ہڑگیلہ کا | گوشت مردار خوار | لحم الرخمہ | سرخ | بدبودار | ایک پرند جانور ہے گدھ کے مشابہ اور اس سے بڑا اسکی گردن میں ایک تھیلی ہوتی ہے پُرحرارت | گرم ۲ وخشک ۱ | پیاس لاتا ہے اور اخلاط کو جلا دیتا ہے | . | . | مختلف فیہ وحرام | اسکی کھال سوکھی ہوئی کا جھڑکنا خون بہنے کو مفید ہے اور زخموں کو بھر لاتا ہے اور سرکہ کے ہمراہ داد کو نافع ہے اور اسکا پتہ ہمراہ روغن بنفشہ کے کان میں ڈالنا مخالف طرف آدھا سیسی کو بالخاصہ مفید ہے اور تجربہ کیا ہوا ہے اور اسکی بیٹ کا حمول بچہ کو ساقط کرتا ہے اور حیض جاری کرتا ہے اور اسکا سنگدانہ ہمراہ سرکہ کے سفید داغ کو مفید ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۶۵ | گوشت ہرن کا | گوشت آہو | لحم الظبی والغزال | گلابی | روکھا و پھیکا | مشہور چوپایہ جانور ہے | گرم خشک ۲ | دیر ہضم ہے اور قولنج پیدا کرتا ہے | سکنجبین مع ترش میوہ | گلے کا گوشت | حلال | تمام افعال میں مزاج انسانی کے موافق ہے اور کثیر الغذا ہے اور خشکی لاتا ہے اور فالج اور استرخا اور سرد بیماریوں کو مفید ہے اور اسکی کھال پر بیٹھنا باہ کو کم کرتا ہے اور کیڑے مکوڑوں کو بھگاتا ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۶۶ | گوشت ہنس کا | | لحم الزعان | گلابی | بسانده قدرے | ایک پرند آبی جانور ہے دراز گردن مشابہ سارس کے اس سے چھوٹا | گرم تر | نفاخ اور دیر ہضم ہے | گرم مصالحہ | . | حلال | اسکا گوشت باہ لاتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور صفرا کی تیزی کو دفع کرتا ہے اور آواز کو صاف کرتا ہے اور رنگ رخسارہ کا صاف اور پُررونق کرتا ہے اور سرخ بادہ کو مفید ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۶۷ | گوکھرو | خارخسک | خسک | سبز زرد | قدرے تلخ | ایک گھانس کے کانٹے ہیں مشہور | گرم خشک ۲ | طحال کو | بادام | تخم خیارین | قدر شربت ۷ ماشہ | پیشاب جاری کرتا ہے اور گردہ ومثانہ کی پتھری توڑ بہاتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور ریاح کو صادر کرتا ہے اور درد کمر اور جلندر اور ریاحی قولنج کو مفید ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے اور حیض جاری کرتا ہے۔ (غیرسمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۶۸ | گوکھرو کا ساگ | ترہ خارخسک | بقل الخسک | سبز | قدرے کسیلا | مشہور | خشک ۲ | طحال | نمک | خرفہ کا ساگ | . | طبیعت کو نرم کرتا ہے اور پتلا خون پیدا کرتا ہے اور ریاح خوب صادر کرتا ہے اور ردی الکیموس ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور پیشاب اور حیض جاری کرتا ہے اور اسکا رانگ تازہ سوزاک اور پیشاب کی سوزش کو نافع ہے اور ورم کی سوزش کو اسکا لیپ نافع ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۶۹ | گوگل | بوے جہودا | مقل ازرق | سیاہ و سرخ | تلخ | ایک درخت کا گوند جما ہوا ہے مشہور | گرم ۳ وخشک ۲ | پھیپھڑے اور جگر کو | کتیرا اور زعفران | ایلوا اور مرکی | ۳ ماشہ | جلا کرتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور لسدار خلطوں کو نکالتا ہے اور کزاز اور گلے کے درد اور درد سر اور تر کھانسی کو مفید ہے اور اسکی دھونی کیڑے مکوڑوں کو بھگاتی ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۷۰ | گولر | ثمر پشہ وانجیر آدم | جمیز | خام سبز پختہ سرخ | خام پھیکا پختہ شیرین | انجیر کے برابر ایک پھل مشہور ہے | گرم ۲ وتر ۱ ونزدیک بعض کے سرد ہے | معدہ کو اور بخار پیدا کرتا ہے | انیسون وسکنجبین | . | . | اسکا پھل نفاخ اور ردی الغذا ہے اور وسواس اور سوکھی کھانسی کو اور سینہ کے درد اور طحال وگردہ کے درد کو مفید ہے اور منہ سے خون آنے کو نافع ہے اور امراض چشم کے لیے [illegible] کھانا بالخاصہ مفید ہے اور اسکا لعوق کھانسی اور دمے اور پرانی کھانسی کو نافع ہے اور اسکے پتے پیسے ہوئے دستوں کو بند کرتے ہیں اور اسکی لکڑی کی راکھ آتشک کے چھالوں کے لیے مفید ہے۔ (غیرسمی) |
| ۷۷۱ | گومہ | . | . | سبز | پھیکی | ایک گھانس چھتہ دار گول پتے اور سفید وخوشنما پھول والی ہے | گرم خشک ۲ | گرم مزاجوں کو | انار | گڑ کا ساگ | . | طبیعت کو نرم کرتا ہے اور فساد ریاح وبلغم کو دفع کرتا ہے اور کانوں کو مفید ہے اور اعضا کی سوجن کو نافع ہے اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور اسکا ساگ پکا کے کھانا بھوک کو خوب کھولتا ہے اور اسکے بیج پیس کے ناف پر لیپ کرنا قوی ممسک ہے۔ (غیرسمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۷۲ | گوند بطم کا | صمغ بطم | علک البطم | سیاہی مائل | تلخ | درخت بطم کا گوند ہی | گرم ۲ خشک ۲ | منھ آجاتا ہی | آب برگ مودیغہ ادھر اسے کلی کرنا | مصطگی | . | مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور بلغمی کھانسی کو مفید ہی اور خشک و تر کھجلی کو نافع ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۷۳ | گونڈل | برزد | بردی | سبز و زرد | تلخ | ایک گھانس ہی جسکے پتے کھجور کے پتے سے مشابہ ہین اور اُسکی رسی بناتے ہین | سرد ۲ خشک ۱ | اعضای شکمی کو | شہد | . | . | اُسکا پانی دانتون کو جلا دیتا ہی اور خون بہنے کو بند کر دیتا ہی اور اسکا چبانا مُنھ سے پیاز کی بدبو کو دفع کرتا ہی اور لہسن و شراب کی بدبو بھی دفع کرتا ہی اور اسکے تبو نکالیب دمونکو تحلیل کرتا ہی اور اسکے پتے جلے ہوے ہمراہ سرکہ کے پینا ورم طحال کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۷۴ | گوندنی | . | . | پھل خام سبز پختہ سُرخ | خام پھیکا پختہ شیرین | ایک درخت ہی جسکے پھل گول برابر فالسہ کے ہوتے ہین لسدار | سرد تر | اسیر بانی پیناغشی اور متلی لاتا ہی اور نفاخ ہی | قند | سپستان | . | طبیعت کو نرم کرتی ہی اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہی اور کھانسی کو مفید ہی اور آواز کو صاف کرتی ہی اور باہ کو زیادہ کرتی ہی اور منی کو گاڑھا کرتی ہی اور اسکے پتے اور اسکی جڑ اور ٹہنی کی چھال مُنھ آنے کو اور منھ کے دانونکو مفید ہی اور پتون کی راکھ زخم کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۷۵ | گھنگچی | چشم خروس | عین الدیک | پتے سبز اور بیج سُرخ | تلخ و پھیکا | ایک بلیدار گھانس ہی مشہور ہی | گرم ۳ خشک ۲ | گرم مزاجونکو پھنیا اور دردسر پیدا کرتا ہی | سونکھا اور تازہ دودھ | . | ۱۔ ماشہ | فرحت بخشتی ہی اور پٹھون کو قوت بخشتی ہی اور قوتون کی نگہبانی کرتی ہی اور بڑھاپے کو مانع ہی اور قوت باہ اور منی کے زیادہ کرنے کے لیے مجرب جانتے ہین الا بہتر اُسین بقید ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۷۶ | گھی | روغن زرد | سمن و زبد | سفید و زرد و چکنا | پھیکا | دودھ کو جماکے اُسکی چکنائی متھ کے کانجھکر نکالتے ہین | گرم تر ۱ | معدہ مین سستی پیدا کرتا ہی اور بھوک کو مارتا ہی | نمک و شہد | تازہ دودھ | ۵ تولہ | طبیعت کو نرم کرتا ہی اور مادہ کو معتدل القوام کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور اعضا کو قوی کرتا ہی اور سُدے کھولتا ہی اور آواز کو صاف کرتا ہی اور سینہ کی کھرکھراہٹ کو دفع کرتا ہی اور حلق کی خشکی کو بھی دفع کرتا ہی اور خشک کھانسی کو مفید ہی اور طبیعت کو فرحت بخشتا ہی اور دماغ کو قوت دیتا ہی اور بچون کے مسوڑون پر ملنے سے اُنکے دانت جلد اور باسانی نکلتے ہین اور اکثر زہرون گرم و خشک کی مارگ ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۷۷ | گھیکوار | فیقرا | حبارا | باہر سبز و گودہ سفید | تلخ و بدبودار | ایک رخت ہی جسمین فقط پتے ہوتے ہین شاخ نہین ہی اور پتے بہت گندہ جسکے اندر گودہ لعابدار ہوتا ہی اسی کو پکا کے ایلوا بناتے ہین | گرم خشک اور بعض کے نزدیک ۳ مین | گرم مزاجونکو | . | . | ۲ ماشہ | مادہ صفراوی کو براہ دست نکالتا ہی اور بلغمی امراض کو اکثر نافع ہی اور طحال اور پیٹ کے درد کو مفید ہی اور کھانا خوب ہضم کرتا ہی اور بھوک بڑھاتا ہی اور اسکے گودہ مین پانچ تولہ بیسن گندھے ہوے کی روٹی بہت سے گھی مین ملکے ہمراہ شکر کے کھانا باہ کو قوی کرتا ہی اور اسکے پتے کے گودہ کا لیپ ہمراہ آنبہ ہلدی کے ورم اور سختیون کو تحلیل کرتا ہی اور آنکھ کی چوٹ اور سرخی کو اسی طرح ہمراہ زاگ کے مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۷۸ | گیرو | گِل سُرخ مصری | طین الاحمر مغربی | سرخ | پھیکا | ایک مٹی کی ڈلی مشہور ہی | سرد خشک ۲ | آنتوں اور طحال کو اوسدہ پیدا کرتا ہی | مصطگی | کتیرا و گِل قبرسی | ۵ ماشہ یا ۲ ماشہ تا ۷ ماشہ | قابض ہی اور خشکی لاتا ہی اور مواد کو پختہ کرتا ہی اور خون کو بند کرتا ہی اور گرمی کو تسکین دیتا ہی اور اکثر اعضا کی گرمی کو دفع کرتا ہی اور آنتون کی خراش اور آنتون کے زخم اور مثانہ کے زخم اور بواسیر اور جریان کو مفید ہی اور خون حیض کو بند کرتا ہی اور کیڑے مارتا ہی اور اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۷۹ | گیندے کا پھول | گل صدبرگ | . | سرخ وزرد پتے سبز | پھیکا و تیز و تیز بو | ایک گھانس کا بڑا پھول ہے اور خوشنما برسات مین جمتا ہے | گرم خشک | . | . | دونا مروا | . | اسکے پتون کا رانگ کان مین ڈالنا کان کے درد کو مفید ہے اور پستان کے ورم کو تحلیل کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور اسکے پتونکے جوشاندہ کی کلی دانتون کے درد کو دفع کرتی ہے اور اسکے پتون کا رانگ ہمراہ نمک ور کالی مرچ کے پینا بواسیر کو نافع ہے اور اسکے پھول کی پونڈی کا سفوف ہمراہ شکر اور خالص گھی کے ایک تولہ دے اور کھانسی کے لیے مجرب ہے الا پانی سے احتراز رکھے۔ (غیر سمی) |
| ۷۸۰ | گیہوں | گندم | حنطہ | زرد و سفید و سرخ | پھیکا و قدرے شیرین | ایک مشہور غلہ ہے | گرم ۱ - و معتدل | سدے والونکو اور چشتا کے عرق والونکو | سرکہ و کانجی | جو | . | اسکی روٹی صحیح سالم کے لیے سب غذاؤن سے بہتر غذا ہے اور کثیر الغذا ہے اور خون صالح پیدا کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور اسکے آٹے کی خمیری روٹی نفاخ ہے اور نرم کرنے والی طبیعت کی ہے اور گیہوں چبا کے گلٹیون وغیرہ پر لیپ کر دینا مواد کو پختہ کرتا یا تحلیل کرتا ہے اور اسکے آٹے کی مہیری نیم کی پتی کے رانگ مین پکائی ہوئی پھوڑون اور بد کو مفید ہے اور اسکا تیل داد اور چھائین اور سفید داغ کو نافع ہے اور کچے گیہوں کھانا معدے مین کیڑے پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۸۱ | گیہوں جنگلی | گندم وحشی | دوسر | سبز دانہ سیاہ | قدرے تلخ و پھیکا | ایک گھانس مشابہ گیہوں کے ہے اس سے لانبی اور کرخت ہے | گرم - ۱ تر - ۲ | انتڑیوں کو | گوگل و کتیرا | کالا دانہ | ۳ ماشہ | مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتا ہے اور دست آور ہے اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتا ہے اور خشکی لاتا ہے اور سخت سخت ورمون کو نرم کرتا ہے اور معدے کے کیڑے مارتا ہے اور تشمیزج یعنی چاکسو اور مصری کے ہمراہ اسکا سرمہ آنکھ کے روہے اور گوہانی کو دفع کرتا ہے اور مفید ہے اور اسکا لیپ خشک کھجلی کو اور سخت ورمون کو ابتدا مین اور بالخورہ کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | باب ۲۳ اللام | | | اور اسمین چھبیس ۲۶ دوائیان ہین۔ |
| ۷۸۲ | . | لاجورد | لازورد | زنگاری و سنہری نقطہ دار | پھیکا | ایک پتھر ہے فیروزی مشہور ہے | مغسول یعنی شستہ سرد خشک اور غیر مغسول یعنی غیر شستہ گرم خشک ۲ | معدہ کو اور کرب لاتا ہے اور غشی لاتا ہے | مصطگی اور کتیرا و شہد | حجر ارمنی | ۳ ماشہ | جلا کرتا ہے اور اخلاط کو صاف کرتا ہے اور مادہ سوداوی کو دستونکی راہ نکالتا ہے اور غلیظ خلطونکو بھی نکالتا ہے اور مالیخولیا اور درد گردہ اور وحشت و غم اور امراض سوداویہ کو مفید ہے اور قابض ہے اور مفرح ہے اور دل کو قوت بخشتا ہے اور آنکھونکی بیماریون یعنی رمد یعنی آشوب چشم اور آنسو فراہیے بہنے کو اور جالے و ماڑے کو مفید ہے اور اسکی سلائی بنی ہوئی ہمراہ مناسب دواؤن کے باقاعدہ آنکھون کے امراض کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۸۳ | . | لادن | لاذن | سیاہ سرخی مائل | خوشبودار قدرے تلخ | ایک پہاڑی درخت کی لسدار رطوبت ہے کہ ممالک فرنگ سے اسکی ٹکیاں بنا کر لاتے ہین | گرم ۱ خشک ۲ | گرم مزاجون کو اور کرب پیدا کرتی ہے | گلاب و صندل و سنبل رومی | . | ۲ ماشہ | لطافت بخشتا ہے اور مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتا ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور پیشاب و حیض و دودھ جاری کرتا ہے اور معدہ و جگر کو قوت دیتا ہے اور ہچکی کو دفع کرتا ہے اور سردی کے دردونکو مفید ہے اور بچہ کو جلد پیدا کرتا ہے اور زخمونکو بھر لاتا ہے جو کسی طرح نہ بھرتے ہون اور اسکا حمول خناق رحم اور سختی رحم کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۷۸۴ | . | . | لاغیہ | سیاہی مائل | تلخ | ایک درخت ہے دودھ والی گھانس کا پتے گول زرد رنگ اور پھول زرد | گرم خشک ۲ | آنتونکو | کتیرا | فراسیون و محمودہ | ۲ ماشہ | قوی دست آور ہے اور قے بہت لاتی ہے اور واسطے زقی یعنی مشکی جلندر کے مفید ہے اور زرد زردیت اور جلی ہوئی خلطونکو نکالتی ہے اور اپنے افعال مین قریب ہے محمودہ کے اور جس تالاب مین مچھلیاں ہون اسمین ڈالدے تو مچھلیاں مرکے اوپر آتی ہین۔ (غیر سمی و نزد بعضے قریب بسم ہے) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۸۵ | لاکھ | لاک | لک | زرد سرخی مائل | پھیکی | مختلف درختوں میں جو پیدا ہوتی ہیں گوند سا پیدا ہوتا ہی اکثر بیر اور پیپل وغیرہ میں زیادہ ہوتا ہے | گرم و خشک ۲ اور مغسول لطیف تا ہی | طحال اور سینہ کو | مصطگی | ریوند و طباشیر | ۱ ماشہ | جلا کرتی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی ہی اور اخلاط کو پاک کرتی ہی اور جگر و طحال کا سدہ کھولتی ہی اور فالج اور کھانسی اور دمہ اور جلندر اور کانور کو مفید ہی اور ضعف گردہ کو نافع ہی اور جگر کو قوت بخشتی ہی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور بدن کو دبلا کرتی ہی اور باہ کو قوت دیتی اور امساک لاتی ہی (غیر سمی) |
| ۷۸۶ | لال | لعل | لعل بدخشانی | سرخ و روشن | پھیکا | ایک سرخ اور روشن و براق پتھر ہی سب پتھروں سے بہتر و عمدہ | معتدل مائل بحرارت | . | . | . | ایک جو تا دو جو | روح کو فرحت دیتا ہی اور دل و دماغ اور قوای طبیعی و نفسانی کو اور پٹھوں اور بینائی کو قوت بخشتا ہی اور یاقوت احمر سے قوی الاثر زائد ہی اور خون بہتے ہوئے اور خون بواسیر کو بند کرتا ہی اور کل سوداوی امراض میں مفید ہی اور اکثر سمیات کا تریاق ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۸۷ | لال ساگ | [illegible] | عصی الراعی | ادوہ و سرخ | قدرے شیرین | مشہور ساگ ہی چند قسم کا ہوتا ہی | سرد ۲ خشک ۱ | پھیپھڑے کو | صندل و انجیر و شربت نفشہ | جولائی | . | قابض ہی اور مواد کو پختہ کرتا ہی اور خون بہنے کو بند کرتا ہی اور منہ سے خون آنیکو مفید ہی اور صفراوی قی کو اور دستوں کو روکتا ہی اور پرانے پرانے صفراوی دستونکو اور حیض کو بند کرتا ہی اور ظاہری و باطنی حرارت کو تسکین دیتا ہی اور قولنج کو مفید ہی اور اسکا لیپ سوزش معدہ کو تسکین دیتا ہی اور سرو کرتا ہی اور اسکے پتوں کا رانگ کان کے درد کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۸۸ | لالہ | لالہ | شقائق نعمان | سرخ و زرد اندر قدرے سیاہ | قدرے تلخ | ایک گھانس کا جیسے پتے اور درخت بالکل مشابہ افیم کے درخت کے ہیں خوشنما پھول ہی۔ | گرم خشک ۲ | گردہ و مثانہ کو | . | . | ۳ ماشہ | لطافت بخشتا ہی اور سدے و مسام کھولتا ہی اور خشک کیا ہوا پھول اسکا شکی اعضا کے درد کو مفید ہی اور اکثر اعضاء کے درد کو نافع ہی اور اسکا سفوف ہمراہ دودھ کے پینا پیشاب اور حیض اور دودھ کو جاری کرتا ہی اور باہ لاتا ہی اور امساک کرتا ہی اور کسیقدر اعضا کو سست کرتا ہی (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۸۹ | لائی | انگجدہ | انزروت و کحل فارسی | سرخ اور سفید زردی مائل | تلخ | ایک خار دار درخت کا گوند ہی جسکو عربی میں ساکہ کہتے ہیں | گرم ۲ و خشک ۱ | انتونکو | صمغ عربی اور روغن بادام | نشاستہ اور ایلوا | ۲ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتا ہی اور ورموں کو تحلیل کرتا ہی اور ریاح کو بھی تحلیل کرتا ہی اور سدے کھولتا ہی اور خشکی لاتا ہی اور مادۂ بلغمی کو دستوں کی راہ نکالتا ہی اور زخمونکو بھر لاتا ہی اور بسبب لس کے آنتوں اور گونکے منھ میں جیک کے سدہ لاتا ہی اور بچہ کو قبل از گذرنے میعاد کے گرا دیتا ہی اور فربہی لاتا ہی اور معدے کیڑے مار نکالتا ہی اور جلد کے نشانوں کو دفع کرتا ہی اور گٹھیا اور زخموں سے خون بہنے کو مفید ہی (غیر سمی) |
| ۷۹۰ | لیلی | . | . | زرد | خوشبودار | ایک گھانس ہی ہندی مشہور | گرم تر | . | . | . | . | بالخاصہ خون بواسیر کو دفع کرتا ہی اور اسکے بیج کی گری امراض چشم کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۹۱ | لکھوٹے ولنگو | . | . | زرد | چاشنی دار و خام ترش | ایک درخت کا پھل ہی اکو بخارے کے برابر اسکے اندر بیج برابر گلاب جامن کے ہی | سرد تر | . | . | . | . | صفرا اور خون کی حدت یعنے تیزی کو دفع کرتا ہی اور اکثر صفراوی اور خونی بیماریونکو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۹۲ | لجالو و چھوئی موئی | . | . | سبز | کسیلا و قدرے تلخ | ایک گھانس ہی دو قسم کی ہوتی ہی ایک دریا کے کنارے ہوتی ہی اور دوسری جنگلی ایک سایہ سے کھلا جاتی ہی دوسری چھونے سے اسکے پتے ببول کے برابر ہوتے ہیں | سرد تر (۲) | طحال کو | شہد | برگ دفلی | کھاتے نہیں ہیں | ورم کو تحلیل کرتی ہی اور جلا کرتی ہی اور بلغم اور سودائی خالص کو دستوں کی راہ نکالتی ہی اور حیض جاری کرتی ہی اگر گرمی سے بند ہوگیا ہو اور بچہ کو پیدا کرتی ہی اور گرمی کا سدہ کھولتی ہی اور آتشک اور کوڑھ اور فیل پا کو پلانے اور کھلانے سے مفید ہی اور اسکے رانگ کے قطرے ٹپکانا پرانے پرانے زخموں اور ناسور کو مفید ہی اور اسکے رانگ سے پارہ کا کشتہ عمدہ تیار ہوتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹۳ | پھمنا پچھمنی | سنگ شکن و مہرہ گیاہ | بیروح الصنم و اصل اللفاح البری | سفید اور بھوری | تلخ و تیز بو | ایک جنگلی جڑ ہی بصورت اور ہمشکل آدمی لپٹے ہوئے کے دو قسم کی نر اور مادہ لفاح بری کی جڑ ہی لوگ غلط غلط اسکے قصے بیان کرتے ہین | سرد خشک ۲ | روح نفسانی | دار چینی اور شہد | دھتورہ | ۲ ماشہ | اسکی جڑ کی چھال خشکی لاتی ہی اور اعضا کو سست اور بیحس کرتی ہی اور ہمراہ زعفران کے اسکو پینا واسطے درد جوڑون کے مفید ہی اور شہد کے ہمراہ صفرا کو براہ قی نکالتی ہی اور اسکو گلے مین لٹکانا مرگی کے لیے نافع ہی اور اسکے ربع یعنے آنسو کا استعمال درد کو تسکین دیتا ہی اور وقت کاٹنے کسی عضو آفت رسیدہ کے اسکو پلاتے ہین کہ بیمار بیحس ہو جاے اور تکلیف نہ محسوس ہو۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۴ | لوبان لبان | ورخشنگ | کندر | زرد و بھورا | خوشبودار و تلخ | ایک درخت کا گوند ہی خشک مشابہ مصطگی کے | گرم ۲ خشک ۲ | گرم مزاجونکو | کاہو کا شیرہ | الحب البطم و مصطگی | ۲ ماشہ | معدہ اور باہ کو قوت دیتا ہی اور بھوک کھولتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور رانون و بلغم کو چھانٹتا ہی اور پیٹ کو گنگ کرتا ہی اور سردی کی کھانسی کو مفید ہی اور اسکی کلی اور منجن دانتون کے درد کو مفید ہی اور اسکی لکڑی کی خشکی خون بہنے کو مفید ہی اور اسکا تیل پھوڑونکو قوت دیتا ہی اور داد کو مفید ہی اور اسکی دھونی کمر اور جوڑون کے درد کو نافع ہی اور کیڑون کو بھگاتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۵ | لوبیا | لوبیا دلوبہ | فریقا | زردی مائل | پھیکا | ایک دانہ غلہ کا ہی قسم غلہ سے جسکی پھلی باقلا کی پھلی سے لانبی ہی | گرم ۱ تر ۲ | نفاخ اور دیر ہضم ہی | سونٹھ زیرہ و نمک | باقلا | . | جلا کرتی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی ہی اور پیشاب لاتی ہی اور سینہ و پھیپھڑے کو نرم کرتی ہی اور منی اور دودھ پیدا کرتی ہی اور باہ زیادہ کرتی ہی اور بدن کو فربہ کرتی اور خون نفاس سے پاک کرتی ہی اور بچہ جلد پیدا کرتی ہی اور درد گردہ کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۶ | لودھ پٹھانی | . | . | سفید | قدرے تلخ | ایک درخت کی چھال ہی ہندی مشہور | گرم خشک ۲ | قابض ہی | . | . | ۳ ماشہ | آنکھ کو قوت بخشتا ہی اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہی اور خون حیض کو بند کرتا ہی اور منی کو گاڑھا کرتا ہی اور باہ کو قوت دیتا ہی اور بعض باہی معجونون مین شریک کیا جاتا ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹۷ | لونگ | میخک | قرنفل | سیاہ | تیز و تیز بو | ایک جنگلی درخت کا پھول ہی | گرم خشک ۲ | گردہ اور انتونکو | صمغ عربی | دار چینی اور جاوتری | ۱ ماشہ تا ۴ ماشہ | فرحت لاتی ہی اور ارواح کو قوت بخشتی ہی اور باطنی اعضاء رئیسہ کو اور دماغ و ذہن کو اور ذکر کو قوت بخشتی ہی اور باہ زیادہ کرتی ہی اور سردی کے درد سر کو دفع کرتی ہی اور فالج اور لقوہ اور سکتہ اور نزلون کو مفید ہی اور کل امراض دماغی کو نافع اور سدے کھولتی ہی اور اسکا سرمہ آنکھ کو قوت دیتا ہی اور بینائی کو تیز کرتا ہی اور آنکھ کے سبل کو اور ناسور کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۸ | لونیے کا ساگ | . | بقلۃ الحمقا | سبز سرخی مائل | شور و ترش | ایک شور زمین کا خودرو ساگ ہی قسم خرفہ سے | تازہ سرد و خشک خشک گرم و خشک | نفاخ ہی اور طحال کو مضر ہی | پودینہ و مصطگی | خرفہ | . | طبیعت کو نرم کرتا ہی اور بلغم بڑھاتا ہی اور صفرا و خون کے جوش کو تسکین دیتا ہی اور پیاس اور گرمی کو بھی تسکین دیتا ہی اور جگر اور معدے کی گرمی کو دفع کرتا ہی اور گرمی کے بخار کو نافع ہی اور اسکے پتے بیس کے ہمراہ کالی مرچ کے پینا نکسیر اور پیشاب مین خون آنے کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۶۹۹ | لوہا | آہن | حدید | سیاہ و براق | کسیلا | معدنی ایک دھات ہی بیشتر اسکی کانین ہند مین ہین | سرد خشک ۲ | دردسر لاتا ہی | مسکہ | رانگہ و جستہ | . | خشکی لاتا ہی اور بواسیری ریاح کو نافع ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی اور امساک کرتا ہی اور باہ لاتا ہی اور اسکا خضاب بالونکو خوب سیاہ کرتا ہی اور فولادی لوہے کا پانی بجھایا ہوا اور اسکا عرق اعضا کو کر خشکی بخشتا ہی اور حدت صفرا و خون کے جوش کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۷۰۰ | لوہچون | نقال آہن | توبال الحدید | سیاہ | کسیلا | براوہ لوہے کا باریک مثل ریت کے ہی | گرم خشک ۲ | . | . | . | . | دستون اور خون کو بند کرتا ہی اور درب یعنے ضعف معدے کے دستون کو مفید ہی اور ضعف باہ کو نافع ہی اور بواسیر کو مناسب دواؤنکے ہمراہ مفید ہی اسکا خضاب عمدہ ہوتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۰۱ | لوہے کا میل | چرک آہن وریم آہن | خبث الحدید | سیاہ | نہایت کسیلا | مشہور ہی | گرم ۲ خشک ۲ | پھیپھڑے کو | کتیرا و شہد | انڈے کا چھلکا | ۳ ماشہ | نہایت خشکی کرتا ہی اور معدہ اور دل و دماغ کو قوت دیتا ہی اور منھ سے خون آنیکو مفید ہی اور حیض جاری کرتا ہی اور بواسیر اور طحال کو نافع ہی اور ورم کو تحلیل کرتا ہی اور باہ زیادہ کرتا ہی اور آواز کو صاف کرتا ہی اور سلس البول یعنی متواتر پیشاب ہونے کو نافع ہی اور آنتوں و مثانہ کے زخم کو مفید ہی اور اسکا بھی خضاب عمدہ ہوتا ہی اور اسکا کھانا بغیر برشتہ کیے جائز نہین ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۰۲ | لہسن | سیر | ثوم | سفید | تلخ و تیز | ایک گھانس کی جڑ ہی مثل پیاز کے | گرم خشک (۳) ساتھ تریاقیت کے | . | کتیرا اور دھنیا اور روغن بادام | پیاز | ۳ ماشہ | ریاح اور ورم کو تحلیل کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور معدہ کی رطوبت کو خشک کرتا ہی اور پیشاب و حیض جاری کردیتا ہی اور آواز کو صاف کرتا ہی اور حلق کو صاف کرتا ہی اور دھانس اور دمے اور پٹھے کی بیماریوں کو نافع ہی اور فالج اور لقوہ اور رعشہ کو مفید ہی اور سردی سے کان کے درد کے لیے اسکا کان مین رکھنا نافع ہی اور صحت کو قائم رکھتا ہی اور اسکا لیپ جلد ظاہری و باطنی مین زخم ڈالدیتا ہی اور اسکی معجون باہ کو قوی کرتی ہی اور پتھری توڑ دیتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۰۳ | لسوڑہ | سپستان | سپستان و دبق | خام سبز پختہ گلابی | خام پھیکا و پختہ قدرے شیرین | ایک درخت کا لسدار اور گول برابر جھربیری کے پھل ہی۔ | معتدل ہی | معدہ اور جگر کو | عناب اور گل سرخ | خطمی | ۲۰ دانہ | چیٹ اور سینہ کو نرم کرتا ہی اور حلق کے گھر گھرانے کو اور ورم حلق کو نافع ہی اور مواد صفراوی کو دستوں کی راہ نکالتا ہی اور بلغمی اور خونی مواد کو بھی چھانٹتا ہی اور تیزی صفرا اور خون کو اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور پیشاب کی جلن کو دفع کرتا ہی اور آنتوں کی خراش اور گرمی کی تپ کو مفید ہی اور درد اور خشک کھانسی کو اور درد سینہ کو نافع ہی اور اسکی کونپل بار بار پیشاب آنیکو اور سوزاک کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۰۴ | لہسن جنگلی | سیر دشتی | اسقردیون | سبز | تلخ | ایک جنگلی گھانس ہی لہسن کی ایسی اس سے چھوٹی | گرم خشک ۲ | گرم مزاجونکو اور آنتونکو | دھنیا اور انار ترش | پیاز دشتی | ۲ ماشہ | ریاح اور ورم کو تحلیل کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور طحال کی بیماریوں کو نافع ہی اور جلندر کو مفید ہی اور پیشاب و حیض خوب جاری کرتا ہی اور جلد مین زخم ڈالتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۰۵ | لیموں کاغذی | لیموں کاغذی | لیمون حامض | زرد و خام سبز | ترش | ایک پھل ہی جسکا رس ترش ہوتا ہی قسم اور مقدار کلانی مختلف ہی۔ | سرد ۲ اور تر ۲ و نزد بعضے خشک ۲ | پٹھوں اور سینہ اور باہ کو | عناب و شکر | نارنج | . | جگر کو قوت دیتا ہی اور سوزش و پیاس کو دفع کرتا ہی اور کانور اور تلی اور صفراوی قی کو مفید ہی اور اخلاط کو چھانٹتا ہی اور صفراوی بخار کو نافع ہی اور فساد ہوائے وبائی اور کیڑے مکوڑوں کے زہر کو دفع کرتا ہی اور مسلم ہمراہ نمک و کالی مرچ پسی ہوئی ہیضہ کو مفید ہی اور اسکے عرق مین چاکسو حل کیا ہوا جست کے ظرف مین آشوب چشم کو نافع ہی اور اسکا سونگھنا نزلہ کو بند کرتا اور منع کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۰۶ | لیموں میٹھا | لیموں شیرین | لیمون حلو | زرد | شیرین | شل و برابر لیموں کے پھل کے ہی الا شیرین۔ | گرم تر | پٹھونکو اکثر اتا ہی | لیموں ترش | ترنج | . | گرمی اور پیاس کو تسکین دیتا ہی اور معدہ و دل کو قوت دیتا ہی اور فرحت بخشتا ہی اور حدت و تیزی خون کو دفع کرتا ہی اور خفقان اور اختلاج قلب کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۰۷ | لیموں کے بیج | تخم لیموں | بزر لیموں | سفید | تلخ | مشہور ہی | سرد خشک | صدر کو | سونف | بادرنگ | ۲ ماشہ | قابض ہین اور دستوں کو بند کرتے ہین اور قی کو روکتے ہین خاصکر بریان کیے ہوے اور ہمراہ کالی مرچ اور نمک پسے ہوئے کے بینا پیاس اور بچوں کے ڈانکی کو مفید ہین اور تخمہ کو نافع ہین۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | | اور اسمین بہتر دوائیان ہین۔ |
| | | | | | | | | | | | | باب المیم |
| ۸۰۸ | مائین چھوٹی | مازو و گزمازج | عفص و ثمر الاثل | بھورا سرخی مائل | تلخ | درخت جھاؤ کا پھل ہی برابر چنے کے اُس سے کچھ بڑا۔ | سرد ۲ خشک ۲ | سر اور سینہ کو | دو قو و تخم کدو | مازو و شحم انار | تا ۲ ماشہ | قابض ہی اور رطوبت کو چھانٹتی ہی اور ہمراہ شکر کے پھانکنے کو اور کھانسی کو مفید ہی اور ضعف جگر اور ضعف اعضاء شکمی کو اور دستونکو نافع ہی اور مُنھ سے خون آنے کو اور خون پینے کو مفید ہی اور اسکا لیپ ہمراہ سرکہ کے طحال کو نافع ہی اور اسکا منجن مسوڑون اور دانتون کو قوت دیتا ہی اور مضبوط کرتا ہی اور منھ کے دانتون کو مفید ہی اور اسکا غرغرہ بھی دانتون کے درد کو دفع کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۰۹ | مائین بڑی | گزمازج | اثرۃ الطرفا | بھورا سرخی مائل | تلخ | درخت چھوٹی قسم جھاؤ کا پھل ہی بڑا چھوٹی مائین سے گول | سرد ۲ خشک ۲ | سر | دو قو | مازو | تا ۲ ماشہ | مواد کو پختہ کرتی ہی اور ورم طحال کو تحلیل کرتی ہی اور قابض ہی اور دستونکو بند کرتی ہی اور رحم کی رطوبت کو چھانٹتی ہی اور زخم پھیپھڑے کو مفید ہی اور اسکا غرغرہ حلق اور سینہ کی بیماریون کو مفید ہی اور یہ جلائی ہوئی ہمراہ مردار سنگ اور دھوئے ہوئے گھی کے گنج اور سر کے دانون کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۱۰ | ماجو | مازو | عفص | بھورا سیاہی مائل | تلخ | ایک درخت کا پھل ہی گول اور چھوٹا برابر بیر کے۔ | سرد ۱ خشک ۲ | سینہ اور حلق کو | کتیرا و صمغ عربی | زرد چوب اور انار کا چھلکا | ۴ ماشہ | آنے دستونکو بند کرتا ہی اور رحم کی رطوبت کو خشک کرتا ہی اور اسکا خیساندہ نکسیر کو بند کرتا ہی اور امراض چشم کو نافع ہی اور اسکا منجن مسوڑون اور دانتون کو قوت دیتا ہی اور منھ آنے کو مفید ہی اور اسکا لیپ مواد کو پختہ کرتا ہی اور پسلی و گردہ کے درد کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۱۱ | مالکنگنی | . | | بھورا سرخی مائل | قدرے تلخ | ایک گھانس کے بیج برابر چینا کے کسی قدر اُس سے لانبے | گرم ۲ خشک ۲ | جنون ادمی اور گرم مزاجونکو | . | کالے تل اور شہد | . | دماغ اور قوت حافظہ اور ذہن و معدہ کو اور باہ کو قوت دیتی ہی اور گٹھیا کو مفید ہی اور عرق النسا اور درد پہلو کو اور اکثر امراض دماغی و بھون اور فالج اور لقوہ کو اسکا تیل مفید ہی اور فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتی ہی اور اسکا تیل مستعملی مین ملنا بینائی کو تیز کرتا ہی اور درد کمر کو مفید ہی (قریب سمی) |
| ۸۱۲ | ممیرا چینی | مامیران | . | زرد | تلخ | ایک جڑ ہی ہلدی کی قسم سے باریک اور گرہ دار ہی اور چھوٹی | گرم خشک ۲ | گردہ کو | شہد | زرد چوب | ۲ ماشہ | جلا کرتا ہی اور ورم کو تحلیل کرتا ہی اور سدے کھولتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور دماغ کو پاک کرتا ہی اور جلد مین زخم ڈالدیتا ہی اور آنکھ کے نور کو مفید ہی اور امراض چشم کو نافع ہی اور اسکا سرمہ تاریکی اور دھند کو مفید ہی اور سرکہ کے ہمراہ سفید داغ اور چھائین اور چہرہ کی سیاہی کو نافع ہی اور آنکھ کا جالا کاٹتا ہی اور اسکی جڑ بینا ریاح کو تحلیل کرتا اور بالخاصہ کا نور کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۱۳ | ماگ بہو | . | . | . | . | ایک گھانس ہی | گرم ۲ | . | . | . | . | اسکے پتے کڑوے تیل مین جلائے ہوئے گٹھیا اور جوڑونکے درد کو مفید ہین۔ |
| ۸۱۴ | ماہودانہ | ماہودانہ | حب الملوک | پھول زرد و پتے سبز | تلخ | ایک گھانس دو دھاری ہی جسکا پھل ایک جھلی مین بند ہوتا ہی تین دانہ | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے اور معدہ اور معدہ کو | کتیرا اور انیسون | جمالگوٹہ | ۲ ماشہ | مادۂ بلغمی کو دستونکی راہ نکالتا ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور قولنج کو نافع ہی اور گٹھیا کو مفید ہی اور گاڑھے بلغم کو چھانٹتا ہی اور سوداسے خالص کو بھی نکالتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۱۵ | ماہیانہ | سجاہ | | | . | . | گرم خشک | گرم اور سوداوی مزاجونکو | سونٹھ و تخم کاہو اور ترشی | . | . | معدے کی رطوبت کو خشک کرتا ہی اور ہر قسم کے بلغمون کو چھانٹتا ہی اور جلا دیتا ہی اور مُنھ کی بدبو کو دفع کرتا ہی اور فالج اور سرد بیماریونکو اور درد پہلو کو نافع ہی اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتا اور بھوک کھولتا ہی اور معدے کو قوت دیتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۱۶ | ٠ | ماہی زہرہ | [illegible] | زردی مائل | تیز | ایک مشہور ہاری گھانس کی چھال ہے باریک اور بعض کے نزدیک مچھلی ہے | گرم خشک ۳ | انتونکو | کتیرا و کف ناسنہ | بوزیدان و ایرسا | ۳ ماشہ | ہر قسم کے بلغم اور گاڑھے خلطون کو دستون کی راہ خوب نکالتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور گٹھیا اور نقرس اور عرق النسا کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۱۷ | مغز کابلی | جلبان | خلر | سفید | پھیکا | ایک دانہ غلہ کا ہے | گرم خشک ۱ | خونی دست پیدا کرتا ہے | شہد و گلاب وغیرہ | ٠ | ۹ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتا ہے اور خون بڑھاتا ہے اور اکثر اعضا کے آماس کو دفع کرتا ہے اور فساد بلغم کو دفع کرتا ہے اور سدے کھولتا ہے اور جلا کرتا ہے اور سینہ و پھیپھڑے کو صاف کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور سختیوں کو تحلیل کرتا ہے اور ریاح پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۱۸ | مٹی افغانستانی | گل افغانستانی | طین افغانستانی | غباری | پھیکا | خوشبودار مٹی کی ٹکیاں ہیں | سرد خشک ۲ | سدہ لاتا ہے اور رنگ کو فاسد کرتا ہے | پانی سے دھو لینا | ٠ | ٠ | اسکی خوشبو پانی ڈالنے سے تیز ہوتی ہے اور فرحت بخشتی ہے اور خشک یعنی خشک مٹی خون بہنے کو بند کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۱۹ | مٹی ملتانی | گل ملتانی | طین ملتانی و خراسانی | زردی مائل | مٹیالا | سخت اور چکنی ولایتی مٹی ہے | سرد خشک ۲ | سدہ لاتی ہے | کرفس | ٠ | ٠ | قے کو تسکین دیتی ہے اور ہیضہ کو مفید ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور نزلوں کو نافع ہے اور [illegible] ہے اور مسام کو بند کرتی ہے اور گرمی والوں کو اسکا لیپ مفید ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۲۰ | مٹی کھریا | گل سفید | طین الابیض | سفید | پھیکی | سفید اور خشک خوشبودار مٹی ہے | سرد خشک | ٠ | | گل ملتانی | ٠ | سر کے بالوں کی میل چھانٹتی ہے اور پرانے بہنے والے زخموں کو اور پھوڑوں کو بھر لاتی ہے اور گرمی کے ورموں کو اسکا لیپ اور چھڑکنا تحلیل کرتا ہے اور اکثر مرہموں میں شامل کیجاتی ہے (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۲۱ | مٹی سر دھونیکی | گل سرشوی | طین الفارسی | قدرے زرد | پھیکی | چکنی اور سخت پرت دار مٹی ہے | سرد خشک | پھیپھڑے کو | آب سرطانات | ٠ | ۵ ماشہ | پھیپھڑے کے درد کو بالخاصہ نافع ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور مسام کو بند کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۲۲ | پچھمی | ٠ | ٠ | پتے سبز پھول لال و زرد | قدرے تلخ | ایک چھتہ دار گھانس ہے نہایت چھوٹی پتی کی کنارہ تالاب ہوتی ہے ہندمین | سرد | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | پیٹ کو قبض کرتی ہے اور کوڑھ کو مفید ہے اور امراض جلدی اور آتشک اور اسکے جھونکوں اور کھجلی تر اور خشک کو مفید ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتی ہے اور سوزاک کو نافع ہے (غیر سمی) |
| ۸۲۳ | پچکند | ٠ | ٠ | پھول سفید پتے سبز | کسیلا | ایک درخت پانچ گز تک کا ہے ہندی | گرم خشک | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | اسکے پھول زیادہ تر مستعمل ہیں درد کو تسکین دیتا ہے اور بلغم اور کھانسی کو نافع ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور اسکا حلوا نہایت نفع مند ہے اور خون بواسیر کو روکتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۲۴ | پچوقان | ٠ | ٠ | سفید | قدرے تلخ | ایک گھانس کی جڑ ہے جسکے پتے گول اور درخت چھتہ دار ہے | گرم خشک ۲ | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | اپنی قوت قبض اور دست آوری کے ساتھ مثل راوند کے ہے اور گٹھیا اور درد گردہ اور قولنج کے لیے مفید ہے اور اکثر معدنیات کے کشتہ بنانے میں شامل کرتے ہیں۔ (غیر سمی) |
| ۸۲۵ | مچھلی بام | مار ماہی | مارماہیج | سیاہی مائل بے سفنہ | بودار و لعابدار | ایک مچھلی ہے مشابہ سانپ کے بے سفنہ دار اور اسکے لعاب بہت ہوتا ہے | گرم خشک | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | باہ کو قوت دیتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور اسکا ہاتھ میں لینا خون کے سیلان کو بند کرتا ہے اور بڈھوں کے لیے غذا عمدہ ہے اور پیٹھ کے درد کو دفع کرتی ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۲۶ | مچھلی جھینگا | ماہی روبیان | روبیان | سفید بے سفید | بسانده وقدرے شیرین | ایک قسم کی مچھلی ہی جسکی مونچھیں لانبی اور ایک سینگھ آرہ سا ہوتا ہی اور اسکی بیٹ سر مین ہوتی ہی | تازه گرم ۲ وتر ۱ وخشک ۱ | سودا پیدا کرتی ہی | روغن بادام وشکر | ریگ ماہی | . | باه لاتی ہی اور خون صالح پیدا کرتی ہی اور منی پیدا کرتی ہی اور گرده ورحم کو گرم کرتی ہی اور انڈے کی زردی کے ہمراه باه نہایت زیاده کرتی ہی اور حرکت مین لاتی ہی اور خشک کی ہوئی کا سر سہ ہمراه کالی مرچ کے رتوندھی کو مفید ہی اور ہمراه شہد کے دھند کو نافع ہی (غیر سمی) |
| ۸۲۷ | مچھلی روہو | . | غبوط | سفید سفیدی | قدرے بسانده وخشک | ایک قسم کی مشہور مچھلی ہی | سرد خشک | معده کو | شہد | ہلسہ بنگالی مچھلی | . | باه اور دماغ کو قوت دیتی ہی اور گاڑھا خون پیدا کرتی ہی اور زردی الکیموس ہی اور اسکے دانت کا براده بھی باه کو قوی کرتا ہی اگر ہمراه دودھ کے استعمال کیا جاے۔ (غیر سمی) |
| ۸۲۸ | مچھلی ریت کی وریگ ماہی | ریگ ماہی | سمک الرمل وسمک الصیدا | زرد | بودار پھیکا وتمکین | ایک قسم کی مچھلی ہی کہ ریت مین ملتی ہی مشابہ چھپکلی کے اور اسکے بہت سے بے اصل قصے ہین کہ جنکی اصل نہین۔ | گرم خشک ۲ اور اسکا کف ۳ | گرم مزاجون کو | نمک لاگے خشک کرنا اکی ہوئی | ثعلب مصری | . | اسکے کف کو ہمراه زردی انڈے کے نہایت باه سے بیتاب کرنے والا کہا ہی اور اسکو بھی نہایت باه زیاده کرنیوالی اور باه کو حرکت دینے والی اکثر اطبا جانتے ہین اور باثر ہونے مین نر کو خاص کیا ہی اور عمده طریقہ استعمال کا یہ بتایا ہی کہ ایک رم بیس کے شراب یا پانی ملی ہوئی پر چھڑک کے پیین لیکن بیشتر ہمراه معجونون کے استعمال کرتے ہین اور اطبانے اسکے آثار کی تخصیص ملک شام مین قریہ بتوک کے چشمہ تول کی کی ہی کہ وہانکی ہو۔ (غیر سمی) |
| ۸۲۹ | مچھلی کا انڈا | تخم ماہی | بیض السمک | سفید بعض زرد | بودار | مشہور ہی | سرد وتر | بلغم زیاده پیدا کرتا ہی | . | . | . | باه لاتے ہین اور اعضا کو قوت دیتے ہین اور گرمی پیدا کرتے ہین بسبب خاصیت کے اور بریسو کو دفع کرتے ہین۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۳۰ | مجیٹھ | روناس | فوه وعرق الصباغین | سرخ سیاہی مائل | تلخ | ایک جڑ ہی جسکو جوش دیکر رنگ مین ڈالتے ہین | گرم خشک ۲ | سر اور مثانہ کو اور خونی پیشاب لاتا ہی | کتیرا اور انیسون | کباب اور سلیخہ | ۳ ماشہ | سدے کھولتا ہی اور پیشاب مطلق لاتا ہی خواه خونی ہو خواه ساده اور معده کو قوت دیتا ہی اور سرد بیماریون اور پٹھے کی بیماریون کو اور فالج ولقوه اور کانور کو مفید ہی اور جگر وطحال کو پاک کرتا ہی اور داد اور جلد کے نشانون کو نافع ہی اور خونی دستون کو بند کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۳۱ | مرچ کالی | پلپل سیاه وپلپل گرد | فلفل السودار | سیاه | تیز | مشہور جنگلی اور پہاڑی پھل ہی | گرم خشک ۳ ساتھ تریاقیت کے | گرم مزاجون کو اور سینہ وحلق کو | روغن وشہد | دار فلفل وسونٹھ | ۱ تا ۴ ماشہ | ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور رطوبت کو کھینچ لیتی ہی اور جلا کرتی ہی اور گرمی کرتی ہی اور بلغم کو چھانٹتی ہی اور حافظہ کو قوی کرتی ہی اور بھون اور معده وجگر اور ہاضمہ کو قوت دیتی ہی اور غذاؤن کو لطیف کرتی ہی اور کوڑھ کو مفید ہی اور ریاح کو دفع کرتی ہی اور بذریعہ قے کے زہر ونکو نکالتی ہی اور سردی کی کل دماغی بیماریون کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۳۲ | مردار سنگ | مردار سنگ | مرداسنج | زرد و سنہرا وبراق | پھیکا | ایک سنگین چیز ہی بنی ہوئی رانگے اور قلعی اور چاندی وسونے سے | گرم خشک ۲ ونزدیک بعضے سرد | ۲ ماشہ قاتل ہی کھانے سے | قے اور روغن بادام اور گھی | اقلیمیا | ایک ماشہ | جلا کرتا ہی اور گوشت کو کھاجاتا ہی اور ورم کو تحلیل کرتا ہی اور خشکی کرتا ہی اور قابض ہی اور دستون کو بند کرتا ہی اور جو دست قرحہ یا آنتونکی خراش کی وجہ سے ہون انکو نافع ہی اور اسکا لیپ اکثر دواؤن کی تیزی کو تسکین دیتا ہی اور خارش اور اکثر امراض جلدی کی دواؤن مین مستعمل ہی اور ہمراه خشک مہندی اور کمیلا اور دھوے گھی کے سر کے دانون اور گنج کو نافع ہی۔ (سم قاتل ہی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٨٣٣ | مرچ لال | . | فلفل احمر | سرخ و زرد و بہری | تیز نہایت | ایک چھوٹے درخت کا لانبا اور گول پھل ہے بیج اسکے گول اور چپٹے ہوتے ہین | گرم خشک ۳ | مثانہ اور پھیپھڑے اور معدہ کو | گھی اور شہد | کالی مرچ | تا ۲ ماشہ | نہایت تیزی کرتی ہے اور خون کو سوختہ کرتی ہے اور صفرا پیدا کرتی ہے اور سدے و مسام کھولتی ہے اور بلغم چھانٹتی ہے اور دماغ کو پاک کرتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے اور جلد کو سرخ اور گرم کردیتی ہے اور پٹھون کے اینٹھنے کو اور بلغمی درد کو نافع ہے اور باہ کم کرتی ہے - (غیر سمی) |
| ٨٣٤ | مروڑ پھلی | گشت بر گشت و پیچک | التوا التوا | بھوری | قدرے تلخ | ایک گھانس کا غلاف ہے مثل رسی کے بلدار | گرم خشک ۱ | باہ اور دودھ کو | حب الصنوبر | ایلوا | ۳ ماشہ | ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور لطافت بخشتی ہے اور بلغم غلیظ کو براہ دست نکالتی ہے اسکے درخت کو ہندی مین بجار کہتے ہین اور جلا بھی کرتی ہے - (غیر سمی) |
| ٨٣٥ | مسور | بنو مرغ و بسک و مرجونک | عدس | باہر سیاہ اندر سرخ | پھیکا | ایک دانہ غلہ کا ہے گول اور چپٹا برابر چھوٹے جو کے | گرم یبوست خشک اور چھلکا اثر اقابض ہے | بینائی اور باہ کو اور بواسیر کو پیدا کرتی ہے | گھی و سرکہ | ماش اور باقلہ | . | سودا پیدا کرتی ہے اور جوش خون کو تسکین دیتی ہے اور خون کو گاڑھا کرتی ہے اور نفاخ ہے اور جلا کرتی ہے اور دیر ہضم ہے اور حیض جاری کرتی ہے اور اسکا غرغرہ خناق اور گلے کے درد اور منھ آنے کو مفید ہے اور خواب پریشان اور مشوش دکھاتی ہے اور کابوس پیدا کرتی ہے - (غیر سمی) |
| ٨٣٦ | مشک دانہ | مشک دانہ | . | سیاہ و بھوری | قدرے تیز خوشبودار پھیکا | ایک درخت کے بیج ہین جنکا چھلکا بالکل مشابہ بھنڈی کے ہے | سرد اور تر و بقول بعض کے گرم ہین | درد سر پیدا کرتا ہے | . | بھنڈی کے بیج | ۲ ماشہ | منھ کی بیماریون کو اور زبان کی بدمزگی کو زائل کرتا ہے اور معدہ کی گرانی اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور اسکے پتے اور شاخین سوزاک اور سیلان و رقت منی کے لیے مفید ہین - (غیر سمی) |
| ٨٣٧ | . | . | فوتنج جبلی | سبز | تیز و تیز بو | پہاڑی ایک قسم کا پودینہ ہے اور کل قسموں سے قوی تر ہے | گرم ۳ خشک ۲ | معدہ کو | سپاری و سرکہ | پودینہ | ۳ ماشہ | پیشاب و حیض خوب جاری کرتا ہے اور قولنج کا سدہ کھولتا ہے اور شہد کے ہمراہ مسہل ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور اسکا فرزجہ یعنے لتہ ترکیا ہوا رکھنا ہمراہ روغن بلسان کے درد رحم کو تسکین دیتا ہے (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٨٣٨ | مصری | قند نقند | نبات الحلاب | سفید و زردی مائل | شیرین | مشہور ہے | معتدل | . | مربی ترش | شکر طبرزد | . | طبیعت کو نرم کرتی ہے اور جلا کرتی ہے اور گرم پانی کے ساتھ آواز کے بھرانے کو اور کھانسی کو مفید ہے اور اسکی سلائی بناکے آنکھ مین لگانا آنکھ کے جالے اور ناخونہ کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ٨٣٩ | مصطگی | کندر رومی | مصطکی و علک رومی | زرد و سفید | پھیکا و بدبودار تلخ | ملک شام کے ایک درخت کا گوند ہے دو قسم کا ہوتا ہے | گرم خشک ۲ | مثانہ کو | کتیرا | کندر و علک البطم | ۳ ماشہ | لطافت بخشتی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور جلا کرتی ہے اور قابض ہے اور قوی اعضائے رئیسہ کو اور معدے و جگر کو اور گردہ اور قوت ہاضمہ کو قوت دیتی ہے اور رطوبتون اور بلغم کو دماغ سے جذب کرتی ہے اور چھانٹتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور منھ سے خون آنے کو اور اعضائے شکمی کے درد کو اور ورم کو مفید ہے اور کل پٹھون کی بیماریون کو نافع ہے اور پیچش و متلی کو مفید ہے اور اسکا منجن دانتون اور مسوڑون کو مضبوط اور مستحکم کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ٨٤٠ | مکڑی کا جالا | ابرکا کیا | نسیج العنکبوت | سفید | . | کوئی ایک جانور پیٹ کے بل ہوتا اپنے منھ کے لعاب سے جالا بنتی ہے جیسے تار بہت باریک مثل خیال کے | گرم خشک | اعضائے رئیسہ کو | روغن بادام | اسفنج | نہین کھاتے ہین | کل اعضا کے خون کو اگر بہتا ہو روکتا ہے اور بند کرتا ہے اور اسکا گلے مین تعویذ بناکر ڈالنا بخار کو بالخاصہ مفید ہے اور نکسیر کو بند کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ٨٤١ | مکو | روباہ تربک | عنب الثعلب | سرخ و سبز | قدرے تلخ و تازہ شیرین | ایک گھانس کا پھل ہے گول برابر مٹر کے | سرد خشک ۱ و نزد بعضے گرم | مثانہ کو | شہد و قند | کاکنج | ۵ ماشہ تا ۹ ماشہ | مادہ کو پختہ اور معتدل القوام کرتی ہے اور مواد کو نکلنے پر آمادہ کرتی ہے اور لطافت بخشتی ہے اور قابض ہے اور حرارت و پیاس کو تسکین دیتی ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور گرمی کے ورمون کو نافع ہے اور آنتون کو پاک کرتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور دست آور ہے - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۴۲ | مکو سبز | ترہ روباہ تریک | اطراف عنب الثعلب | سبز | تلخ | مشہور ہی | سرد تر | مثانہ | شہد | مکو خشک | تولہ ۳ تولہ تا ۵ تولہ | اُسکا پانی ورمون کو تحلیل کرتا ہی خواہ باطنی ہون خواہ ظاہری اور معدے کی گرمی اور جگر کے ورم کو ودرد کو نافع ہی اور مواد نکلنے پر آمادہ کرتا ہی اور معدہ کی سوزش کو نافع ہی اور صفراوی وتلخ خلطون کو دستون کی راہ نکالتا ہی اور جلندر اور کانوں اور گرمی کے ورم مقعد کو مفید ہی اور اسکے پتون کا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور اسکا غرغرہ خناق اور ورم حلق اور گلے کے درد کو مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۴۳ | مکھانہ | . | . | سیاہ | پھیکا | بیج ہین باریک اور گول جسکا درخت نیلوفر کے درخت کے مشابہ ہی | گرم تر ۱ | ثقیل ہی | شکر | . | تولہ | بدن اور اسکے اعضا کو قوت دیتا ہی اور منی کو زیادہ کرتا ہی اور پیدا کرتا ہی اور خون کے جوش کو دفع کرتا ہی اور دستون اور جریان ورقت منی کو بند کرتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۴۴ | مکھن | مسکہ | زبد | سفید زردی مائل | خوش مزہ وچکنا | دودھ بری کی چکنائی بے گرم کی ہوئی ہی | گرم ۱ تر ۲ | کم معدہ کو ضعیف اور ڈھیلا کرتا ہی اور بھوک کو مارتا ہی | شکر و شہد و نمک و قابض چیزین | تازہ دودھ | ۵ تولہ ۸ تولہ | طبیعت کو نرم کرتا ہی اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور سُدے کھولتا ہی اور آواز کو صاف کرتا ہی اور پھیپھڑے کے اطراف اور حلق کے کھرکھرانے اور خشک کھانسی کو اور ظاہری وباطنی ورم کو مفید ہی اور فضلات کو براہ پیشاب نکالتا ہی اور شہد کے ہمراہ ذات الجنب وذات الریہ کو مفید ہی اور اسکا بدن پر ملنا جلد کو نرم کرتا ہی اور شکر وخشخاش کے ہمراہ اسکو کھانا نا افراط سے فربہی لاتا ہی اور اسکا بدن پر ملنا یا نخاصہ غذا ہو جاتا ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۴۵ | مکو لیا جنگلی | . | . | اودہ | چاشنی دار | ایک درخت خاردار گز بھر کے گول بقدر مکو کے پھل ہین | سرد خشک ۲ | کھانسی پیدا کرتے ہین | شربت خشخاش | . | ۲۰ عدد تا ۵۰ عدد | ضعف اور تیزی خون کو دفع کرتے ہین اور پیاس کو تسکین دیتے ہین اور قابض ونفاخ ہین۔ (غیر سمی) |
| ۸۴۶ | ملائی | سر شیر | مستیمہ دوابہ | سفید | خوش ذائقہ وچکنی | جوش کئے ہوئے دودھ پر موٹی موٹی چکنی جھلی پڑجاتی ہی اسکو اُتار لیتے ہین | سرد تر | دیر ہضم | قند و شکر | مسکہ | . | ثقیل ہی اور بدن کو قوت دیتی ہی اور فربہ کرتی ہی اور شکر کے ہمراہ باہ کو قوت بخشتی ہی اور منی پیدا کرتی ہی اور مادۂ سوداوی کو نرم کرتی ہی اور معتدل القوام کرتی ہی اور پٹھون کی خشکی دفع کرتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۴۷ | ملیٹھی | بیخ مہک | اصل السوس | زرد و بھوری | قدرے شیرین | ایک درخت کی جڑ ہی مشہور | گرم ۲ خشک ۱ | گردہ و طحال کو | عناب و کتیرا و گل سرخ | . | ۶ ماشہ تا ۹ ماشہ | گاڑھے خلطونکو رقیق اور معتدل القوام کرتی ہی اور پیاس وسوزش معدہ کو تسکین دیتی ہی اور رطوبتون کو براہ دست نکالتی ہی اور پٹھونکو قوت دیتی ہی اور سینہ وحلق کو نرم کرتی ہی اور سینہ کی بیماریون کو اور کھانسی اور سانس رکنے اور ہانپنے کو مفید ہی اور بے مقشر کیے ہوے یعنے چھیلے ہوئے اسکا استعمال جائز نہین ہی کیونکہ سانپ اسپر عاشق ہی لپٹا رہتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۴۸ | ملیم | . | . | بھوری | تلخ و تیز | ایک جڑ ہی سیاہی مائل ہندی | گرم خشک ۳ | پھیپھڑہ کو | مسکہ | . | کھاتے نہین ہین | تیز ہی اور زخم کے کیڑے مار نکالتی ہی اور اسکے پتون کا رنگ بھی کیڑونکو مارتا ہی اور جو درد کہ خیشوم یعنی ناک کے بانسے مین کیڑے پیدا ہونے سے ہوا ہو اسکو اسکا ڈالنا نافع ہی (قریب سمی ہی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۴۹ | منڈھوا | ۰ | ۰ | باہر سرخ اندر سفید | پھیکا | ایک دانہ غلہ کا ہی بقدر کاکون کے | گرم خشک ۲ | نفاخ ہی | ۰ | ۰ | ۰ | غلیظ ہی اور سدہ پیدا کرتا ہی اور قلیل الغذا ہی اور دیر ہضم ہی اور دہقانون و جمیع البقر والوں کی غذا ہی اور اسکا دھوما دسینک سم کو تحلیل کرتا ہی اور مکڑی کے زہر کو دفع کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ۸۵۰ | منڈی | ۰ | ۰ | سرخ و زرد | قدرے تلخ | ایک جھتہ دار گھانس ہی پھل و پھول گول برابر بڑے مٹر کے | گرم تر ۲ | مثانہ کو | بہی | سرپھوکہ | تولہ | اعضائے رئیسہ اور دل و دماغ و قوی وار داح کو قوت دیتی ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور لطافت کرتی ہی اور سدے کھولتی ہی اور خفقان اور ورمون اور دانوں گلٹیونکو اور تر و خشک کھجلی کو اور کوڑھ اور اکثر سوداوی امراض کو مفید ہی اور اسکی پھنکی باہ اور بینائی کو قوت دیتی ہی اور پیشاب خوب لاتی ہی اور چند روز تین عدد مسلم نگلنا آنکھ کے لیے مجرب ہی - (غیر سمی) |
| ۸۵۱ | منقے کے بیج | دانہٴ مویز | حب الزبیب | سیاہ | پھیکے | نوکدار گول دانہ یعنے بیج منقے کے ہین برابر بھوٹے چنے کے | سرد ۱ خشک ۲ | گردہ کو | عناب | ۰ | ۰ | قابض ہین اور پیٹ کو گنگ کرتے ہین اور تری زائد والے معدہ کو اور آنتون کو قوت دیتے ہین - (غیر سمی) |
| ۸۵۲ | منقی | مویز | زبیب | سیاہ | شیرین | مشہور ہی | گرم تر ۱ | گرم مزاجون کو اور گردہ اور خون کو جلا دیتا ہی | عناب و سکنجبین | کشمش و ابجوش | ۱۰ دانہ | صفرے کی حدت و حرارت کو بجھاتا ہی اور بلغم کو چھانٹتا ہی اور خلطون کو پختہ اور معتدل القوام کرتا ہی اور طبیعت کو نرم کرتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور معدہ و آنتون کو جلا کرتا ہی اور بدن کو فربہ کرتا ہی اور جگر اور سرد مزاجون کی باہ کو قوت دیتا ہی اور اطراف پھیپھڑے کے موافق ہی اور اسکا لیپ حیوانات کی چربی کے ہمراہ ورم کو تحلیل کرتا ہی اور بریان کیے ہوے گرم گرم کھانسی کو مفید ہین - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۵۳ | سمنا | گندم دیوانہ | شلیم | بھورا | تلخ | ایک دانہ ہی جو سے باریک اور بہت چھوٹا اور گول برابر سنڈوے کے | گرم خشک ۲ | آواز کو خراب کرتا ہی | گھی اور تازہ دودھ | جند توتی | ۳ ماشہ | اعضا کو سست اور بیہوش کرتا ہی اور آواز کو فاسد کرتا ہی اور سدے پیدا کرتا ہی اور انڈے کی سفیدی کے ہمراہ خنیقون کو تحلیل و نرم کرتا ہی اور اسکا لیپ کانٹے اور گانسی کو بدن کے اندر سے کھینچ لاتا ہی اور اسکا تیل داد کو اور جلدی امراض کو مفید ہی اور آتشک کے چھوکو نافع ہی (غیر سمی) |
| ۸۵۴ | مرداول | ابرودہ | اسفنج | زردی مائل و سیاہ | پھیکا | ایک چیز نرم اور جالدار ہی بعض لوگ دریائی پھول جانتے ہین غلط ہی سمندر کی تہ مین مثل سوار و مونگے وغیرہ کے پیدا ہوتا ہی اور پانی کو جذب کرتا ہی | گرم ۱ خشک ۲ | شکمی اعضا کو | آب انگور | جلایا ہوا کاغذ | ۱۰ ماشہ | ورم کو تحلیل کرتا ہی اور خشکی لاتا ہی اور زخمون و پھوڑون کو خشک کرتا ہی اگرچہ گہرے ہون تازہ خواہ پرانے ہون اور خون بہنے کو روکتا ہی اور جلایا ہوا خشک آشوب چشم کو اور بینائی کے جلا دینے کو مفید ہی اور حلق مین کانٹا چبھ جانے کو اور جونک چپک جانیکو اسکا چلو چلو پینا مفید ہی الا اسکو اس طور پین کہ ریزہ ریزہ کرکے ہاونڈ مین کوٹ ڈالین اور بے چھانے پی لین اور بعض نے ہاونڈ مین کوٹنا منع کیا ہی - (غیر سمی) |
| ۸۵۵ | موٹھ | ماش ہندی | ۰ | سرخی مائل | پھیکا | ایک قسم کا غلہ ہی مشہور | گرم خشک ۲ | ریاح کثیر پیدا کرتا ہی | انگاکہ کا دودھ | ۰ | ۰ | جلد ہضم ہوتا ہی اور قابض بھی ہی اور پیٹ مین قراقر پیدا کرتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور قلیل الغذا ہی اور نہر و کو مفید ہی اور اسکی برشتہ لاتی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی ہی - (غیر سمی) |
| ۸۵۶ | مکھی | مگس | ذباب | سیاہ | خرابزہ | کثیر الوجود ایک غلیظ پرند کیڑا مشہور ہی | گرم خشک | قربت لاتی ہی | الائچی چھوٹی | مچھر | ۰ | اگر گیارہ روز متواتر قند سیاہ یعنے گڑ مین لپیٹ کے یرقان یعنے خفیف کا نور والے کو کھلا دین بے اسکی اطلاع کے تو مفید ہی اور اسکی بیٹ کو رسی وغیرہ پر جمی ہوئی ہوتی ہی پانی مین حل کرکے کانمین ڈالنا کان کے درد کے لیے مجرب ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۵۷ | موتی | مروارید و دُر | لؤلؤ | سفید و براق | پھیکا | بعض سمندر کی سیپی اور گھونگی وغیرہ موتی پیٹ یا سر سے گول و چمکدار ایک چیز نکلتی ہے مشہور ہے قیمتی ہے — | سرد و خشک ۲ | مثانہ | مونگا | سفید چمکدار سیپی | ۲ ماشہ | فرحت بخشتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور اکثر اعضا خاص کر اعضائے رئیسہ اور قوی اور ارواح کو قوت بخشتا ہے اور منھ سے خون آنے کو مفید ہے اور بہتے ہوئے خون کو روکتا اور بند کرتا ہے اور صفراوی دستوں اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے اور حیض کو روکتا ہے اور بواسیر کو دفع کرتا ہے اور دل و جگر و معدہ و گردہ کی بیماریوں کو مفید ہے اور سدے کو کھولتا ہے اور اسکا سرمہ آشوب چشم اور تاریکی اور جالے و ماندے کو اور ناخونہ کو مفید ہے اور اسکا استعمال کسی طور بے حل کیے ہوئے جائز نہیں ہے — (غیر سمی) |
| ۸۵۸ | موچرس | . | . | سرخ رنگ | لسدار و پھیکا | سینبھل کے درخت کا گوند ہے | سرد ۲ خشک ۲ | خشکی بدن میں لاتا ہے | شکر اور روغن بادام | کرکس یعنے انار کی چھال | ۵ ماشہ | ثقیل ہے اور پیٹ کو گنگ و قبض کرتا ہے اور ممسک ہے اور منی پیدا کرتا ہے اور دستوں اور خون حیض کو بند کرتا ہے اور کچے مادہ کو چھانٹتا ہے اور فساد خون صفرا و سوزش اعضا کو دفع کرتا ہے اور منھ کے جوش کو کھوتا ہے اگر یہ سب پارہ کے استعمال سے ہوں اور اسکا لتہ ترکیا ہوا رکھنا رطوبت رحم کو خشک کرتا ہے اور اسکا منجن میں شریک کرنا ہلے ہوئے دانتوں کو مستحکم اور قوی کرتا ہے — (غیر سمی) |
| ۸۵۹ | موصلی سفید | موصلی سپید | . | سفید | پھیکی | ایک درخت کی جڑ ہے مشابہ شقاقل کے ہندی اور بعض سینبھل کی جڑ کہتے ہیں | گرم خشک ۲ | . | . | موصلی سیاہ | ۲ ماشہ | صفرا اور گرمی کو دفع کرتی ہے اور بدن کو قوی اور فربہ کرتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے اور منی کو زیادہ اور گاڑھا کرتی ہے اور یرقان اور بلغمی ہیضہ کو مفید ہے — (غیر سمی) |
| ۸۶۰ | موصلی سیاہ | موصلی سیاہ | . | سیاہ و بھوری | پھیکا و قدرے تلخ لسدار | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | . | . | موصلی سفید | ۲ ماشہ | منی پیدا کرتی ہے اور بدن کو قوی و فربہ کرتی ہے اور بار بار پیشاب آنیکو اور گٹھیا کو مفید ہے اور درد اور ہانپنے کو مفید ہے اور جریان منی کو دفع کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے — (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۶۱ | مولسری | | . | پھول سفید پھل سرخ | کسیلا و قدرے تیز و خوشبودار | ایک بڑا درخت ہے جسکے پھول چھوٹے گول اور پھل برابر بیر کے ہوتے ہیں پھل زیادہ مستعمل ہے | پھل سرد خشک ۲ پھول گرم ۱ خشک ۲ | نفاخ ہے اور جگر کو | گلمی | ببول کی سینگری | ۲ ماشہ تا تولہ | پھل و بیج اسکے منی کو روکتے ہیں اور ممسک ہیں اور سیلان و رقت منی کو دفع کرتے ہیں اور قابض ہیں اور پیٹ کو گنگ کرتے ہیں اور اسکے پھول کا عرق درد سر کو مفید ہے اور اسکا کھانا و پینا معدہ اور دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور سونگھنا بھی دماغ کو قوت دیتا ہے اور فرحت لاتا ہے اور اسکے پھول کا منجن دانت کے درد کو تسکین دیتا ہے اور مسوڑوں کو قوی کرتا ہے اور اسکے پھول ہمراہ سہاگہ و گلاب کے پیسے ہوئے داد کو مفید ہیں (غیر سمی) |
| ۸۶۲ | مول و پھکمول | . | . | سیاہ | تلخ و تیز | ایک جڑ ہے ریشہ دار | گرم | . | . | . | . | بھوک لاتی ہے اور فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتی ہے اور ورم اعضا کو تحلیل کرتی ہے اور تنگی سانس اور درد پہلو کو مفید ہے اور سردی بدن کی دفع کرتی ہے اور سرد مزاج قلب کو قوت دیتی ہے — (غیر سمی) |
| ۸۶۳ | مولی | ترب | فجل | سپید و سبز | تیز و قدرے شیرین | مشہور ہے | گرم ۲ تر ۱ | نفاخ ہے | نمک و زیرہ | شلغم | . | ہاضم غذا ہے اور خود دیر ہضم ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور اسکی ترکاری پکائی ہوئی پیشاب و حیض کو جاری کرتی ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ بہاتی ہے اور پرانی کھانسی اور غلیظ کیموس کو دفع کرتی ہے اور سدہ جگر کا کھولتی ہے اور کان اور کو نافع ہے اور بلغم چھانٹتی ہے اور ریاح پیدا کرتی ہے اور معدہ کو فاسد کرتی ہے اور اسکے کھانے سے جوئیں بہت پیدا ہوتی ہیں بالخاصہ — (غیر سمی) |
| ۸۶۴ | مولی کے بیج | تخم ترب | بزر الفجل | سرخ | تیز و تلخ | مشہور ہیں | گرم ۲ خشک ۲ | گردہ و جگر کو | سپستان و کتیرا و شکر | حب الرشاد | ۳ ماشہ | لطافت کرتے ہیں اور ریاح و ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور ریاح پیدا کرتے ہیں اور باہ لاتے ہیں اور قی لاتے ہیں اور درد جگر سردی کو اور ورم طحال کو مفید ہیں اور چہرہ کی سیاہی و جھائیں اور نشانوں کو کھوتے ہیں اور منھ کے رنگ کو صاف کرتے ہیں اور سر کے بال گراتے ہیں — (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۶۵ | موم | موم | شمع | زرد و سفید | پھیکا و چکنا و بدمزہ | شہد کی مکھی کی بیٹ ہے کہ شہد کے اندر سے نکالتے ہیں | گرم تر | معدہ اور بھوک کو | روئی و شہد | ابٹنے کا ہے تا | ۱۰ ماشہ | ورم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتا ہے اور پٹھوں کو نرم کرتا ہے اور دردوں کو تسکین دیتا ہے اور چوٹ کے صدمہ کو دفع کرتا ہے اسکا مالش کرنا اور باطنی زخم اور پرانے دستوں کو نافع ہے اور درد سینہ اور درد پہلو اور سل کو نافع ہے اور اسکی دھونی اعضا کے درد کو نافع ہے اور اگر چند روز متواتر چنے کے برابر اسکی گولی کھایا کریں تحریک باہ کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۶۶ | موسیائی | موسیائی | عرق الجبال وحافظ الاجساد | سیاہ | پھیکا | پہاڑی رطوبت ٹپکائی اور جما ہوئی ہوئی ہے | گرم ۳ خشک ۲ | گرم مزاج والونکو اور طحال کو | سکنجبین و ماء الاصول | مجرالیہود | کیہو دو جو | ارواح اور دل اور قوی اور اعضاے باطنی کو قوت بخشتی ہے اور فرحت بخشتی ہے اور سرد مادہ کو تحلیل کرتی ہے اور ظاہری اعضا کو بھی قوت دیتی ہے اور رطوبتوں کو خشک کرتی ہے اور باہ زیادہ کرتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور جلا کرتی ہے اور بلغمی ورموں کو تحلیل کرتی ہے اور دودھ اور گھی میں حل کی ہوئی اعضو کے ٹوٹ جانے اور چوٹ اور زخم کو کھانے اور رطنے سے مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۶۷ | سونچ | · | · | زرد | پھیکی | قسم نی سے سینٹھا تا ہے کا پوست ریشہ دار ہے ہندی | سرد خشک ۲ | · | · | · | · | اسکے جوشاندے کا غرغرہ جوش منھ اور مسوڑھوں و کوے کے ورم و درد کو مفید ہے اور اسکا پینا بھوک کھولتا ہے اور بواسیر خونی و بادی کو اور درد گردہ و مثانہ اور درد عضو تناسل کو مفید ہے اور اسکی دھونی بواسیر کو نافع ہے اور حقہ میں مثل تمباکو کے پینا ہچکی کو دفع کرتا ہے اور اسکے سینٹھے پسے ہوے کا لیپ ہمراہ سونٹھ کے چہرے کی چھائیں اور سیاہی کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۶۸ | مونگ | بنوماش | ماش و ج | سبز | پھیکا | ایک اناج غلہ کا ہے مشہور | سرد ۱ اور خشک ۲ و چھلکا اتری ہوئی معتدل ہے | سرد مزاج والوں کو | ترشی | باقلا | · | بیماروں کے لیے اچھی اور بہتر غذا ہے اور کثیر الغذا ہے اور خلط صالح پیدا کرتا ہے اور صالح الکیموس ہے لیکن قدر معدہ میں دیر کو اترتا ہے اور نفاخ ہے اور پٹھوں کو قوت دیتا ہے اور تیزی خون و صفرا کو تسکین دیتا ہے اور ہمراہ سرکہ کے اسکا لیپ چھائیں کو صاف کرتا ہے اور درد سینہ اور چوٹ کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۶۹ | مونگا | · | مرجان و مرگان | سرخ | پھیکا | سمندر میں ایک درخت ہوتا ہے اسکی سرخ لکڑی کے دانے تراش کے لاتے ہیں | سرد خشک ۲ | سر و مثانہ کو | کتیرا و انیسون | دم الاخوین و کہربا | ۱۲ ماشہ | سدے کھولتا ہے اور شہد کے ہمراہ فالج اور لقوہ اور رعشہ کو مفید ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور جگر و طحال پاک کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے اور پانی میں اسکا حل کر کے پلانا اور گلے میں ڈالنا بچوں کی نیند میں چونکنے اور ڈر کر رونے کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۷۰ | مونگے کی جڑ | بیخ مرجان | بسد | سفید و سرخ و سیاہ | پھیکا | ایک جسم خانہ دار سخت ہے دریائی مشہور تو یہ ہے کہ وہ مونگے کی جڑ ہے الا اہل تحقیق انکار کرتے اور کہتے ہیں کہ وہ سمندر کا پتھر ہے۔ | سرد ۱ و خشک ۲ | گردہ کو اور ابکائی لاتی ہے | کتیرا | کہربا | ۲ ماشہ | قابض ہے اور خشکی کرتا ہے اور دل کو فرحت دیتا ہے اور خون کو بند کرتا ہے اور جنون اور مالیخولیا اور خفقان اور امراض چشم کو مفید ہے اور منھ سے خون آنے کو نافع ہے اور کلیجے کا خون دستوں کی راہ سے آنے کو مفید ہے اور آنتوں کے زخم کو نافع ہے اور جلا ہوا ہمراہ کتھہ کے منھ آنے کو اور منھ کے دانتوں کو مفید ہے اور اسکا سرمہ بینائی کو قوت دیتا ہے اور حل کیا ہوا خشک ہمراہ شہد کے جذام کے لیے مجرب ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۷۱ | مہار | سنائے مکی | سنا | ہری سبز خشک زردی مائل | تلخ و کسیلی | ایک گھانس کے پتے ہیں مہندی سے بڑے بیشتر اطراف مکہ میں ہوتی ہے | گرم ۲ خشک ۱ | کرب اور متلی اور مروڑ پیدا کرتی ہے | بنفشہ و گل سرخ اور روغن بادام | تربد وزردہڑ | ۹ ماشہ | مادۂ بلغمی و سوداوی کو اور صفراوی کو بھی براہ دست نکالتی ہے اور گل جلے ہوئے خلطوں کو نکالتی ہے اور دماغ کو بلغم و نزلہ سے پاک کرتی ہے اور دمے اور ہانپنے کو اور قولنج کو اور نقرس کو مفید ہے اور تر و خشک کھجلی کو اور گٹھیا کو اور درد پہلو کو نافع ہے الاخشکی کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۷۲ | مہندی | حنا | حنا | سبز | کسیلی و تلخ | ایک درخت ہے لانبا بقدر چار پانچ گز اسکے پتے و بیج مستعمل ہیں اور اُسکے پتے ہاتھ اور بال رنگنے میں مستعمل ہیں | مرکب القویٰ سردی مائل ساتھ قوت قبض کے | حلق اور پھیپھڑے کو | کتیرا اور لعاب | سنڈی | ۴۔ماشہ | خون کو صاف کرتی ہے اور جلدی بیماریوں کو اور کوڑھ کو اور آتشک اور طاعون کو نافع ہے اور معدہ و جگر و طحال و پیشاب کی ماسکہ اور مثانہ اور رحم کی بیماریوں کو مفید ہے اور کانور کو مفید ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑتی ہے اور دشواری سے پیشاب ہونیکو نافع ہے اور اسکے بیج تنکے جو شاندہ کی کلّی منھ آنیکو نافع ہے اور اسکا لیپ ورم اور آبلہ کی سوزش کو دفع کرتا ہے اور اسکے پھول کپڑوں میں رکھنے سے کیڑا نہیں لگتا۔ (غیر سمی) |
| ۸۷۳ | مہوہ | گل چکان | . | پھول سفید پھل سبز | پھول شیرین و پھل تلخ | ایک درخت ہے بڑا جسکے پھل کا تیل شل گھی کے ہوتا ہے اور زیادہ پھول مستعمل ہے کھاتے ہیں۔ | گرم خشک | درد سر لاتا ہے | دھنیا | . | . | ریاح اور بلغم کو دفع کرتا ہے اور اسکے پھول دودھ اور منی پیدا کرتے ہیں اور فساد ریاح و بلغم کو دفع کرتے ہیں اور اسکے بیج سردی کے درد کو نافع ہیں اور اسکے بیج پانی میں پیس کے شافہ بنا کر حمول کرنا حمل کو ساقط کرتا ہے اور اسکے پھول ہمراہ کچلہ مساوی پیسے ہوئے لیپ کرنا اور سانپ کے کاٹے پر لگانا عجیب الاثر ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۷۴ | میتھی کے بیج | تخم شملیت | بزر الحلبہ | سرخی مائل و زرد | تلخ | مشہور ہے | گرم خشک | گرم مزاج والونکو | گھی | السی | ۵ ماشہ | ریاح اور ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور پیشاب و حیض جاری کرتے ہیں اور طبیعت کو نرم کرتے ہیں اور ریاح کو دفع کرتے ہیں اور سرد بیماریونکو مثل مرگی اور لقوہ و فالج اور گٹھیا کے مفید ہیں اور اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور کان کے درد کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبرشمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۷۵ | میتھی کا ساگ | تره شملیت | بقلة الحلبہ | سبز | قدرے تلخ و خوشبودار | ایک ساگ مشہور اور کثیر الاستعمال ہے | گرم خشک | گرم مزاج والوں کو | ترشی اور گھی | شلغم کا ساگ | . | اسکے پتے مادہ کو پختہ کرتے اور معتدل القوام کرتے ہیں اور طبیعت کو نرم کرتے ہیں اور ریاح اور ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور پیشاب لاتے ہیں اور سردی کی بیماریوں اور کمر کے درد اور ورم طحال کو نافع ہیں اور درد رحم اور سردی مثانہ کو مفید ہیں اور اسکا لیپ سرکہ کے ہمراہ ورموں ظاہری و باطنی کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۷۶ | میدہ لکڑی | . | مغاث و ملّاز | ظاہر سیاہ و اندر سے سفید یا زرد | پھیکی | ایک درخت کی جڑ ہے مشہور | گرم ۲ خشک ۱ | مثانہ کو | شہد | سورنجان اور عاقرقرحا | ۵ ماشہ | ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور قابض ہے اور پٹھوں کو قوت دیتی ہے اور اینٹھے ہوئے عضا کو اور باہ کو قوت دیتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور سردی بیماریوں کو نافع ہے اور قی اور دردوں کو مفید ہے اور شکستگی اور کجگی اعضا کو اور چوٹ کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۷۷ | مین پھل | . | جوز القی | سرخ زردی مائل | تلخ | ایک درخت کا پھل ہے برابر انجیر صحرائی کے اور بیج اُسکے مشابہ بہیدانہ کے مستعمل پوست اسکا ہے | گرم خشک ۲ | | گوند اور رب السوس | بورہ و رائی | ۲ ماشہ | بلغم کو چھانٹتا ہے اور دست آور ہے اور دماغی بیماریوں کو مفید ہے اور پھوڑے کی بیماریونکو نافع ہے اور فالج و لقوہ اور کھانسی اور دمے اور ہانپنے کو اور کوڑھ اور پھوڑے پھنسی کو نافع ہے اور ریاح اور پیٹ کے نفخ کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا فرزجہ یعنے لتہ ترکیا ہوا رکھنا مضیق ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۷۸ | مین سل | . | زرنیخ احمر | سرخ | پھیکا و بودار | ایک معدنی چیز ہے مثل گندھک کے | گرم خشک ۴ | اخلاط کو سڑا دیتا ہے | پوست ہلیلہ زرد | ہرتال و گندھک | ۱ ماشہ | ورم اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور بلغم اور خون کے فساد کو اور زہر کو دفع کرتا ہے اور سردی کی کھانسی کو مفید ہے اور آواز کو صاف کرتا ہے اور زائد فربہی کو دفع کرتا ہے اور اسکا لیپ تر و خشک کھجلی کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | باب النون | | | | اور اسمین چھتیس ۳۶ دوائیاں ہین۔ |
| ۸۷۹ | ناخونہ | ایلہ قیصر | اکلیل الملک | بھورا | قدرے تلخ | ایک گھانس کا پھل ہے ہلالی مشابہ ناخن کے | گرم خشک ۱ | اکثیین کو | شہد اور منقے اور انجیر | بابونہ اور میتھی | ۳ ماشہ | سردی کے ورمونکو تحلیل کرتا ہے اور مواد کو پختہ کرتا ہے اور قابض ہے اور خشکی لاتا ہے اور لطافت کرتا ہے اور سخت ورمونکو نرم کرتا ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور اسکا جوشاندہ درد معدہ اور جگر وطحال کو مفید ہے اور طحال اور مقعد کی بیماریون کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۸۰ | ناریل و کھوپرہ | نارگیل | نارجیل | باہر سرخ وسیاہ اندر سفید | خوش مزہ و شیرین | ایک درخت کا پھل ہے گول برابر چھوٹے خربزہ کے جسکا درخت لانبا اور سیدھا ہوتا ہے مشہور | گرم خشک ۱ | سدہ لاتا ہے اور دیر ہضم ہے | شکر و مصری و میوۂ ترش | پستہ و بادام و چلغوزہ | تولہ | باہ لاتا ہے اور منی کو گاڑھا کرتا ہے اور خون صالح پیدا کرتا ہے اور سینہ کو نرم کرتا ہے اور کثیر الغذا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور گردہ کو بھی فربہ کرتا ہے اور قوت دیتا ہے اور حرارت اصلی کو قوت دیتا ہے اور فالج وجنون اور اعصاب کے اینٹھنے اور مالیخولیا کو مفید ہے اور ضعف جگر کو دفع کرتا ہے اور ہمراہ مصری کے روز نہار کو ایک تولہ کھانا بینائی کو قوت دیتا ہے اور آشوب چشم کو مفید ہے بالخاصہ اور اسکا تیل بدنکو نرم رکھتا اور بالونکو بڑھاتا ہے اور درد سر کو نافع ہے اور فربہی لاتا ہے اور اسکے سر مین ڈالنے سے اعضائے دماغی کی صحت قائم رہتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۸۱ | ناریل دریائی | نارگیل دریائی | نارجیل بحری | سفید و پرانا زرد | پھیکا و سخت | ایک دریائی پھل کی گری ہے جو برابر کدو کے ہوتا ہے مستطیل اور اسکا درخت ایک جزیرہ مین ہوتا ہے | مرکب القوی اور گرم خشک ۱ | . | . | . | ۵ جو تا یکماشہ | ہیضہ کو اور قے اور ابکائی کو گلاب مین گھس کے دینا نہایت مفید ہے اور اصلی حرارت کو قوت اور سکون اور راحت دیتا ہے اور اکثر زہرون کا مارگ ہے اور فاسد خلطوں کیلیے نافع ہے اور پیاس کو خوب تسکین دیتا ہے اور ہولے وبائی کے ضرر کو دفع کرتا ہے اور سانپ بچھو کے زہر کو دفع کرتا ہے اور جہاں بچھو یا کوئی اور کیڑا کاٹے اوسپر اسکو پیس کے لیپ کردین تو درد اور تکلیف کو کم اور دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۸۲ | نارنگی | قسیماز نارنج | . | باہر سرخ گودہ زرد | شیرین چاشنیدار و ترش | ایک پھل ہے ہندی مثل نارنج کے بھانکیں دار اسکے بیج مشابہ نارنج کے | سرد تر ۲ | پٹھوں اور سینہ کو | نمک اور قند | - | . | تیزی صفرا و خون کو اور پیاس کو تسکین دیتی ہے اور فرحت دیتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور اگر معدہ گرم ہو اور قے اور متلی اور ابکائی کو دفع کرتی ہے اور غذائے چرب حلواجات کی اصلاح کرتی ہے اور اسکے چھلکے سوکھے ہوئے کا ابٹن چہرہ کی سیاہی اور جھائین کو اور مہاسہ کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۸۳ | ناری کا ساگ | . | . | سبز | پھیکا | ایک گھانس ہے کہ ٹھہرے پانی مین اگتی ہے اور پتے لانبے اور ٹہنی کھوکھلی ہوتی ہے | گرم خشک ۱ | نفاخ ہے | نمک و ماش | کانڈل کا ساگ | . | ردی الکیموس ہے اور قلیل الغذا ہے اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور خلط فاسد سوداوی پیدا کرتا ہے اور ریاح خوب دفع کرتا ہے اور معدہ کو ضعیف کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۸۸۴ | ناردین | . | سنبل رومی | بھورا خشک | قدرے تلخ و خوشبودار | ایک گھانس ہے مع جڑ اور شاخ دھبول کے ردی جسکے بیچ پوست شاخ لگی ہوتی ہے | گرم ۲ خشک ۲ | پھیپھڑے کو | کتیرا و شہد | سنبل ہندی | ۳ ماشہ | اسکا پینا فالج اور لقوہ اور یرقان کو مفید ہے اور مواد معدہ پر گرنے نہین دیتا ہے اور پیشاب و حیض لاتا ہے اور ورمون کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا سرمہ پلکون کے بال جاتا ہے جو گر گئے ہون اور اسکے جوشاندے مین بیٹھنا یعنے آبزن درد جگر اور درد گردہ کو اور اکثر رحم کی بیماریون کو مفید ہے اور گرم مرہمون مین شامل کرتے ہین۔ (غیر سمی) |
| ۸۸۵ | ناسپاتی | ناشپاتی | . | زرد بھوری | شیرین و چاشنیدار | ایک میوہ ہے برابر امرود کے لیکن اسکا گودہ کرخت ہوتا ہے | شیرین معتدل ہے اور ترش سرد وخشک ہے | قولنج پیدا کرتی ہے | ماء العسل | بہی | . | دیر ہضم اور نفاخ ہے اور خون گاڑھا پیدا کرتی ہے اور اعضا کو قوت دیتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور فرحت بخشتی ہے اور قابض ہے اور جلا کرتی ہے اور جگر گرم کو قوت دیتی ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۸۶ | ناگدس | . | . | سیاہ | قدرے تلخ | ایک لکڑی ہے بالکل مشابہ سانپ کے اکثر ہند کے فقیر اپنے پاس رکھتے ہیں | سرد | قابض ہے | . | . | . | بدن کو فربہ کرتی ہے اور قوت دیتی ہے اور فساد بلغم کو دفع کرتی ہے اور سوزاک کو مفید ہے اور صفرا کو دفع کرتی ہے اور بعض اسکو سانپ کے زہر کا مارگ بھی جانتے ہیں - (غیر سمی) |
| ۸۸۷ | ناگدون | مارچوبہ | ہلیون و عود الحیہ | سبز زردی مائل | تلخ | ایک گھانس ہے جنگلی اور بستانی شبیہ کبر کے دودھا اور پتے سفید حتی المقدار اور بعض اطبا کو اسکی ماہیت میں اختلاف ہے | گرم تر | جوڑونکو اور سر کو گرفت اسکی | شہد | سرشف و سرسون | ۷ ماشہ | کھانے کو پیٹ میں سڑا دیتی ہے پانی خاصہ اور پیشاب لاتی ہے اور جلا کرتی ہے اور سدے کھولتی ہے اور پھوڑے پھنسی کو دفع کرتی ہے اور پسینے اور پیشاب کی بو کو دفع کرتی ہے اور نزول چشم کی ابتدا میں اسکا پینا مفید ہے اور جلندر اور درد پہلو اور پھیپھڑے کے درد کو مفید ہے اور جگر اور طحال کا سدہ کھولتی ہے اور گردہ کو پاک کرتی اور پتھری توڑتی ہے اور لسدار بلغم کو کہ معدہ میں ہو براہ قی دفع کرتی ہے اور طبیعت کو نرم کرتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے - (غیر سمی) |
| ۸۸۸ | ناگدون کے بیج | تخم مارچوبہ | بزر الہلیون | سیاہ | تلخ | ناگدون کے بیج ہیں گول برابر اور مشابہ [illegible] یعنی نیل کے بیج کے | گرم خشک ۲ | معدہ و دماغ کو | شہد | شقاقل اور تودری | ۲ ماشہ | باہ زیادہ کرتے ہیں اور لطافت بخشتے ہیں اور سدے جگر و طحال کے کھولتے ہیں اور پیشاب لاتے ہیں اور باہ کو قوت دیتے ہیں اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتے ہیں اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑتے ہیں - (غیر سمی) |
| ۸۸۹ | ناگرموتھ | مشک زمین | سعد کوفی | سیاہ | تلخ و خوشبودار و تیز | ایک جڑ ہے گول اور لانبی مشہور | گرم خشک ۲ | حلق اور پھیپھڑے اور آواز کو | شکر و انیسون | دارچینی و بالچھڑ و مرمکی | ۶ ماشہ | خشکی کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور پتھری توڑ بہاتا ہے اور سدے کھولتا ہے اور منھ کی بدبو اور بغل کی بدبو دفع کرتا ہے اور فہم و عقل کو زیادہ کرتا ہے اور باہ کو حرکت میں لاتا ہے اور معدہ و جگر کو قوت دیتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور کانور اور خفقان کو مفید ہے اور اسکا منجن دانتوں کو قوی کرتا ہے اور اسکے رنگے کپڑے فرحت دیتے اور باہ لاتے ہیں (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۹۰ | ناگیسر | . | . | زرد | پھیکا و نہایت خوشبودار | ایک بڑے درخت کا زرد پھول ہے جسکی خوشبو سب خوشبوؤں سے تیز ہے | گرم ۱ خشک ۲ | جگر گرم اور مثانہ کو | تخم کاسنی و طباشیر | بالچھڑ و تارجیل | ۳ ماشہ | خون کو صاف کرتا ہے اور صفرا کو دستوں کی راہ نکالتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور سرد مزاج کے دلکو قوت دیتا ہے اور بخارات معدہ کو دماغ پر چڑھنے نہیں دیتا ہے اور معدہ و جگر و آنتوں کو قوت دیتا ہے اور خون بہنے کو بند کرتا ہے اور پسینے کی بو کو دفع کرتا ہے اور اسکا پھول صفرا و بلغم کو دفع کرتا ہے اور زہروں کی مارگ ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور اسکا عطر دماغ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور گردہ کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۸۹۱ | | نان کلاغ | خبازی | سیاہی مائل وسفید | بےمزہ | ایک گھانس کا بیج ہے جسکو نیرو کہتے ہیں گول اور پھول اودہ اور چھوٹا اور اسکا درخت مشابہ خطمی کے ہے | سرد تر ۱ | ضعف معدہ کو | فواکہ کے رب | خطمی | ۵ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتی ہے اور مواد کو پختہ اور نکلنے پر آمادہ کرتی ہے اور جگر کے سدے کھولتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور آنتوں میں چوک کے سدے پیدا کرتی ہے اور آنتوں میں پھسلن پیدا کرتی ہے اور دودھ زیادہ کرتی ہے اور ورموں کو تحلیل کرتی ہے اور کھانسی اور سینہ کے کھرکھرانے کو مفید ہے اور اسکی جڑ و شاخ و بیج قریب الاثر ہیں اور اسکے پتوں کا لیپ شکستگی اعضا کو مفید ہے - (غیر سمی) |
| ۸۹۲ | نربسی | زدو | جدوار | سیاہ | تلخ | ایک جڑ ہے صنوبری شکل کی مشہور | گرم خشک ۳ | آنتوں میں زخم پیدا کرتی ہے | دھنیا و دودھ و کتیرا | زرنباد | ½ ماشہ | طبیعت کو فرحت دیتی ہے اور اعضا کو قوت دیتی ہے اور اعضائے شکلی و بینائی کو قوی کرتی ہے اور سدے کھولتی ہے اور لطافت کرتی ہے اور ورم و دمل یعنی بدگوش کو تحلیل کرتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے اور باہ بڑھاتی اور تحریک باہ کرتی ہے اور پیشاب جاری کرتی ہے اور نزلہ اور نزول چشم کو منع کرتی ہے اور شقیقہ یعنی آدھاسیسی کو مفید ہے اور درد گردہ کے لیے عجیب الاثر ہے اور اکثر زہروں کی مارگ ہے اور حکم تریاق کا رکھتی ہے اور مرگی کو نفع کرتی ہے (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۹۳ | نرگس | نرگس | نرجس | رنگ برنگ | پھیکا و نہایت خوشبودار | پھول ایک گھانس کا ہی جسکے پتے اور شاخ اور جڑ اور بیج بالکل پیاز سے مشابہت رکھتے ہین | گرم خشک ۲ | گرم مزاجوں کو | نیلوفر و کافور | گل سیوتی و گل خیری | ۲ ماشہ | جلا کرتی ہی اور رطوبت کو بدن کے اندر سے کھینچتی ہی اور جذب کرتی ہی اور اسکے پھول سونگھنا زکام اور نزلہ کو نافع ہی اور دماغ کا سدہ کھولتا ہی اسواسطے کہ وہ قوی محلل ہی اور بعض اطبا کا یہ قول ہی کہ اگر اسکو ہمیشہ سونگھا کرے اُسکو جاڑون مین بھی زکام و نزلہ نہو اور اسکی جڑ پینے پیاز نرگسی معدہ اور رحم کو فاضل اور خراب رطوبت سے پاک کرتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتی ہی اور درد دونکو تسکین دیتی ہی اور باہ زیادہ کرتی ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۹۴ | نسوت | . | تربد | سفید و مدور | خوب تلخ | ایک درخت کی جڑ ہی جسکے پتے مشابہ لوبیا کے اور بنگالہ مین اُسکو پتو ہری کہتے ہین | گرم خشک ۳ | آنتونکو اور پٹھا کو خشک کرتی ہی | روغن بادام مین چرب کرنا | غاریقون اور کالا دانہ | ۵ ماشہ | بلغم اور رقیق رطوبتونکو براہ دست نکالتی ہی اور جلے ہوئے خلطونکو بھی نکالتی ہی اور دماغ اور معدہ و جگر و رحم کو بلغم سے پاک کرتی ہی اور سدہ کھولتی ہی اور فالج اور لقوہ اور بلغمی اکثر بیماریوں کو نافع ہی اور درد سینہ کو مفید ہی اور رطوب کھانسی کو نافع اور کابلی ہڑ کے ہمراہ مرگی اور جنون اور مالیخولیا کو نافع ہی اور عرق النسا کو مفید ہی اور سونٹھ کے ہمراہ اسکا عمل قوی ہوتا ہی سیاہ سے پرہیز رکھین کہ زہر ہی۔ (ظاہر اسکا چھلکا سیاہ سم ہی) |
| ۸۹۵ | نشاستہ | نشاستہ | نشا | سفید | پھیکا | گیہون کا ست ہی نفیس مشہور | سرد خشک ۱ | سدہ لاتا ہی اور منی کو کم کرتا ہی | نیشکر نبی و لونگ | دھوئے اور بھگوئے چاول | ۱ تولہ | مواد کو پختہ کرتا ہی اور قابض ہی اور آنتونمین چیک کے سدہ پیدا کرتا ہی اور رطوبت کو خشک کرتا ہی اور زخم کو بھر لاتا ہی اور خون بہنے کو روکتا و بند کرتا ہی اور حلق و سینہ کی کھرکھراہٹ کو دفع کرتا ہی اور گرمی کی کھانسی اور درد سینہ اور سل کو مفید ہی اور اسکا لیپ زعفران کے ہمراہ جھائین کو نافع ہی اور اسکا حریرہ دماغ کو قوت دیتا اور بلغم کو پکاتا ہی۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۹۶ | . | . | نفط | سفید و سیاہ | قدرے تلخ و بودار تیز | بعض زمینوں سے مثل نفت اور قیر کی رطوبت لطیف نکلتی ہی اگر نہایت لطیف کہ اگر حفاظت نہو ہوا ہو جاے | گرم خشک ۴ | جگر اور پھیپھڑے اور گردہ کو | لعاب اسپغول اور کتیرا | جاوشیر | ۲ ماشہ | مسام اور سدے کھولتی ہی اور جلد نافذ ہوتی ہی اور باہ زیادہ کرتی ہی اور ریاح کو خوب تحلیل کرتی ہی اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتی ہی اور اسمین لتہ تر کیا ہوا رکھنا حیض کو جاری کرتا ہی اور سود بیماریوں کو مفید ہی اور اسکا کان مین ٹپکانا بہرے پن کو اور ریاح کو مفید ہی اور اسکا سرمہ نزول الماء کو نافع ہی۔ (قریب سم ہی) |
| ۸۹۷ | نکچھکنی | نکچھکنی گاؤ زبان | کندش و عود العطاس | سبز | تیز بو و تیز و تلخ | ایک گھانس ہی مشابہ برنجاسف کے جسکو ملکر سونگھنے سے خوب چھینکین آتی ہین | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے کو اور گردہ کو غشی لاتی ہی | کتیرا اور دودھ | مین پھل اور کالی مرچ | ۳ رتی | خوب چھینکین لاتی ہی اور ہچکی کو نافع ہی اور امراض دماغی کو اور نزلہ کو مفید ہی اور چوٹوں کو نافع ہی اور آنت اُترنے کو مفید ہی اور اسکا تیل ناک مین ڈالنا بلغم دماغ سے بہا لاتا ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور سفید داغ اور سیاہ داغ اور چھیپ اور جھائین کو اور چہرہ کی کدورت کو اور کھجلی کو نافع ہی (غیر سمی) |
| ۸۹۸ | نکھ | ناخن بریان | اظفار الطیب | سفید مائل بسرخی | پھیکا و خوشبودار | ایک جسم سخت اور گول برابر اور مشابہ ناخن کے ہی کنارہ دریاے سندھ سے لاتے ہین | گرم خشک ۲ | درد سر لاتا ہی اور آنتونمین خراش کرتا ہی | سکنجبین و گل ارمنی | چوانتہ | ۲ ماشہ | فضلات ردی کو پیشاب کی راہ دفع کرتا ہی اور گاڑھے خلطون کو سبک و لطیف کرتا ہی اور صرع و سکتہ اور خفقان کو مفید ہی اگر رطوب ہو اور سردی کے درد جگر اور درد معدے اور رحم کو نافع ہی اور جگر کو قوت دیتا ہی اور بواسیر کو مفید ہی اور اسکی دھونی صرع یعنے مرگی اور سکتے کے لیے اور اختناق رحم اور خون حیض بند ہو جانے کے لیے بالخاصہ مفید ہی۔ (غیر سمی) |
| ۸۹۹ | نل و نرکل | نی | قصب | ہرا سبز خشک ندد | پھیکا قدرے شیرین | ایک ذی ہی خولدار اور ہلکا جسکے پتے مشابہ گنّے کے ہین | سرد و نزد بعضے گرم ہی | پھیپھڑے کو | کتیرا | . | . | آنکھ کو قوت دیتا ہی اور جوش خون و صفرا کو دفع کرتا ہی اور فرج کی رطوبت کو پاک کرتا ہی اور پیشاب لاتا ہی اور اسکی جڑ جلا کرتی ہی اور ورم کو تحلیل کرتی ہی اور ہر قسم کی گٹھیا اور جوڑونکے درد کو مفید ہی اور اسکی کونپل درد پیشاب لاتی ہی اور منہ سے خون آنیکو مفید ہی اور کھانسی کو اور آتشک کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۹۰۰ | ۰ | نام | سیسنبر و نمام الملک | سبز | تیز و خوشبودار | ایک گھانس ہے مشابہ تلسی کے قبیل تلسی سے | گرم خشک ۲ | گردہ کو | بنفشہ | پودینہ و بادروج | ۴ ماشہ | ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور لطیف ہے اور دل کو قوت دیتا ہے اور مردہ بچے کو مشیمہ سے نکالتا ہے اور قے اور متلی کو تسکین دیتا ہے اور ورم جگر و طحال کو اور درد سینہ کو نافع ہے اور بچھو اور بھڑ کے کاٹنے کے لیے مجرب ہے ہمراہ سرکہ کے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑتا ہے اور ہچکی اور مروڑ کو مفید ہے (غیر سمی) |
| ۹۰۱ | نمک سانبھر | نمک سانبھر | ملح الابقر | قدرے غباری | کم شور | بنایا ہوا نمک طعام ہے | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | تولہ | جلا کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور مواد بلغمی کو براہ دست نکالتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور ہاضم ہے اور پیاس لاتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۹۰۲ | نمک لاہوری | نمک سنگ | ملح اندرانی | سفید | زائد شور | معدنی نمک ہے مشہور | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۹ ماشہ | فہم و ذہن کو قوی کرتا ہے اور بلغم لسدار کو براہ دست نکالتا ہے اور تخمہ و کھٹی ڈکار کو دفع کرتا ہے اور آنکھ کی بیماریوں کی دوائیوں میں شامل کیا جاتا ہے اور اسکا دھواں پیٹ کے اپھار کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۹۰۳ | نمک سیسہ | نمک شیشہ | ملح الزجاج | سفید سرخی مائل | زائد شور | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۷ ماشہ | ہاضم ہے اور تیز ہے اور جلا کرتا ہے اور اسکا سرمہ آنکھ کے جالے اور ماندے اور تاریکی چشم کو مفید ہے اور ناخونہ کو بھی مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۹۰۴ | نمک سیندہ | نمک سیندہ | ملح ہندی | سفید شفاف سیاہی مائل | زائد شور و بودار | مشہور ہے | گرم خشک | ۰ | ۰ | ۰ | ۷ ماشہ | مواد سوداوی کو دستوں کی راہ نکالتا ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور تخمہ کو دفع کرتا ہے اور کھٹی ڈکار اور نفخ کو نافع ہے اور اسکا دھواں ہمراہ سونف اور نرکچور کے پیٹ کے درد کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۹۰۵ | نمک کھاری | نمک شور | ملح العجین | غباری | کھارا | ایک بنایا ہوا نمک ہے لونی مٹی سے | گرم خشک ۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۹ ماشہ | خون کو بڑھاتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے اور کھانا خوب ہضم کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور مسام کھولتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۹۰۶ | نواڑی کا پھول | گل نواڑی | ۰ | سفید | پھیکا | ایک پھول ہے خوشبودار اُسکا درخت دو تین گز تک ہوتا ہے | سرد ہے | پھونکو | شہد | گڑہل | ۰ | تینوں خلطوں کو دفع کرتا ہے اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور فرحت لاتا ہے اور گرمی کے بخاروں کو نافع ہے اور گرمی کے درد سر کو مفید اور اسکا سونگھنا نزلہ پیدا کرتا ہے اور اسکا لیپ بخاصہ ورم کو تحلیل کرتا ہے (غیر سمی) |
| ۹۰۷ | نوسادر | نوشادر | نوشادر | سفید | قدرے شور و خشک | ایک چیز ہے مشابہ شورہ کے معدنی اور بنایا ہوا ہوتا ہے | گرم خشک ۳ | قاتل ہے تولہ بھر | ڈکرنا دودھ و گھی و روغن بادام | [illegible] | ۲ رتی | لطیف ہے اور سبکی لاتا ہے اور رطوبت کو بدن کے اندر سے جذب کرتا ہے اور مسام و سدہ کھولتا ہے اور خون بہنے کو بند کرتا ہے اور اسکا پینا ورم طحال کو مفید ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور ریاح کو دفع کرتا ہے۔ (سم ہے) |
| ۹۰۸ | نیل | نیل | نیلج | نیلا | تلخی مائل | ایک گھانس ہے اُسکے بستہ عصارہ کا بھی نام نیل ہے اور سطح سے وہی مراد ہے | گرم خشک ۲ | نسیان پیدا کرتا ہے اور طحال | رب السوس | صندل سرخ و گوگل | ۳ ماشہ | قابض ہے اور خشکی لاتا ہے اور طحال کے درد کو دفع کرتا ہے اور سرخ بادہ اور جلندر کو مفید ہے اور بالوں کو قوی اور سیاہ کرتا ہے اور زخموں کو خشک کرتا اور بھرلاتا ہے اور بالوں کا عام و مشہور خضاب ہے اور برص کو اسکا لیپ مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۹۰۹ | نیلم | یاقوت کبود | ۰ | نیلا براق | پھیکا | ایک پتھر ہے بہت سخت قیمتی اسکے نگ وغیرہ بناتے ہیں | سرد ۱ خشک ۲ | ۰ | ۰ | یاقوت احمر | ۲ رتی | سردی کرتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور بالخاصہ آنکھ کو قوت دیتا ہے اور فساد زہر اور پھوڑے پھنسی کو دفع کرتا ہے اور اعضا کو قوت دیتا ہے اور خشکی کرتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۱۰ | نیلوفر و نیلوپھل | نیلوفر | کرنب الماء | باہر سفید اندر زرد | پھیکا | ایک پانی کی گھانس کا پھول ہے مشہور | سرد تر ۲ | شانہ اور باہ کو | مصری و شہد | خطمی | ۱۰ ماشہ | دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے اور حرارت کو تسکین دیتا ہے اور گرم و تیز نزلہ اور کھانسی کو اور سینہ کی خشکی اور کھرکھراہٹ کو مفید ہے اور اسکا پھول سونگھنا گرم مزاج والے کے دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور نیند لاتا ہے اور گرمی کے درد سر کو تسکین دیتا ہے اور اسکی جڑ گرم و خشک ہے اور درد ستون اور ناخونکے زخم کو مفید ہے اور منی کو منجمد کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۹۱۱ | نیلا تھوتھ | توتیاے سبز | توتیاے اخضر | سبز | کسیلا | معدنی و مصنوعی چیز ہے | گرم خشک ۴ | قاتل ہے اور گوشت کو کاٹتا ہے | روغن گاؤ و قے کرنا | سہاگہ | ۱ ماشہ سم قاتل ہے | ورم اور بد کو نرم کرتا ہے اور اکثر زخمونکا مارگ ہے اور کھجلی کو نافع ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہے اور آنکھ کے جالے و ماسّے کو کاٹ بہاتا ہے - (۱ ماشہ سم قاتل ہے) |
| ۹۱۲ | نیلوپھل کے بیج | تخم نیلوفر | بزر کرنب الماء | باہر سرخی مائل و سیاہ اندر سفید | پھیکا | گول اور چھوٹے کاکن کی برابر بیج ہیں مشہور | سرد خشک | باہ کو ضعیف کرتے ہیں | مصری و شہد | · | ۶ ماشہ | تشنگی کو جاتا دیتے ہیں اور انکا پینا رطوبتونکے بہنے کو خواہ کسی راہ سے ہو مفید ہے اور اسکا لیپ خون بہنے اور درد مثانہ کو مفید ہے اور حیض جاری کرتا ہے - (غیر سمی) |
| ۹۱۳ | نیلکنٹھی | · | · | پھول نیلگون | قدرے تلخ | ایک گھانس ہے پتے جسکے متوسط درجہ کے ہوتے ہیں | گرم تر | · | · | برہمڈنڈی | ۷ ماشہ | خون کو صاف کرتی ہے اور پیشاب لاتی ہے اور امراض جلد کو مفید ہے اور آتشک و فساد خون کو مفید ہے اور برص اور سرخ بادہ کو بالخاصہ نافع ہے - (غیر سمی) |
| ۹۱۴ | نیم | نیب | · | سبز | خوب تلخ و پھل قدرے شیرین و تلخ | ایک ہندی درخت ہے بڑا بلند جسکے پتے لانبے نوکدار اور کنارہ مثل آرہ کے اور پھول سفید چھوٹے اور پھل برابر کھرنی کے | گرم تر ۱ و نزد بعضے سرد تر ۱ | · | · | · | تولہ | ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور مادہ کو پختہ و معتدل القوام کرتی ہے اور مواد کو پکاتی ہے اور پینا ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور اسکے کل اجزا پینا خون کو صاف کرتا ہے حتی کہ اس فصل میں بے مثل ہے اور کوڑھ اور سفید داغ کو نافع ہے اور کھجلی و پھوڑے پھنسی کو بھی مفید ہے اور صفرا و بلغم و باد کو دفع کرتی ہے اور اسکا رس یعنی موسم گرما میں جو اسکے تنہ سے پانی ٹپکتا ہے اسکا پینا خون کو صاف کرتا ہے اور کوڑھ اور آتشک اور اکثر امراض جلدی کو نافع ہے اور اسکی لکڑی کی مسواک کرنا دانتوں کو صاف اور مضبوط کرتا ہے اور آنکھ کی روشنی زیادہ کرتا ہے اور جیٹھ میں گھس کے مہاسا اور رانون پر لگانا عجیب الاثر ہے ہندی کی یہ دوا بے مثل ہے - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | | **باب الواو - اور اسمین ایک دوا ہے -** |
| ۹۱۵ | · | · | ورس | زرد سرخی مائل | قدرے تلخ | ایک درخت یمنی ہے جسکے بیج مثل تل کے ہوتے ہیں اور وہ درخت بیس برس کے پھلتا ہے اور اس سے ریشے مثل زعفران کے پیدا ہوتے ہیں - | گرم خشک ۲ | پھیپھڑے کو | مصطگی و شہد و کتیرا | زعفران | ۳ ماشہ | اکثر زہرون کا مارگ ہے اور جسم کو قوت بخشتا ہے اور نہایت فرحت دیتا ہے اور خفقان اور سیاہ داغ کو نافع ہے اور غلیظ ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے اور حرکت میں لاتا ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ بہاتا ہے اور اسکا لیپ چہرہ کی سیاہی اور جھائین کو اور سیاہ داغ کو دفع کرتا ہے اور چھیپ کو نافع ہے - (غیر سمی) |
| | | | | | | | | | | | | **باب الہاء اور اسمین تینتیس دوائیان ہین -** |
| ۹۱۶ | ہارسنگھار | · | · | پتے سبز پھول سفید و ڈنڈی زرد و سرخ | پھیکا | ایک درخت ہے جسکے پھول خوشنما اور خوشبودار اور پھل گول اور چپٹے ہوتے ہین - | سرد خشک و نزد بعضے گرم و خشک ہے | کھانسی کو | کتیرا | کنگھی | ۳ ماشہ | باہ کو قوت دیتا ہے اور اسکے پتے مرکب بخار کے لیے مفید ہین اور داد و جھائین و چھیپ کو دفع کرتے ہین اور اسکے پھول سرد مزاج والے کے دل کو قوت دیتے ہین اور حرارت کو نفع کرتے ہین اور باہ کے محرک بھی ہین اور اسکا گوند و جڑ بھی مقوی باہ ہے اور اسکے پھول کی ڈنڈیان رنگنے مین بہت مستعمل ہین - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۱۷ | ہالو بیر | تخم دہل | ابہل و ثمرۃ العرعر | بھورا | تلخ | ہاؤلا سے بڑا اور جھوٹے بیر کے برابر ایک پھل ہی | گرم خشک ۲ | جگر و معدہ | شہد و روغن | سلیخہ و دارچینی | ۲ ماشہ | نہایت لطیف ہی اور محلل ہی اور خشکی لاتا ہی اور قابض ہی اور خراش پیدا کرتا ہی اور ہانپنے کو اور جلندر اور بواسیر کو مفید ہی اور حیض جاری کرتا ہی اور حمل ساقط کر دیتا ہی - (غیر سمی) |
| ۹۱۸ | ہتہ جوڑی | کف مریم و کف عائشہ | اصابع الصفر | زردی مائل غباری | قدرے تلخ | ایک گھاس ہی مشابہ بچہ کے پنجہ کے جسکے پتے مشابہ پتے گندنا کے ہین | گرم ۲ - خشک ۳ | دل کو اور آلات پیشاب کو | بلوط و صمغ عربی | ناگر موتھہ | ۴ ماشہ | لطافت بخشتی ہی اور گاڑھے فضلہ کو تحلیل کرتی ہی اور اکثر اعضا کو فضول اور مواد ردی سے پاک کرتی ہی اور کیڑے مکوڑے ونکے زہر کی مارگ اور جنون اور امراض سوداوی کو نافع ہی (غیر سمی) |
| ۹۱۹ | ہرتال | . | زرنیخ اصفر | زرد | پھیکا | ایک معدنی چیز ہی مثل زرد مٹی کے | گرم خشک ۳ | اخلاط کو فاسد کرتا ہی اور مروڑ پیدا کرتا ہی | گھی اور زردہ | تین پھل | ۱ ماشہ | بدگوشت اور زائد گوشت اور مسہ کو کاٹتا ہی اور کھجلی کے نشانون کو ظاہر کرتا ہی اور بال خورہ کو اور جون پڑ جانے کو مفید ہی اور پیاس بہت لاتا ہی اور اخلاط و جلد کو جلا دیتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارنکالتا ہی اور آنتون مین خراش پیدا کرتا ہی اور مثل نورہ کے بال مونڈتا ہی - (غیر سمی) |
| ۹۲۰ | ہڑجوڑ | . | . | بھوری | قدرے تلخ و کسیلی | ایک پھل والے درخت کی ساق ہی کہ مثل گلو کے ہوتی ہی - | گرم خشک | . | . | . | ۲ ماشہ | بالخاصہ ٹوٹی ہوئی ہڈی کا پیوند کر دیتی ہی اور جوڑ دیتی ہی اور یہ عمل اسکا کھانے اور لگانے دونون سے ہوتا ہی اور اسکے خواص بالکل گلو کے خواص ہین جدید دواؤن مین سے ہی - (غیر سمی) |
| ۹۲۱ | ہڑ زرد | ہلیلہ زرد | اہلیلج اصفر | زرد | کسیلی | مشہور ہی | سرد ۱ - خشک ۲ | آنتون مین خراش اور قولنج پیدا کرتی ہی | روغن بادام اور عناب و سپستان | کابلی ہڑ و مازو | ۹ ماشہ | دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہی اور حواس اور ذہن کو بھی قوی کرتی ہی اور دست آور ہی اور رسدے کھولتی ہی اور مالیخولیا اور وسواس و جنون کو نافع ہی اور خفقان و کوڑھ اور مرکب بخارون کو اور طنین اور ریاح بواسیری کو مفید ہی اور بلغم و رطوبتون کو خشک کرتی ہی اسکے بھی فوائد بیشمار ہین - (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۲۲ | ہڑ سیاہ و چھوٹی ہڑ | ہلیلہ سیاہ | اہلیلج اسود | سیاہ | کسیلی | مشہور ہی | سرد ۱ - خشک ۲ | جگر کو | شہد و روغن | ہڑ کابلی | ۹ ماشہ | حواس اور اعضائے شکمی کو قوت دیتی ہی اور خون کو صاف کرتی ہی اور مادہ سوداوی کو دستونکی راہ نکالتی ہی اور کوڑھ اور بواسیر اور درد طحال کو مفید ہی اور بسبب نچوڑنے کے دست آور ہی اور اسکا بیدہ دستون کو بند کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ۹۲۳ | ہرفا ریوڑی | . | . | زرد | ترش | ایک پھل گول دہشت پہل برابر بیر کے ہی سندی | سرد تر ۳ | بلغم و سودا پیدا کرتی ہی | شہد | آملہ خام | . | صفرا کو خوب چھانٹتی ہی اور جوش خون کو تسکین دیتی ہی اور گرمی و سوزش دفع کرتی ہی اور خون بہنے کو بند کرتی ہی اور معدہ کو قوت دیتی ہی اور اسکے پتون کا شیرہ خون کو صاف کرتا ہی اور کوڑھ کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| ۹۲۴ | ہڑ کابلی | ہلیلہ کابلی | اہلیلج کابلی | زرد بھوری | کسیلی | مشہور ہی | معتدل ہی | دماغ کو | شہد | ہڑ سیاہ و زرد | ۹ ماشہ | مادہ سوداوی و بلغمی و صفراوی کو دستونکی راہ نکالتی ہی اور پیشاب لاتی ہی اور حواس کو قوت دیتی ہی اور مرگی و لقوہ و خفقان و مالیخولیا کو مفید ہی اور نچوڑنے کے دست لاتی ہی - (غیر سمی) |
| ۹۲۵ | ہرن کھری رانگر | . | . | سفید و شفاف | پھیکا و کسیلا | رانگا ہی صاف زیادہ مشابہ سم ہرن کے ہی | گرم تر | . | . | . | . | کھجلی اور کوڑھ کو نافع ہی اور ہر روز ایک دانگ ہمراہ سات ماشہ کالی مرچ کے پیسکر پینا باہ کو قوت دیتا ہی اور مستی نا مرد کرتا ہی اور آنکھون کی بیماریون کو نافع ہی - (غیر سمی) |
| ۹۲۶ | . | ہفت برگ | ماذریون | زردی مائل | تلخ | ایک درخت ہی کئی قسم کا جسکے پتے ساق کے پتون سے مشابہ ہین دودھ دار ہے | گرم خشک ۳ | جگر کو اور مکرب لاتا ہی | مدبر کرلینا | گوگل و ایرسا | ۱ ماشہ | جلا کرتا ہی اور سوداوی کو پاک کرتا ہی اور صفرا کو براہ دست نکالتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہی اور یرقان و مشکی یعنی آبی جلندر کو اور کانور کو اور ضعف گردہ و مثانہ کو اور ورم طحال کو مفید ہی اور اسکے درخت کا دودھ سم قاتل ہی اور بیحد قے لاتا ہی جسکی اصلاح ممکن نہین - (غیر سمی دودھ سم قاتل ہی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٩٢٧ | ہرہرہ | . | . | سبز پھول سفید بدبودار | کسیلا بدبودار | ایک گھانس ہی ہندی بدبودار کثیر الوجود | سرد تر و بعضے گرم تر ہی | پٹھون کو | . | . | . | پیشاب خوب لاتا ہی اور گردہ ومثانہ کی پتھری توڑ بہاتا ہی اور دشواری سے پیشاب ہونے کو مفید ہی اور زکام پیدا کرتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہی - (غیر سمی) |
| ٩٢٨ | ہلدی | زرد چوب | عروق الصفر | زرد | تلخ تیز بو | مشہور ہی | گرم خشک ٢ | دل کو | آب لیمون و ترنج | ماميران | ٥ ماشہ | آنکھ کی بینائی کو جلا دیتی ہی اور جگر کا سدہ کھولتی ہی اور جلندر اور کانور کو مفید ہی اور اسکا چبانا دانت درد کو نافع ہی اور ورم کو تحلیل کرتی اور تسکین دیتی ہی اور آنکھون کی بیماریون کو نافع ہی اور آنکھ کو قوت دیتی ہی اور اسکا دھورہ و سینک چوٹ کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ٩٢٩ | ہلہل | . | . | بیج سیاہ پتے سبز | قدرے تلخ | ایک گھانس ہی ایک گز بھر کی پتے چھوٹے بقدر دانہ خشخاش کے - | گرم | . | . | . | . | قولنج اور جلندر کو مفید ہی اور اسکے پتون کا رانگ کان کے درد کو نافع ہی اور اسکے بیج بواسیر کو نافع ہین اور ممسک ہین اور جریان منی کو دفع کرتے ہین اور اسکے پتون کے جوشاندے سے استنجا کرنا اور آبدست لینا خون بواسیر کو بند کرتا ہی - (غیر سمی) |
| ٩٣٠ | ہلدیہ | . | . | زرد | تلخ | ایک چیز ہی مشابہ ہلدی کے | گرم خشک ٤ | سینہ و پھیپھڑ کو | قی اور روغن | سنکھیا | کھاتے نہین ہین | گوشت کو کھا جاتا ہی اور زخم ڈالتا ہی اور سم قاتل ہی اسکا استعمال کسی طرح جائز نہین - (سم قاتل ہی) |
| ٩٣١ | . | ہمیشہ بہار | ابرون وحی العالم | پتے سبز و پھول سفید و زرد | قدرے تلخ | ایک درخت ہی گز ڈیڑھ گز کا لا بنا اور مشابہ ریحان کے اسکی ساق ہین پتے ہوتے اور بیج مشابہ خبازی کے | سرد ٢ خشک ١ | طحال کو | گل ارمنی | کاہو و عنب الثعلب | ٧ ماشہ | جگر اور طحال کے سدے کھولتا ہی اور عضو ماؤف کو مواد گرنے سے محفوظ رکھتا ہی اور درد سر کو اور آشوب چشم اور درد گوش کو مفید ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مار نکالتا ہی اور خون بہنے اور آنتون کی خراش اور گنٹھیا کو مفید ہی اور گرمی کے ریاح کو تحلیل کرتا ہی (غیر سمی) |



| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٩٣٢ | ہنسراج | پرسیاوشان | شعر الجن وشعر الارض وشعر الخنازیر | سبز و بھورا | قدرے تلخ | ایک گھانس ہی مشابہ دھنیے کے اور زمین نمناک مین اگتی ہی | معتدل ہی اور بعض کے نزدیک گرم و خشک ١ | طحال کو | مصطگی اور بنفشہ اور کتیرا | گل بنفشہ وملٹھی | تولہ | اخلاط کو لطیف کرتا ہی اور سدے کھولتا ہی اور مادہ کو پختہ ومعتدل القوام کرتا ہی اور ورم وریاح کو تحلیل کرتا ہی اور خشکی لاتا ہی اور بلغم کو چھانٹتا ہی اور مادہ بلغمی اور سوداوی کو دستونکی راہ نکالتا ہی اور مادہ صفراوی کو بھی نکالتا ہی اور سینہ کو پاک کرتا ہی اور ہچکی اور درد سینہ اور دمے اور کھانسی کو مفید ہی اور کانور کو نافع اور پیشاب بند ہو جانے کو اور حیض ونفاس بند ہو جانے کو نافع ہی (غیر سمی) |
| ٩٣٣ | ہنکوٹ | . | . | زردی مائل | تلخ وکسیلا | ایک درخت کا پھل ہی مشابہ ہڑ کے اور اسکا پوست مشابہ پوست ہڑ کے | گرم | آنتون کو | سعتری | نرملی | . | پھوڑے پھنسیاں اور مسہ اور دانون کو دفع کرتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہی اور اسکے درخت کی چھال جوش خون اور کوڑھ وکھجلی کو نافع ہی اور مادہ سوداوی کو براہ دست نکالتی ہی - (غیر سمی) |
| ٩٣٤ | . | . | ہوفاریقون | غباری وسرخ | قدرے تلخ وتیز | ایک گھانس ہی مشابہ تلکی اور پھل مشابہ جو کے تین قسم کے ہوتے ہین | گرم خشک ٣ | گردہ کو | سکنجبین ومصطگی | بیج کرفس شیطرج داؤ خرد تخم سوا | ٢ ماشہ | خشکی کرتی ہی اور ورم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور خلطون کو سبک ولطیف کرتی ہی اور سدے کھولتی ہی اور کثیف خلطون کو پگھلاتی ہی اور بلغم کو چھانٹتی ہی اور بلغمی بیماریون کو مفید ہی - (غیر سمی) |
| ٩٣٥ | ہیرا | . | الماس | سفید و براق | پھیکا | ایک قیمتی اعلیٰ درجہ کا مشہور پتھر ہی | سرد خشک ٤ | قاتل ہی | قی کرنا اور گھی اور تازہ دودھ | سانپ کا زہر | . | اسکا پاس رکھنا اور گلے مین کھنا دل کو قوت دیتا ہی اور خوف وجھجک کو دفع کرتا ہی اور ولادت جلد کرتا ہی اور باعث غلبہ کا ہی دشمن پر اور شش پہل نگینہ اسکا مرگی کو منع کرتا ہی اور اسکا منجن دانتون کو شفاف کرتا ہی - (سم قاتل) |
| ٩٣٦ | ہیرادوکھی | خون سیاوشان | دم الاخوین قاطر الدم | سرخ وبراق | قدرے تلخ | ایک درخت کا گوند ہی مشہور الا بعض اطبا کے اقوال اسکی ماہیت مین مختلف ہین | سرد ٢ خشک ٣ | گردہ کو | کتیرا اور صمغ عربی | شادنج اور عصارۂ کاہو | ٣ ماشہ | خون کو روکتا ہی اور بند کرتا ہی اور بینائی ومعدہ کو قوت دیتا ہی اور عضو ماؤف کی طرف مواد گرنے نہین دیتا ہی اور آنتون کی خراش اور دستون کو مفید ہی اور اسکا سرما آنکھون کو قوت دیتا ہی اور اسکا منجن مسوڑھون اور دانتون کو قوی اور صاف کرتا ہی اور معدہ وجگر کی گرمی کو دفع کرتا ہی - (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم مشہور | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۳۷ | ہیرا کسیس | زاک سبز | زاج اخضر | زرد و سبزی مائل | بودار و کسیلا | ایک چیز بنائی ہوئی ہی خوب بھاری | گرم ۳ و خشک ۳ بعضے ۴ درجہ مین | پھیپھڑے کو | روغن | . | کھایا نہین جاتا | پھونک دیتا ہی اور گوشت کو گلا ڈالتا ہی اور زخم کرتا ہی اور معدہ و آنتون کے کیڑے مارتا ہی اور بعض زہرون کا مارگ ہی اور باہ کو قوت دیتا ہی اور منی کو گاڑھا کرتا ہی - (قریب بسم ہی) |
| ۹۳۸ | ہینگ | انگژد و انگوزہ | حلتیت | سفید و غباری | تلخ و بودار | درخت انجدان کا گوند ہی دو قسم کا ہوتا ہی خوشبودار و بدبودار | گرم ۴ و خشک ۴ | دماغ کو اور گرم مزاج کے جگر کو | کتیرا اور بنفشہ اور انارینا | جاوشیر و بیلکنج | ۲ ماشہ | دماغی اور پھونکی بیماریون کو جیسے مرگی اور فالج لقوہ اور رعشہ دشمن بہری یعنی خدر کو مفید ہی اور امراض چشم کو نافع ہی اور ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہی اور دفع کرتی ہی اور کھانا خوب ہضم کرتی ہی اور بھوک بڑھاتی ہی اور جگر و معدہ دطحال کی بیماریون کو نافع ہی اور گرمی پیدا کرتی ہی اور آواز کو صاف کرتی ہی اور اسکا لیپ ہمراہ روغن کے چوٹ اور بائی کو مفید ہی اور اسکا نیم ڈالنا کان کے بیٹھنا و بہرے پن کو مفید ہی اور اکثر زہرون کی مارگ ہی اور اسکا گھر مین رکھنا وبائی ہوا سے محفوظ رکھتا ہی - (قریب بسم) |
| | | | | | | باب الیاء المثناة التحتانیہ | | | | | | اور اسمین دو دوائیان ہین - |
| ۹۳۹ | یاقوت | یاقوت | یاقوت | سرخ و براق | پھیکا | ایک قیمتی پتھر ہی اور سخت چمکدار ہوتا ہی اور قیمتی ہی | معتدل | . | زمرد سبز و سونا و یشب | تامڑہ | ۴ رتی | خشکی لاتا ہی اور دل و اعضاے رئیسہ کو قوت بخشتا ہی اور اکثر زہرونکا مارگ ہی اور خفقان اور وسواس کو دفع کرتا ہی اور خون بہنے کو بند کر دیتا ہی اور خون کو صاف کرتا ہی اور مرگی اور وبائی ہوا کے فساد کو دفع کرتا ہی اور اصلی حرارت اور قوت بینائی کا حافظ ہی اور باطن کے بستہ خون کو بہا دیتا ہی اور تحلیل کرتا ہی (غیر سمی) |
| ۹۴۰ | یشب | سنگ یشم | حجر الیشف | مختلف رنگ کا پتھر سبز زردی مائل سفید یا | پھیکا | ایک قسم کا سخت پتھر ہی قیمتی و چمکدار | سرد و خشک | . | . | یاقوت زرد | ۱ ماشہ | دل اور معدہ کو قوت دیتا ہی اور خفقان اور وسواس کو نہایت مفید ہی اور دماغ کو قوت دیتا ہی اور اکثر امراض دماغی کو نافع ہی خاصکر مرگی کو اور باطن مین بستہ خون کو پگھلا دیتا ہی اور باطنی زخمون کو مفید ہی اور اسکا پاس رکھنا جسطرح ممکن ہو خفقان اور وسواس کے لیے عجیب الاثر ہی - (غیر سمی) قد تم بحمد اللہ |



# فہرست اسمای عربی ادویہ

جس شخص کو فقط عربی نام کسی دوا کا یاد ہو یا کسی نسخہ مین صرف عربی نام دواؤن کے مذکور ہون ان دونون صورتون مین یہ کتاب مخزن المفردات فائدہ مند نہوتی کیونکہ استخراج عربی دوا کا بہت ہی دشوار تھا لہذا آخر مین جداول مفردات کی یہ فہرست عربی نامون ادویہ کی بقید و پتہ نمبر شمار مندرجہ جداول مفردات کے لاحق کی گئی ہی تاکہ جس شخص کو جونسا نام دوا کا معلوم ہو خواہ اُردو ہو خواہ عربی وہ بخوبی و بآسانی تمام استخراج کر سکے اور کل کیفیت دوا کی دریافت کر سکے - گویا اب یہ مفردات قائم مقام دو مفردات کے ہو گئی یعنے (اُردو مفردات و عربی مفردات کے) (**معمول فہرست ہذا**) جس دوا کا عربی نام معلوم ہو اُسکو ردیف وار اس فہرست مین دیکھین جس حرف کی بحر مین وہ نام نکلے اُسکے نمبر کو جو اُسکے داہنے پہلو مین لکھا ہوا ہی ملاحظہ کر کے اُسی شمارے اصل کتاب مفردات مین وہ دوا مستخرج کر لین اور کل کیفیت ملاحظہ فرمالین ایک فائدہ جلیلہ اس فہرست مین یہ بھی ہی کہ نسبت نجومی کا بھی ایک خانہ اسمین رکھا گیا ہی اُس سے یہ بخوبی معلوم ہو سکتا ہی کہ سبع سیارہ مین سے کس سیارہ کے ساتھ اس دوا کو نسبت قوی ہی اس رمز کے بیان مین حتی المقدور بہت کوشش کی گئی ہی مگر بعض دوا کی نسبت نجومی باوجود تلاش بسیار کے نہین معلوم ہوئی اُسکے بیان مین مجبوری و معذوری ہی

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | **باب الالف** | | ۷۹ | آبہر | شمس | ۳۰۶ | آذان الفار | زحل |
| ۱ | آبنوس | شمس | ۷ | اجاص | زحل | ۵۴۳ | آذان الفیل | شمس |
| ۹۲۹ | ابروج وحی العالم | مشتری | ۶۰۴ | اخریص زہر عصفر | شمس | ۲۵۰ | اذخر | زحل |
| ۹۱۵ | ابہل و ثمرة العرعر | زحل | ۲۲ | ارجوان | مشتری | ۵۸۸ | اذاراقی و قاتل الکلب | شمس و مریخ |
| ۵۱۸ | ابقر | قمر | ۲۰۳ | اراک | زحل | ۲۲۳ | اسارون | شمس |
| ۳۸۳ | ابوخلساء | مریخ | ۲۷۲ | ارز | مشتری | ۴۹۸ | اشترنج | مریخ |
| ۱۲۷ | اترج | شمس | ۲۷۳ | ارز موجرا | زحل | ۱۲۱ | اسقاناخ | قمر |
| ۱۲۲ | اثل سطرفا | زحل | ۴۷۷ | اردیون | مریخ | ۴۵۶ | اسفیداج | زحل |
| ۴۶۷ | اثلق | ، | ۲۱ | ارتگان | ، | ۴۵۸ | اسقنقور | مشتری |
| ۹۰ | اثمد | شمس | ۶۴۵ | اربع اربعین | شمس | ۴۲۸ | اسقولوقندریون | زحل |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ٣٢ | اسطوخودوس | شمس |
| ٩٥٢ | اسفنج | زحل وقمر |
| ٨٠٠ | اسقوردیون | شمس |
| ٣٥ | اشنان | مریخ |
| ٢٠٩ | اشنہ و شیبۃ العجوز | زہرہ |
| ٥٦٣ | اشق و لزاق الذہب | مریخ |
| ٩١٦ | اصابع الصفر | شمس |
| ٢٠ | اصل الآس | زحل |
| ٣٣١ | اصل الخطمی | قمر |
| ٣٣٦ | اصل حب السلاطین | مریخ |
| ٤٨١ | اصل السوسن | ″ |
| ٤٨٧ | اصل الرازیانج | زحل |
| ١٦٩ | اصل الفلفل | مریخ |
| ٨٤٥ | اصل السوس | ″ |
| ٥٧٣ | اصل الکبر | ″ |
| ٦٥٥ | اصل الکاذی | مشتری |
| ٥٥١ | اصل المنہ باد | قمر |
| ٨٤٠ | اطراف عنب الثعلب | مشتری |
| ٥٥٥ | اطریلال و رجل الغراب و حرز الشیاطین | مشتری و مریخ |
| ٥٩٠ | اظفار الجن | زحل |
| ٨٩٠ | اظفار الطیب | مریخ |
| ٣٧٣ | افشرہ مقوم مشکر | مشتری |
| ٣٦ | افتیمون | ″ |
|  | اقاقیا | زحل |
|  |  | مریخ |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ٣٨٩ | اقلیمیا فضہ و خبث فضہ | مشتری |
| ٥٩٩ | اکتمکت | شمس |
| ٨٠٧ | اکلیل الملک | مشتری |
| ٨٣٢ | التوا التوا | مریخ |
| ٩٣٣ | الماس | شمس |
| ٩ | آملج | زحل |
| ٥٨ | انبج | شمس |
| ٥٩ | انجدان رومی | مریخ |
| ٦٣ | انجبار | ″ |
| ٤٢٥ | انبرباریس | زحل |
| ٧٨٦ | انزروت وکحل اشی | مریخ |
| ١٨٤ | انفحہ | عطارد |
| ٢٧٩ | انکمہ | زحل |
| ٦٨ | اناس بہف | قمر |
| ٨٥ | انیسون | مریخ |
| ١٠٢ | اوطامونی | زہرہ |
| ٩١٩ | اہلیلج اصفر | زحل |
| ٩٢٠ | اہلیلج اسود | ″ |
| ٩٢٢ | اہلیلج کابلی | ″ |
|  | **باب الباء** |  |
| ٧٨ | بابونج | مشتری و زہرہ |
| ١٠١ | بادرنجبویہ | ″ |
| ٩٧٩ | باسوم | شمس |
| ١٢٠ | بان | ″ |
| ١٥٥ | بادنجان | مریخ |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ٨٦ | بادیان خطائی ف | مشتری |
| ١٤٤ | بامیاہ و بامیہ | قمر |
| ٨٩ | باقلا | ″ |
| ١١٢ | بخور مریم ف | مشتری |
| ١٩١ | برنجاسف | مشتری و شمس |
| ٩٦ | برنج کابلی ف | زہرہ و قمر |
| ٢٠٥ | برنج یعنے بتیل | شمس |
| ٧٧٠ | بروی | زحل |
| ٤٥٢ | برطانیقی | ″ |
| ٤٦٨ | بزر الاثلق و حب الفقد و حب النسل | زہرہ |
| ١٦٢ | بزر الاسفاناخ | قمر |
| ١٦ | بزر البنج | زحل |
| ١٩٧ | بزر البصل | قمر |
| ٣٢٢ | بزر البطیخ | ″ |
| ٤٥٣ | بزر برطانیقی | زحل |
| ٣٦٢ | بزر بلہ ف | ″ |
| ٢١٩ | بزر البطیخ الہندی | قمر |
| ٣٢٤ | بزر بقلۃ الحمقاء خرفہ | ″ |
| ٢٢١ | بزر الجرجیر | شمس |
| ٢٥٧ | بزر الجزر | قمر |
| ٨٧٤ | بزر الحلبہ | مشتری |
| ٢٠٢ | بزر الحماض | قمر |
| ٢٣٤ | بزر الحمحم ابیض | ″ |
| ٢٣٥ | بزر الحمحم احمر | ″ |
| ٢٢٦ | بزر الخطمی | ″ |



| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ٣٢٧ | بزر الخشخاش بستانی | زحل و مریخ |
| ٣٢٨ | بزر الخشخاش بری | مریخ |
| ٥٦٩ | بزر الخس | قمر |
| ٢٢٥ | بزر الریحان | ″ |
| ١١٤ | بزر السداب | مریخ و مشتری |
| ٢٩٢ | بزر السلق | مشتری و شمس |
| ٤٨٩ | بزر الشبت | شمس |
| ١٧٨ | بزر الشاہترج | ″ |
| ٥١٦ | بزر الشلجم | قمر |
| ٨٦٤ | بزر الفجل | ″ |
| ١٢ | بزر القرابص | عطارد |
| ٣٢ | بزر القطونا | قمر |
| ١٢٦ | بزر القطن | ″ |
| ٦١٣ | بزر القثاء | ″ |
| ٦٤٢ | بزر القنبر | ″ |
| ٥٩٢ | بزر القرع | ″ |
| ١٣٧ | بزر القنب | زحل |
| ٤٧ | بزر الکشوث | مشتری |
| ٤٦ | بزر الکتان | قمر |
| ٦٨٨ | بزر الکراث | مریخ |
| ١٤ | بزر الکرفس | زحل |
| ٩١٩ | بزر کزبرۃ المار | قمر و زحل |
| ٨٨ | بزر لسان الحمل | قمر و مشتری |
| ٦٥٤ | بزر لسان الثور | ″ ″ |
| ٨٠٧ | بزر لیموں | قمر |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ٣٠١ | بزر المحدبہ | قمر |
| ٨٨٨ | بزر الملیون | مشتری |
| ٥٥٠ | بزر الہندبا | قمر |
| ٢٦٣ | بسباسہ | شمس |
| ٢٦٩ | بسد | شمس و مشتری |
| ١٩٢ | بصل الفار | مریخ و قمر |
| ٥٦٣ | بصل العنصل و اسقیل | ″ |
| ٢١٨ | بطیخ ہندی | مشتری و قمر |
| ٣٢١ | بطیخ | ″ |
| ٥١٧ | بقش | زحل |
| ٥ | بقم | مریخ |
| ١٧٩ | بقم | ″ |
| ٥٩٦ | بقلۃ الانصار | ″ |
| ٣٠١ | بقلۃ الحامضۃ | ″ |
| ٧٦٨ | بقلۃ الحسک | قمر |
| ٨٧٥ | بقلۃ الحلبہ | زحل |
| ٣٢٣ | بقلۃ الحمقاء الطویل | قمر |
| ٧٩٨ | بقلۃ الحمقاء القصیر | ″ |
| ٥٦٥ | بقلۃ الحرف | مریخ |
| ٢٠٣ | بقلۃ الیمانیہ | قمر |
| ٣٦١ | بلہ ف | ″ |
| ٩١ | بلوط | زحل |
| ١٢٣ | بلغاط | شمس |
| ١٤٨ | بلیلج | زحل |
| ١٢٨ | بنفسج و فرفیر | مشتری |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ٤١٩ | بندق ہندی | مریخ |
| ٥٤١ | بندق | شمس |
| ١٥٨ | بورق | ″ |
| ١٨٩ | بوش دربندی ف | قمر |
| ١٤٢ | بہمن سرخ ف | شمس |
| ١٤١ | بہمن سفید | ″ |
| ٦٥ | بیض الدیک | ″ |
| ٨٢٩ | بیض السمک | ″ |
| ١٠٩ | بیش | مریخ |
|  | **باب التاء** |  |
| ٢٢٠ | تتن و تنباک | شمس و مریخ |
| ٩٢٥ | تراب القی | زحل |
| ٨٩٤ | تربد | مریخ |
| ٣٠٨ | ترمس | مشتری |
| ٢٢٢ | ترنجبین | ″ |
| ٢٦٩ | تشمیزج | مریخ |
| ٤٩٤ | تفاح | مشتری و قمر |
| ٣١٠ | تمر | ″ |
| ٤٩٠ | تنکار | مشتری |
| ٨٠٠ | توبال الحدید | زحل |
| ٣٧٢ | توبال النحاس | ″ |
| ٢٣٢ | توت حلو و توت غلطی | مشتری |
| ٢٤٣ | توت حامض | ″ |
| ٦٣٧ | توتیای کرمانی | مریخ |

| نمبرشمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبرشمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبرشمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٩١٠ | توتیائے اخضر | مریخ | ٣٢٠ | جندبیدستر | عطارد | ٢٨٠ | حب السمنہ | مشتری |
| ٩١ | تین | مشتری | ١٦٦ | جنطیانا | مریخ | ٦١٢ | حب السودا | مریخ |
| ٥٨٣ | تین بری | " | ٢٤٩ | جوزبوا وجوزالطیب | مریخ وشمس | ٣١٦ | حب الصنوبر | مشتری |
| ٢٤٢ | تیواج | عطارد | ٢٦٧ | جوزجندم وشحم الارض | مشتری | ٥٥٢ | حب العروس وکبابہ | شمس |
| باب الثاء | | | ٢٦٤ | جوزالسرو | " | ٥٩٤ | حب القرطم وحب العصفر | " |
| ١١٣ | ثلج | قمر | ٨٧٧ | جوزالقی | شمس | ١٣٠ | حب القطن | زحل |
| ٤٠٩ | ثمرۃ الطرفا | مریخ وزحل | ٣٦٥ | جوزالماثل | زحل | ١٤٠ | حب القمح وحب الکلب | مریخ |
| ٥٠٢ | ثوم | مریخ | ١٧ | جوزالہند | قمر وزحل | ٦٧٩ | حب القلت | مشتری |
| باب الجیم | | | باب الحاء | | | ٦٣٤ | حب المحلب | " |
| ٨١ | جاورس | زحل | ٢٥٨ | حاج | زہرہ | ٥٥٩ | حب النیل | مریخ |
| ٢٤٤ | جمار النہر | " | ٣١٤ | حاشا | مریخ | ٤٧٤ | حجر الاعرابی | زحل |
| ٦٦٦ | جاؤشیر | مریخ | ٣١٨ | حاغیش | " | ٤٦٢ | حجر البقر | " |
| ١٨٣ | جبن | مشتری | ٥٢ | حبارا | زہرہ | ١٢٤ | حجر البلور | " |
| ٨٩٣ | جدوار | مریخ | ٦١٥ | حبق بستانی وحمام حی العالم | زحل | ٤٧٤ | حجر الحوت وحجر السمک | " |
| ٢٢٠ | جرجیر | " | ٧٧٧ | حاباوفیقرا | شمس | ٢٩٢ | حجر المقناطیس | " |
| ٦٥٦ | جزر | مشتری | ١٩ | حب الآس | زحل | ٤٧٣ | حجر النار | " |
| ٦٥٨ | جزر البری | قمر | ٤١٧ | حب بلسان | " | ٤٧٥ | حجر الیہود | " |
| ٥٣٣ | جعدہ | شمس | ١٢٩ | حب الخضر | شمس | ١٣٠ | حدق وبادنجان بری | مریخ |
| ٤٥٠ | جعرانہ | " | ٥٩٥ | حب اللاود | مشتری | ٧٩٩ | حدید | زحل |
| ٤٧٣ | جلاب ماء الورد | قمر | ٥٦ | حب الرمان | قمر | ٩٥ | حرذون | شمس |
| ٢٩٦ | جلاپا - ف | مشتری | ٨٥١ | حب الزبیب | " | ٣٤٥ | حرف | زحل |
| ٦٨٣ | جلنجبین | قمر | ٢١٥ | حب الزلم | مریخ | ٧٢٤ | حسک | " |
| ٤٨٦ | جلنار | عطارد | ١٣٩ | حب السفرجل | قمر | ٣٩٨ | حشیش ہندی | " |
| ٧٧٠ | جمیز | " | ٢٥٦ | حب السلاطین | مریخ | ٩٣٦ | حلتیت | مریخ |
| ١١٩ | جند قوقا | " | ٤٧٤ | حب سلطان الاشجار | زحل | ٣١٩ | حما | " |



| نمبرشمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبرشمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبرشمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ١٣٥ | حمص نعقر | مشتری | ٢٩٩ | خشب الحیات | زحل | ٥٤٨ | دودہ - ف | مریخ |
| ٣٠٠ | حماض | زحل | ٢٩٨ | خشب الصینی | " | ٦٦٠ | دودوبزرالجزرالبری | " |
| ٢٠٩ | حمص | مشتری | ٢٤٣ | خصیۃ الثعلب | مشتری | ٤٨١ | دوسر | مشتری |
| ٨٤٢ | حناء | زحل | ٤٤٨ | خل | شمس | ٣٦٨ | دہنج | " |
| ٧٨٠ | حنطہ | مشتری | ١٥١ | خلاف بلخی | زحل | ٤١٣ | دہن البابونج | قمر |
| ٦٤ | حنظل | مریخ | ١٥٣ | خلاف | زحل و قمر | ٤٠٢ | دہن الجوز | " |
| باب الخاء | | | ٨١٧ | خلز | عطارد | ٤١١ | دہن حب البنج | " |
| ٦٣٣ | خمیرہ | زحل | ٢٥٩ | خندروس | زحل | ٣٩١ | دہن حب بلسان | " |
| ٣٣٢ | خبازی | قمر | | حنطہ رومیہ خردک گردرہ | | ٣٩٢ | دہن حب الفہم | " |
| ٨٩٨ | خبث الحدید | زحل | ٦٦٧ | خنفسا وجعل - ف | عطارد | ٤٠١ | دہن حب القرطم | " |
| ٨٩٣ | خبث الذہب | شمس | ٢ | خوخ | قمر | ٤٠٧ | دہن حب القرع | " |
| ٣٧ | خترق | " | ٦١٧ | خولنجان | مریخ | ٣٩٨ | دہن الحرف | " |
| ٥٧٦ | خربق ابیض | زحل | ٥٠٩ | خیری خزامی - ف | " | ٤٠٥ | دہن بزر القثاء | " |
| ٥٧٧ | خربق اسود | " | باب الدال | | | ٤٠٦ | دہن بزر المحدبہ | " |
| ٣٠٠ | خردل | مریخ | ٣٣٨ | دارچینی | شمس | ٣٩٣ | دہن بزر الخروع | زحل |
| ٩٤ | خرقطان | " | ١٦٧ | دار فلفل | مریخ | ٤٠٤ | دہن بزر رطبہ | " |
| ٣١ | خرمل | " | ٢٠ | دارہلد | " | ٤٠٠ | دہن الخس | قمر |
| ٤٠٥ | خرنوب شامی | زحل | ٥٩٠ | دباء ویقطین حلو | قمر | ٣٩٤ | دہن الخشخاش | زحل |
| ٣٢٥ | خرنوب نبطی | " | ١١٠ | درج | مریخ | ٣٩٧ | دہن الزیتون | قمر |
| ٦٤٩ | خراطین وامعاء الارض | زحل و قمر | ٣١٣ | دحق | زحل | ٤٠٨ | دہن السمسم | " |
| | | | ٥٥٧ | دخن | " | ٣٩٩ | دہن السوسن | " |
| ٢٥ | خروع | شمس | ٣٤٢ | درونج عقربی | مریخ | ٣٩٦ | دہن شجرۃ الجن | مریخ |
| ١٥٧ | خرزا | زحل | ٦٣٠ | دفلی وسم الحمار | " | ٤٠٣ | دہن العود | زحل |
| ٢٣٩ | خزف | " | ٢٩١ | دلب | " | ٣٩٥ | دہن الکتان | قمر |
| ٥٦٨ | خس | قمر | ٩٣٦ | دم الاخوین وقاطر الدم | " | ٤١٥ | دہن الکرنب | زحل |
| | | | | | | ٣٩٠ | دہن اللوز | قمر |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۴۱۰ | دہن الکنگنی | قمر |
| ۴۰۹ | دہن مہوہ | ״ |
| ۴۱۳ | دہن النارجیل | ״ |
| ۴۱۲ | دہن الحب | زحل |
| ۶۸۲ | دہن الورد | ״ |
| | **باب الذال** | |
| ۱۱۴ | ذات الذوائب | ״ |
| ۸۵۶ | ذباب | ״ |
| ۴۸۳ | ذہب | شمس |
| | **باب الراء** | |
| ۳۷۴ | راتینج | ״ |
| ۴۸۶ | رازیانج | مریخ |
| ۴۲۲ | راوند | مشتری |
| ۵۳۰ | رب السوس | ״ |
| ۳۷۹ | رصاص الابیض | مریخ |
| ۴۹۷ | رصاص الاسود | ״ |
| ۶۲۶ | رطب ہندی | قمر |
| ۵۳ | رمان الحلو | ״ |
| ۵۴ | رمان الحامض | ״ |
| ۵۵ | رمان میخوش | ״ |
| ۹۸ | رمل | مشتری |
| ۸۲۶ | روبیان | قمر |
| ۲۷۸ | روح التنج | ״ |
| ۲۰۹ | روسختج | ״ |
| ۴۲ | ریباس | زحل |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۲۲۶ | ریحان البری | مریخ |
| ۳۲۶ | ریشۂ خشخاش | ״ |
| | **باب الزاء** | |
| ۱۹۳ | زاج ابیض | مریخ |
| ۶۰۹ | زاج اصفر | ״ |
| ۹۳۷ | زاج اخضر | ״ |
| ۸۴۴ | زبد | ״ |
| ۳۴۴ | زبد البحر | قمر و زحل |
| ۸۵۲ | زبیب | زحل |
| ۵۶۲ | زجاج | شمس |
| ۴۲۳ | زراوند طویل | مشتری |
| ۴۲۴ | زراوند مدحرج | ״ |
| ۱۱۶ | زرنب | شمس |
| ۵۷۵ | زرنباد و درونج الکافور | ״ |
| ۸۷۸ | زرنیخ احمر | ״ |
| ۹۲۰ | زرنیخ اصفر | ״ |
| ۶۷۵ | زرورد | قمر |
| ۶۵۱ | زعفران و کرکم | مریخ |
| ۴۲۶ | زفت رطب | مشتری |
| ۲۳۸ | زقوم حجازی | مریخ |
| ۴۹۹ | زقوم شامی | ״ |
| ۱۷۲ | زمرد | عطارد و زہرہ |
| ۱۰ | زنجبیل | مریخ |
| ۳۷۶ | زنجبیل شامی | ״ |
| ۴۸۵ | زنجبیل رومی | ״ |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۴۸۲ | زنبق | قمر |
| ۴۲۹ | زنجار | مریخ |
| ۷۷ | زنجفر | ״ |
| ۴۳۰ | زوفای یابس | ״ |
| ۶۶۴ | زہرہ لسان الثور | قمر |
| ۵۲۶ | زہرہ عباسی | ״ |
| ۱۵۹ | زیبق | شمس |
| ۴۳۲ | زیتون | زحل |
| | **باب السین** | |
| ۴۳۷ | سافج | عطارد |
| ۲۴۰ | سافج ہندی | زحل و مشتری |
| ۵۲۲ | ساسم | مشتری |
| ۱۵۴ | سدر و نبق | زحل |
| ۲۱۳ | سداب | زحل و مریخ |
| ۶۵۰ | سرخس | ״ ״ |
| ۶۵۲ | سرطان نہری | قمر |
| ۲۵۴ | سطراطیوطس | ״ |
| ۸۸۹ | سعد کوفی | زحل |
| ۱۴۹ | سفرجل | ״ |
| ۸۰۳ | سپستان و دبق | مشتری |
| ۴۵۷ | سقمونیا و محمودہ | مریخ |
| ۵۱۱ | سکرابیس | مشتری |
| ۶۲۴ | سکبینج | مریخ |
| ۴۳۸ | سلخ الحیہ | شمس |
| ۴۴۶ | سلطان الاشجار | زحل |



| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۲۸۱ | سلق | مشتری |
| ۲۱۲ | سماق | زحل |
| ۹۹ | ثمرۃ ام غیلان | ״ |
| ۲۱۷ | سمسم | مشتری |
| ۴۶۹ | سم الفار و قرون السنبل | مریخ |
| ۲۶۸ | سمک الروبیان | قمر |
| ۸۱۶ | سمک السمک و ماہیز ہرج | مشتری |
| ۸۲۸ | سمک الرمل و سمک الصیدا | زحل |
| ۷۷۶ | سمن | قمر |
| ۵۹۸ | سبتادج | عطارد |
| ۸۷۱ | سنا مکی | زحل |
| ۸۸۴ | سنبل رومی | شمس |
| ۹۲ | سنبل ہندی | ״ |
| ۲۹۶ | سینکدوس | زحل |
| ۴۷۸ | سورنجان کلو | مشتری |
| ۴۷۹ | سورنجان المر | ״ |
| ۴۸۰ | سوسن و آسمان جون | زحل |
| ۳۴۵ | سوسنبند | ״ |
| | **باب الشین** | |
| ۵۰۸ | شادنج و حجر الدم | مریخ |
| ۲ | شاخل | مشتری |
| ۴۳ | شالمخ | زحل |
| ۱ | شاہترج | مشتری |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۲۲۴ | شاہ سفرم | زحل |
| ۲۳۰ | شاہ صینی | ״ |
| ۵۰۷ | شاہ بسند ـ ف | شمس |
| ۴۸۸ | شبت | ״ |
| ۲۵۱ | شبہ | مریخ |
| ۱۹۳ | شب یمانی | زحل |
| ۵۰۸ | شبرم | مریخ |
| ۸۲۷ | شبوط | زہرہ |
| ۳۷۱ | شجرۃ الجن | مریخ |
| ۲۷۷ | شحم | قمر |
| ۹۷ | شعر | زحل |
| ۲۶۱ | شعیر | قمر |
| ۲۶۲ | شعیر العریان | ״ |
| ۹۳ | شعر الجن و شعر الارض الجبل | مریخ |
| ۷۸۸ | شقائق نعمان | ״ |
| ۵۱۱ | شکاعی | ״ |
| ۵۱۲ | شکر تیغال ـ ف | مشتری |
| ۵۱۵ | شلجم | ״ |
| ۵۸۶ | شمام | زحل |
| ۸۶۵ | شمع | قمر |
| ۷۰ | شوکۃ الجمل | مریخ |
| ۸۴ | شوکۃ البیضان | ״ |
| ۵۱۹ | شوکران | |
| ۳۴۱ | شیح | زحل |
| ۵۲۱ | شیرخشت ـ ف | قمر |
| ۳۱۲ | شیطرج ہندی | مریخ |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۸۵۳ | شیلم | شمس |
| | **باب الصاد** | |
| ۵۲۳ | صابون | مریخ |
| ۶۲ | صبر سقوطری | شمس |
| ۸۱۵ | صحناۃ | زحل |
| ۴۵۷ | صدف | زہرہ |
| ۴۳۶ | صعتر | زحل |
| ۱۰۰ | صمغ عربی | مشتری |
| ۲۹۴ | صندل ابیض | زحل |
| ۲۹۵ | صندل احمر | ״ |
| ۵۴۴ | صنوبر | ״ |
| | **باب الضاد** | |
| ۷۹۴ | ضرو | شمس |
| ۱۴۸ | ضیان | ״ |
| | **باب الطاء** | |
| ۱۰۷ | طار | زحل |
| ۶۲ | طرائیثت ورالارض | ״ |
| ۵۲۵ | طالیسفر | ״ |
| ۵۶۷ | طالیقون | ״ |
| ۱۰۶ | طباشیر | ״ |
| ۵۷۰ | طحلب | قمر |
| ۵۵۲ | طرخشقوق و ہندبای بری | زحل |
| ۱۱ | طلق | مریخ |
| ۲۳۱ | طوطیا | ״ |
| ۸۲۰ | طین الابیض | زحل |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۲ | غین داغستانی | زحل | ۸۱۰ | عفص | زحل | ۲۰۸ | فاغر | زحل |
| ۹۰ | طین الفارسی | ؍ | ۱۰۹ | عقرب | مریخ | ۵۷۸ | فاغرہ | ؍ |
| ۶۰۹ | طین مختوم | ؍ | ۵۳۱ | عقیق | زہرہ | ۱۵۲ | فالسہ | قمر |
| ۰۰۸ | طین مغربی احمر | ؍ | ۷۷۲ | علک البطم | زحل | ۶۷۰ | فانید | مشتری |
| ۵۱۰ | طین مشانی خراسانی | ؍ | ۵۳۲ | عناب | ؍ | ۱۶۴ | فان | ؍ |
| | باب الظاء | | ۶۷ | عنب محمرم | زحل | ۸۶۳ | فجل | مریخ |
| ۶۴۹ | ظلعت | زحل | ۸۴۱ | عنب الثعلب | ؍ | ۶۸۹ | فراسیون و علقا | شمس |
| | باب العین | | ۵۴۴ | عنبر اشہب | شمس | ۳۷۸ | فرنجمشک۔ ف | زحل و مریخ |
| ۳۴ | عاج | زحل | ۷۷۱ | عود البرق و دار شیشعان | مشتری و شمس | ۷۹۵ | فریقا | مشتری |
| ۴۰ | عاقرقرحا | مریخ | | | | ۶۴۸ | فسافس | مریخ |
| ۸۳۵ | عدس | زحل | ۲۹۷ | عود بلسان | ؍ | ۱۷۲ | فستق | مشتری |
| ۸۰۸ | عذبہ۔ وثمرۃ الاثل | ؍ | ۵۳۵ | عود صلیب و فاوانیا | قمر | ۵۹۴ | فطراسالیون | ؍ |
| ۴۵۰ | عرعر | عطارد | ۴۱ | عود غرقی | شمس | ۴۶۰ | فصنہ | ؍ |
| ۸۲۶ | عرق الجبال و حافظ الاجساد | شمس | ۷۷۵ | عین الدیک | زحل | ۲۵۴ | فلفل الماء | مریخ |
| | | | | باب الغین | | ۸۳۲ | فلفل السودا | ؍ |
| ۹۲۸ | عروق الصفر | ؍ | ۵۳۶ | غار | مشتری | ۸۳۳ | فلفل احمر | ؍ |
| ۴۵۴ | عری | مریخ | ۵۳۷ | غاریقون | شمس | ۵۱ | فلوس خیار شنبر | مشتری |
| ۴۵۵ | عری السمک | ؍ | ۵۳۸ | غافث | مریخ | ۱۸۵ | فوتنج | مریخ |
| ۵۲۰ | عسل | قمر و مشتری زہرہ | ۵۳۹ | غالیون | ؍ | ۱۸۶ | فوتنج جبلی | ؍ |
| ۵۲۷ | عشبہ مغربیہ | زحل | ۶۷۰ | غبار الرحی | زحل | ۲۸۲ | فوفل رطب | زحل |
| ۳۴۴ | آب عشب | ؍ | ۲۹۷ | غبیرا | ؍ | ۴۴۰ | فوفل ہندی | ؍ |
| ۳ | عشر | ؍ | ۵۰۲ | غلاف البول | ؍ | ۸۳۰ | فوہ درق الصباغین | مشتری |
| ۵۲۱ | عصارۂ ریوند | شمس | ۵۰۳ | غول | ؍ | ۵۴۴ | فیروزج | زحل |
| ۳۰۶ | عصارہ قصب السکر | مشتری | | باب الفاء | | | باب القاف | |
| ۰۰۸ | عصی الراعی | زحل | ۴۳۱ | فادزہر معدنی | ؍ | ۸۱۴ | قائم بالذات | زحل |



| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۴ | قاقلہ صغار | مشتری و شمس | ۲۰۶ | قصب الذریرہ | شمس | ۹۷ | کرنب نبطی | مشتری |
| ۴۵ | قاقلہ کبار | ؍ ؍ | ۵۱ | قصب السکر | مشتری | ۳۹۷ | کزبرہ | زحل |
| ۱۸۰ | قانصہ | ؍ | ۶۹۹ | قصب | زحل | ۴۴۳ | کسینی | ؍ |
| ۲۱۴ | قثاء | مشتری | ۴۹۶ | قصب | ؍ | ۳۰۴ | کلس و نورہ | مریخ |
| ۱۴۵ | قثاء البر | ؍ | ۱۲۶ | قطف | ؍ | ۶۱۸ | کماذریوس | مشتری |
| ۲۰۳ | قثاء الحمار | شمس | ۲۷ | قلقلاس | ؍ | ۶۱۱ | کمافیطوس | ؍ |
| ۲۴۱ | قند | ؍ | ۴۴۲ | قلی و شب عصفر | ؍ | ۴۳۴ | کمون ابیض | مریخ |
| ۶۶۳ | قدم | مشتری | ۱۳۶ | قنب و ورق الخیال | ؍ | ۴۳۵ | کمون اسود | ؍ |
| ۸ | قراصیا | ؍ | | | | ۵۶۰ | کمون رومی | ؍ |
| ۳۳۸ | قرع المر | قمر و مریخ | ۶۶۱ | قنب بری | ؍ | ۱۵ | کمون ملوکی | ؍ |
| ۲۱۶ | قرفہ و سلیخہ | مریخ | ۴۹۲ | قنبیط | ؍ | ۴۴ | کمثری | قمر |
| ۵۵۴ | قرطاس | عطارد | ۴۲۰ | قنبیل | مریخ | ۴۲۱ | کندر و ذکر | مریخ |
| ۵۰ | قرن و نعاج | مریخ | ۵۴۶ | قنطوریون کبیر | مشتری | ۸۹۷ | کندش و عود الطاس | |
| ۶۴۰ | قرن البحر و مصباح الروم | ؍ | ۵۴۷ | قنطوریون صغیر | ؍ | | | |
| ۶۹۷ | قرنفل | ؍ | ۶۹۰ | قنہ | زحل | | باب اللام | |
| ۵۴۵ | قردمانا | مشتری | ۳۷۷ | قیر و قیہر | ؍ | ۴۷۹ | لاوند | شمس |
| ۲۲ | قز | عطارد | | باب الکاف | | ۷۸۳ | لاذن | مریخ |
| ۶۳۴ | قسط المر | مشتری | ۵۷۹ | کات ہندی | زحل | ۶۰۲ | لاجورد | عطارد |
| ۶۳۳ | قسط الحلو | ؍ | ۵۵۳ | کاشم | مریخ | ۷۸۴ | لاغیہ | مریخ |
| ۱۰۷ | قشر الاترج | قمر و زہرہ | ۱۵۳ | کاغنہ | ؍ | ۲۰۴ | لبا | زہرہ |
| ۵۰ | قشر الرمان | ؍ | ۵۵۴ | کافور | زحل | ۵۲۸ | لبلاب | زحل |
| ۱۸۸ | قشر الخشخاش | قمر و مریخ | ۵۵۵ | کاکنج | مشتری | ۵۴۰ | لبن بنفسج و حافظ الاطفال | مشتری |
| ۱۶۵ | قشر الفستق | مشتری | ۶۹۱ | کبریت | مریخ | | | |
| ۶۱۰ | قشمش | ؍ | ۵۸۳ | کثیرا | مشتری | ۳۱ | لبن الخشخاش و افیون | مریخ |
| ۴۲ | قصب | زحل | ۶۸۷ | کراث | ؍ | ۴۵۲ | لبن الاا | ؍ |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۵۵ | لبن الاتان | قمر | ۷۵۴ | لحم تمساح | مریخ | ۷۲۸ | لحم السنجاب ـ ف | زحل |
| ۳۵۴ | لبن البقر | ؍ | ۷۴۷ | لحم الثعلب | زحل | ۷۰۶ | لحم السقنقور | مریخ |
| ۳۴۶ | لبن الجاموش | ؍ | ۷۰۸ | لحم الجاموش | مریخ | ۷۰۹ | لحم الشاہین ـ ف | ؍ |
| ۳۷۰ | لبن حامض | ؍ | ۷۱۱ | لحم اجراد البر | زحل | ۷۴۷ | لحم الشقراق | زحل |
| ۳۵۷ | لبن الحمار الوحش | ؍ | ۶۹۴ | لحم الجعد ـ ف | مریخ | ۷۵۴ | لحم الصفرغون | ؍ |
| ۳۵۰ | لبن الخفاش | شمس | ۷۱۷ | لحم الجمل | ؍ | | والصعوہ | |
| ۳۵۱ | لبن الخنزیر | زحل | ۷۳۶ | لحم الحمار الاہلی | قمر | ۷۱۰ | لحم الضان | مشتری |
| ۳۵۶ | لبن الرماک | ؍ | ۷۳۹ | لحم الحمار الوحش | ؍ | ۷۴۴ | لحم الضب | مریخ |
| ۳۴۹ | لبن الضان | قمر | ۷۳۳ | لحم الحمام | شمس | ۶۹۹ | لحم الضبع و | ؍ |
| ۳۵۸ | لبن الغزال | ؍ | ۷۲۳ | لحم الحجیہ | ؍ | | عرجا | |
| ۳۴۶ | لبن اللقاح | زحل | ۷۲۷ | لحم الخنزیر | زحل | ۷۵۴ | لحم الطاؤس | ؍ |
| ۳۴۷ | لبن الماعز | ؍ | ۶۹۳ | لحم الخطاف | مریخ | ۷۶۵ | لحم الظبی والغزال | زحل |
| ۳۵۳ | لبن النساء | قمر | ۷۱۸ | لحم الخفاش | شمس | ۷۱۵ | لحم العصفور | ؍ |
| ۶۹۵ | لحم الابل و جمل | زحل | ۷۲۲ | لحم الدب | ؍ | ۷۵۵ | لحم العقعق وعکہ | ؍ |
| ۷۳۲ | لحم الاسد | مریخ | ۷۴۹ | لحم الدجاج | مشتری | ۷۰۵ | لحم العندلیب | ؍ |
| ۶۹۶ | لحم الایل | ؍ | | والدیک | | | وعنادل | |
| ۷۲۱ | لحم الارنب بری | مشتری | ۷۱۲ | لحم الدراج | ؍ | ۷۵۶ | لحم الغراب | مریخ |
| ۷۶۰ | لحم ابن عرس | مریخ | ۷۱۰ | لحم الذئب | مریخ | | الاسود | |
| ۷۵۱ | لحم الاوز وطیر الماء | قمر | ۷۶۳ | لحم ارکان | زحل | ۶۹۸ | لحم الفاختہ | مشتری |
| ۶۹۰ | لحم البازی | زحل | ۷۶۱ | لحم الرخمہ | ؍ | | وسطوقہ | |
| ۷۳۳ | لحم الببغا | ؍ | ۷۲۸ | لحم الزرافہ | ؍ | ۷۲۶ | لحم القتنہ | مریخ |
| ۷۰۲ | لحم البط | قمر | ۷۵۶ | لحم سبزک | ؍ | ۷۴۵ | لحم الفرس | زحل |
| ۷۲۰ | لحم البلبل | مشتری | ۷۲۵ | لحم السلحفات | مشتری | ۷۶۲ | لحم الفیل | ؍ |
| ۷۳۵ | لحم البقر | مریخ | ۷۳۶ | لحم السلوا | زحل | ۷۱۶ | لحم البقر | مشتری |
| ۷۰۵ | لحم البقر الوحش | ؍ | ۷۰۰ | لحم السمانی | ؍ | | ابو الملیح | |



| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۰۸ | لحم القترد | مریخ | ۸۲ | لوز الحلو | مشتری | ۳۳۴ | مشمش | قمر |
| ۷۳۴ | لحم القمری | زحل | ۸۳ | لوز المر | ؍ | ۸۴۶ | مشیمہ دوابہ | ؍ |
| ۷۲۲ | لحم الکبش | ؍ | ۸۰۵ | لیمون حامض | زحل | ۸۳۹ | مصطکی و | زحل |
| ۷۴۱ | لحم الکرکی | ؍ | ۸۰۶ | لیمون حلو | ؍ | | علک رومی | ؍ |
| ۷۳۷ | لحم الکلب | ؍ | | **باب المیم** | | ۸۷۶ | مغاث وکلز | مشتری |
| ۷۴۸ | لحم اللق لق | مشتری | ۸۶۸ | ماش ومج | قمر | ۷۷۹ | مقل ازرق | زحل |
| ۷۰۳ | لحم الماعز | ؍ | ۸۵۵ | ماش ہندی | ؍ | ۹۰۱ | ملح الابقر | قمر |
| ۷۰۴ | لحم المالک الحزین | ؍ | ۲۴ | ماشش | ؍ | ۹۰۲ | ملح اندرانی | ؍ |
| | وسفستین بری | ؍ | ۶۵۴ | ماء الکاذی | مشتری | ۹۰۳ | ملح الزجاج | ؍ |
| ۷۴۶ | لحم المریس | زحل | ۸۱۲ | ماميران صینی | عطارد | ۹۰۵ | ملح العجین | ؍ |
| ۷۱۷ | لحم النحام ونحافہ | مریخ | ۸۲۵ | ماہیزہرج | مریخ | ۴۶۶ | ملح المحیط | ؍ |
| ۷۴۰ | لحم النسر | ؍ | ۹۲۵ | مازریون | ؍ | ۹۰۴ | ملح الہندی | ؍ |
| ۷۳۰ | لحم النعامہ | زحل | ۲۰۰ | محدبہ | قمر | ۴۲۰ | مو | زحل |
| ۷۱۴ | لحم النمر | ؍ | ۳۰۷ | مخیض | مشتری | ۶۵۳ | موز و | ؍ |
| ۷۲۷ | لحم الوعل و | ؍ | ۱۳۴ | مرکی | زحل | | طلح | |
| | بقر جبلی | ؍ | ۸۳۲ | مرداسنج | مریخ | ۴۶۲ | میعہ سائلہ | مریخ |
| ۷۶۱ | لحم الواق واق | زحل | ۸۷۰ | مرجان | مشتری | | **باب النون** | |
| ۷۶۳ | لحم الہدہد | عطارد | ۶۲۸ | مرو | زحل | | | |
| ۳۳۷ | لحیۃ التیس | زحل | ۳۵۹ | مرزنجوش | مریخ | ۸۸۰ | نارجیل | مشتری |
| ۶۹۳ | لسان الثور | مشتری | ۲۱۰ | مرقشیشا | ؍ | ۸۸۱ | نارجیل بحری | ؍ |
| ۹۷ | لسان الحمل | زحل | ۱۹۷ | مستعجلہ | شمس | ۸۸۵ | ناشپاتی | قمر |
| ۶۳ | لسان العصافیر | شمس | ۶۰۴ | مشک | زحل | ۸۳۸ | بنات الجلاب | مشتری |
| ۸۹۶ | لعل بدخشانی | ؍ | ۶۲۷ | مشط الغول | ؍ | ۸۹۳ | نرجس و | زہرہ |
| ۸۰۵ | لک | ؍ | ۸۳۶ | مشکدانہ | ؍ | | عبہر | |
| ۶۵۷ | لولو ومروارید | قمر و زحل | ۸۳۷ | مشکطرامشیع | مریخ | ۲۰۸ | نحاس | زحل |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۷ | نخاع | مریخ | ۶۷۴ | ورد احمر | مشتری | ۹۲۴ | بوفاریقون | مریخ و شمس |
| ۱۴۷ | نخالہ | زحل | ۶۷۹ | ورد بری | مشتری و زہرہ | | باب الیاء | |
| ۸۴۰ | نسیج العنکبوت | مریخ | ۹۱۵ | ورس | شمس | ۲۹۳ | یاسمین | مشتری |
| ۸۹۵ | نشار | قمر | ۳۲۴ | ورد الزاقی | قمر | ۹۰۹ | یاقوت کبود | شمس |
| ۲۶۰ | نطرون | " | ۳۶۰ | ورق بلہ | " | ۹۳۹ | یاقوت احمر | " |
| ۸۹۲ | نفط | " | ۲۴۱ | ورد پلہ | " | ۷۹۳ | یبروج الصنم نے اصل اللفاح البری | زحل |
| ۹۰۰ | نمام و سیسنبر | مریخ | ۵۰۴ | ورد صینی و نسرین | مشتری | | | |
| ۹۰۷ | نوشادر | " | | | | | | |
| ۹۰۸ | نیلج | زحل | | باب الہاء | | ۹۴۰ | یشب | شمس |
| ۹۱۴ | نیب | مشتری | ۸۰۷ | ہیون و عود الحیہ | مشتری | ۵۹۱ | یقطین و قرع | قمر |
| | باب الواو | | | | | | | |
| ۲۳۴ | ودع و خرمہرہ | قمر | ۵۴۹ | ہندبار | قمر | | | |

## خاتمہ

اسمین یہ بات بیان کی گئی ہو کہ بعض دوائیان اسطور مدبر اور اصلاح کیجاوین تو پراثر ہونگی۔ تو جاننا چاہیے کہ اکثر مفرد دوائیان ایسی ہین جنکی اصلاح اور تدبیر اگر نہ کیجاوے تو یا تو وہ فساد اور نقصان پیدا کرین یا انکا کامل اثر جو تجربۃً لکھا گیا ہو نہ ظاہر ہو یا ساتھی اس اثر مقررہ کے کسی اور عضو کو نقصان پہونچاوین یا بالکل بے اثر محض ہون لہذا اُن دواؤن مین سے بعض دواؤن کی تدبیر و اصلاح وغیرہ ضرورۃً اس خاتمہ مین ذکر کیجاتی ہو اور تدبیر بنانے ماء الجبن کی بھی مذکور ہوگی انشاء اللہ تعالے۔

**فصل** جاننا چاہیے کہ جن طریقون سے اُن تدبیر طلب دواؤن کی تدبیر و اصلاح کیجاتی ہو اُن طریقون کے اصطلاح اطبا مین چند عربی نام علحدہ علحدہ ہین اور ہمنے بھی اُن نامون کو اشارۃً آگے کی جدول مین ذکر کیا ہو لہذا یہ ضروری معلوم ہوا کہ پہلے اُن نامون کے لغوی و اصطلاحی معنی بیان کردین تاکہ طالب کو اوراک مطالب مین آسانی ہو۔

وباللہ التوفیق

**اُحراق** کے لغوی معنی جلانے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض فلزی ادویہ کے مختلف طریقون سے جلاکر کشتہ یا راکھ بنانے کو کہتے ہین۔ **تکلیس** ۔لغت مین مادہ اسکا کلس ہی



جسکے معنے خمیر چونہ کے ہین (یعنے چونہ بنالینا) اور اصطلاح مین سخت و کرخت دوائے فلزی وغیرہ کو نرم اور بھر بھرا کسی طرح بنالینے کو کہتے ہین **حل** ۔ کے معنے پسینے کے ہین اور اصطلاح مین بھی خشک اور سخت فلزی دوا کے نرم و رقیق کرنے کو کہتے ہین **تشویہ** کے ہندی معنی بھلبھلانے کے ہین اور اصطلاح مین بھی کسی رطوبت ناک پھل یا جڑ وغیرہ بھلبھلاکے عرق نکالنے کو کہتے ہین **تحمیص** کے ہندی معنی کہلانے کے ہین اور اصطلاح مین بھی وہ حبوب یعنے دانون اور ابازیر یعنے تخمون کے نیم بریان کرنے اور کہلانے کو کہتے ہین **تقلیہ** کے معنی بھوننے یا تلنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض دوا کے نقصان و فساد کو روغن وغیرہ مین بھون یا تلنے دفع کرنے کو کہتے ہین **تدبیر** ۔ کے معنی انجام بینی کے ہین اور اصطلاح مین بعض دوا مین ایسے تصرف کرنے کو کہتے ہین جسکی وجہ سے اُس دوا کا ناقص و فاسد اثر دفع ہو جاے تاکہ انجام کو بعد استعمال کے کچھ نقصان استعمال کرنے والے کو نہ ہونچے **ترویق** کے معنی شراب نچوڑنے اور صاف کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض پتیون کا رانگ یعنے سبز عرق نچوڑکر اور آگ پر پھاڑکے صاف کرنے کو کہتے ہین **غسل** کے معنی دھونے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض ادویہ کو مختلف طریقون سے دھوکر لائق استعمال کرنے کو کہتے ہین **تضویل** کے معنی زیادہ کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض دوائے فلزی کو خوب باریک کرکے پانی پر سے غبار لینے کو کہتے ہین **تطریہ** کے معنی ترائی بخشنے کے ہین اور اصطلاح مین گھی و روغن وغیرہ کی حدت و خرابی وغیرہ کو دھوکر دفع کرنے کو کہتے ہین **تصفیہ** کے معنی صاف کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض خشک دوا کو چھان کے صاف اور بے مضرت کرلینے کو کہتے ہین **تصعید** کے معنی چڑھانے کے ہین اور اصطلاح مین بترکیب مقررہ کسی دوا کے جوہر اڑانے کو کہتے ہین۔

## اس جدول مین بعض دوا کی تدبیر اور اصلاح کرنے کا بیان ہو

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ابرک | تکلیس | ابرک کو باریک کترکے چند چھوہارے کی گٹھلی کے ہمراہ پوٹلی مین باندھکر گرم پانی کے طاس مین خوب ملین جب ابرک چھنکے پانی کے اندر آجاوے تو نتھار کرا اور سکھا کے ہمراہ شہد اور نوشادر مساوی الوزن کے خوب پیسکر کوزہ گل حکمت مین تین شبانہ روز تیز آنچ دین حتی کہ شہد اور نوشادر کا وزن جاتا رہے ورنہ پھر آنچ دین پھر ہمراہ شورہ مساوی کے پیسکر دوسری آنچ دین تو مکلس اور نرم ہو جائیگا۔ یہ مکلس ابرک بواسیر اور فالج کے لیے مجرب ہو |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ابرک | حل | ایک بڑی مولی کو اندر سے خالی کرکے خوب حل کی ہوئی ابرک کو اسکے اندر بھرین اور مولی ہی کی ڈانٹ خوب مستحکم لگاکے گھوڑے کی لید مین گاڑ دین اور چودہ روز نکالین بحکم خدا ابرک حل ہوکر سفید و چمکدار پانی کیطرح ہو جاویگی۔ |
| ″ | احراق | سفید اور صاف ابرک کو دھوکے اور ہتھوڑہ سے آہستہ کچل کے انگوری تیز سرکہ مین بھگو دین اور بعد تین روز کے اُسی سرکہ مین کئی جوش دیکر نکال کے کوٹین اور سنگین تھیلی مین ہمراہ گٹھلی کھجور کے بھر کے تیز سرکہ مین ملین تو نرم اور لیچلچا ہو جائے پھر نکال کے اور پتھر پر خوب پیس کے ٹکیان بنالین اور مٹی کے باسن مین سرپوش و گل حکمت کرکے ایک ہفتہ خوب بنوا کنڈے کی آنچ دین کہ راکھ ہو جاوے پھر نکال کے بھنگرہ اور دھتورہ اور ہڑ اور بھیرٹے اور آنولے کے عرق مین علیحدہ علیحدہ پیس کے اور ٹکیان بناکے مٹی کے باسن مین سرپوش و گل حکمت کرکے علیحدہ علیحدہ بدستور آنچ دین۔ علامت ابرک کے کشتہ کامل کی یہ ہو کہ دھوپ مین چمک اُس سے نہ ظاہر ہو۔ بعض لوگون نے تین سو آنچون تک مبالغہ کیا ہو یہ ترکیب ہندی ہی۔ |
| ابریشم | تحمیص | ابریشم کو خوب صاف کرکے اور دھوکے اور کترکے لوہے کے برتن مین دھرکر آگ پر رکھین اور تلے اوپر کرتے جاوین اسقدر کھلاوین کہ کرخت قابل پسنے اور سفوف ہونے کے ہو جاوے۔ |
| اجوائن | تدبیر | تین شبانہ روز تیز سرکہ مین بھگوکر سایہ مین خشک کرلین۔ لیکن سرکہ چار انگل اجوائن سے اوپر ہو۔ |
| افیون | تحمیص | افیون کو ریزہ ریزہ بقدر باقلے کے کرکے مٹی کے برتن مین تھوڑا تھوڑا بھونین یا چراغ کی لو مین پٹپٹا لین۔ |



| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| افیون | تدبیر | افیون کو پانی یا گلاب مین چار پہر ترکرکے آگ پر رکھین اور ملین تاکہ خوب حل ہو جاوے پھر چھان کے اور سفل دفع کرکے پانی کو پکاکے بستہ کرلین کہ قابل گولی باندھنے کے ہو جاوے۔ اگر وقت پکانے کے ذراسی شراب انگوری بھی شامل کردین تو لطیف اور خوش کیفیت اور بے مضرت ہو جاوے۔ |
| انڈے کا چھلکا | احراق | انڈے کے چھلکے کو تین روز نمک پانی مین بھگوکے اندرونی جھلی اور آلایش سے پاک کرکے اور نرم کوٹ کے اور کوزہ مین بھرکر اور گل حکمت کرکے پھونکدین تا راکھ ہو جائے بہتر چھلکا بچہ نکلا ہوا ہی۔ اور شترمرغ کے انڈے کا چھلکا سب سے بہتر ہی۔ |
| ″ | تدبیر | انڈے کے چھلکے کو پانی نمک اور راکھ گھلی ہوئی مین بھگوکے دھوئین اور اندرونی جھلی اور آلایش کو دفع کرین اور پھر مکرر دھوکے اور خشک کرکے کام مین لاوین۔ ایضاً سرد پانی سے کئی بار دھووین حتی کہ بو دفع ہو جائے۔ |
| ایلوا | ″ | ایلوا کو سیب یا بہی یا شلجم یا گاجر یا امرود مین رکھ کے اور کپڑا لپیٹ کے اُسپر آٹا لگائین اور آگ مین ڈالدین بعد ایک لحظہ کے کہ گرمی ایلوا تک پہونچگئی ہو نکال کے خشک کرلین اور کام مین لائین۔ |
| بارتنگ کے پتے | ترویق | پتون کو دھوکر اور صاف کرکے پیسین اور اُسکا رانگ یعنی عرق سبز نچوڑ کے آگ پر پکاوین جب پھٹ جائے چھان لین۔ |
| بال آدمی کے | تحمیص | بالون کو صابون لگاکر دھوئین اور خشک کرکے کنگھی کرین اور باریک کترکے آگ پر اسقدر کھلاوین کہ لائق پیسنے کے ہو جاوین اور ان مین بو آنے لگے۔ بہتر بالون سے آدمی کے سر کے بال ہین۔ |
| پارہ | تصفیہ و تدبیر | پارہ کو چالیس مرتبہ سنگین کپڑے مین چھانین بعدہ شیشہ یا پتھر یا مٹی کے کھرل مین ارنڈ کا رنگ ڈال ڈالکے پیسین تاکہ سیاہی اور چکناہٹ زائل ہو جائے پھر ملکو کے رانگ مین پیسین پھر ہڑ بھگوئی ہوئی کے عرق مین پیسین پھر نصف وزن پانی مین ہانڈی کے اندر نرم آنچ پر جوش دین اور تھوڑا تھوڑا پانی اور داخل کرتے جائین تین مرتبہ بعدہ جب پانی جلجاوے اور پارہ رہجائے پارہ کو لےلین اور استعمال مین لائین۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
| --- | --- | --- |
| باره سنگها [14] | احراق | اسکے باریک رق کترکے اور کپڑ ا لپیٹ کے گل حکمت کرین اور تیز آنچ پر پھونکدین لیکن خارجی علاج مین کشتہ کرنے کی کچھ ضرورت نہین ہی صرف گھس کے استعمال کرین |
| بچھو [15] | تحمیص و احراق | بچھو کو مٹی کے برتن مین زندہ رکھ کے اور سرپوش اور خمیر لگا کے گرمی تنور مین رات بھر رکھین اور صبح کو نکال کے اور پیس کے ریشمی کپڑے مین چھانین اور کام مین لاوین۔ اور گرمی تنور سے یہ مراد ہی کہ تنور مین خوب آگ جلا کے آگ کو نکالین اور صاف کرلین اُسمین بچھو والے سرپوش باسن کو رکھ کے تنور کو بند کردین بہتر تنور جلانے کے واسطے لکڑی انگور کی ہی۔ اور اگر بچھو کو راکھ کرنا منظور ہو تو تیز آنچ دین کہ راکھ ہو جائے بہتر بچھو نر ہی اور نشانی نر کی ضعیفی و لاغری ہی۔ |
| بہروزه [16] | تدبیر | ایک ہانڈی مین بقدر نصف پانی بھر کے اُسکے منھ پر جھر جھرا کپڑا باندھین اور اُسپر بہروزه رکھ کے سرپوش کرین اور آگ پر رکھین جب بہروزه پانی کی گرمی سے پگھل کے چھنکر ہانڈی مین گر جاے تو کپڑا مع کدورت دفع کرین اور بہروزه لیکے اسی طرح مکرر پانچ چھ بار کرین تا بہروزه قابل سفوف کرنے کے ہو جاے۔ |
| پھٹکری [17] | تحمیص | پھٹکری کو کرچھے مین رکھ کے آگ تیز پر رکھین تاکہ پگھل کے خشک اور مثل کھیل کے ہو جاے۔ |
| بھلاوان [18] | تدبیر | دو پتھر یا دو لوہے کے ٹکڑے گرم کرین اور بھلاوین کو دو ٹکڑے کر کے اسمین خوب دبادین اور جو شہد سا نکلے اُسکو بانس کی قمچی سے جدا کر کے کہین رکھدین اور بھلاوین کو چھیل کے اور کوٹ کے دوا مین شریک کرین اور اگر معجون و دوا اسمین ملانا منظور ہو تو بعد اس تدبیر کے مع چھلکا ہمراہ اخروٹ یا روغن نارجیل کے کوٹین |
| بھنگ [19] | تدبیر و تحمیص | بھنگ کو گرد و غبار سے پاک اور صاف کر کے دوب گھانس کے رانگ مین ملکر خشک کرلین پھر اجوائن بھگوئی ہوئی کے پانی مین ملکے خشک کرلین بعده لگا کے کاگھی لگا کے کورے مٹی کے برتن مین آگ پر کملائین اور جلنے نپاوے |



| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
| --- | --- | --- |
| پیاز جنگلی و نرگسی [20] | تشویه | یہ پیاز دو قسم ہوتی ہی ایک گودہ دار دوسری پرت دار گودہ دار سمی اور غیر مستعمل ہی اور پرت والی پیاز کی اصلاح یہ ہی کہ پیاز جنگلی صاف کر کے اور اُسپر آٹا سنا ہوا لپیٹ کے گرم بھوبھل مین دبائین تاکہ آٹا پکجاے اور گرمی پیاز تک پہونچ جاوے پھر آٹے کو دفع کر کے استعمال کرین۔ |
| تربد [21] | تصفیه | اِس جڑ کے اُوپر کا چھلکا اور اندر کا گودہ دفع کر کے اسکا ریشہ لین کیونکہ اُن دونون مین سمیت ہے |
| تخم ریحان و تخم کنوچہ [22] | تحمیص | کورے مٹی کے برتن مین آگ پر رکھ کے کملالین حتی کہ جلنے نپاوے صرف نیم بریان ہو جاوے۔ |
| توتیا [23] | غسل و تصویل | توتیا کو خوب پیس کے چینی کے برتن مین رکھین اور اُوپر سے عرق انگور نچوڑتے ہوے کاڈالین اور سات روز یون ہی رہنے دین پھر اُسی پانی مین آہستہ آہستہ پیسین اور خشک کر کے برف کے ہمراہ پھر باریک پیسین اور سکھا کے رکھلین۔ ایضاً توتیا باریک پیس کے بہت سے پانی مین گھول کے تہ نشین کرلین اور خشک کرلین اور خشک کر کے مکرر یہی عمل کرین سات مرتبہ۔ |
| چاکسو [24] | تدبیر | چاکسو کی پوٹلی باندھ کے سونف یا مونگ کی دال یا گدھے کی لید مین جوش کر کے چھیل ڈالین |
| چاندی [25] | احراق | چاندی کو برادہ کر کے لوہے کے برتن مین ہمراہ نمک اور پانی کے تیز آگ پر جلا دین اور اُسپر سے ذرا سی گندھک پسی ہوئی چھڑک دین تو بالکل جلجاے۔ |
| جست [26] | احراق | شاہترہ سبز پیس کے جست پر خوب تھوپین اور اوپر کپڑا لپیٹ کے گل حکمت کرین اور تیز آنچ مین ایک شبانہ روز رکھین بعده نکالکر باریک پیس لین واسطے امراض چشم کے مفید ہی۔ |
| چمگادڑ [27] | احراق | بچہ چمگادڑ کو پر او ر آلائش شکمی سے پاک کر کے دھوئین اور نمک چھڑک کے کوزہ مین رکھ کر سرپوش کرین اور تیز آگ مین کوزہ کو ڈالین تاکہ جل جاوے۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
| --- | --- | --- |
| ۲۸ جمالگوٹہ | تدبیر | جمالگوٹہ کو ایک پوٹلی مین باندھ کے گوبر یا گدھے کی لید مین پانی ملاکر اُسمین ڈالین اور خوب جوش دین پھر دوسرا جوش اسی طرح دہی مین دیوین پھر جمالگوٹہ کو چھیل کے دو ٹکڑے کرین اور اُسکے بیچ مین جو زیرہ ناخن سا ہوتا ہی نکال کے پھینک دین جسکو انقلاب معدہ ہو اُسکو جمالگوٹہ کا استعمال کسی طور جائز نہین |
| ۲۹ چونہ | غسل | ایک بڑے برتن مین چونہ گھولدین تھوڑی دیر مین تہ نشین ریت اور کنکریون کو دفع کرکے پانی کو رات بھر ٹھہرنے دین صبح کو پانی صاف نتھارلین اور دوسرا پانی ڈالین صبح کو وہ بھی نتھارلین اسی طرح سات بار کرین بعدہ تہ نشین کو خشک کرکے کام مین لاوین |
| ۳۰ رانگہ | احراق | ایک کنڈے کو درمیان سے خالی اور گول گڑھا کرین اور لونگ کالی مرچ مساوی اور ہیرا کسیس انکا چوتھائی ان اجزا کو باریک کوٹ کے ایک تہ نصف پسے ہوے اجزا کی کنڈے کے اندر بچھادین اُسکے اُوپر پترن کھری رانگہ رکھ کے نصف باقی اُنھین اجزا کو رانگہ کے اوپر ڈال کے کنڈے کو بند کردین اور بہوا کنڈے کی تیز آنچ مین یہ کنڈا رکھ کے پھونکدین اور بعد سرد ہونیکے نکالکر کام مین لائین |
| ۳۱ روغن | غسل | کوئی روغن ہو اُسپر پانی سرد خوب سا ڈال کے روغن کو پانی پر سے کانچھ لین اگر زیادہ گرم کوئی روغن ہو اُسکی اصلاح کے لیے مکرر تین بار یا زیادہ حسب حاجت یہی تدبیر عمل مین لائین |
| ۳۲ زفت | غسل | زفت کو سرد پانی مین پگھلا کے گرائین تاکہ کدورت تہ نشین ہو جاے اور جو پانی کے اوپر رہے اُسکو لیکر اسی طرح مکرر تین بار کرین اور استعمال مین لاوین اور نیم گرم پانی ہو تو اچھا ہی |
| ۳۳ زیرہ | تدبیر | زیرہ کو سرکہ مین چینی کے برتن کے اندر بھگوئین تین شبانہ روز الا سرکہ چار اُنگل زیرہ کے اوپر ہو پھر زیرہ کو نکال کے سایہ مین خشک کرین اور عمل مین لائین اور دھوپ مین یا آگ پر سکھانا بھی بعض نے جائز رکھا ہی |



| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
| --- | --- | --- |
| ۳۴ زمرد | غسل | زمرد کو خوب کھرل کرین اور پانی مین ملادین جو جلد تہ نشین ہو اُسمین گرد اور کنکری کو پھر پیسین اور پانی مین ملاوین اسی طرح کئی بار زمرد کو پیسکر پانی مین ملادین پھر آخر کو گرد علحدہ کرکے سب پانیون کو ایک مین ملاکے ایک شبانہ روز بند کرکے ساکن رکھین بعدہ تہ نشین کو لیکر کام مین لادین الا آنکھ کے لیے پھر پیسین - |
| ۳۵ سانپ | احراق | سیاہ یا جو نسا سانپ چاہین زندہ ایک کوزے مین رکھکر سر پوش اور گل حکمت کرکے ایک رات بھر خوب گرم تنور مین رکھین پھر نکال کے دیکھین سوکھ گیا ہوگا پیس کے کام مین لاوین - خنازیر کو مفید ہی - |
| ۳۶ سجی | احراق | سجی کو ریزہ ریزہ کرکے مٹی کے برتن یا کرچھہ کو آگ پر خوب گرم کرکے اُسمین ڈالین اور کسی چیز سے ہلاتے جاوین جب بخار اُٹھ کے ہو جاوے تو کام مین لاوین - |
| ۳۷ سرمہ | غسل وتکلیس | سرمہ کو تین شبانہ روز عرق بادیان سبز مین بھگو کے سایہ مین خشک کرلین بعدہ روہی پیٹ کے جلادین جب دھوان موقوف ہو نکال کے صاف کرین ایضاً سرمہ کی ڈلی کو بکری کی چربی مین خوب لپیٹ کے آگ پر رکھدین جب چربی جلجاوے اور سرمہ سُرخ ہو جاوے نکال کے عورت کے دودھ مین یا گاے گھی مین سرد کرین ایضاً سرمہ کو خوب باریک کھرل کرکے بہت سے پانی مین گھولدین اور تہ نشین کو خشک کرکے لے لین - |
| ۳۸ سفیدا | غسل | سفیدا خوب پیس کے پانی مین گھولدین جب ٹھہر جائے تو گرد اور کنکری کو پھر پیس کے گھولین اسی طرح تین مرتبہ مکرر پیسین اور گھولین بعدہ ایک رات بھر پانی کو بند کرکے اور ساکن کرکے نتھارلین اور تہ نشین کو عمل مین لائین - |
| ۳۹ سقمونیا | تشویہ | سیب یا بہی یا امرود کو اندر سے خالی کرکے اور تل سقمونیا اسکے اندر جگہ کرکے سقمونیا کو اسمین رکھکے اُسکو بند کرکے اور ایک کپڑے مین باندھ کے آٹے کا خمیر اُسپر لگائین اور تنور یا بھوبھل مین رکھین جب پک جاوے تو نکال لین اور سقمونیا کو اسکے اندر سے نکال کے اور سایہ مین خشک کرکے کام مین لائین |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| سیپ | احراق | سیپی کو لیکر اُسکے اوپر مٹی لگا کے تنور مین خوب جلا دین حتی کہ جلکر سفید اور نرم و بھر بھری ہو جاوے ورنہ پھر گل حکمت کر کے جلا دین اور پیس کے کام مین لاوین۔ |
| سیسا | " | سیسے کے باریک پتر کو ایک مٹی کے کوزہ مین رکھکے اُسپر تھوڑا سا گندھک پسا ہوا چھڑک کے کوزہ کو کسی گلی سرپوش سے جسکے اندر ایک باریک سوراخ بیچ مین ہو بند کر کے گل حکمت کر دین اور آگ مین پھونک دین جب خوب جلجاے تو نکال کے اور پیس کے دھوئین اور کام مین لائین۔ |
| شیشہ | تکلیس | شیشہ کو کہ صاف ہو لیکر خوب باریک مثل غبار کے کوٹے اور پیس کے لوہے کے کرچھے مین رکھکر آگ پر خوب سرخ کرین اور سجی کے پانی مین ڈالین جس مین سجی گھلی ہو سرد کرین اسی طرح تین بار کرین تو یہ شیشہ نرم اور مثل مٹی کے ہو جائیگا پھر اُسکو پیس کے کام مین لاوین واسطے پتھری توڑ بہانے کے بیمثل ہی۔ |
| شورہ | تصعید | شورہ قلمی صاف لیکر پیس ڈالین اور ایک کوری ہانڈی مین بقدر دو انگل کے ایک تہ بچھا دین اُسکے اوپر سفوف تخم سرداری کا چھڑکین پھر اور تہ شورہ کی بچھا دین اور پھر سفوف تخم سرداری کا چھڑکین اسی طرح سات تہ جما دین اور اُس ہانڈی پر اور ایک ہانڈی اُسی کے برابر اوندھا کے رکھین حتی کہ منھ بند ہو جاوے بعدہ گل حکمت کر کے دھیمی آنچ پر رکھین ایک دن بھر پھر کھول کے اُس شورہ کو جو اوپر کی ہانڈی مین جما ہو لے لین اور کام مین لائین واسطے سوزاک اور جریان اور پتھری کے ہمراہ شیر گاؤ کے کہ پاؤ بھر ہو بمثل اور عجیب المنفع ہی۔ |
| عقیق | احراق و تکلیس | عقیق کو آگ پر خوب گرم اور سرخ کرین اور ٹھنڈے پانی مین بجھا دین اسی طرح متواتر کئی بار کرین حتی کہ پانی خشک ہو جاوے اور یہ مثل سجی کے نرم اور بھر بھرا ہو جاوے۔ |



| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| سنگ بصری | تدبیر | سنگ بصری کو سات بار سرخ کر کے آگ مین گلاب یا دہی کے توڑ یا انار کے پتون کے رانگ مین یا عرق لیموں کے اندر بجھا دین اور سرد کر دین اور کام مین لاوین۔ |
| سنکھیا | حل | سنکھیا کو باریک پیس کے لٹ زیرہ کی راکھ ملا کے بقدر آٹھوین حصہ کے ایک آتشی شیشی مین بھرین اور آتش کی کھچڑی پکا کے دم کے وقت شیشی کو اُسکے اندر گاڑ دین اور بعد ایک پہر کے نکالکر سات روز دھوپ مین رکھین انشاء اللہ رقیق ہو جاویگی۔ |
| سونا | احراق | سونے کو برادہ مثل غبار کے کر کے لوہے کے باسن مین رکھین اور تھوڑا سا سیسہ پسا ہوا بھی اُسپر چھڑکین بقدر آٹھوین جزو کے اسکے بعد نمک کا پانی اُسمین ڈالین اسقدر کہ پانی دو انگل اوپر رہے پھر اُس باسن کو آگ پر رکھکے اسقدر جوش دین کہ پانی بالکل جل جاوے اور خشک سونے کو نکال کے کھرل کرین اور دستور کے موافق پانی مین دھوئین یعنے نتھارین کو بار بار پیسین اور کام مین لائین۔ |
| سینگیا زہر | تدبیر | سینگیا زہر کو ایک باریک کپڑے کی پوٹلی مین باندھین اور اس پوٹلی مین ایک باریک تار لوہے کا باندھ کے اُس تار کے دوسرے سرے کو ایک لکڑی کے بیچ مین باندھین اور ایک خوب بڑی ہانڈی گلی مین پانچ سیر دودھ بھر کے اُس لکڑی کو اُسکی گگر پر جمائین اسطور پر کہ پوٹلی زہر سینگیا کی دودھ سے چھ انگل اونچی رہے اور اُسکے اوپر سرپوش بند کر کے دھیمی آنچ پر رکھین ایک شبانہ روز بعدہ اُتار کے سینگیا زہر کو خشک کر کے کام مین لائین اور دودھ کی ہانڈی مع دودھ زمین مین دفن کر دین تاکہ کوئی حیوان اُسکو نہ کھائے اور اگر سینگیا زہر کھانے کے لیے درکار ہو یہی عمل تین بار کرین اور بعد چالیس روز کے دودھ کی ہانڈی کو زمین سے نکالین اور اُسمین کے کیڑے چھان کر خشک کر لین۔ بعض طلا کے لیے عمدہ چیز ہے۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| غاریقون | مدبر و مغربل | غاریقون کو کسی کملی کے ٹکڑے یا فلالین کے پارچہ مین خوب چھان لین تاکہ اسمین جو ریشے مثل ناخن کے ہوتے ہین اور انھین سمیت ہوتی ہی علیحدہ اور دفع ہو جائین بعدہٗ غاریقون کو کام مین لاوین۔ |
| کاسنی کے پتے | ترویق | بغیر دھوئے کاسنی کے پتون کو کچل کے انکا رنگ نکالین اور آگ پر پھاڑ کے اور چھان کے صاف کر لین واسطے حمی محرقہ یعنے صفراوی بخار کے اور ورم جگر کے مفید ہی۔ الا انکو ہرگز نہ دھوئین کیونکہ نفع باطل ہو جاتا ہی۔ |
| کافور | تصعید | کافور کو ایک کوری ہانڈی مین بھر کے اور پر اسکے ایک اور ہانڈی برابر اسکے اوندھا کے اور گل حکمت کر کے دھیمی آنچ دین جب کافور اڑ کے اوپر کی ہانڈی مین جمے اسکو لے کر کام مین لاوین۔ |
| کچلہ | تدبیر | کچلہ کو ایک شبانہ روز تر کرین اور اوپر کا چھلکا جدا کر کے پھر اسکو سوہن سے ریت کے برادہ بناوین اور اس برادہ کو ایک شبانہ روز سرکہ مین تر کر کے خشک کر لین ایضاً اس برادہ کی پوٹلی باندھ کے دودھ کی ہانڈی مین ہمراہ دودھ کے جوش کر ڈالین اور نکال کے خشک کر لین اور دودھ پھینکدین |
| کچھوا | احراق | کچھوے کا پیٹ چاک کر کے اسکے اندر سے کل حشا و آلائش کو نکال کے پھینکدین اور خوب دھو کر صاف کرین اور ایک کوری مٹی کی ہانڈی مین رکھ کے اور گل حکمت کر کے تنور یا چولھے مین رکھ کے خوب آنچ دین حتی کہ جلکر سفید ہو جاے بعدہ نکال کے کام مین لائین۔ |
| گندھک | تدبیر | ایک ہانڈی مین دودھ بھرین گلے تک اور ہانڈی کا منھ مہین کپڑے کی صافی سے باندھ کے بند کر دین اور اس صافی پر گندھک کے ریزہ بچھا دین اور اسپر لوہے کا توا اوندھا دین حتی کہ اسکا سطح اندرونی گندھک سے علیحدہ رہے پھر اس توے پر خوب سرخ انگارے رکھکے دھونکین جب گندھک پگھل کے اور چھن کے دودھ مین جا رہے اس گندھک کو نکال کے کام مین لائین۔ |



| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| گوکھرو | تدبیر | گوکھرو کو تین رات دن دودھ مین بھگوئین اور نکال کے سایہ مین خشک کرین اسی طرح تین بار کرین اور خشک کر کے اور کوٹ کے کام مین لائین واسطے جریان اور قوت باہ کے بے مثل ہی۔ |
| کہربا | احراق | صرف کہربا کو ریزہ ریزہ کر کے اور ایک کوزہ مین رکھ کے اور گل حکمت کر کے پھونکدین اور نکال کے اور پیس کے کام مین لائین۔ کہربا بغیر جلاے بھی استعمال کیا جاتا ہی |
| کھیرا | تشویہ | کھیرے کے اوپر مٹی گوندھ کے لت کر دین اور گرم بھوبھل مین دبا دین بعد خوب گرم ہو جانیکے نکالکر اور مٹی دفع کر کے اسکا پانی نچوڑ لین اور کام مین لاوین |
| کیکڑا | احراق | نہر کا بڑا کیکڑا کہ مادہ ہو لیوین اور شناخت مادہ کی یہ ہی کہ اگر اسکی پیٹھ مین سوئی گاڑ دین تو کچھ رطوبت اس سے نکلے اور اس کیکڑے کو چیر ڈالین اور آلائش شکمی اور پاؤن کو دفع کر کے نمک اور انگور کی راکھ لگا لگا کر خوب دھوئین بعدہ خشک کر کے ایک کوزہ مین رکھکر گل حکمت کرین اور ایک رات تنور گرم مین رکھدین تاکہ جلکر راکھ ہو جاے بعدہ نکال کے اور پیس کے کام مین لائین۔ |
| لاجورد | غسل | لاجورد کو خوب باریک مثل غبار کے پیسین اور پانی مین ڈالین اور ہلا کے روغن زیتون اسمین ڈالین اور جوش دین پھر تہ نشین کو لین اور خوب پیسین اور پھر پانی مین گھول کے اور روغن زیتون ڈال کے جوش دین اور تہ نشین کو لیکر اور خشک کر کے یہی عمل کرین اور تہ نشین کو کام مین لائین۔ |
| لاکھ | غسل | ایک برتن مین گرم پانی خوب بہت سا بھرین اور چراغ کی لو مین لاکھ کو پگھلا کے اسی پانی مین گراتے جاوین تاکہ جو کچھ مٹی وغیرہ ہو اس پانی مین تہ نشین ہو جاے اور صاف لاکھ کو پانی پر سے اتار کے پھر یہی عمل تین بار کرین بعدہ لاکھ کو لیکر کام مین لاوین۔ |
| لوکی | تشویہ | لوکی کے اوپر پنڈول مٹی خوب سی لگا کر بھوبھل مین دو پہر دبا دین بعدہ نکال کے اور مٹی دھو کے اور کچل کے اسکا پانی نچوڑ لین اور صاف کر کے کام مین لاوین صفراوی بخار اور ورم کبد کو مفید ہی۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| لوہا چون [۶۲] | تدبیر | فولادی لوہے کا باریک برادہ سوہن سے کریں اور مٹی کے کورے برتن میں دھر کے آگ پر خوب سرخ کریں جب خوب سرخ ہو جائے تو تلی کے تیل میں اُسکو ڈال کر بجھاویں پھر نکال کے اور خشک کر کے آگ پر خوب سرخ کریں اور انگوری سرکہ میں بجھاویں بعدہ نکال کے اور آگ پر سرخ کر کے بیل کے موت میں بجھاویں اور نکال کے پھر آگ پر سرخ کریں اور گائے کے کھٹے دہی کے توڑ میں بجھائیں اور اس سے نکال کے دھو کر باریک پیسیں اور بدستور دھونے عقیق وغیرہ کے دھو کر تہ نشین کو کام میں لائیں |
| لوہے کا میل [۶۳] | تدبیر | خبث الحدید کو خوب کوٹیں اور چھان کے خوب تیز سرکہ میں یا شراب انگوری میں بھگوئیں چودہ روز تک اور چاہیے کہ سرکہ یا شراب چار انگل اوپر رہے بعدہ سرکہ یا شراب سے نکال کے سات روز گندنا کے رانگ یا لہسن کے ساگ کے رانگ میں بھگوئیں اور درمیان میں ایک مرتبہ عرق مذکور کو بدل دیں اور چاہیے کہ یہ عرق بھی چار انگل اوپر رہے اسکے بعد نکال کے روغن بادام یا روغن پستہ زرد آلو میں بریان کریں پھر خوب باریک مثل غبار کے کھرل کر کے کام میں لائیں — |
| مازریون [۶۴] | تدبیر | مازریون کو تین رات دن تیز سرکہ میں بھگوئیں اور درمیان میں دو ایک مرتبہ سرکہ بدل دیں اور سرکہ چار انگل اوپر رہے بعدہ نکال کے سکھالیں اور جو کوب کر کے روغن بادام میں چرب کر کے جسطرح چاہیں استعمال کریں۔ |
| مازو [۶۵] | تقلیہ | مازو کو تلی کے تیل میں تلیں اسقدر کہ پھٹ جائے بعد اسکے کوٹ کے اور چھان کے کام میں لائیں۔ |
| مونگا [۶۶] | احراق | مونگے کو کوٹ کے ریزہ ریزہ کر کے ایک مٹی کے کوزہ میں رکھیں اور گل حکمت کر کے ایک رات کامل تنور میں رکھیں تو جلکر سفید ہو جاوے الا راکھ نہونے پاوے اور اگر ایک مرتبہ میں قابل نہو تو پھر تنور میں رکھیں۔ |
| مونگا کی جڑ [۶۷] | احراق | مونگے کی جڑ کے جلانے کا دستور بھی مثل جلانے مونگے کے ہوا الا یہ بغیر گل حکمت کے بھی جلایا جاتا ہے۔ |



| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| مردار سنگ [۶۸] | غسل | مردار سنگ کے ہم وزن نمک لاہوری ملا کے دونوں کو خوب پیسیں اور پتھر یا سفالی کے برتن میں رکھ کے اسپر پانی ڈالیں اس مقدار کہ چار انگل اوپر رہے اور پانی کو ہلاویں اور چھوڑ دیں سات روز تک اور درمیان میں کبھی کبھی ہلا دیا کریں بعد سات روز کے اور تازہ پانی بدل دیں اور درمیان میں ہلا کے چھوڑ دیا کریں اسی طرح بعد ہر سات روز کے نیا تازہ پانی بدلتے رہیں اور بعد چالیس روز کے تہ نشین کو لے کے اور پیس کے کام میں لائیں— |
| مردہ بادل [۶۹] | احراق | ابر مردہ جسکو اسفنج کہتے ہیں لیکر صابون لگا کے خوب صاف کریں بعدہ نچوڑ کے اور دھوپ میں سوکھا کے باریک کتر ڈالیں پھر کسی لوہے یا مٹی کے باسن میں رکھ کے آگ پر رکھیں اور کسی لکڑی سے چلاتے جاویں یہانتک کہ جلا دیں کہ وہ ابر مردہ کرخت قابل پیسنے کے ہو جائے بالکل جلکر راکھ نہو جاوے بعدہ لیکر کام میں لاویں |
| مکو کے پتے [۷۰] | ترویق | مکو کے پتون کو دھو کے اور خوب کچل کے اُنکا رانگ نکالیں اور اُس رانگ کو آگ پر پھاڑ کے اور صاف کر کے کام میں لاویں— |
| موتی [۷۱] | تکلیس | بغیر بندھے ہوئے موتی لیکر کسی مٹی کے کورے باسن میں رکھکے تھوڑا سا دودھ اسمیں ڈالیں اور سرپوش سے بند کر کے اور آٹا لگا کے دھیمی آنچ پر رکھدیں اور بعد دو گھنٹے کے اُتار کے نکال لیں تو نرم قابل پسنے کے ہو جائے گا— |
| موم [۷۲] | غسل | موم کو خوب اوٹا کے ٹھنڈے پانی میں ڈالیں اور چھوڑ دیں تاکہ مٹی وغیرہ تہ نشین ہو جائے بعدہ موم کو پانی پر سے لے کے تین مرتبہ اسی طرح اوٹا اوٹا کے پانی میں ڈالیں پھر کام میں لاویں— |
| مومیائی [۷۳] | غسل | مومیائی کو بھی مثل موم کے اوٹا کر ٹھنڈے پانی میں ڈالیں اور ٹھہرا کے پانی پر سے مومیائی اُتار کے اسی طرح تین یا چار بار کریں تاکہ گرد و مٹی وغیرہ سے مومیائی صاف و پاک ہو جاوے بعدہ کام میں لاویں— |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
| --- | --- | --- |
| نمک | احراق | نمک کو باریک پیس کے شہد مین لت کرین اور باریک کپڑے مین باندھ کے اور گل حکمت کر کے تنور یا چولھے مین ایک اینٹ پر رکھدین جب تنور یا چولھ سرد ہو جاوے نکال کے اور مٹی دفع کر کے کام مین لاوین۔ |
| ہڑ | تقلیہ و احراق | ہڑ کو گاے کے گھی یا روغن بادام مین تلین اسقدر کہ خوب سیاہ اور چکنہ ہو جاوے احراق کابلی ہڑ کو خمیری آٹے مین بند کر کے غلولہ بنا کر آگ مین ڈالدین جب بالکل جلجاوے نکال کے اور پیس کے کام مین لاوین۔ |
| ہرتال | احراق | ہرتال اعلی درجہ کی لیکے ریزہ ریزہ برابر چنے کے کرین اور ایک مٹی کے کوزہ مین سرپوش اور گل حکمت کر کے انگارون پر رکھین اور درمیان سرپوش کے ایک سوراخ کرین تاکہ اوس سے دھوان نکلتا رہے اور دیکھتے رہین کہ جبتک دھوان نکلے تو خام ہے اور جب سفید دھوان نکلے تو سفید اور کامل ہوگا نکال کے کام مین لاوین اور اسکے دھوئین سے اپنے تئین بچاتے رہین |
| یاقوت | تکلیس | یاقوت کو آگ پر خوب گرم کر کے پانی مین فورا بجھا دین نرم اور بکلس ہو جاویگا |
| یشب | احراق | یشب کو پیس کے اور ایک کوزہ گلی مین رکھکے گل حکمت کرین اور تنور مین رکھدین حتی کہ جلکر سفید ہو جاے اگر ایکھ نہوئے پاوے اور اگر ایک آنچ مین نہ جلے تو دو تین آنچ مین کامل کر لین۔ |

**فصل** بیچ تدبیر بنانے اور استعمال کرنے ماءالجبن کے۔ جاننا چاہیے کہ دودھ مین اللہ تعالی نے تین چیزین رکھی ہین ایک مائیت دوسرے دہنیت تیسرے ثقل سو دودھ کی مائیت مین صرف قوت دوائی ہے اور ثقل مین قوت غذائی ہے اور دہنیت مین قوت دوا اور غذا دونون کی ہے چنانچہ دودھ یہ تینون چیزین جب علٰحدہ کر کے استعمال کیجاتی ہین تو انکے استعمال سے تجربۃً علٰحدہ علٰحدہ فوائد معلوم ہوے ہین پنیر جو کہ ثقل دودھ کا ہے اسکا استعمال غذا کے ہوتا ہے اور اغذیہ معتادہ مین سے شمار کیا گیا ہے بالائی یا مکھن یا گھی جو کہ دہنیت دودھ کی ہے بیشتر ادویہ و اغذیہ داخلی و خارجی مین مستعمل ہے کیا معنی کہ ان تینون کو واسطے دفع کرنے سوداویت یا یبس معدہ و امعا کے یا واسطے ازلاق معدہ و امعا کے یا واسطے دفع لاغری و تولید سمن یعنے فربہی کے داخلاً استعمال کرتے ہین اور مرہمون اور مالشون وغیرہ مین خارجاً استعمال کرتے ہین (اور اہل ہند نے جو ان تینون کو کثرت کے ساتھ اغذیہ لطیفہ مین شامل



کر لیا ہے اگرچہ فائدہ فربہی کا تو یہ کرتے ہین الا بلغمیت اور ضعف معدہ و رخوت اعضا اور فربہی مفرط اور تکدر حواس اور ثقل سر اور نزول الماء اور بلادت ذہن وغیرہ کے لیے بہت بڑے باعث اور سبب ہین کیونکہ تجربہ کرنے سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ بالائی یا مکھن یا گھی کی غذا کثرت سے استعمال کرنے والے ضرور بلید اور ناسمجھ اور سہل انکار اور آرام طلب ہوتے ہین اور اکثر ضعف ہضم بطلان اشتہا یا ثقل سر و نزلہ و زکام و تولید بلغم و نزول الماء یا آنکھون کے امراض مثل پھلی و جالی و ماندے و آشوب چشم وغیرہ وغیرہ کے شاکی اور ان آفتون کے علاج کے متلاشی ہین بالآخر تجربۃً معلوم ہوا ہے کہ ایسے ہی لوگ علاجاً و ہوساً افیون وغیرہ منشیات و سمیات کو متعدد طریقون سے استعمال کرنے لگتے ہین اور یقیناً زندگی سے گذر جاتے ہین) دہی کا توڑ یا پنیر سے نچوڑا ہوا پانی یا ماءالجبن جو کہ مائیت دودھ کی ہے بیشتر دوا ہی مین مستعمل ہین یعنی امراض صفراوی اور بعض سوداوی کو نہایت ہی مفید ہے کیا معنی کہ حمی محرقہ اور ہیجان صفرا اور مرہ صفرا اور مادہ حمرہ و جمرہ و حرقۃ البول اور مادہ بثور و دمامیل وغیرہ کو اور سوداویت کو بہت فائدہ مند ہین لیکن اگرچہ دہی کا توڑا اور پنیر کا نچوڑا ہوا پانی یہ دونون ماءالجبن کہے جاسکتے ہین اور اپنے فعل و اثر مین بھی قریب قریب ماءالجبن کے ہین الا ماءالجبن جو ایک خاص طریقہ سے باحتیاط و اہتمام تمام بنایا جاتا ہے وہ بہ نسبت ان دونون کے نہایت ہی لطیف و پر اثر ہے اور بیشتر اطبا کے معمولات مین سے وہی ماءالجبن ہے لہذا یہ ضروری ہوا کہ ذیل مفردات مین اسکا ذکر کیا جاوے اور اوسکے اخذ و حاصل کرنے کی حقیقت ظاہر کی جاوے۔ طریقہ ماءالجبن نباتی کا یہ ہے کہ ایک بکری سیاہ رنگ کی لیوین جو تھوڑے دنون کی گابھن ہو اور اگر سیاہ رنگ کی ممکن نہ ہو تو سرخ رنگ کی یا چتکبری ہو اور اوسکو باہر کی چرائی سے روک کر گھر مین اوسکو دانہ اور چارہ دیا جاوے تاکہ خراب اور سمی بقول و گھاسون سے محفوظ رہے اور اوسکو چارہ پالک کے پتے یا خرفہ کے پتے یا لونیا یا سووے کا ساگ وغیرہ جو کہ سرد تر ہین دیوین اور اوسکو کبھی پیاسا نچھوڑین اور دھوپ اور گرمی وغیرہ سے بچاوین جب وہ بچہ دے اوسکے چالیس روز بعد اوسکا دودھ لیا جاوے اور تانبے کی قلعی دار دیگچی مین اوس دودھ کو کر کے تیز آنچ پر رکھین اور ایک انجیر کی دوبھانگی لکڑی سے اوس دودھ کو چلاتے اور ہلاتے رہین جب دودھ جوش آجاوین اوسوقت ماء شیر اعرابی یا پنیر مایہ یا سکنجبین کا چھینٹا دین اور بدستور انجیر کی لکڑی سے ہلاتے جاوین جب وہ پھٹ جاوے یعنے ایسا ہو جاوے کہ کھوجڑ علٰحدہ ہو جاوے اور پانی چھوٹا ہوا علٰحدہ معلوم ہو تو دیگچی اتار لین اور تین گھنٹے ٹھہرا کے

اور سرد کرکے گف صافی مین تین بار اوس باقی کو مقطر کرلین اور رکھو جھڑ کو پھینکدین طریقہ اُسکے استعمال کا یہ ہے کہ ہمراہ ادویہ مناسبہ منضجہ یا غیر منضجہ کے پانچ تولہ سے شروع کرادین اور ایک تولہ بعد تین روز کے اضافہ کرین پھر بعد دو روز کے ایک تولہ اور بڑھادین پھر ایک روز بعد ایک تولہ اور بڑھاوین پھر روز ایک تولہ زیادہ کرتے جاوین حتی کہ دوا تمام اوسی مار الجبن مین بھگوئی جاے اور اُس درمیان مین موافق راے طبیب کے تنقیہ مسہل بھی ہو جاوے اور تنقیہ بھی موافق راے طبیب کے اوسی ماء الجبن ہی مین تر کیا جاے اور مار الجبن کا بڑھانا اور گھٹانا موافق راے طبیب کے ہونا چاہیے جیسا وہ تشخیص کرے اور مار الجبن کے استعمال کی حالت مین ادویہ شدید الحرارت سے اور غذاہاے کثیف و مرغن و گرم سے اور ہم اور غم سے اور فواکہ کثیفہ و بقولات حارہ کثیفہ سے اور گھی و ترشی وغیرہ وغیرہ سے نہایت پرہیز رکھے ورنہ سخت مضرت کا خوف ہی فائدہ یہ جو ترتیب اضافہ کرنے کی مذکور ہوئی بہت عمدہ معمول اطبار حاذقین کا ہے اسکے سوا طبیب کو اختیار ہے جیسی مصلحت وے ضرورت وقت دیکھے ویسا کرے۔

## خاتمۃ الطبع

بعد حمد حکیم مطلق و نعت نبی برحق۔ اطباے حذاقت پیشہ فراست اندیشہ کو مژدہ۔ کہ یہ کتاب جواہر ثمین لاجواب مفید ہر شیخ و شباب ہے نہایت درجہ صحت کے ساتھ منشی جے نرائن پریس واقع لکھنؤ مین حسب فرمائش محمد حافظ خان تاجر کتب چوک بکمال حسن صفا طبع ہو کر بصر افروز چشم ناظرین مشتاق ہوئی۔ حق تو یون ہی کہ مصنف علام نے جملہ فوائد متعلقہ ادویہ مفردہ کو باوجود تفصیل کی اسقدر مختصر کر دیا ہی کہ بعینہ دریا کو کوزہ مین بھر دیا۔ ایسی قلیل الحجم کثیر المنافع کتاب حرز بازو ارباب حذاقت کسنے دیکھی اور کہان چھپی تھی مگر چونکہ اسمین برسون مشقت کی گئی اور صرف زر کثیر مین ہر طرح کی وسعت دی گئی یہ شاہد یوسف جمال بازار طالبان کمال مین جلوہ گر اور نور افزاے دیدہ اہل جوہر ہوا

## اعلان

کوئی صاحب اس کتاب کو مفت کی دولت سمجھکر بدون اجازت خاکسار کے نہ چھاپین کیونکہ یہ کتاب بموجب قانون ایکٹ ۲۵ ۱۸۶۷ء عیسوی داخل رجسٹر گورنمنٹ ہو گئی ہے۔
ناظرین باتمکین کی خدمت مین گزارش ہے کہ مزید احتیاط کے لحاظ سے ہر کتاب پر اپنی مہر و دستخط قلمی خاکسار نے ثبت کر دیے ہین لہذا جو کتاب بغیر مہر و دستخط قلمی خاکسار کے نظر آوے اسکو مال مسروقہ سمجھین۔ فقط

مشتہر
خاکسار حافظ محمد عبد الستار خان تاجر کتب۔ لکھنؤ چوک